# طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم


از افادات
حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی
(رئیس دارالافتاء جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان)

مرتّب
حضرت علامہ مولانا محمد عرفان قادری ضیائی مدظلہ العالی
(ناظم اعلیٰ جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان)


- طلاق کے معنی واقسام
- طلاق دینے والے کے اوصاف
- طلاق ثلاثہ
- احادیث مبارکہ
- صحابہ کرام کے فتاویٰ
- مذاہب اربعہ
- جمہور علماء کے فتاویٰ
- غیر مقلدوں کے فتاویٰ
- مخالفین کے باطل استدلالات اوران کے جوابات
- حلالہ کی شرعی حیثیت
- حلالہ اور متعہ میں فرق


مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان
www.waseemziyai.com

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

# مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

## مختصر تعارف

**طلبہ:**

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

**مدرسہ کا اسٹاف**

شعبہ حفظ وناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی وتجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

**DONATION**

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 0050002565703 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

www.waseemziyai.com

# طلاقِ ثلاثہ

# کا

# شرعی حکم

از افادات


حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی

(رئیس دارالافتاء جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان)


مُرتّب


حضرت علامہ مولانا محمد عرفان قادری ضیائی مدظلہ العالی

(ناظم اعلیٰ جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان)



ناشر

جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان

نور مسجد، کاغذی بازار، میٹھادر، کراچی

رابطہ 0321-3885445021-32439799



www.waseemziyai.com

مرکز العلوم الاسلامیہ

جملہ حقوق بحق ادارہ جمعیت اشاعت اہلسنّت محفوظ

**سلسلہ اشاعت نمبر 100**

نام کتاب : طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم


اَز اِفادات : حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی

مُرتّب : حضرت علامہ مولانا محمد عرفان ضیائی مدظلہ العالی



ضخامت : 368

طبع اول : 1423ھ/2002ء

طبع دوم : 1428ھ/2007ء

طبع سوم : 1430ھ/2009ء

طبع چہارم : 1435ھ/2014ء

تعداد : 1100

قیمت : روپے

ناشر


**جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان**

نور مسجد، کاغذی بازار، میٹھادر، کراچی

رابطہ 0321-3885445021-32439799

website: www.ishaateislam.net


www.waseemziyai.com




www.waseemziyai.com

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| حرفِ اولین | 23 |
| تقاریظ | 25 |
| پیش لفظ | 35 |
| طلاق کے متعلق چند فتاویٰ | 37 |
| **طلاق کے معنی و اقسام** | 38 |
| طلاق کے لغوی معنی | 38 |
| طلاق کے اصطلاحی معنی | 39 |
| طلاق کن حالات میں دی جائے؟ | 40 |
| طلاق کی اقسام | 41 |
| اَحْسَن طلاق | 41 |
| طلاق اَحْسَن کے فوائد | 42 |
| طلاق حَسَن | 42 |
| طلاق حَسَن کے فوائد | 46 |
| طلاق بدعی | 46 |
| پہلی صورت | 46 |
| دوسری صورت | 48 |
| تیسری صورت | 49 |
| طلاق بدعی کے نقصانات | 49 |
| طلاق بدعی گناہ ہے | 50 |
| **طلاق دینے والے کے اوصاف** | 50 |
| **نشہ والے کی طلاق کا حکم** | 52 |
| صحابہ وتابعین کے نزدیک سکران (نشہ والے) کی طلاق کا حکم | 53 |


www.waseemziyai.com

| | |
|---|---|
| پہلا باطل استدلال اور اس کا ابطال | 55 |
| دوسرا باطل استدلال اور اس کا ابطال | 55 |
| **زبردستی دلوائی گئی طلاق کا حکم** | 56 |
| جبراً طلاق دلوانے کا واقعہ اور نبی ﷺ کا فیصلہ | 57 |
| جبراً طلاق کا واقعہ اور حضرت عمرؓ کا فیصلہ | 58 |
| حضرت ابن عمر کے نزدیک جبراً طلاق کا حکم | 59 |
| تابعین عظام کے نزدیک جبراً طلاق کا حکم | 59 |
| ایک باطل استدلال اور اس کا ابطال | 60 |
| طائع اور مُکرَہ میں فرق | 61 |
| مخالفین کی پیش کردہ احادیث کا جواب | 62 |
| غُصہ میں طلاق کا حکم | 64 |
| **نابالغ، مجنون اور سوئے ہوئے کی طلاق کا حکم** | 65 |
| احادیث | 65 |
| تابعین عظام کا عمل | 66 |
| اہلِ علم کا عمل | 67 |
| **والد کے کہنے پر طلاق دینا** | 68 |
| طلاق اَبْغَضُ الْمُبَاحَات ہے | 69 |
| بلاوجہ مطالبۂ طلاق | 69 |
| عورت جب فرمانبردار ہو | 70 |
| اسلامی تعلیمات | 71 |
| حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت | 71 |
| والدین کے کہنے پر کب طلاق دے اور کب نہ دے؟ | 72 |
| **طلاق ثلاثہ کا شرعی حکم** | 73 |
| زمانۂ جاہلیت اور طلاق | 74 |

www.waseemziyai.com

قرآن ............ 75
طلاق دینے کا قاعدہ اور قرآن ............ 75
تین طلاق اور قرآن ............ 76
مُفسّر صاوی اور آیاتِ طلاق ............ 76
مُفسّر قرطبی اور آیاتِ طلاق ............ 77
مُفسّر قرآن ابن عباس اور آیاتِ طلاق ............ 77
مُفسّر نیشاپوری اور آیاتِ طلاق ............ 78
مُفسّر بیضاوی اور آیاتِ طلاق ............ 78
مُفسّر ابوبکر حداد اور آیاتِ طلاق ............ 79
ابن حزم اور آیاتِ طلاق ............ 79
قاضی عیاض اور قرآن میں ذکر طلاق ............ 80
امام نووی اور قرآن میں ذکر طلاق ............ 81
ملا علی قاری اور قرآن میں ذکر طلاق ............ 81
ندوی غیر مُقلِّد اور ''اَمراً'' کا معنی ............ 82
مُدرّس حرم مکّی اور قرآن سے استدلال ............ 82
امام شافعی اور قرآن سے استدلال ............ 84
مصری عالم اور قرآن سے استدلال ............ 84
احادیث نبویہ علیہ التحیۃ والثناء ............ 84
پہلی حدیث ............ 84
دوسری حدیث ............ 87
تیسری حدیث ............ 90
چوتھی حدیث ............ 91
پانچویں حدیث ............ 92
چھٹی حدیث ............ 94

www.waseemziyai.com

ساتویں حدیث ............ 98
آٹھویں حدیث ............ 101
نویں حدیث ............ 102
دسویں حدیث ............ 103
گیارہویں حدیث ............ 106
خیر القرون ............ 107
صحابہ کرام کے فتاویٰ ............ 108
حضرت علی، ابن مسعود اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم کا
متفقہ فتویٰ ............ 108
حضرت ابوہریرہ، حضرت ابن عباس اور
اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم کا متفقہ فتویٰ ............ 109
حضرت ابن عباس، ابوہریرہ اور
ابن عمرو رضی اللہ عنہم کا متفقہ فتویٰ ............ 110
حضرت علی، زید بن ثابت اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کا
متفقہ فتویٰ ............ 111
حضرت ابوہریرہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کا متفقہ فتویٰ ............ 111
حضرت عثمان غنی اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہما کا
متفقہ فتویٰ ............ 115
حضرت علی اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کا متفقہ فتویٰ ............ 116
حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ 116
حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ 120
حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ 121
حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ 122
حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فتویٰ ............ 128

www.waseemziyai.com

| | |
|---|---|
| حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فتویٰ ............ | 133 |
| حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 143 |
| حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 145 |
| حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 146 |
| حضرت انس رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 146 |
| حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 146 |
| حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 147 |
| حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 148 |
| اُمّ المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فتویٰ ............ | 149 |
| اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فتویٰ ............ | 149 |
| حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 149 |
| حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فتویٰ ............ | 151 |
| حضرت عاصم بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فتویٰ ............ | 151 |
| حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 152 |
| حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 152 |
| حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ............ | 152 |
| اہلِ بیت کا فتویٰ ............ | 153 |
| تمام صحابہ تین طلاق کے وقوع کے قائل ہیں ............ | 154 |
| **تابعین عظام کے فتاویٰ** ............ | 155 |
| امام ابن شہاب زہری کا فتویٰ ............ | 155 |
| قاضی شریح کا فتویٰ ............ | 155 |
| امام شعبی کا فتویٰ ............ | 156 |
| امام حسن بصری کا فتویٰ ............ | 157 |
| حضرت ابراہیم نخعی کا فتویٰ ............ | 158 |


www.waseemziyai.com

امام جعفر صادق کا فتویٰ ............ 160
حضرت سعید بن جبیر کا فتویٰ ............ 161
حضرت سعید بن المسیّب کا فتویٰ ............ 162
حضرت عکرمہ کا فتویٰ ............ 162
حضرت سفیان ثوری کا فتویٰ ............ 163
امام طاؤس بن کیسان کا فتویٰ ............ 163
حضرت سعید بن المسیب، سعید بن جبیر
اور حمید بن عبدالرحمٰن کا متفقہ فتویٰ ............ 164
حضرت عبداللہ بن شدّاد، مُصعَب بن سعد اور
ابو مالک کا متفقہ فتویٰ ............ 164
جمہور محدِّثین، فقہاء وعلماء ............ 165
مذاہب اربعہ (حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی) ............ 166
جمہور علماء کے فتاویٰ ............ 167
محرر مذہب ابی حنیفہ امام محمد متوفی ۱۸۹ھ کا فتویٰ ............ 167
مُحدِّث امام اسحاق بن راہویہ متوفی ۲۳۸ کا فتویٰ ............ 167
مُحدِّث امام بخاری متوفی ۲۶۵ھ کا فتویٰ ............ 167
مُحدِّث امام ابوداؤد متوفی ۲۷۵ھ کا فتویٰ ............ 169
مُحدِّث امام ترمذی متوفی ۲۷۹ھ کا فتویٰ ............ 169
مُحدِّث امام ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ کا فتویٰ ............ 170
علامہ ابوبکر نیشاپوری شافعی متوفی ۳۰۹ھ کا فتویٰ ............ 170
امام ابوجعفر طحاوی حنفی متوفی ۳۲۱ھ کا فتویٰ ............ 170
امام ابوبکر جصاص رازی حنفی متوفی ۳۷۰ھ کا فتویٰ ............ 171
فقیہ ابواللیث سمرقندی حنفی متوفی ۳۷۳ کا فتویٰ ............ 171
امام قدوری حنفی متوفی ۴۶۸ھ کا فتویٰ ............ 171

www.waseemziyai.com

امام ابوزید دبوسی متوفی ۴۳۰ھ کا فتویٰ ............ 172
علامہ ابوالحسن علی بن خلف بن مالک متوفی ۴۴۴ھ کا فتویٰ ............ 172
امام ناطفی حنفی متوفی ۴۴۶ھ کا فتویٰ ............ 172
شیخ الاسلام قاضی القضاۃ امام ابوالحسن حنفی متوفی ۴۶۱ھ کا فتویٰ ............ 172
شیخ الاسلام ابواسحاق شیرازی شافعی متوفی ۴۷۶ھ کا فتویٰ ............ 173
امام سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ کا فتویٰ ............ 173
امام الولید سلیمان بن خلف الباجی مالکی متوفی ۴۹۴ھ کا فتویٰ ............ 173
امام غزالی شافعی متوفی ۵۰۵ھ کا فتویٰ ............ 173
امام ابوبکر شاشی شافعی متوفی ۵۰۷ھ کا فتویٰ ............ 174
امام بغوی شافعی متوفی ۵۱۶ھ کا فتویٰ ............ 174
امام ابوالولید ابن رُشد مالکی متوفی ۵۲۰ھ کا فتویٰ ............ 174
امام علاؤالدین سمرقندی حنفی متوفی ۵۴۰ھ کا فتویٰ ............ 174
فقیہ ظہیرالدین والوالجی حنفی متوفی ۵۴۰ھ کا فتویٰ ............ 175
امام طاہر بن احمد بخاری حنفی متوفی ۵۴۲ھ کا فتویٰ ............ 175
امام ابن العربی مالکی متوفی ۵۴۳ھ کا فتویٰ ............ 176
امام قاضی عیاض مالکی متوفی ۵۴۴ھ کا فتویٰ ............ 176
امام ناصرالدین سمرقندی حنفی متوفی ۵۵۶ھ کا فتویٰ ............ 176
علامہ عون الدین ابن ہبیرہ حنبلی متوفی ۵۶۹ھ کا فتویٰ ............ 176
امام سراج الدین الاوسی حنفی متوفی ۵۶۹ھ کا فتویٰ ............ 176
امام احمد بن محمد بن ابی بکر حنفی متوفی ۵۶۹ھ کا فتویٰ ............ 177
شمس الاسلام ابوحفص عمر نسفی حنفی متوفی ۵۷۳ھ کا فتویٰ ............ 177
امام علاؤالدین ابوبکر کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ کا فتویٰ ............ 177
امام قاضی خان حنفی متوفی ۵۹۲ھ کا فتویٰ ............ 178
شیخ الاسلام ابوالحسن مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ کا فتویٰ ............ 178

www.waseemziyai.com

علامہ فخر الدین رازی شافعی متوفی ۶۰۶ھ کا فتویٰ ............ 178
امام ابن مازہ بخاری حنفی متوفی ۶۱۶ھ کا فتویٰ ............ 178
قاضی القضاۃ ظہر الدین حنفی متوفی ۶۱۹ھ کا فتویٰ ............ 179
علامہ ابن قدامہ مقدسی حنبلی متوفی ۶۲۰ھ کا فتویٰ ............ 179
فقیہ استروشنی حنفی متوفی ۶۳۲ھ کا فتویٰ ............ 179
علامہ یوسف سجستانی حنفی متوفی ۶۳۸ھ کا فتویٰ ............ 179
امام زین الدین بن ابی بکر عماد الدین حنفی متوفی ۶۵۱ھ کا فتویٰ ...... 180
علامہ شمس الدین سبط ابن الجوزی حنفی متوفی ۶۵۱ھ کا فتویٰ ......... 180
امام قرطبی متوفی ۶۵۶ کا فتویٰ ............ 180
علامہ مختار بن محمود زاہدی حنفی متوفی ۶۵۸ھ کا فتویٰ ............ 181
علامہ قزوینی شافعی متوفی ۶۶۵ھ کا فتویٰ ............ 181
شارح صحیح مسلم امام نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ کا فتویٰ ............ 181
علامہ عبید اللہ بن مسعود بن تاج الشریعۃ حنفی متوفی ۶۸۰ھ کا فتویٰ ............ 182
علامہ عبد اللہ بن محمود موصلی حنفی متوفی ۶۸۳ھ کا فتویٰ ............ 182
امام مظفر الدین ابن الساعاتی حنفی متوفی ۶۹۴ھ کا فتویٰ ......... 182
حافظ الدین ابو البرکات نسفی حنفی متوفی ۷۰۱ھ کا فتوی ............ 182
امام ابو العباس السروجی حنفی متوفی ۷۱۰ھ کا فتویٰ ............ 183
امام خازن متوفی ۷۲۰ھ کا فتوی ............ 183
امام فخر الدین زیلعی حنفی متوفی ۷۴۳ھ کا فتویٰ ............ 183
امام محمد بن احمد الکاکی حنفی متوفی ۷۴۹ھ کا فتویٰ ............ 183
علامہ امیر کاتب فارابی حنفی متوفی ۷۵۸ھ کا فتویٰ ............ 184
امام سراج الدین غزنوی حنفی متوفی ۷۷۳ھ کا فتویٰ ............ 184
علامہ ابن کثیر حنبلی متوفی ۷۷۴ھ کا فتوی ............ 184
علامہ خلیل بن اسحاق مالکی متوفی ۷۷۶ھ کا فتویٰ ............ 184

www.waseemziyai.com

علامہ صدر الدین شافعی متوفی ۷۸۰ھ کا فتویٰ ............ 185
شارح صحیح بخاری امام کرمانی متوفی ۷۸۶ھ کا فتویٰ ............ 185
امام اکمل الدین محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ کا فتویٰ ............ 185
علامہ تفتازانی متوفی ۷۹۲ھ کا فتویٰ ............ 186
علامہ ابی العز حنفی متوفی ۷۹۲ھ کا فتویٰ ............ 186
امام ابوبکر بن علی المعروف بالحدادی حنفی متوفی ۸۰۰ھ کا فتویٰ ............ 186
امام ابن الشحنہ کبیر حنفی متوفی ۸۱۵ھ کا فتویٰ ............ 186
قدوۃ الاُمّت ابن قاضی ساوہ حنفی متوفی ۸۲۳ھ کا فتویٰ ............ 187
حافظ الدین ابن البزاز حنفی متوفی ۸۲۷ھ کا فتویٰ ............ 187
علامہ یوسف بن عمر الصوفی حنفی متوفی ۸۳۲ھ کا فتویٰ ............ 188
علامہ ابن المقری شافعی متوفی ۸۳۷ھ کا فتویٰ ............ 188
علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ کا فتویٰ ............ 188
شیخ الاسلام علامہ بدر الدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ کا فتویٰ ............ 188
مُحقِّق علی الاطلاق امام ابن ہمام متوفی حنفی ۸۶۱ھ کا فتویٰ ............ 189
مُفسِّر ابوحفص بن عادل حنبلی متوفی ۸۸۰ھ کا فتویٰ ............ 189
علامہ خسرو حنفی متوفی ۸۸۵ھ کا فتویٰ ............ 189
علامہ یعقوب پاشا حنفی متوفی ۸۹۱ھ کا فتویٰ ............ 189
امام جلال الدین سیوطی شافعی متوفی ۹۱۱ھ کا فتویٰ ............ 190
قاضی جگن گجراتی حنفی متوفی ۹۲۰ھ کا فتویٰ ............ 190
علامہ ابن الشحنہ الصغیر حنفی متوفی ۹۲۱ھ کا فتویٰ ............ 190
علامہ ابراہیم طرابلسی حنفی متوفی ۹۲۲ھ کا فتویٰ ............ 191
شارح صحیح بخاری امام قسطلانی شافعی متوفی ۹۲۳ھ کا فتویٰ ............ 191
قاضی القضاۃ ابوالسعود العمادی حنفی متوفی ۹۵۱ھ کا فتویٰ ............ 191
امام حلبی حنفی متوفی ۹۵۶ھ کا فتویٰ ............ 192

www.waseemziyai.com

امام شمس الدین محمد خراسانی قہستانی حنفی متوفی ۹۶۲ھ کا فتویٰ ............ 192

علامہ شرف الدین حجاوی حنبلی متوفی ۹۶۸ھ کا فتویٰ ............ 192

علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ کا فتویٰ ............ 192

امام شعرانی شافعی متوفی ۹۷۳ھ کا فتویٰ ............ 193

امام ابن حجر مکی شافعی متوفی ۹۷۴ھ کا فتویٰ ............ 193

مخدوم محمد جعفر بوبکانی حنفی متوفی ۱۰۰۲ھ کا فتویٰ ............ 193

علامہ رملی شافعی متوفی ۱۰۰۴ھ کا فتویٰ ............ 194

علامہ سراج الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۱۰۰۵ھ کا فتویٰ ............ 194

شیخ الاسلام محمد بن عبداللہ تمرتاشی حنفی متوفی ۱۰۰۶ھ کا فتویٰ ............ 194

ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ کا فتویٰ ............ 195

علامہ مصطفیٰ ابن خیر الدین رملی حنفی متوفی ۱۰۲۵ھ کا فتویٰ ............ 195

علامہ ابوالحسن کبیر سندھی حنفی متوفی ۱۰۳۸ھ کا فتویٰ ............ 195

شیخ الاسلام مُحقق زمانہ نوعی زادہ حنفی متوفی ۱۰۴۴ھ کا فتویٰ ............ 196

علامہ ابوالسعادات بہوتی حنبلی متوفی ۱۰۵۱ھ کا فتویٰ ............ 196

علامہ مصطفیٰ باری زادہ حنفی متوفی ۱۰۶۹ھ کا فتویٰ ............ 196

مُحقق فقیہ شیخ زادہ حنفی متوفی ۱۰۷۸ کا فتویٰ ............ 197

علامہ خیر الدین رملی حنفی متوفی ۱۰۸۱ھ کا فتویٰ ............ 197

علامہ محمود نقشبندی حنفی متوفی ۱۰۸۵ھ کا فتویٰ ............ 198

علامہ محمد علاؤالدین حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ کا فتویٰ ............ 198

قاضی القضاۃ محمد بن الحسینی القروی حنفی متوفی ۱۰۹۸ھ کا فتویٰ ............ 198

محمد صالح انصاری لاہوری حنفی کا فتویٰ ............ 199

مخدوم حاجی آگہی ٹھٹھوی حنفی کا فتویٰ ............ 199

علامہ محمد عیسیٰ سندھی حنفی کا فتویٰ ............ 199

مفتی انام مدینہ منورہ سید اسعد مدنی حنفی متوفی ۱۱۱۶ھ کا فتویٰ ............ 199


www.waseemziyai.com

| | |
|---|---|
| مخدوم رحمت اللہ ٹھٹھوی حنفی متوفی ۱۱۳۹ھ کا فتویٰ ............ | 200 |
| امام زرقانی مالکی متوفی ۱۱۴۲ھ کا فتویٰ ............ | 200 |
| شیخ نظام متوفی ۱۱۵۷ھ اور ہند کے مقتدر حنفی علماء کی جماعت کا فتویٰ ............ | 200 |
| مخدوم ضیاء الدین ٹھٹھوی حنفی متوفی ۱۱۷۱ھ کا فتویٰ ............ | 201 |
| علامہ ابوالسعود مصری حنفی متوفی ۱۱۷۲ھ کا فتویٰ ............ | 201 |
| مخدوم عبدالحی سندھی حنفی کا فتویٰ ............ | 201 |
| مخدوم یوسف علی ٹھٹھوی حنفی کا فتویٰ ............ | 201 |
| شیخ محمد بن بایزید الاجی کا فتویٰ ............ | 202 |
| مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی حنفی ۱۱۷۴ھ کا فتویٰ ............ | 202 |
| شاہ ولی اللہ محدِّث دہلوی حنفی متوفی ۱۱۷۶ھ کا فتویٰ ............ | 203 |
| مخدوم مئیڈ نو نصر پوری سندھی حنفی متوفی ۱۱۸۱ھ کا فتویٰ ............ | 203 |
| علامہ مصطفیٰ الطائی حنفی متوفی ۱۱۹۲ھ کا فتویٰ ............ | 203 |
| مخدوم پیر محمد ہالائی حنفی (متوفی بارہویں صدی ہجری) کا فتویٰ ............ | 204 |
| علامہ محمد طاہر سنبل مکی حنفی متوفی ۱۲۱۸ھ کا فتویٰ ............ | 204 |
| قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی متوفی ۱۲۲۵ھ کا فتویٰ ............ | 204 |
| شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی حنفی متوفی ۱۲۳۹ھ کا فتویٰ ............ | 204 |
| علامہ صاوی مالکی متوفی ۱۲۴۱ھ کا فتویٰ ............ | 205 |
| علامہ عبدالحفیظ عجیمی حنفی متوفی ۱۲۴۶ھ کا فتویٰ ............ | 205 |
| علامہ ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ کا فتویٰ ............ | 205 |
| علامہ سید عبدالغنی المیدانی حنفی متوفی ۱۲۶۸ھ کا فتویٰ ............ | 206 |
| شاہ محمد مسعود محدِّث دہلوی حنفی متوفی ۱۳۰۹ھ کا فتویٰ ............ | 206 |
| علامہ گل محمد حنفی (متوفی بعد ۱۳۲۷ھ) کا فتویٰ ............ | 206 |
| مخدوم عبدالغفور ہمایونی حنفی متوفی ۱۳۳۶ھ کا فتویٰ ............ | 206 |
| علامہ محمد نظام الدین ملتانی وزیر آبادی حنفی کا فتویٰ ............ | 206 |


www.waseemziyai.com

مجدّدِ دین وملت الشاہ امام احمد رضا حنفی متوفی ۱۳۴۰ھ کا فتویٰ ............ 207

مولانا محمد عبداللہ (ڈھاکہ) کا فتویٰ ............ 207

استاذ الاساتذہ علامہ محمد قاسم یاسینی حنفی متوفی ۱۳۴۹ھ کا فتویٰ ............ 207

علامہ ابوالمصطفیٰ غلام احمد ملکانی حنفی متوفی ۱۳۵۴ھ کا فتویٰ ............ 207

صدر الشریعہ محمد امجد علی اعظمی حنفی متوفی ۱۳۶۷ھ کا فتویٰ ............ 208

صدر الافاضل حنفی متوفی ۱۳۶۷ھ کا فتویٰ ............ 208

مفتی محمد اجمل قادری حنفی متوفی ۱۳۸۳ھ کا فتویٰ ............ 208

مفتی مظہر اللہ دہلوی حنفی متوفی ۱۳۸۶ھ کا فتویٰ ............ 208

مفتی اعظم سندھ حنفی متوفی ۱۴۰۲ھ کا فتویٰ ............ 209

فقیہ نور اللہ نعیمی حنفی متوفی ۱۴۰۳ھ کا فتویٰ ............ 209

مفتی اعظم پاکستان حنفی متوفی ۱۴۱۳ھ کا فتویٰ ............ 209

مفتی جلال الدین امجدی حنفی متوفی ۱۴۲۲ھ کا فتویٰ ............ 209

مفتی اقتدار احمد نعیمی کا فتویٰ ............ 210

مفتی محمد عبدالحی قادری حنفی کا فتویٰ ............ 210

مفتی محمد ابرار احمد امجدی حنفی کا فتویٰ ............ 210

مفتی محمد اشتیاق احمد رضوی مصباحی حنفی کا فتویٰ ............ 210

مفتی محمد ہارون رشید قادری گجراتی حنفی کا فتویٰ ............ 211

مفتی محمد عماد الدین قادری حنفی کا فتویٰ ............ 211

مفتی محمد اویس امجدی حنفی کا فتویٰ ............ 211

مفتی محمد سمیر الدین مصباحی حنفی کا فتویٰ ............ 211

مفتی عبدالحمید مصباحی حنفی کا فتویٰ ............ 211

مفتی عبدالواحد حنفی کا فتویٰ ............ 212

سعودی علماء کے فتاویٰ ............ 212

شیخ عبداللہ بن سلیمان بن منیع کا فتویٰ ............ 212


www.waseemziyai.com

| | |
|---|---|
| شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن غذیان کا فتویٰ ............ | 213 |
| شیخ عبدالرزاق عفیفی کا فتویٰ ............ | 213 |
| شیخ بکر بن عبداللہ ابوزید کا فتویٰ ............ | 213 |
| شیخ صالح الفوزان کا فتویٰ ............ | 214 |
| شیخ عبدالعزیز آل شیخ کا فتویٰ ............ | 214 |
| شیخ عبدالعزیز بن باز کا فتویٰ ............ | 214 |
| شیخ ابراہیم خضری کا فتویٰ ............ | 215 |
| **دیگر عرب علماء کے چند فتاویٰ** ............ | 216 |
| علامہ عبدالحمید طہماز کا فتویٰ ............ | 216 |
| شیخ محمد امین بن محمد المختار کا فتویٰ ............ | 216 |
| شیخ محمد حبیب اللہ کا فتویٰ ............ | 216 |
| شیخ محمد الخضر بن مایابا کا فتویٰ ............ | 217 |
| شیخ احمد بن احمد المختار کا فتویٰ ............ | 217 |
| **مصری علماء کے فتاویٰ** ............ | 217 |
| شیخ محمد شلتوت مصری کا فتویٰ ............ | 217 |
| شیخ محمد علی السایس مصری کا فتویٰ ............ | 218 |
| **اسلامی نظریاتی کونسل کا مؤقف** ............ | 218 |
| بیک وقت تین بار طلاق کو جرم قرار دیا جائے ............ | 218 |
| دائرۃ الاوقات دبئی کا فتویٰ ............ | 219 |
| دائرۃ الاوقاف کویت کا فتویٰ ............ | 221 |
| **غیر مُقلِّدوں کے فتاویٰ** ............ | 221 |
| ابن حزم ظاہری متوفی ۴۵۶ھ کا فتویٰ ............ | 221 |
| علامہ ابن القیم متوفی ۷۵۱ھ کا فتویٰ ............ | 222 |
| قاضی شوکانی متوفی ۱۲۵۰ھ کا فتویٰ ............ | 223 |


www.waseemziyai.com

| | |
|---|---|
| قاضی شوکانی غیر مُقلِّد تھا ............ | 224 |
| حافظ عبداللہ روپڑی (غیر مقلِّد) کا فتویٰ ............ | 224 |
| مفتی محمد یٰسین شاہ (غیر مقلِّد) کا فتویٰ ............ | 225 |
| ڈاکٹر ابو جابر دامانوی (غیر مقلِّد) کا فتویٰ ............ | 226 |
| غیر مُقلِّد مولوی عبدالجبار غزنوی کا فتویٰ ............ | 226 |
| غیر مُقلِّد مصنف محمد اقبال کیلانی کا فتویٰ ............ | 226 |
| مولوی شرف الدین دہلوی (غیر مُقلِّد) کا فتویٰ ............ | 227 |
| غیر مُقلِّد کی گواہی کہ صحابہ سے لے کر سات سو سال تک تین طلاق کو ایک شمار کرنا ثابت نہیں ............ | 227 |
| تین طلاق کو ایک قرار دینا یہ مسلک صحابہ، تابعین و تبع تابعین کا نہیں ............ | 231 |
| تین کو ایک قرار دینے کا فتویٰ ابن تیمیہ کی ایجاد ہے ............ | 231 |
| تین کو ایک قرار دینا اہلِ ظاہر اور اہلِ تشیع کا مذہب ہے ............ | 232 |
| ابن تیمیہ کی گواہی ............ | 232 |
| **مخالفین کے باطل استدلال اور ان کے جوابات** ............ | 233 |
| پہلا باطل استدلال ............ | 233 |
| دوسرا باطل استدلال ............ | 237 |
| تیسرا باطل استدلال ............ | 242 |
| فہم مُحدِّثین و فہم غیر مُقلِّدین میں فرق ............ | 242 |
| اس روایت سے استدلال ساقط ہے ............ | 244 |
| پہلی بات ............ | 244 |
| دوسری بات ............ | 245 |
| صحیح مسلم کی روایت غیر صحیح ہے ............ | 245 |
| پہلی وجہ ............ | 245 |


www.waseemziyai.com

| | | |
|---|---|---|
| دوسری وجہ | ............ | 246 |
| تیسری وجہ | ............ | 247 |
| طاؤس کی یہ روایت اس کا وہم ہے یا غلطی | ............ | 248 |
| یہ حدیث مضطرب ہے | ............ | 251 |
| یہ حدیث منسوخ ہے | ............ | 252 |
| ایک غلط فہمی | ............ | 256 |
| یہ حدیث حُجت نہیں | ............ | 257 |
| اس روایت کو علماء نے قبول نہیں کیا | ............ | 257 |
| طاؤس کی روایت کا صحیح محمل | ............ | 258 |
| پہلا احتمال | ............ | 258 |
| دوسرا احتمال | ............ | 261 |
| تیسرا احتمال | ............ | 261 |
| ایک سوال | ............ | 265 |
| ایک اشکال | ............ | 266 |
| حدیث ابن عباس سے عدم تمسک | ............ | 266 |
| طلاقِ ثلاثہ کا نفاذ اور مُتعہ کی تحریم | ............ | 267 |
| **چوتھا باطل استدلال** | ............ | 268 |
| مسند امام احمد کی روایت سے استدلال کا ابطال | ............ | 269 |
| پہلی وجہ | ............ | 269 |
| دوسری وجہ | ............ | 269 |
| تیسری وجہ | ............ | 269 |
| حضرت رُکانہ کے تین طلاق دینے کے متعلق سنن ابوداؤد کی ایک شاذ روایت | ............ | 270 |
| یہ روایت ضعیف ہے | ............ | 271 |

www.waseemziyai.com

| | |
|---|---|
| پہلی وجہ | 271 |
| دوسری وجہ | 271 |
| اس روایت سے استدلال کا ساقط ہونا | 272 |
| یہ روایت حِلّت وحُرمت میں نا قابل استدلال ہے | 272 |
| اس روایت میں احتمال | 272 |
| حضرت رُکّانہ کے متعلق صحیح روایت | 273 |
| حضرت رُکّانہ سے متعلق صحیح حدیث کی تقویت | 274 |
| عدالت وضبط کے اعتبار سے حضرت رکانہ سے متعلق ''البتہ'' والی احادیث | 279 |
| امام ابن ماجہ کی روایت | 281 |
| امام دارمی کی روایت | 282 |
| غیر مُقلّدین کی گستاخی | 283 |
| حرام کاری کورواج دینا | 283 |
| جمہور اسلاف اور ائمہ فتویٰ کا اتفاق | 284 |
| جہالت اور افتراء | 285 |
| **حلالہ کے متعلق چند فتاویٰ** | 287 |
| **حلالہ کی شرعی حیثیت** | 288 |
| کس صورت میں حلالہ مکروہ تحریمی ہے؟ | 290 |
| حدیث شریف کا مطلب | 291 |
| کس صورت میں حلالہ مکروہ نہیں؟ | 291 |
| کسی کے گھر کو تباہی سے بچانا | 291 |
| **حلالہ میں ہمبستری شرط ہے** | 292 |
| پہلی دلیل | 293 |
| دوسری دلیل | 294 |

www.waseemziyai.com

| | |
|---|---|
| تیسری دلیل ............ | 300 |
| **حلالہ میں اِنزال شرط نہیں** ............ | 302 |
| اِنزال شرط نہ ہونے کی وجہ ............ | 302 |
| **حلالہ مشروط ہونے میں مدخول بہا اور غیر مدخول بہا میں کوئی فرق نہیں** ............ | 303 |
| **قریب البلوغ کا حلالہ کرنا** ............ | 304 |
| مُراہق کسے کہتے ہیں؟ ............ | 305 |
| مُراہق کے نکاح سے آزادی کی صورت ............ | 306 |
| بچے کی طلاق واقع نہ ہونے کی وجہ ............ | 306 |
| **نکاح بشرط حلالہ** ............ | 308 |
| حدیث شریف ............ | 308 |
| اس حدیث سے نکاح بشرط حلالہ کا باطل ہونا ثابت نہیں ............ | 308 |
| دلیل ............ | 309 |
| عقود کی دو قسمیں ہیں ............ | 309 |
| حدیث شریف صحتِ نکاح پر دال ہے ............ | 310 |
| لعنت کی وجہ ............ | 311 |
| **حلالہ اور متعہ میں فرق** ............ | 311 |
| نکاح کے اصطلاحی معنی ............ | 312 |
| نکاح کی ایک شرط یہ بھی ہے ............ | 312 |
| حلالہ نکاح ہے تو اسے حلالہ کیوں کہتے ہیں؟ ............ | 313 |
| مُتعہ کسے کہتے ہیں؟ ............ | 313 |
| نکاح مُوقّت اور مُتعہ میں فرق ............ | 313 |
| فقہ جعفریہ کی روشنی میں مُتعہ ............ | 314 |
| مُتعہ اور نکاح میں فرق ............ | 314 |


www.waseemziyai.com

کیا حلالہ عورتوں کے لئے سزا ہے؟ ............ 322
حلالہ کو بے شرمی اور بے حیائی کہنا ............ 325
طلاق کو معلق کرنا ............ 327
تعلیق بالشرط جائز ہے ............ 328
حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے نزدیک تعلیق بالشرط ............ 328
حضرت ابن مسعودؓ کے نزدیک تعلیق بالشرط ............ 329
حضرت عمرؓ کے نزدیک تعلیق بالشرط ............ 329
تابعین کے نزدیک تعلیق بالشرط ............ 330
حدیث "نکاح سے قبل طلاق نہیں" کا مطلب ............ 331
بوقت نکاح طلاق کا اختیار حاصل کرنا ............ 333
حلالہ میں نکاح کے اعلان کا حکم ............ 334
نکاح کے لئے گواہی شرط ہے ............ 335
بغیر گواہوں کے نکاح منعقد نہیں ہوتا ............ 335
اعلانِ نکاح کی حدیث ............ 337
نکاح کے اعلان سے مراد ............ 338
حلالہ کے بعد سابق شوہر کتنی طلاقوں کا مالک ہوگا؟ ............ 341
پہلی دلیل ............ 343
دوسری دلیل ............ 344
تیسری دلیل ............ 346
حلالہ کے بعد دوسرے شوہر کی عدت پہلے شوہر کے گھر گذارنا ............ 349
اللہ تعالیٰ کا حکم ............ 349
نکالنے کی اجازت ............ 350
نکلنے کی اجازت ............ 351
نئے مکان کے تعین کا اختیار ............ 352
نیا مکان قریب ہو یا دور ............ 353


www.waseemziyai.com

# حرف اولیں

علمی وادبی حلقوں میں مفتی اعظم سندھ شیخ الحدیث والتفسیر شمس العلماء حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبداللہ نعیمی صاحب قبلہ قُدِّسَ سِرُّہُ العَزِیز کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں حضرت اپنی ساری زندگی دین متین کی خدمت کرتے رہے اور بعد وفات بھی آپ کا مزار پُر انوار مرجعِ خلائق ہے جو کہ دار العلوم مجددیہ نعیمیہ صاحبداد گوٹھ ملیر کے احاطہ میں ہے آپ کی زندگی میں ہی آپ کے بے شمار شاگردوں نے مختلف مقامات پر درس وتدریس کا سلسلہ شروع کردیا تھا ان ہی میں سے ایک نام شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا مفتی محمد احمد نعیمی صاحب مدظلہ العالی کا ہے جنہوں نے پہلے پہل دوبئ اور پھر شاہ بندر ٹھٹھہ میں درس وتدریس وافتاء کا سلسلہ شروع کیا اور پھر مفتی اعظم سندھ علیہ الرحمہ کے وصال پر اُن کے باغ کی آبیاری کے لئے ملیر کراچی تشریف لاکر درسِ حدیث اور افتاء کی ذمہ داری سنبھالی اور اپنے ادارے کو غریب آباد ملیر جیسے پسماندہ علاقے میں منتقل کیا اسطرح غالبًا ۱۹۹۴ء تک دونوں جگہ یہ خدمت انجام دیتے رہے۔ حضرت کی محنت ولگن کا نتیجہ ہے کہ آپ کے اکثر شاگرد آج درس وتدریس اور افتاء کے ذریعے دین متین کی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب قبلہ مدظلہ العالی ان ہی کے شاگرد خاص اور داماد ہیں۔ مفتی صاحب موصوف انتہائی مُخلِص، دین متین کی بے غرض خدمت کرنے والے اور انتہائی محنت اور لگن سے اپنے فرائض انجام دینے والے شخص ہیں ان کے فتاویٰ میں جامعیت اور تدبّر جھلکتا ہے۔ حضرت مفتی صاحب کی علم دین سے محبت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ حضرت روزانہ موٹر سائیکل پر ملیر سے میٹھادر کے دور دراز علاقے کا سفر کرکے درس وتدریس کے لیے ہماری تنظیم جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) کے مرکزی دفتر نور مسجد کاغذی بازار تشریف لاتے ہیں نیز ہمارے ہاں دارالافتاء کا کام بھی آپ نے ہی شروع کیا ہے۔

زیرِ نظر کتاب حضرت مفتی صاحب قبلہ کے رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے اس کتاب میں حضرت نے ''تین طلاق'' کے موضوع پر بڑی جامع اور مدلّل بحث کی ہے نہ صرف قرآن وحدیث بلکہ

www.waseemziyai.com

افعال، اقوال و آثار صحابہ و تابعین و سلف صالحین سے آپ نے اپنے موضوع پر دلائل دیے ہیں۔ اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ہر بات باحوالہ اور مدلّل ہے تاکہ کسی قسم کا شک وشبہ نہ رہے۔ اس کتاب کو ترتیب دینے والے ہماری تنظیم کے ناظم اعلیٰ اور ہمارے استاد محترم جناب محمد عرفان ضیائی صاحب ہیں۔ جبکہ فیضِ مِلّت حضرت علامہ محمد فیض احمد صاحب اویسی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد احمد صاحب نعیمی دامت برکاتہ کی تصدیقات وتقاریظ اور پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت علامہ سید شاہ تراب الحق صاحب قادری، سرمایۂ اہلسنّت مفتی عبدالعزیز حنفی صاحب، مفتیٔ اہلسنّت حضرت علامہ مفتی محمد اشفاق صاحب قادری دامت برکاتہم القدسیہ، اور شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ منظور احمد صاحب فیضی (رحمۃ اللہ علیہ) کی تقاریظ بھی شامل اشاعت ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حضرت کی اس کتاب سے لوگوں کو فائدہ پہنچائے اور حضرت مفتی صاحب قبلہ کے علم وعمل اور عمر میں خیر وبرکت نازل فرمائے اور ان کو یوں ہی دین متین کی مزید خدمت کی توفیق مرحمت فرمائے۔

جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) نے اس کتاب کو اپنے سلسلۂ مفت اِشاعت کے تحت شائع کرنے کا شرف حاصل کیا تھا۔ حُسنِ اتفاق کہ یہ ہمارے ادارے کی جانب سے شائع ہونے والی 100 ویں کتاب تھی۔ ادارہ چونکہ اپنے ممبران کے لئے ہر ماہ ایک مخصوص تعداد میں کتب ورسائل شائع کرتا ہے، ایک عرصہ سے یہ کتابیں ہمارے پاس بھی ختم ہوگئیں تھی اور پھر علماء کرام اور عوام المسلمین کی طرف سے اس کی مسلسل مانگ کے پیش نظر ادارہ نے برکات المدینہ (بہار شریعت مسجد، بہادر آباد) کے تعاون سے کچھ اضافہ اور تصحیح کے ساتھ اسے دوبارہ شائع کرنے کا ارادہ کیا تاکہ ملک بھر کے کتاب خانوں پر یہ کتاب ہر وقت دستیاب ہوسکے، امید ہے ہماری یہ کاوش اہلِ تحقیق کے لئے معاون اور متلاشیانِ حق کے لئے راہنما ثابت ہوگی۔

فقط

محمد سکندر قادری

صدر مُدرِّس مدرسہ (درس نظامی)

جمعیّت اِشاعت اہلسنّت (پاکستان)

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

# تقاریظ

۱۔ حضرت علامہ مولانا مفتی محمد فیض احمد اویسی رحمۃ اللہ علیہ

۲۔ حضرت علامہ سید شاہ تراب الحق قادری مدظلہ

۳۔ حضرت علامہ مفتی محمد احمد نعیمی مدظلہ

۴۔ حضرت علامہ مفتی عبدالعزیز حنفی مدظلہ

۵۔ حضرت علامہ مفتی منظور احمد فیضی رحمۃ اللہ علیہ

۶۔ حضرت علامہ مفتی محمد اشفاق قادری مدظلہ

# تقریظ

شیخ التفسیر حضرت علامہ مولانا ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد للّٰہ و کفیٰ والصلوٰۃ والسلام علیٰ إمام الأنبیاء و علی آلہ و أصحابہ أجمعین**

''طلاق ثلاثہ'' کا مسئلہ ابن تیمیہ کی بدعات سے ہے یعنی تین طلاقیں بیک وقت ہ وقوع کا انکار جمہور سے ہٹ کر اپنا عندیہ (جیسا کہ ابن تیمیہ کی عادت تھی) اسی نے مداخلت فی الدین کا ارتکاب کیا عرصہ تک تو نجدیوں نے اسکی پیروی کی چند سالوں سے نجدی بھی اس مسئلہ میں جمہور کے ساتھ آکر ملے ہیں لیکن غیر مُقلِّدین (وہابی) تاحال ابن تیمیہ سے چمٹے ہوئے ہیں۔ (انوار البخاری شرح البخاری از احمد رضا بجنوری تلمیذ انور شاہ کشمیری دیوبندی)

علمائے اہلسنّت احناف نے اپنے مؤقف پر بھرپور دلائل سے ابن تیمیہ اور اسکے ہمنواؤں کا رد کیا متعدد تصانیف ورسائل معرض وجود میں آئے۔

فقیر نے چند مقامات کو دیکھا راحت ومسرت ہوئی اللّٰھم زِدْ فَزِدْ بیساختہ زبان سے سرزد ہوا خدا کرے زور قلم ہو اور زیادہ۔

فاضل نوجوان علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب زِیْدَ مَجْدُہٗ نے اس موضوع کو خوب نبھایا قرآن وحدیث مبارکہ کے علاوہ صحابہ کرام وتابعین عظام و مذاہب اربعہ اور جمہور ائمہ علماء کی تصریحات سے مسئلہ کو بہترین انداز میں موثق فرمایا ہے طرفہ یہ کہ خود غیر مُقلِّدین کے صنادید سے مسئلہ ہذا کی تائیدات لائے ہیں اور انکے اعتراضات کے جوابات تسلی بخش لکھے ہیں۔ مزید خوشی کی بات یہ ہے کہ فتاویٰ کی ترتیب مشہور عالم دین حضرت علامہ مولانا محمد عرفان ضیائی مدظلہ نے دی ہے یہ فتاویٰ پر سونے پر سہاگہ کا کام ہو گیا ہے۔

مولیٰ عزوجل مفتی صاحب زِیْدَ مَجْدُہٗ اور مُرتِّب گرامی سَلَّمہٗ کی یہ کاوش قبول فرمائے۔ آمین

**بجاہ حبیب الکریم الامین ﷺ**

مدینے کا بھکاری ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

بہاولپور، پاکستان۔ وارد کراچی باب المدینہ، ۲۲ شعبان المعظم ۱۴۲۲ھ

www.waseemziyai.com

# تقریظ

پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا سید شاہ تراب الحق قادری مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم

اس فقیر نے، فاضل نوجوان حضرت مولانا مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی سَلَّمہٗ کی کتاب ''طلاق ثلاثہ کا شرعی حکم'' کو کہیں کہیں سے پڑھا، جہاں جہاں سے بھی پڑھا تو اسے خوب سے خوب تر پایا، شُستہ اردو، عام فہم زبان، دلائل و براہین کا ایک سیلاب، ہر بات مُدلّل، اصل عبارتوں کی نقل، ہر بات بحوالہ کُتُب، قرآنی آیات کا متن، جہاں احادیث سے استدلال کیا وہاں حدیث کا پورا متن مسئلہ زیرِ بحث پر جتنے عنوانات ممکن تھے ان پر بحث، تین طلاقوں کو ایک کہنے والوں کا ردِّ بلیغ، ان کے تقریباً تمام شکوک وشبہات جو زیرِ بحث مسئلہ میں پیدا ہوئے ان کے جوابات، طلاق کے لغوی معنی و اصطلاحی معنی، طلاق کی اقسام، احسن طلاق اور طلاق حسن، طلاق بدعی، نشہ میں طلاق دینے کا حکم، بالجبر طلاق دلوائی گئی اس کا حکم، حلالہ کے متعلق اہم گفتگو، متعہ کے جواز کے قائلین کی سرزنش، مسئلہ زیرِ بحث پر جید صحابہ کرام و تابعین اور علماءِ علیہم الرضوان کے اقوال وفتاویٰ اور ان کا عمل اس جیسے کئی نوادرات آپ اس کتاب میں پائیں گے۔ کتاب کے مطالعہ سے پتہ لگتا ہے کہ فاضل نوجوان مصنِّف کی ان مسائل پر کافی وشافی گرفت ہے میں سمجھتا ہوں جو لوگ تین طلاقوں کو ایک گردانتے ہیں اس کتاب کو پڑھنے کے بعد اب ان کو حقیقت کو مان لینے سے گریز نہیں کرنا چاہئے ساتھ ہی ہمارے زمانے کے وہابیہ جو اس مسئلہ میں اہلسنّت کو گمراہ کررہے ہیں ان کے بھی مُسکِت جوابات اس کتاب میں موجود ہیں۔

میں اپنی بے انتہا مصروفیت کی وجہ سے بالاستعاب تو نہیں پڑھ سکا لیکن جہاں جہاں سے بھی میں نے پڑھا دل کو ایک طمانیت حاصل ہوئی میری دانست میں جہاں عوام کیلئے یہ کتاب نہایت ہی مفید ہے اتنی ہی علماء کے لئے بھی مفید ہے اس لیے کہ ماخذ ومراجع اس حُسن

www.waseemziyai.com

وترتیب سے ہیں کہ ہر عالم کو اس کی ضرورت ہوتی ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ مؤلِف کو اجرِ عظیم عطا فرمائے، لوگوں کو گمراہی و بے راہ روی سے راہ ہدایت پر آنے کا بھی ثواب مرحمت فرمائے اور موصوف کی عمر و علم میں مزید برکتیں عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

بجاہ نبیّ الکریم

علیہ وعلٰی آلہ أفضل الصلوٰۃ والتّسلیم

فقیر سید شاہ تراب الحق قادری

امیر جماعت اہلسنّت پاکستان، کراچی

یکم ذی الحجہ ۱۴۲۲ھ

۱۴ فروری ۲۰۰۲ء

www.waseemziyai.com

# تقریظ

سرمایۂ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا مفتی عبدالعزیز حنفی مدظلہ العالی

دین اسلام وہ مذہب مُہذَّب ہے جس نے انسانی زندگی کے تمام شعبہ جات سے متعلق واضح ہدایات وتعلیمات ذکر کیں۔ بنیادی احکام ومسائل بیان فرمائے۔ مہد سے لیکر لحد تک کوئی شعبہ تشنہ نہیں چھوڑا جس میں راہنمائی نہ کی ہو۔ ازدواجی حوالہ سے ایک پہلو میاں بیوی کے باہمی حقوق وتعلقات بڑی اہمیت کے حامل ہیں ان میں اگر توازن قائم نہ ہو تو ناہمواری پیدا ہو جاتی ہے اور تعلقات ناخوشگوار ہو جاتے ہیں اور حالات اس قدر کشیدہ ہو جاتے ہیں کہ میاں بیوی کے درمیان طلاق ہو جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ مسائل طلاق کی بہت کثرت ہے۔ اس کا اندازہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی زِیدَ مَجدُہٗ سے مختلف اوقات میں دریافت کئے گئے طلاق سے متعلق استفتاء سے بھی ہوتا ہے۔ ہر دار الافتاء میں یہی صورت حال ہے کہ صبح طلاق شام طلاق۔ مُحبّی مفتی محمد عطاء اللہ زِیدَ مَجدُہٗ نے طلاق سے متعلق مسائل کے جو جوابات دیئے ہیں ان کو قرآن واحادیث صحیحہ، اقوال جمہور صحابہ اور مستند فقہاء متقدمین ومتاخرین کے فتاویٰ جات سے مرصّع کیا طرزِ بیان سادہ اور عام فہم ہے۔ جس سے ہر خاص وعام مستفید ہو سکتا ہے اس رسالہ طلاق کے ذریعہ مسائل طلاق سمجھنے میں ان شاء اللہ تعالیٰ لوگوں کو آسانی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ رسالہ کی قبولیت ومقبولیت اور مُجیب مُصیب کے علم وعمر میں برکت عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین وعلی الہ وصحبہ اجمعین

۱۶ محرم الحرام ۱۴۲۳ھ ...... ۳۱ مارچ ۲۰۰۲ء — عبدالعزیز حنفی غفرلہ

دارالافتاء دارالعلوم امجدیہ عالمگیر روڈ کراچی

www.waseemziyai.com

# تقریظ

شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا مفتی محمد احمد نعیمی مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ ربِ العالمین الرحمن الرحیم مالک یو م الدین
والصلوٰۃ والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین
و علیٰ الہ الطیّبین الطاھرین و أصحابہ الھادین المھدیّین

اما بعد! فاضل نوجوان علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی سلّمہٗ نے مسئلۂ طلاق ثلاثہ (بیک وقت وقوع طلاق ثلاثہ) پر بڑی محنت کے ساتھ تحقیقی فتویٰ لکھا ہے اور بھر پور دلائل قاطعہ سے ابن تیمیہ اور انکے متبعین غیر مُقلِّدین (وہابیوں) کی اچھی طرح سے خبر لی ہے۔ علماءِ اہلسنّت احناف کے مذہب حقّہ کی حقّانیت کو دلائل سے واضح کیا ہے۔ قرآن و حدیث کے علاوہ حضرات صحابہ کرام اور تابعین عظام اور ائمہ اربعہ مجتہدین اور جمہور علماء کی تصریحات سے مسئلۂ طلاق ثلاثہ کو مؤیّد فرمایا ہے اور مخالفین کے باطل مُستدِلّات کا دلائل کی روشنی میں جواب باصواب دیا ہے پورا رسالہ ناچیز کی نظر سے گذرا ہے پڑھ کر خوشی اور مسرت ہوئی۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ کے دعائیہ کلمات زبان سے بیخود سرزد ہوئے اور بڑی خوشی کی بات کہ اس رسالہ کے فتاویٰ کی ترتیب حضرت علامہ مولانا محمد عرفان صاحب ضیائی مدظلہ العالی نے دی ہے۔ دعا ہے کہ ربّ کریم جلّ شانہٗ بجاہ حبیبہ الکریم ﷺ مؤلِّف صاحب اور مُرتّب صاحب کو علمی ترقی عطا فرمائے اور مزید دینی کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد۔

۲۶ شعبان المعظم ۱۴۲۲ھ

عبدہٗ محمد احمد نعیمی غفرلہ
شیخ الحدیث و مہتمم دارالعلوم انوارالمجددیۃ النعیمیہ
محلّہ غریب آباد ملیر توسیعی کالونی کراچی

www.waseemziyai.com

# تقریظ

حضرت علامہ مولانا مفتی منظور احمد فیضی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلّی ونسلّم علٰی رسولہ الکریم و الہ و صحبہ أجمین

اس پُرفتن اور آوارگی کے دَور میں کلمہ پڑھنے والے مرد اور عورتیں، گمراہوں کا سہارا لے کر ان پر عمل پیرا ہو رہے ہیں۔ شکوک شبہات سے نہیں بچتے، اِجماع اور جمہور کے فیصلہ کو پسِ پُشت ڈال کر ایک کمزور ترین اور مجروح راستہ اختیار کرتے ہیں۔ قران کریم کی واضح نُصوص اور احادیث نبویہ کثیرہ اور جمہور بلکہ اجماعِ صحابہ واہلِ بیت کا انکار کر کے عیاشی سے کام لے رہے رہیں۔ جس کی وجہ سے وہ لوگ بدعملی سے بدمذہبی تک پہنچ رہے ہیں۔ نسلیں برباد ہو رہی ہیں۔ حلال کم اور حرام زیادہ پھیل رہا ہے۔ جوش میں ہوش سے کام نہیں لیتے پھر نادم ہوتے ہیں۔ فقیر نے اپنی کتاب ''تعارف ابن تیمیہ'' میں ابن تیمیہ کے منفرادات کا بیان کیا ہے۔ طلاق ثلاثہ کو ایک قرار دینا یہ بھی ابن تیمیہ کے منفردات میں سے ہے کہ یہ خوارج کا امام تھا کچھ لوگ اس کی تابعداری کر کے تین طلاق کو ایک قرار دے رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے حضرت مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب زِیْدَ رُشْدُہٗ کو جنہوں نے طلاق کے مباحث کو تحقیق سے بیان فرمایا ان کی کتاب لاجواب ''طلاق ثلاثہ کا شرعی حکم'' میں'' طلاق مکرہ'' کی بحث سرسری نگاہ سے پڑھی اور ''طلاق ثلاثہ'' کی بحث کے اکثر حصہ کو پڑھا، ماشاء اللہ تعالیٰ موتیوں کی لڑیاں ہیں۔ صراطِ مستقیم ہے۔ فنِ حدیث اور اُصولِ حدیث اور جرح قدح کے سمندر میں مفتی صاحب نے غوطہ لگا کر موتی چُنے ہیں۔

www.waseemziyai.com

اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور لوگوں کو حرام سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ تیمیوں اور غیر مُقلِدین کے ردّ کے لئے لاجواب تحقیق ہے، حضرت مولانا محمد عرفان صاحب قادری اور جمعیّت اِشاعت اہلسنّت کے لئے بھی تہہ دل سے دعا گو ہوں کہ جن کی مساعی جمیلہ سے حق کی نشر واشاعت ہو رہی ہے۔ جزاهم الله تعالیٰ أحسن الجزاء ۔ کثرت مصروفیات اور ذہن پر بوجھ نہ ہوتا تو بہت کچھ لکھتا، تحقیق مزید رقم کرتا۔ فی الحال انہی کلمات پر اکتفا کرتا ہوں۔

والسلام

محمد منظور احمد فیضی[1]

مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ فیضیہ رضویہ وفیض الاسلام،

احمد پور شرقیہ، ضلع بہاولپور، پاکستان

[1] مستفیض از قطب الاقطاب خواجہ فیض محمد شاہ جمالی ووالد کریم، غزالی زماں امام کاظمی، قطب مدینہ امام ضیاء الدین مدنی، مفتی احمد یار خان نعیمی، قلندر پیر غلام یاسین شاہ جمالی، مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا خاں، قطبِ مکہ شیخ سید محمد امین کُتبی رضی اللہ عنہم ورحمھم اللہ تعالیٰ وافاض اللہ تعالیٰ علیّ من فیوضاتھم ) یہ کلمات منظور احمد فیضی رحمۃ اللہ علیہ کے اپنے تحریر کردہ ہیں اور حضرت نے جب یہ تقریظ رقم فرمائی اس وقت آپ عالمگیر اسلامی ودینی تحریک دعوت اسلامی کے ادارے ''جامعۃ المدینہ'' گلستان جوہر، کراچی میں شیخ الحدیث کے منصب پر فائز تھے۔

www.waseemziyai.com

# تقریظ

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد اشفاق قادری رضوی مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ ربّ العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیّدنا و مولٰنا محمد و علٰی اٰلہ و أصحابہ أجمعین

اسلام ایک عالمگیر و آفاقی مذہب ہے اس لئے اسلام نے استحکام معاشرہ کے لئے نہایت وسیع اقدامات کئے ہیں اور بنی نوع انسان کے لئے بہت جامع تعلیمات پیش فرمائی ہیں۔

مطالعۂ اسلام سے واضح ہوتا ہے استحکام معاشرہ کے لئے لازم ہے کہ معاشرہ کی بنیادی اِکائی یعنی فرد کے حقوق اور فرائض کا تعین کیا جائے اور اس پر با قاعدہ عمل کیا جائے۔

پھر انسان مدنی الطبع ہے لہٰذا وہ مل جُل کر رہے گا تو تب ہی وہ اپنے وظائف صحیح طور پر ادا کر سکے گا اور یقیناً معاشرہ میں سب سے پہلی نظر مدنیت کی آتی ہے تو ایک گھر کا تصوّر ذہن میں اُجاگر ہوتا ہے جس سے قطعاً واضح ہے کہ اسلام کا اصل ہدف جو استحکام معاشرہ ہے یہ اس وقت تک ممکن ہی نہیں جب تک گھر میں مکمل اطمینان کی کیفیت نہ ہو۔

اور گھر میں اطمینان اس وقت پیدا ہوتا ہے جب گھر کے دونوں بنیادی ارکان میاں و بیوی کے آپس کے معاملات خوشگوار ہونگے اور یہ حالات و معاملات خوشگوار ہونگے احکام اسلامی پر عمل کرنے سے لیکن افسوس کہ تعلیمات دینی سے بے خبری اور دوری کی وجہ سے آج ہمارا معاشرہ اور اس کے اکثر گھر بے چینی کا شکار ہیں۔ ذرا ذرا سی بات پر طلاق کی نوبت آجاتی ہے اور اسلام کی مقررہ کردہ یہ حدود بازیچۂ اطفال بنتی نظر آتی ہیں بہت ضرورت ہے کہ علماء اسلام اس طرف توجہ فرمائیں تا کہ صحیح اسلامی معاشرہ

www.waseemziyai.com

کے حقیقی قیام واستحکام کی طرف پیش قدمی ہو سکے۔

زیرِ نظر کتاب طلاق جیسے اہم مضمون پر مشتمل ہے طلاق آج محض اسکی حقیقت سے بے خبری اوراس کے غلط استعمال کی وجہ سے پریشانی کی صورت اختیار کرگئی ہے۔

کتاب کے ملاحظہ سے پتہ چلتا ہے کہ کتاب کے مُصنِّف حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب مدظلہ ایک انتہائی بالغ نظر عالم دین ہیں جنہوں نے تمام زاویوں پر پوری پوری توجہ مبذول فرما کر حقیقت طلاق اور طلاق کی تمام صورتوں پر مفصّل ومدلّل گفتگو فرمائی ہے اور طلاق کے سلسلہ میں بھی مسلمانوں میں دورِ حاضر میں پائے جانیوالے غیر مُقلّدِین کے ایک فتنہ پر کُھل کر ہر اعتبار سے کلام محقّق ارشادفرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ مصنّف حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی و مُرتّب حضرت علامہ مولانا محمد عرفان قادری ضیائی کو جزائے خیر سے نوازے اور اس کتاب کو تمام مسلمانوں کے لئے ذریعہ اصلاح بنائے۔ آمین

فقیر محمد اشفاق احمد غفرلہٗ

خادم مدرسہ غوثیہ جامع العلوم

خانیوال

www.waseemziyai.com

# پیشِ لفظ

چند دن ہوئے ہمارے دیرینہ دوست اور ساتھی جناب محمد فاروق صاحب جن کا تعلق ناگوری برادری سے ہے میرے پاس تشریف لائے مختلف مسائل پر بات چیت جاری تھی دوران گفتگو تین طلاقوں کا مسئلہ زیر بحث آیا اس پر انہوں نے فرمایا کہ یہ مسئلہ غیر مُقلِّد حضرات کے غلط پروپیگنڈے کی وجہ سے عام لوگوں میں عموماً اور ان کی برادری میں خصوصاً بہت غلط طریقے سے جڑ پکڑ رہا ہے چونکہ ان کے علاقے میں غیر مقلِّد حضرات کچھ زیادہ تعداد میں ہیں اور انہوں نے اپنے مسلک کے پھیلاؤ کے لیے اس مسئلہ کو ایک اہم ذریعہ بنایا ہوا ہے اس لیے ہر وہ شخص کہ جس سے طلاق جیسا فعل سرزد ہو جاتا ہے وہ بعض اوقات تو لاعلمی اور غیر مقلِّدین کے غلط پروپیگنڈے کی وجہ سے اور بعض اوقات جان بوجھ کر صرف اور صرف دنیاوی مفاد کے پیش نظر کسی غیر مقلِّد دارالافتاء سے رجوع کرتا ہے اور کچھ رقم خرچ کر کے تین طلاقوں کو ایک طلاق لکھوالیتا ہے اور اس کے بعد ساری زندگی حرام کاری میں گزارتا ہے۔

انہوں نے مزید فرمایا کہ "تین طلاقوں کے مسئلہ" پر کسی سُنّی عالم دین کی کوئی ایسی کتاب شائع ہونی چاہیے کہ جس میں قرآن وحدیث اور آثار صحابہ وسلف صالحین سے اس مسئلہ کی کماحقہٗ وضاحت ہوتا کہ عوام النّاس کو نہ صرف یہ کہ غیر مقلِّدین کے دامِ فریب سے نجات دلائی جائے بلکہ ان کو اس حرام کاری سے بھی بچایا جائے۔

چنانچہ میں نے اس مسئلے پر لکھی گئی علمائے اہلسنّت و جماعت کی کتابوں کو دیکھنا شروع کیا کسی کتاب میں صرف قرآن وحدیث کے ذریعے اس مسئلے کی وضاحت کی گئی تھی تو کسی میں صرف آثار وافعال صحابہ کے ذریعے اپنے موضوع پر دلائل دیے گئے تھے جبکہ وقت کی ضرورت یہ تقاضہ کر رہی تھی کہ کوئی ایسی جامع اور مبسوط تحریر ہو جس میں قرآن وحدیث اور اقوال وافعال صحابہ وتابعین سے اس مسئلہ کی وضاحت ہونے کے ساتھ ساتھ دَورِ حاضر تک کے جمہور علماء کا موقف بیان ہو اور مخالفین کے باطل مُستدلات کا کافی شافی جواب بھی موجود ہو۔ نیز اس تحریر میں اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ ہر بات باحوالہ، مدلّل اور اتنی آسان پیرائے میں ہو کہ ہر آدمی اس سے کماحقہٗ استفادہ کر سکے۔

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

حُسنِ اتفاق سے میری نگاہ حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب پر پڑی جو کہ ہماری تنظیم جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) کے تحت جاری شبینہ کلاسوں میں تدریس کے فرائض انجام دینے کے ساتھ ساتھ ہمارے دارالافتاء کی مسند پر بھی متمکن ہیں موصوف کم سخن، سنجیدہ طبیعت اور انتہائی لگن، خلوص اور محنت سے اپنا کام کرنے والے ایک باعلم و باعمل شخص ہیں میں نے مفتی صاحب قبلہ سے اپنا یہ مسئلہ عرض کیا تو انہوں نے اپنی گوں نا گوں مصروفیات کے باوجود اس مسئلہ کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اس پر قلم اٹھانے کی حامی بھر لی۔ میں نے اس کتاب کو ترتیب دیتے وقت ہمارے دارالافتاء سے جاری کیے گئے مفتی صاحب قبلہ کے ہی چند فتاویٰ مثلاً طلاق کے معنی و اقسام، طلاق دینے والے کے اوصاف، نشہ کی حالت میں دی گئی طلاق کا حکم، عورت کا نکاح کے وقت اپنے لیے طلاق کا حق حاصل کرنا، زبردستی دلوائی گئی طلاق کا حکم، نابالغ، مجنون اور نیند کی حالت میں دی گئی طلاق کا حکم نیز حلالہ کے متعلق چند فتاویٰ شاملِ اشاعت کر دیے ہیں جس سے اس کتاب کی افادیت میں یک گونہ اضافہ ہو گیا ہے۔

الحمد للہ علیٰ احسانہ کہ آج ہمارے ہاتھوں میں تین طلاقوں کے مسئلہ پر ایک ایسی تحریر ہے جو کہ اپنے موضوع پر ایک انسائیکلو پیڈیا کی حیثیت رکھتی ہے اس کتاب کو دیکھنے کے بعد بے ساختہ دل سے جو دعا نکلتی ہے وہ یہی ہے کہ خدا کرے زورِ قلم اور زیادہ ہو۔

شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ محمد فیض احمد صاحب اویسی رحمۃ اللہ علیہ اور سرمایۂ اہلسنّت شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا مفتی محمد احمد صاحب نعیمی مدظلہ العالی کی فتاویٰ پر تصدیقات نے اس کتاب کی اہمیت میں چار چاند لگا دیے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مفتی صاحب قبلہ کے علم میں عمر میں اور عمل میں خیر و برکت عطا فرمائے اور ان کو مزید دین متین کی خدمت کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے اور ان کی اس کتاب کو نافع ہر خاص و عام بنائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

فقط

محمد عرفان قادری ضیائی

ناظم اعلیٰ جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

www.waseemziyai.com

# طلاق کے متعلق چند فتاویٰ

مرکز العلوم الاسلامیہ الہدیٰ (رجسٹرڈ)

www.waseemziyai.com

# طلاق کے معنی واقسام

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ میں اپنی ازدواجی زندگی میں نہایت غیر اطمینانی محسوس کر رہا ہوں اور جدائی ناگزیر پاتا ہوں، نباہ کی ہر ممکن کوشش کر کے دیکھ لی مگر دوسری جانب سے کوئی خاطر خواہ تعاون نہیں۔ بچے کوئی نہیں، لہذا دونوں باہم متفق ہیں کہ معاملہ ختم ہو جانا چاہیئے۔ محترم مفتی صاحب میں آپ کی راہنمائی کا طلبگار ہوں کہ برائے مہربانی مجھ پر بیان فرمائیں کہ طلاق کی حقیقت کیا ہے؟ نیز طلاق دینے کے کون کون سے طریقے ہیں؟ اور ان میں سب سے بہتر کونسا ہے کہ گناہ کا عنصر نہ پایا جائے؟ برائے مہربانی ہماری راہنمائی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

باسمه تعالى وتقدس

الجواب:

## طلاق کے لغوی معنی:

''لسان العرب'' میں ہے:

" التَّطْلِيقُ: التَّخلِيَةُ، وَ ا لإِرْسَالُ، وَحَلُّ العَقْدِ "(۱)

یعنی، ترک کر دینا اور چھوڑ دینا اور گرہ کھولنا۔

''کتاب الفقہ'' میں طلاق کے لغوی معنی حَلُّ القَيدِ (بیڑی یا بندش کھولنا) ہے۔ چاہے قید حسّی ہو جیسے قَيدُ الأَسِير (قیدی کی بندش) اور قَيدُ الفَرَسِ (گھوڑے کی بندش)۔ یا معنوی ہو جیسے قَيدُ النِّكَاحِ۔(۲)

علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں، طلاق بمعنی تطلیق ہے جیسے سلام بمعنی

۱۔ لسان العرب، المجلد(۱۰)، حرف القاف مع الطاء، ص۲۲۹

۲۔ كتاب الفقه على مذاهب الأربعة، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، تعريفه، ص۲۷۸

تسلیم، کہا جاتا ہے:

"طَلَّقَ يُطَلِّقُ تَطْلِيقاً وَطَلَّقَتْ (بِفَتْحِ اللَّامِ) تَطَلَّقَ طَلَاقاً فَهِيَ طَالِقٌ وَطَالِقَةٌ أَيْضاً"۔(۳)

اور لکھتے ہیں:

"هُوَ لُغَةً رَفْعُ الْقَيْدِ مُطْلَقاً مَأْخُوذٌ مِنْ إِطْلَاقِ الْبَعِيرِ وَهُوَ إِرْسَالٌ مِّنْ عِقَالِهِ"۔(٤)

یعنی، وہ لغت میں مطلقاً قید اُٹھانا ہے جو ''اِطلاق البعیر'' سے ماخوذ ہے اور وہ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی کو کھولنا ہے۔

## طلاق کے اصطلاحی معنی:

علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

"وَفِي الشَّرْعِ: رَفْعُ قَيْدِ النِّكَاحِ وَيُقَالُ: حَلُّ عُقْدَةِ التَّزْوِيجِ"۔(٥)

یعنی، شرعاً وہ نکاح کی قید کو اُٹھا دینا ہے اور کہا گیا، شادی کی گرہ کھولنا ہے۔

علامہ ابن نجیم متوفی ۹۷۰ھ لکھتے ہیں، الفاظِ مخصوصہ کے ساتھ فی الفور یا ازروئے مآل نکاح کی قید کو اُٹھا دینا طلاق ہے۔ الفاظِ مخصوصہ سے مراد وہ الفاظ جو صراحۃً یا کنایۃً طلاق پر مشتمل ہوں، اس میں خلع بھی شامل ہے اور نامردی اور لعان کی وجہ سے قاضی کی تفریق بھی شامل ہے۔ طلاق بائنہ کی وجہ سے نکاح کی قید فی الفور اُٹھ جاتی ہے اور طلاق رجعی کی وجہ سے نکاح کی قید ازروئے مآل اٹھ جاتی ہے۔(٦)

---

۳۔ عمدة القاری شرح صحیح البخاری، المجلد(١٤)، کتاب (٦٨) الطلاق، ص٢٢٥

٤۔ شرح الکنز للعینی، الجزء (١)، کتاب الطلاق، ص١٣٨

أیضاً عمدة القاری شرح صحیح البخاری، المجلد(١٤)، کتاب (٦٨) الطلاق، ص٢٢٥

٥۔ عمدة القاری شرح صحیح البخاری، المجلد(١٤)، کتاب الطلاق، ص٢٢٥

٦۔ البحرالرائق شرح کنز الدقائق، المجلد(٣)، کتاب الطلاق، ص٤١٠

www.waseemziyai.com

## طلاق کن حالات میں دی جائے؟

طلاق صرف اور صرف ناگزیر حالات میں دی جائے کیونکہ اسلامی تعلیمات یہ ہیں کہ شوہر کو اگر بیوی ناپسند ہو پھر بھی اس کے ساتھ نباہ کی کوشش کرے۔

چنانچہ قرآن مجید میں ہے:

﴿وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ج فَإِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰى أَنْ تَكْرَهُوْا شَيْأً وَّ يَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْراً كَثِيْراً﴾ (۷)

ترجمہ: اور ان سے اچھا برتاؤ کرو پھر اگر تمہیں پسند نہ آئیں تو قریب ہے کہ کوئی چیز تمہیں ناپسند ہو اور اللہ اس میں بہت بھلائی رکھے۔ (کنزالایمان)

اور حدیث شریف میں ہے:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: "أَبْغَضُ الْحَلَالِ إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى الطَّلَاقُ"۔

یعنی، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا کہ حلال چیزوں میں اللہ ﷻ کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ طلاق ہے۔

اور دوسری حدیث میں ہے:

عَنْ مَحَارِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "مَا أَحَلَّ اللّٰهُ شَيْأً أَبْغَضَ إِلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ"۔(۸)

یعنی، حضرت محارب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے

---

۷۔ النساء:۱۹/٤

۸۔ سنن أبي داود، المجلد(۲)، كتاب (۷) الطلاق، باب (۳) في كراهية الطلاق، ص٤۳۸، الحديث:۲۱۷۷، ۲۱۷۸

www.waseemziyai.com

فرمایا، اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں کو حلال فرمایا ہے، ان میں اللہ کے
نزدیک طلاق سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے۔

لہٰذا معلوم ہوا کہ اسلامی ہدایات یہ ہیں کہ طلاق صرف اور صرف ان حالات میں دی جائے جب نباہ کی کوئی صورت باقی نہ رہے ورنہ شوہر پر لازم ہے کہ اختلاف کی صورت میں حتی الامکان طلاق سے گریز کرے۔ طلاق اگر ناگزیر ہو جائے تو ایک مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اسلام کے بتائے ہوئے طریقہ پر طلاق دے۔

## طلاق کی اَقسام:

طلاق کی تین قسمیں ہیں: اَحسَن، حَسَن اور بدعی۔ طلاق دینے والے کو چاہئے کہ وہ طلاق کے اَحسَن طریقہ کو اختیار کرے یا پھر حَسَن کو اور طلاق بدعی سے احتراز کرے اگر چہ طلاق بدعی واقع ہو جاتی ہے مگر گناہ ہے۔

۱۔ اَحسَن طلاق: اَحسَن طلاق کی صورت یہ ہے کہ جن ایام میں بیوی ماہواری سے پاک ہو اور ان ایام میں بیوی سے مجامعت بھی نہ کی ہو تو ان ایام میں صرف ایک طلاق دے کر چھوڑ دے یہاں تک کہ تین حیض (یعنی ماہواریاں) گزر جائیں۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ نے روایت کیا ہے کہ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص طلاق دینے کا ارادہ کرے اُسے چاہیے کہ ایک طلاق دے پھر چھوڑ دے کہ عورت تین حیض (یعنی ماہواریاں) گذارے۔

اور حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے بھی روایت کیا ہے آپ نے فرمایا:

اگر لوگ طلاق کی حد کو پہنچ جائیں تو کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک طلاق دے پھر تین ماہواریاں گذارنے تک چھوڑ دے تو وہ اپنی طلاق پر نادم نہیں ہوتا۔

www.waseemziyai.com

اور ان ہی سے مروی ہے کہ ''حضرت ابراہیم نخعی (تابعی) نے بیان کیا، صحابہ کرام علیہم الرضوان (طلاق دینے میں) اس کو مستحب جانتے تھے کہ بیوی کو ایک طلاق دی جائے پھر چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ عِدّت گذر جائے۔(۹)

اور علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے بھی یہی نقل کیا کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان ایک طلاق دے کر عِدّت گذرنے تک چھوڑ دینے کو مستحب جانتے تھے اور ''مصنَّف ابن ابی شیبہ'' کی مذکورہ بالا روایت کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔(۱۰)

**طلاقِ اَحسَن کے فوائد:** جب کوئی شخص طلاق اَحسَن طریقہ پر دیتا ہے تو تین ماہواریوں تک مرد کو اپنے فیصلہ پر بار بار غور کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔

اگر طلاق کا مطالبہ عورت کی طرف سے ہو تو اسے بھی اپنے مطالبے پر غور کرنے کا وقت مل جاتا ہے اور عین ممکن ہے کہ عورت اپنا مطالبہ ترک کر دے۔

اگر طلاق کی نوبت عورت کے غلط طرزِ عمل کی وجہ سے آئی ہو تو عورت کو اپنے ازدواجی تعلقات برقرار رکھنے کے لئے اپنے طرزِ عمل کو تبدیل کرنے کا موقع ملتا ہے۔

عِدّت گذرنے تک مرد کو رجوع کا اختیار رہتا ہے۔

بالفرض مرد دَورانِ عِدّت رجوع نہ بھی کرے پھر بھی عِدّت گذرنے کے ساتھ صرف نکاح ختم ہوتا ہے طلاق مغلّظہ واقع نہیں ہوتی کہ طلاق مغلّظہ کے بعد سوائے حلالہ شرعیہ کے نکاح کی کوئی صورت باقی نہیں رہتی جبکہ طلاقِ اَحسَن کی صورت میں عدت کے بعد بھی اگر حالات سازگار ہو جائیں تو دوبارہ نکاح کرنے کی گنجائش باقی رہتی ہے حلالہ کی ضرورت نہیں رہتی۔

**۲۔طلاقِ حَسَن:** طلاقِ حَسَن کی صورت یہ ہے کہ جن ایام میں بیوی ماہواری سے

۹۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب (١١) الطلاق، باب (٢) ما يستحب من طلاق السنّة كيف هو؟، ص٥، الحديث:١-٤-٥

۱۰۔ الدراية في تخريج أحاديث الهداية على هامش الهداية، المجلد(١)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، ص٣٥٤

www.waseemziyai.com

پاک ہو اور ان ایام میں بیوی سے مقاربت بھی نہ کی ہو ان ایام میں پہلی طلاق دے۔ اس کے بعد جب ایک ماہواری گذر جائے تو بغیر مقاربت کئے پاکیزگی کے اس دَور میں دوسری طلاق دے دے پھر جب ایک ماہواری اور گذر جائے تو بغیر مقاربت کئے پاکیزگی کے اس دَور میں تیسری طلاق دے دے، اسے طلاقِ سنّت بھی کہتے ہیں۔

چنانچہ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: "طَلَاقُ السُّنَّةِ أَنْ يُطَلِّقَهَا فِي كُلِّ طُهْرٍ تَطْلِيقَةً"۔(۱۱)

یعنی، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ طلاق سنّت یہ ہے کہ مرد عورت کو ہر طُہر (پاکیزگی کے زمانہ) میں ایک طلاق دے۔

اور علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے حدیث شریف نقل کی ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے فرمایا سنّت یہ ہے کہ جب ماہواری سے پاکیزگی کا دَور آئے تو ہر ماہواری کے بعد پاکیزگی کے دَور میں ایک طلاق دے۔(۱۲)

اور طلاق اس طُہر (پاکی کے زمانے) میں ہو جس میں مقاربت نہ کی ہو چنانچہ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ لکھتے ہیں:

"وَطَلَاقُ السُّنَّةِ أَنْ يُطَلِّقَهَا طَاهِراً مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ"

یعنی، اور طلاق سنّت یہ ہے کہ طلاق طُہر میں بغیر جماع کے دی جائے۔

اور امام بخاری روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے لئے فرمایا:

---

۱۱۔ السنن الكبرى للبيهقي، المجلد(۷)، كتاب الخلع والطلاق، باب (۱۳) الإختيار للزوج أن لا يطلّق إلا واحدة، ص۵۴۳، الحديث:۱۴۹۴۷

۱۲۔ الدراية في تخريج أحاديث الهداية على هامش الهداية، المجلد(۱)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، ص۳۵۵،

www.waseemziyai.com

"إِنْ شَاءَ طَلَّقَ قَبْلَ أَنْ يَمُسَّ"۔(١٣)

یعنی، اگر وہ طلاق دینا چاہے تو مقاربت سے قبل طلاق دے۔

اسی طرح امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ٢٦١ھ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے لئے فرمایا جب اس کی بیوی ماہواری سے پاک ہو جائے تو اسے طلاق دے سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس پاکیزگی کی مدّت میں اس سے مُقاربت نہ کی ہو۔(١٤)

اور امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ٢٢١ھ روایت کرتے ہیں:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: "مَنْ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَ السُّنَّةَ كَمَا أَمَرَ اللّٰهُ، فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ" (١٥)

یعنی، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، جو شخص سنّت کے مطابق جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے طلاق دینا چاہے اسے چاہئے کہ پاکیزگی کے ایام میں جماع کئے بغیر طلاق دے۔

اور امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ٣٠٣ھ روایت کرتے ہیں:

عن عبداللّٰہ أنّه قال: "طَلَاقُ السُّنَّةِ تَطْلِيْقَةٌ وَ هِيَ طَاهِرٌ فِيْ غَيْرِ جِمَاعٍ فَإِذَا حَاضَتْ وَ طَهُرَتْ طَلَّقَهَا أُخْرٰى، فَإِذَا حَاضَتْ وَ طَهُرَتْ طَلَّقَهَا أُخْرٰى الخ" (١٦)

یعنی، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، آپ نے فرمایا: طلاق

---

١٣۔ صحیح البخاری، المجلد(٣)، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (١) قول اللّٰه الخ، ص ٤١٠، الحدیث:٥٢٥١

١٤۔ صحیح مسلم، المجلد(٥)، الجزء (١٠)، کتاب (١٨) الطلاق، ص ٥٤، الحدیث:٢(١٤٧١)

١٥۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (٢) وجه الطلاق الخ، ص٢٣٧، الحدیث:١٠٩٧٢

١٦۔ السنن الکبریٰ للنسائی، المجلد (٣)، کتاب (٤٤) الطلاق، باب (٢)، طلاق السنّة ، ص٣٤٢ الحدیث:١/٥٥٨٧

www.waseemziyai.com

سنّت وہ طلاق ہے جو پاکی کے زمانہ میں ہمبستری کئے بغیر دی جائے، پھر جب وہ حیض والی ہو اور پاک ہو تو اُسے دوسری طلاق دی، پھر جب وہ حیض والی ہو اور حیض سے پاک ہو تو اُسے (تیسری) طلاق دے۔ الخ

امام احمد بن حنبل (۱۷) اور اُن سے علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ (۱۸) روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے لئے فرمایا:

فَإِذَا طَهُرَتْ فَلْيُفَارِقْهَا قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا، أَوْ لِيُمْسِكْهَا، فَإِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِي أُمِرَ أَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ"

یعنی، پس جب عورت حیض سے پاک ہو جائے تو اُسے ہمبستری کرنے سے قبل جُدا کر دے یا چاہئے کہ روک لے، پس یہی عِدّت ہے عورتوں کو اسی پر طلاق دینے کا حکم دیا گیا ہے۔

اس حدیث کے بارے میں عبدالمعطی قلعجی لکھتے ہیں:

و إسناده صحيح (۱۹)

یعنی، اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

اور امام احمد (۲۰) سے دوسری روایت ہے کہ جسے علامہ ابن کثیر (۲۱) نے نقل کیا:

"فَإِنْ أَرَادَ أَنْ يُطَلِّقَهَا حِينَ تَطْهُرُ قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا، فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللّٰهُ أَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ"

---

۱۷۔ المسند: ۲/۵٤، ۱۰۲

۱۸۔ جامع المسانيد و السنن، المجلد (۲۹)، مسند عبدالله بن عمر رضى الله عنهما، (۲٤۳) نافع أبو عبدالله المدنى مولى ابن عمر عنه، ص۱۱٦، ۱۲٥، الحديث: ۱٦٦۹، ۱٦۹۷

۱۹۔ تحقيق جامع المسانيد و السنن ۲۹/۱۱٦

۲۰۔ المسند: ۲/۱٦٤

۲۱۔ جامع المسانيد و السنن، المجلد (۲۹)، مسند عبدالله بن عمر رضى الله عنهما، (۲٤۳) نافع عنه، ص۲۲۱، الحديث: ۱۹۹۸

www.waseemziyai.com

یعنی، پس اگر وہ چاہے تو جب وہ ماہواری سے پاک ہو تو ہمبستری
کرنے سے قبل اُسے طلاق دے دے، پس یہی وہ وقت ہے جس
میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا ہے۔

**طلاق حَسَن کے فوائد:** اگر کوئی شخص حَسَن طریقہ پر طلاق دیتا ہے تو اسے، تیسری طلاق دینے تک اپنے فیصلہ پر غور وفکر کا موقع میسر آتا ہے۔

اگر خامی مرد کی طرف سے ہوگی تو اتنے عرصے میں دوسری یا تیسری طلاق سے پہلے اسے اپنی غلطی کا احساس ہوجائیگا اور وہ ازدواجی تعلقات منقطع کرنے سے باز رہے گا۔ اور مطالبہ اگر عورت کی طرف سے ہو تو اسے اپنا مطالبہ ترک کرنے کے لئے سوچ وبچار اور اپنے رشتہ داروں سے مشورے کا موقع ملتا ہے۔

طلاق کی وجہ اگر عورت کا غلط طرزِ عمل ہو تو اسے اتنے عرصے میں اپنے طرزِ عمل کو درست کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ عورت اگر ازدواجی تعلقات کو بچانا چاہتی ہو تو ہر صورت میں وہ پہلی یا دوسری طلاق کے بعد اپنے طرزِ عمل کو درست کرلے گی یا اس کے ماں، باپ، بہن، بھائی اس پر دباؤ ڈال کر تبدیلی پر آمادہ کرلیں گے۔

مرد جب پہلی طلاق دے گا اور ماہواری کے وقفے کے بعد دوسری طلاق دے گا تو عورت کو یقین ہوجائے گا کہ میرے شوہر نے پہلی طلاق کے بعد اگر دوسری طلاق بھی دے دی تو وہ تیسری طلاق دینے سے بھی باز نہیں آئے گا؛ اگر وہ اپنے گھر کو آباد رکھنا چاہتی ہوگی تو اپنی رَوِش درست کرلے گی۔

**۳۔ طلاق بدعی:** اس کی چند صورتیں ہیں:

**پہلی صورت:** ایک مجلس میں تین طلاقیں دے دینا:

ایک مجلس میں تین طلاقیں دفعۃً دینا خواہ ایک ساتھ ہوں جیسے تم کو تین طلاقیں دیں یا کلماتِ مُتعدّدہ کے ساتھ ہوں جیسے تم کو طلاق دی، تم کو طلاق دی، تم کو طلاق دی۔

www.waseemziyai.com

امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ روایت کرتے ہیں حضرت محمود بن لبید بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو ایک شخص کے متعلق خبر دی گئی کہ اس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دی ہیں تو آپ ﷺ غضب ناک حالت میں کھڑے ہوئے اور فرمایا، ''میرے سامنے اللہ کی کتاب کو کھیل بنایا جارہا ہے؟'' حتی کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی، یارسول اللہ! میں اسے قتل نہ کردوں۔(۲۲)

اور امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ (۲۳)، امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ (۲٤) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۲٥) روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں ایک ایسا شخص آیا جس نے غصہ میں اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دی تھیں آپ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ''اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے کوئی راستہ پیدا فرمادیتا ہے''، اور بے شک تُو اللہ سے نہیں ڈرا تو میں تیرے لئے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں پاتا تو نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور تیری بیوی تجھ سے جُدا ہوگئی۔

اور امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲٦۱ھ نے روایت کیا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر تم نے اپنی بیوی کو اکٹھی تین طلاقیں دی ہیں تو اللہ تعالیٰ نے تجھے طلاق دینے کا جس طریقہ سے حکم دیا تو نے اس کی نافرمانی کی اور تیری بیوی تجھ سے جُدا ہوگئی۔(۲٦)

---

۲۲۔ سنن النسائی، المجلد(۳)، کتاب (۲۷) الطلاق، باب (٦) الثلاث المجموعة الخ، ص ١٤٢، ١٤٣، الحدیث:٣٣٩٨

۲۳۔ سنن أبی داود، المجلد(۲)، کتاب (۷) الطلاق، باب (۱۰) بقیة نسخ المراجعة الخ، ص٤٤٩، الحدیث:٢١٩٧

۲٤۔ سنن الدارقطنی، المجلد (۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، الحدیث: ٣٨٨٢، ٣٩٨٩، ص ١٠-١١-٣٢

۲٥۔ السنن الکبری للبیهقی، المجلد (۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب (۱۳) الإختیار للزوج أن لایطلّق إلا واحدةً، ص٥٤٢، الحدیث:١٤٩٤٤

۲٦۔ صحیح مسلم، المجلد(٥)، الجزء(١٠)، کتاب (١٨) الطلاق، باب (١) تحریم طلاق الحائض الخ، ص ٥٥، الحدیث: ٤-(١٤٧١)

www.waseemziyai.com

لٰہذا ایک وقت تین طلاقیں دینا گُناہ ہے اگرچہ واقع ہو جاتی ہیں۔

**دوسری صورت:** عورت کے ماہواری یا خونِ ولادت کے ایام میں طلاق دینا:

ماہواری کے ایام میں طلاق دینا ممنوع ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿یٰٓاَیُّہَا النَّبِیُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْہُنَّ لِعِدَّتِہِنَّ﴾(۲۷)

ترجمہ: اے نبی! جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عِدّت کے وقت پر انہیں طلاق دو۔ (کنز الایمان)

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے عہدِ رسالت ﷺ میں اپنی بیوی کو ماہواری کی حالت میں ایک طلاق دی، رسول اللہ ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ اس طلاق سے رجوع کریں پھر ماہواری ختم ہونے تک بیوی کو رکھیں پھر جب وہ ماہواری سے پاک ہو جائے تو ایک حیض گذرنے تک اُسے مہلت دیں اور جب وہ اس دوسری ماہواری سے پاک ہو جائے اور وہ اس کو طلاق دینا چاہیں تو ماہواری سے پاکیزگی کے اُس دَور میں طلاق دیں بشرطیکہ پاکیزگی کے اِس دَور میں بیوی سے مجامعت نہ کی ہو اور یہ وہ وقت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینا کا حکم دیا ہے۔

دوسری حدیث میں ہے عبید اللہ کہتے ہیں میں نے نافع سے پوچھا جو طلاق دی گئی تھی اس کا کیا ہوا؟ تو انہوں نے فرمایا اس طلاق کو شمار کیا گیا۔(۲۸)

اور یہی سوال حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی کیا گیا، چنانچہ امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ (۲۹) روایت کرتے ہیں اور اُن سے علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ (۳۰) نقل

۲۷۔ الطلاق:٦٥/١

۲۸۔ صحیح مسلم، المجلد(٥)، الجزء(١٠)، کتاب (١٨) الطلاق، باب (١) تحریم طلاق الحائض، ص٥٤، الحدیث:٢(١٤٧١)

۲۹۔ المسند، المجلد (٢)، مسند عبدالله بن عمر رضی الله عنهما، ص١٢٨

۳۰۔ جامع المسانید و السنن، المجلد (٢٨)، مسند عبدالله بن عمر رضی الله عنهما، أنس بن سیرین، أبو حمزه الأنصاری، عنه، ص٤٢-٤٣، الحدیث:٢٩

www.waseemziyai.com

کرتے ہیں کہ یہی سوال انس بن سیرین نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا تو آپ نے فرمایا:

وَ مَالِیَ لَا أَعْتَدُّ بِهَا

یعنی، مجھے کیا ہوا کہ حالتِ حیض میں دی گئی طلاق شمار نہ کرتا۔

شیخ احمد بن احمد المختار الجکنی الشنقیطی لکھتے ہیں کہ دار قطنی کی شعبہ سے روایت میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! وہ (ابن عمر کی حالت حیض میں دی ہوئی) طلاق شمار کی جائے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں'' اور لکھتے ہیں کہ اس روایت کے راوی شعبہ تک ثقات ہیں۔ (مواهب الجليل: ۳/۱٤۲ـ۱٤۳)

**تیسری صورت**: پاکیزگی کے جن ایام میں مُجامعت کی ہو ان ایام میں طلاق دینا:

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵٦ھ نے روایت کیا کہ حضور ﷺ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے فرمایا: ''اگر تو طلاق دینا چاہے تو مُقاربت سے قبل طلاق دے''۔(۳۱)

لٰہذا پاکیزگی کے جس دَور میں مجامعت کی ہو اس میں طلاق دینا بدعت ہے۔

**طلاق بدعی کے نقصانات**: تیسری طلاق آخری حد ہے۔ اس کے بعد رجوع کی گنجائش نہیں رہتی اس لئے تیسری طلاق دینے سے قبل غور و فکر کرنے کا موقع اَحسَن اور حَسَن طریقہ پر طلاق دینے کی صورت میں میسر آتا ہے۔ بیک کلمہ یا بیک وقت یا بیک مجلس یا بیک طُہر تینوں طلاقیں دینے میں یہ موقع نہیں ملتا پھر سوائے ندامت، پشیمانی و پریشانی کے کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ اسی لئے بکثرت احادیث و آثار میں اس طرح تین طلاقیں دینے کو معصیّت اور گُناہ فرمایا گیا ہے اور اس طرح طلاق دے کر بندہ معصیّت کا مُرتکب ہوتا ہے۔

---

۳۱ـ صحیح البخاری، المجلد (۳)، کتاب (٦۸) الطلاق، باب (۱) قول الله ﷻ الخ، ص ٤۱۰، الحدیث: ۵۲۵۱

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

## طلاقِ بدعی گُناہ ہے:

اور طلاقِ بدعی دینا گُناہ ہے اور دینے والا گُنہگار رہوتا ہے چاہے تینوں صورتوں میں سے کسی صورت پر بھی دے۔ لہٰذا اگر طلاق دینا ناگزیر ہو تو اَحسن یا حَسن طریقہ پر دی جائے یہی دو طریقے جواز کے ہیں اور تیسرا طریقہ (طلاقِ بدعی) عدم جواز کا ہے اگرچہ اس طریقہ پر دی گئی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ
الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ
الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# طلاق دینے والے کے اَوصاف

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علماءِ دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ طلاق دینے والے میں کن اَوصاف کا پایا جانا ضروری ہے کہ اس کی طلاق واقع ہو سکے؟ بینوا وتوجروا عند اللّٰہ

باسمہ تعالی وتقدس

الجواب:

طلاق دینے والے کا عاقل و بالغ ہونا ضروری ہے چنانچہ شیخ الاسلام ابو الحسن علی بن ابی بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ لکھتے ہیں:

"و یقع طلاق کلّ زوج إذا کان عاقلاً بالغاً"۔(۳۲)

یعنی، ہر شوہر کی طلاق واقع ہو جاتی ہے جبکہ وہ عاقل بالغ ہو۔

امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایت نقل کرتے ہیں:

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ إِلَّا

۳۲۔ الھدایۃ، المجلد (۱۔۲)، الجزء (۱)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّۃ، فصل، ص ۲۵۰

طَلَاقُ الْمَعْتُوهِ الْمَغْلُوبِ عَلٰى عَقْلِهِ"۔(۳۳)

یعنی، حضرت ابو ہریرہ ﷜ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر طلاق واقع ہے سوائے بوہرے کی طلاق کے۔

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ روایت کرتے ہیں:

قَالَ عَلِيٌّ: "وَ كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ إِلَّا طَلَاقُ الْمَعْتُوهِ"۔(۳۴)

یعنی، حضرت علی ﷜ نے فرمایا، ''ہر طلاق واقع ہے سوائے معتوہ (یعنی بوہرے) کی طلاق کے''۔

شیخ الاسلام ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ روایت نقل کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

"كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ إِلَّا طَلَاقُ الصَّبِيِّ وَالْمَجْنُونِ"۔(۳۵)

یعنی، ہر طلاق واقع ہے سوائے بچے اور مجنون کی طلاق کے۔

اور امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ روایت کرتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''تین اشخاص مَرفوعُ القلم ہیں ایک سویا ہوا شخص جب تک نہ جاگے مَرفوعُ القلم ہے، دوسرا بچہ جب تک بالغ نہ ہو مَرفوعُ القلم ہے، اور مجنون جب تک اسے جنون سے اِفاقہ نہ ہو وہ مَرفوعُ القلم ہے''۔(۳۶)

لہٰذا معلوم ہوا کہ وقوع طلاق کے لئے دو وصفوں عقل اور بلوغ کا اکٹھا پایا جانا ضروری ہے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

---

۳۳۔ جامع الترمذی، المجلد (۲)، کتاب (۱۱) الطلاق، باب (۱۵) ماجاء فی طلاق المعتوہ، ص۴۴۲، الحدیث: ۱۱۹۱

۳۴۔ صحیح البخاری، المجلد (۳)، کتاب (۶۸) الطلاق، باب (۱۱) الطلاق فی الأغلاق الخ، ص۴۱۶

۳۵۔ الهداية، المجلد (۱۔۲)، الجزء (۱)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص۲۵۰

۳۶۔ سنن ابن ماجة، المجلد (۲)، کتاب (۱۰) الطلاق، باب (۱۵) طلاق المعتوه والصغیر و النائم، ص۵۱۶، الحدیث: ۲۰۴۱

www.waseemziyai.com

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ
الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# نشہ والے کی طلاق کا حکم

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نشہ والے کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ واقع نہیں ہوتی کیونکہ حالتِ نشہ میں جب نماز نہیں ہوتی تو طلاق کیسے ہوگی؟ اور بعض لوگ حضرت ماعز بن مالک کے واقعہ سے دلیل لیتے ہیں کہ نشہ والے کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ بینوا و توجروا عند اللّٰہ

باسمه تعالیٰ وتقدس

الجواب:

''نشہ والے نے طلاق دی تو واقع ہو جائے گی کہ یہ عاقل کے حکم میں ہے اور نشہ خواہ شراب پینے سے ہو یا بھنگ وغیرہ کسی اور چیز سے، افیون کی پینگ میں طلاق دے دی تو بھی واقع ہو جائے گی''۔(۳۷)

حدیث شریف میں ہے:

"ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ، هَزْلُهُنَّ جِدٌّ، النِّكَاحُ، وَالطَّلَاقُ، وَالرَّجْعَةُ"۔(۳۸)

۳۷۔ بہار شریعت، حصہ(۸)، طلاق کا بیان، احکام فقہیہ، ص۸

۳۸۔ جامع الترمذی، المجلد (۲)، کتاب (۱۱) الطلاق، باب (۹) ماجاء فی الجدّ والهزل، ص۲٤۰، الحدیث:۱۱۸٤

أیضاً سنن أبی داود، المجلد (۲)، کتاب (۷) الطلاق، باب (۹) فی الطلاق علی الهزل، ص٤٤۷، الحدیث:۲۱۹٤

أیضاً سنن ابن ماجة، المجلد (۲)، کتاب (۱۰) الطلاق، باب (۱۳) من طلّق أو نكح أو راجع لاعباً، ص٥١٥

أیضاً سنن الدار قطنی، المجلد (۲)، الجزء (٤)، کتاب الطلاق، ص۱۳، الحدیث:۳۸۹٥

www.waseemziyai.com

یعنی، تین چیزیں ہیں جن کا سچ تو سچ ہے جھوٹ بھی سچ ہے، نکاح، طلاق اور رجوع کرنا۔

اور حدیث شریف میں ہے:

"کُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ إِلَّا طَلَاقُ الْمَعْتُوهِ الْمَغْلُوبِ عَلٰى عَقْلِهٖ"۔(۳۹)

یعنی، ہر (شوہر کی) طلاق واقع ہے سوائے اُس بوہرے کی طلاق کے جس کی عقل پر بوہرہ پَن غالب ہو۔

اور حدیث شریف میں ہے:

"کُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ إِلَّا طَلَاقُ الصَّبِيِّ وَالْمَجْنُوْنِ"۔(۴۰)

یعنی، ہر طلاق جائز ہے سوائے بچے اور مجنون کی طلاق کے۔

مندرجہ بالا احادیث سے ثابت ہوا کہ نشہ کی حالت میں طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

## صحابہ وتابعین کے نزدیک سکران کی طلاق کا حکم:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ نے روایت کیا ہے کہ:-

☆ مجاہد نے کہا سکران (نشہ میں مست) کی طلاق واقع ہوتی ہے۔

☆ حسن اور محمد نے کہا نشہ والے کی طلاق واقع ہوتی ہے اور اُس کی پیٹھ پر مارا جائے۔

☆ حضرت سعید بن المسیب فرماتے ہیں سکران (نشہ والے) کی طلاق واقع ہوتی ہے۔

☆ حضرت عمر بن عبدالعزیز سکران (نشہ والے) کی طلاق کو جائز قرار دیتے اور اسے کوڑے مارتے۔

☆ ابراہیم نخعی نے فرمایا نشہ والے کی طلاق جائز ہے۔

☆ میمون بن مہران نے فرمایا اُس کی طلاق جائز ہے۔

☆ حمید بن عبدالرحمٰن نے کہا اُس کی طلاق واقع ہے۔

---

۳۹۔ جامع الترمذی، المجلد (۲)، کتاب (۱۱) الطلاق، باب (۱۵) ماجاء فی طلاق المعتوہ، ص۲۴۴، الحدیث:۱۱۹۱

۴۰۔ الھدایۃ، المجلد (۱۔۲)، الجزء (۱)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّۃ، فصل، ص۲۵۰

www.waseemziyai.com

☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نشہ والے کی طلاق کو جائز قرار دیا۔

☆ امام زہری نے فرمایا نشہ والا جب طلاق دے یا غلام آزاد کرے تو طلاق ہو جائے گی اور غلام آزاد ہو جائے گا اور اُس پر حد قائم کی جائے گی۔

☆ شعبی نے فرمایا سکران کی طلاق جائز ہے اور اُس کی پیٹھ پر حد لگے گی۔

☆ حَکَم نے کہا جو شخص اللہ تعالیٰ کی محبت کے نشہ میں طلاق دے تو اُس کی طلاق کچھ نہیں اور جو شیطانی نشہ میں طلاق دے تو اُس کی طلاق واقع ہو جائے گی۔

☆ قاضی شریح فرماتے ہیں سکران (نشہ والے) کی طلاق واقع ہوتی ہے۔(٤١)

علامہ بدرالدین عینی متوفی ٨٥٥ھ لکھتے ہیں مجاہد اِس طرف گئے کہ سکران (نشے والے) کی طلاق واقع ہو جاتی ہے، اِسی طرح محمد، حسن، سعید ابن المُسَیَّب، ابراہیم بن یزید نخعی، میمون بن مہران، حمید بن عبدالرحمٰن، سلیمان بن یسار، شعبی، سالم بن عبداللہ، اوزاعی اور ثوری نے بھی یہی کہا کہ سکران (نشہ والے) کی طلاق واقع ہوتی ہے اور یہی امام مالک اور امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔(٤٢)

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ٤٥٨ھ روایت کرتے ہیں امام مالک نے بیان کیا کہ حضرت سعید ابن المُسَیَّبْ اور سلیمان بن یسار سے سکران (نشہ والے) کی طلاق کے بارے میں سوال کیا گیا تو دونوں نے فرمایا: سکران (نشہ والا) جب طلاق دے تو اس کی طلاق واقع ہو جائے گی۔ اگر وہ قتل کر دے تو اسے قصاص میں قتل کیا جائے گا اور امام مالک نے فرمایا ہمارے نزدیک یہی حکم ہے۔

اِسی طرح امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ٤٥٨ھ فرماتے ہیں کہ ہم نے ابراہیم سے روایت کیا تو انہوں نے فرمایا: سکران (نشہ والے) کی طلاق وعتاق (غلام

---

٤١۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد (٤)، كتاب (١١) الطلاق، باب (٣٤) من أجاز طلاق السكران، ص ٣٠۔٣١، الحديث: ١۔٣۔٤۔٥۔٦۔٨۔٩۔١٠۔١٣۔١٤۔١٥۔١٦

٤٢۔ عمدة القاري، المجلد (١٤)، كتاب (٦٨) الطلاق، باب (١١) الطلاق في الأغلاق الخ، ص ٢٥٩

www.waseemziyai.com

آزاد کرنا) دونوں واقع ہوتے ہیں۔

اور فرمایا، امام حسن بصری سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا، سکران (نشے والے) کی طلاق وعتاق (آزادی) دونوں واقع ہوتے ہیں۔(۴۳)

## پہلا باطل استدلال اور اس کا اِبطال:

اور قرآن کی اِس آیہ کریمہ ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى﴾ سے بھی استدلال باطل ہے کیونکہ خطاب کا حالتِ سکر (نشہ) میں ہونا ظاہر ہے اور اللہ تعالیٰ کا حالتِ سکر (نشہ) میں اَمر اور نہی سے خطاب فرمانا اِس بات کی دلیل ہے کہ باری تعالیٰ نے اسے قائم العقل کے مثل اعتبار کیا ہے ورنہ عدیم العقل کو خطاب نہیں کیا جاتا۔ لہٰذا ہم بھی سکران (نشے والے) کو حالتِ سکر (نشہ) میں قائم العقل اعتبار کر کے وقوعِ طلاق کا حکم لگاتے ہیں۔

## دوسرا باطل استدلال اور اس کا اِبطال:

حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کے واقعہ سے استدلال قابلِ قبول نہیں کیونکہ نبی ﷺ نے تو حدِّ زنا کو ساقط کرنے کے لئے فرمایا تھا کہ شاید تو نے شراب پی ہے اور نشے میں زنا کا اقرار کر رہا ہے کیونکہ حد شُبہ سے ساقط ہو جاتی ہے۔

چنانچہ امام ابوبکر بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ لکھتے ہیں:

فبيّن فى هذا أنه قصد إسقاط إقراره بالسّكر كما قصد إسقاط إقراره بالجنون، فدلّ أن لا حكم لقوله: ومن قال بالأول أجاب عنه بأن ذلك كان فى حدود الله تعالى التى تدرأ بالشّبهات والله أعلم۔ (٤٤)

---

۴۳۔ السنن الكبرىٰ للبيهقى، المجلد (٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب (٣٤) من قال يجوّز طلاق السكران الخ، ص٥٨٩، الحديث:١٥١١٢

۴۴۔ السنن الكبرىٰ للبيهقى، المجلد (٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب (٣٥) من قال لايجوّز طلاق السكران، ص٥٩٠، الحديث:١٥١١٣

www.waseemziyai.com

یعنی، اس حدیث میں تو یہ بیان ہے کہ نبی ﷺ نے سکر (نشہ) سے ان کے اقرار کو ساقط کرنے کا قصد فرمایا جیسا کہ جُنون سے اُسے ساقط کرنے کا قصد فرمایا، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے قول پر حکم نہیں لگے گا اور جس نے پہلی بات کہی (یعنی حضرت ماعز کی حدیث سے ثابت ہوا کہ نشہ والے کی طلاق نہیں ہوتی) تو اسے جواب دیا جائے گا کہ وہ (نشہ والے کے قول کا اعتبار نہ کرنا) حدود اللہ میں تھا جو کہ شُبہات سے ساقط ہو جاتی ہیں۔

لہٰذا نشہ والے کی طلاق واقع ہو جائے گی۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

## زبردستی دلوائی گئی طلاق کا حکم

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زبردستی دلوائی گئی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں۔ اگر واقع ہو جاتی ہے تو مخالفین کے ان دلائل کا کیا جواب ہوگا کہ حالتِ اِکراہ (جبر) میں مُکرَہ (مجبور) سے اختیار سلب ہو جاتا ہے اس لئے اس کا طلاق دینا اپنے اختیار ورضا سے نہیں ہوتا تو وہ طلاق بھی معتبر نہیں ہوتی دوسرا نبی ﷺ کا ارشاد ہے میری اُمّت سے خطاء اور بھول چوک اور اس چیز کو اٹھا لیا گیا ہے جو ان سے زبردستی کرائی جائے۔ اسی طرح حدیث ہے ''لَاطَلَاقَ وَلَاعِتَاقَ فِیْ غَلَاقٍ'' (طلاق اور عتاق حالتِ اِکْرَاہ میں واقع نہیں ہوتے) کا کیا مفہوم ہے......؟ بینوا بالبرھان و توجروا عند الرحمن

www.waseemziyai.com

باسمہ تعالٰی وتقدس

الجواب:

مُکرَہ (یعنی جس پر زبردستی کی گئی ہو اس) کی طلاق واقع ہو جائے گی۔

چنانچہ امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ (۴۵)، امام ابوداود سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ (۴۶)، امام ابو عبداللہ محمد بن یزید ابنِ ماجہ متوفی ۲۷۳ھ (۴۷) اور امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ (۴۸) روایت کرتے ہیں:

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ: اَلنِّكَاحُ، وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ"

یعنی، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں ہیں جن کا سچ تو سچ ہے جھوٹ بھی سچ ہے۔ نکاح، طلاق اور رجعت۔

## جبراً طلاق دلوانے کا واقعہ اور نبی ﷺ کا فیصلہ:

علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ (۴۹) نے عقیلی سے، امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ (۵۰) نے امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ سے روایت نقل کی ہے کہ صفوان بن عمران بیان کرتے ہیں کہ

۴۵۔ جامع الترمذی، المجلد (۲)، کتاب (۱۱) الطلاق واللعان، باب (۹) ماجاء فی الجدّ والهزل فی الطلاق، ص ۲۴۰، الحدیث:۱۱۸۴

۴۶۔ سنن أبی داود، المجلد (۲)، کتاب (۷) الطلاق، باب (۹) فی الطلاق علی الهزل، ص۴۴۷، الحدیث:۲۱۹۴

۴۷۔ سنن ابن ماجة، المجلد (۲)، کتاب (۱۰) الطلاق، باب (۱۳) من طلّق أو نکح أو راجع لاعباً، ص۵۰۵، الحدیث:۲۰۳۹

۴۸۔ سنن الدار قطنی، المجلد (۲)، الجزء (۴)، کتاب الطلاق، ص۱۳، الحدیث:۳۸۹۵

۴۹۔ الدرایة فی تخریج أحادیث الهدایة علی هامش الهدایة، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص۳۵۸

۵۰۔ فتح القدیر شرح الهدایة، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص۳۴۴

www.waseemziyai.com

أَنَّ رَجُلاً كَانَ نَائِماً، فَقَامَتِ امْرَأَتُهُ، فَأَخَذَتْ سِكِّيناً، فَجَلَسَتْ عَلٰى صَدْرِهِ، فَقَالَتْ لَتُطَلِّقَنِّي ثَلَاثاً أَوْ لَأُذْبِحَنَّكَ فَطَلَّقَهَا، ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَذَكَرَ لَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ: "لَاقَيْلُوْلَةَ فِي الطَّلَاقِ"۔

یعنی، ایک شخص سورہا تھا تو اس کی بیوی اٹھی اور ہاتھ میں چھری لے کر اُس کے سینے پر بیٹھ گئی، کہنے لگی مجھے تین طلاقیں دے ورنہ میں تجھے ذبح کردوں گی تو اُس شخص نے تین طلاقیں دے دیں، پھر اُس نے نبی ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر واقعہ بیان کیا تو آپ نے فرمایا طلاق میں قیلولہ نہیں ہے۔

## جبراً طلاق دلوانے کا واقعہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فیصلہ:

امام ابوبکر احمد ابن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نے جبراً اپنے شوہر سے طلاق مانگی تو اس نے تین طلاقیں دے دیں فَرَفَعَ ذٰلِكَ إِلٰى عُمَرَ رضی اللہ عنہ: فَأَبَانَهَا مِنْهُ۔ (۵۱)

یعنی، تو یہ معاملہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش ہوا تو آپ نے اس شخص کی بیوی اس سے جُدا کردی۔

امام ابن ھمام متوفی ۸۶۱ھ روایت نقل کرتے ہیں:

وَرُوِيَ أَيْضاً عَنْ عُمَرَ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ قَالَ: "أَرْبَعُ مُبْهَمَاتٍ مُقْفَلَاتٍ لَيْسَ فِيهِنَّ رَدٌّ، النِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالْعِتَاقُ وَالصَّدَقَةُ"۔(۵۲)

یعنی، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے فرمایا چار مُبہمات مُقفّلات ہیں جن میں ردّ نہیں ہوتا، وہ چار یہ ہیں

۵۱۔ السنن الکبریٰ للبیھقی، المجلد (۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب (۳۱) ماجاء فی طلاق المکرہ، ص۵۸۶، الحدیث: ۱۵۱۰۰

۵۲۔ فتح القدیر شرح الھدایۃ، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّۃ، فصل، ص۳۴۴

www.waseemziyai.com

نکاح، طلاق، عِتاق (غلام آزاد کرنا) اور صدقہ۔

علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ نے اسی واقعہ میں عمرو بن شراحیل سے روایت کیا کہ

فَرَفَعَ ذٰلِكَ إِلىٰ عُمَرَ: فَأَمْضىٰ طَلَاقَهَا، وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهُ، وَ كَذَا عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ۔(۵۳)

یعنی، یہ معاملہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عدالت میں پیش ہوا تو آپ نے انہیں نافذ فرمادیا، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اسی کی مثل مروی ہے، اسی طرح حضرت عمر بن عبدالعزیز سے۔

## حضرت ابن عمر کے نزدیک جبراً طلاق کا حکم:

امام ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں کہ عبدالرزاق نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ وہ مُکْرَہ (مجبور) کی طلاق کو جائز سمجھتے تھے۔(۵۴)

## تابعین عظام کے نزدیک جبراً طلاق کا حکم:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ ھشیم بن یسار نے امام شعبی تابعی سے کہا لوگ کہتے ہیں کہ آپ مُکْرَہ (مجبور) کی طلاق کو کچھ نہیں سمجھتے، آپ نے فرمایا وہ مجھ پر جھوٹ بولتے ہیں، اور ابراہیم نخعی تابعی نے فرمایا، مُکْرَہ (مجبور) کی طلاق واقع ہوتی ہے، اور جلیل القدر تابعی حضرت سعید بن المُسَیَّبْ مُکْرَہ (مجبور) کی طلاق کو جائز قرار دیتے تھے، قاضی شریح تابعی نے مُکْرَہ (مجبور) کی طلاق کو جائز قرار دیا ہے اور

۵۳۔ عمدۃ القاری، المجلد (۱٤)، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (۱۱) الطلاق فی الأغلاق والکرہ الخ، ص۲۵۹

۵٤۔ الدرایة فی تخریج أحادیث الهدایة علی هامش الهدایة، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص۳۵۸

www.waseemziyai.com

ابو قلابہ تابعی نے مُکرَہ (مجبور) کی طلاق کو جائز (یعنی واقع) قرار دیا ہے۔(۵۵)

علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں عبدالرزاق نے روایت کیا ہے کہ تابعین میں امام شعبی، ابوقلابہ بھی مُکرَہ (مجبور) کی طلاق کو جائز سمجھتے تھے۔(۵۶)

علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں: ابن حزم نے کہا امام زہری، قتادہ، اور سعید بن جبیر کے نزدیک مُکرَہ (مجبور) کی طلاق واقع ہو جاتی ہے، اور یہی امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب کا مذہب ہے۔(۵۷)

مُحقِّق عَلَی الِاطلاق امام ابن ہمام مُتوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں: مُکرَہ (مجبور) کی طلاق واقع ہو جاتی ہے اور امام شعبی، نخعی اور ثوری نے بھی یہی کہا۔(۵۸)

## ایک باطل استدلال اور اس کا ابطال:

حالتِ اِکراہ (جبر) میں دی گئی طلاق کے عدم وقوع کے قائل کہتے ہیں کہ اِکراہ (جبر) اُس اختیار کے ساتھ اکٹھا نہیں ہوتا جو (اختیار) تصرُّف شرعی میں معتبر ہوتا ہے بخلاف ہازل کے کیونکہ وہ طلاق بولنے میں مُختار ہوتا ہے اور اُس کے حکم پر راضی نہیں ہوتا، اِس کے جواب میں امام ابن ہمام فرماتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ اِسی طرح مُکرَہ (مجبور) طلاق بولنے میں کامل اختیار فی السبب کے ساتھ مختار ہے مگر وہ حکم پر راضی نہیں ہوتا کیونکہ اُس نے دو برائیوں کو پہچانا ہے (یعنی ایک جان کا ضرر اور دوسری بُرائی بیوی کی جدائی) ان دونوں میں سے آسان کو اُس نے اختیار کیا (یعنی جان بچائی اور بیوی چھوڑ دی) الخ(۵۹)

---

۵۵۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد (٤)، كتاب (١١) الطلاق، باب (٤٨) من يرىٰ طلاق المكره جائزاً، ص٣٩، الحديث: ١-٢-٤-٥-٦

۵٦۔ الدراية في تخريج أحاديث الهداية على هامش الهداية، المجلد (٢)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص٣٥٨

۵۷۔ عمدة القاري، المجلد (١٤)، كتاب (٦٨) الطلاق، باب (١١) الطلاق في الأغلاق، ص٢٥٩

۵۸۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٣)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص٣٤٤

۵۹۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد (٣)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص٣٤

www.waseemziyai.com

علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی ۵۹۳ھ لکھتے ہیں

وهذا اٰية القصد والإختيار إلا أنه غيرراضٍ بحكمه وذلك غير مخلّ كالهزل(٦٠)

یعنی، یہ مُکرَہ (مجبور) کے قصد اور اختیار کی دلیل ہے (یعنی اُس نے قصداً اپنے اختیار کے ساتھ طلاق دی) مگر (فرق اتنا ہے کہ) وہ اُس کے حکم (یعنی بیوی کی جُدائی) پر راضی نہیں اور راضی نہ ہونا کچھ واقع ہونے کو مُخل نہیں جیسے ہزل☆ کرنے والا۔

تو معلوم ہوا اِکراہ (جبر) میں مُکرَہ (مجبور) کا اختیار سلب نہیں ہوتا (یعنی نہیں چھنتا) کیونکہ وہ دو بُرائیوں میں سے زیادہ آسان کو اختیار کرتا ہے یہی اِس بات کی دلیل ہے کہ اس کا اختیار سلب نہیں ہوا۔

## طَائِع اور مُکرَہ میں فرق:

طَائِع اور مُکرَہ میں فرق صرف یہ ہے کہ طائع (راضی) طلاق کا قصد کرتا ہے تو اُس کا مقصود اور ہوتا ہے اور باعث اور، یعنی اس کا مقصود جُدائی ہوتا ہے اور باعث وہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ اِس اِقدام تک پہنچتا ہے اور مُکرَہ (مجبور) جو طلاق کا قصد کرتا ہے۔ اُس کا مقصود جان بچانا ہوتا ہے اور باعث اِکراہ (جبر) ہوتا ہے۔ بہر حال قصدِ طلاق دونوں سے پایا جاتا ہے دونوں قصداً طلاق دیتے ہیں اِسی لئے دونوں کی طلاق

---

٦٠۔ الهداية، المجلد (١)، الجزء (٢)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص ٢٥٠

☆ ہزل عوارض مکتسبہ (کمائے ہوئے) میں سے ہے ہَزْل، جِدّ کی ضد ہے اس کے لغوی معنی لعب وعبث کے ہیں اور اصطلاحِ شریعت میں ہزل اسے کہتے ہیں کہ لفظ سے نہ اس کے معنی موضوع لہ مراد ہوں اور نہ معنی غیر موضوع لہ، بلکہ اس سے مذاق اور تمسخر مقصود ہو چنانچہ صاحب حسامی لکھتے ہیں ہزل کی تفسیر لعب (کھیل) ہے اور وہ یہ ہے کہ شے سے اس کا غیر موضوع لہ کو مراد لیا جائے اسی کے تحت صاحب النامی نے لکھا کہ زیادہ واضح بات یہ ہے کہ ہزل اسے کہتے ہیں کہ لفظ سے نہ اس کے حقیقی معنی مراد ہوں اور نہ مجازی (حسامی مع النّامی، جلد(٢)، باب القياس، فصل في العوارض المكتسبه بحث الهزل، ص ١٢٥، مطبوعه: كتب خانه مجيديه، ملتان) (مُرتّب)

www.waseemziyai.com

واقع ہو جاتی ہے۔

اور طلاق طوعاً وکرھاً (یعنی برضا اور بلا رضا) برابر ہے جیسے یمین (قسم) طوعاً وکرہاً برابر ہوتی ہے اور جبر طلاق کے حکم کی نفی میں اثر نہیں کرتا جیسے یمین (قسم) کے حکم کی نفی میں اثر نہیں کرتا۔

طلاق بخوشی دی جائے یا بخوشی نہ دی جائے، برضاء دی جائے یا بغیر رضاء کے دی جائے، واقع ہو جائے گی۔ ہازل بھی تو وقوعِ طلاق پر راضی نہیں ہوتا پھر بھی اُس کی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ وقوعِ طلاق میں رضا کا اعتبار نہیں ہوتا۔

## مخالفین کی پیش کردہ احادیث کا جواب:

(۱) مخالفین کی پیش کردہ پہلی حدیث کے جواب میں امام ابن ھمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں کہ اِس حدیث کے لئے عموم نہیں تو ایسا حکم جو احکام دنیوی اور احکام اُخروی دونوں کو شامل ہو مُراد لینا جائز نہیں یا تو حکم دنیوی مراد ہوگا یا حکم اُخروی تو بالاجماع حکم اُخروی مُراد ہے اور وہ (اُخروی حکم) مُواخذہ ہے۔(۶۱)

تو حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ میری اُمّت سے جو کام خطاءً یا بھول سے ہو جائے یا اُن سے زبردستی کرایا جائے تو آخرت میں اُن سے اِس پر مُواخذہ نہیں ہوگا۔ اگر ہم اِس سے حکم دُنیوی مُراد لیں تو مُراد یہ ہوگی کہ اگر کوئی خطاءً یا بھولے سے طلاق دے دے تو واقع نہیں ہوگی یا اگر کوئی خطاءً یا بھولے سے کسی کو قتل کر دے تو اُس پر مُواخذہ نہ ہوگا یا اگر کوئی خطاءً یا بھولے سے شراب پی لے تو اُس پر حد نہیں لگے گی حالانکہ اِس کا کوئی بھی قائل نہیں ہے۔ اِسی طرح اگر کوئی حالت اِکْرَاہ (جبر) میں اپنی منکوحہ کی ماں سے وطی (جماع) کرلے تو واطی (جماع کرنے والے) پر منکوحہ اور اُس کی ماں دونوں حرام ہو جاتی ہیں جب اِن صورتوں میں اِکْرَاہ (جبر) ترتُّبِ احکام کو مانع نہیں تو وقوعِ طلاق کو بھی مانع نہیں۔

---

۶۱۔ فتح القدیر شرح الھدایۃ، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّۃ، فصل، ص ۳۴۴

www.waseemziyai.com

لہٰذا اِس حدیث شریف سے مُراد حکم اُخروی ہی مُتعیّن ہوگا اور وہ مُواخذہ ہے۔

(۲) مخالفین کی پیش کردہ دوسری حدیث ''لَا طَلَاقَ فِیْ أَغْلَاقٍ'' یعنی اَغلاق میں طلاق واقع نہیں ہوتی اور اَغلاق کا معنی اِکْرَاہ (جبر) کیا ہے جو کہ درست نہیں۔ کیونکہ اِس حدیث شریف میں امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ نے ''اَغلاق'' کی تفسیر ''غضب'' کے ساتھ کی ہے۔ اور حدیث جس باب کے تحت ذکر کی اُس کا نام رکھا ہے ''باب فی الطلاق علی غیظ'' یعنی حالت غیظ میں طلاق دینے کے بیان میں باب(٦٢) اِسی طرح ''نصب الرایة'' (٣/٢٩٧) میں ہے۔

اور امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ نے ''اَغلاق'' اور ''اِکْرَاہ'' کو الگ الگ ذکر کیا ہے۔(٦٣)

یہ اس بات کی بیّن دلیل ہے کہ ''اَغلاق'' کا معنی ''اِکْرَاہ'' (جبر) نہیں ہے۔

اور امام ابوعبداللہ فضل اللہ بن الحسن التورپشتی متوفی ۶۶۱ھ لکھتے ہیں: میں نے بعض اہلِ علم کو پایا کہ وہ ''اِغلاق'' کی تفسیر ''غضب'' کرتے ہیں اور ''اَغلاق'' کی وہ تفسیر جو اِس سے پہلے گزری وہ اِس تفسیر سے زیادہ درست نہیں ہے۔(٦٤)

اور علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں کہ معنی اسی وقت درست ہوسکتے ہیں جب ہم ''اَغلاق'' کی تفسیر ''غضب'' سے کریں جیسا کہ امام ابوداؤد نے کی ہے اور غضب میں طلاق کا حکم یہ ہے کہ اِس حالت (یعنی غُصّہ کی حالت) میں طلاق واقع ہوجاتی ہے۔(٦٥)

تو اَغلاق کا معنی غیظ وغضب ہوگا اور جمہور کے نزدیک حالتِ غیظ وغضب میں

---

٦٢۔ سنن أبی داود، المجلد (١)، کتاب الطلاق، باب فی طلاق علی غیظ، ص٢٩٨ أیج، أیم سعید

٦٣۔ صحیح البخاری، المجلد (٣)، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (١١) الطلاق فی الأغلاق والکره والسکران، والمجنون الخ، ص٤١٦

٦٤۔ کتاب المیسّر فی شرح مصابیح السنة، المجلد (٣)، کتاب النکاح، باب (١٠) الخلع و الطلاق، الحدیث:٢٣٦٥، ص٧٧٥

٦٥۔ عمدة القاری، المجلد (١٤)، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (١١) فی الطلاق فی الأغلاق الخ، ص٢٥٩

www.waseemziyai.com

طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

چنانچہ علامہ بدرالدین عینی فرماتے ہیں کہ

وأما حكم الطلاق في الغضب فإنه يقع۔

یعنی، حالتِ غضب کا حکم یہ ہے کہ طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

الحمدللہ مخالفین کے تینوں اعتراضات کے جوابات ہوگئے اور اسلام کا نظریہ اپنی جگہ قائم رہا کہ مُکرَہ (مجبور) کی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

## غُصّہ میں طلاق کا حکم:

غُصّہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک معمولی غُصّہ جس میں طلاق واقع ہو جاتی ہے جیسا کہ علامہ عینی نے فرمایا غُصّہ میں طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ دوسرا وہ غُصّہ جس کی شِدَّت جنون اور پاگل پَن تک پہنچا دے ایسے غُصّے میں دی گئی طلاق واقع نہیں ہوتی یہ وہی غُصّہ ہے جس کے بارے میں نبی ﷺ کا فرمان ہے "لَا طَلَاقَ وَلَا عِتَاقَ فِيْ أَغْلَاقٍ" یعنی، اَغلاق میں طلاق اور عتاق واقع نہیں ہوتے۔ اور ''اَغلاق'' سے مراد وہ ''غُصّہ'' ہے جس میں عقل تکلیفی زائل ہو جائے۔

چنانچہ صدرالشریعہ محمد امجد علی متوفی ۱۳۶۷ھ لکھتے ہیں ''طلاق اکثر غُصّے ہی میں دی جاتی ہے اور غُصّہ میں جو طلاق دی جاتی ہے واقع ہوتی ہے۔ مگر جب کہ غُصّہ اس حد کا ہو کہ عقل تکلیفی زائل ہو جائے کہ غُصّہ کی شِدّت میں مجنون اور پاگل کی طرح ہو جائے کہ اُسے کچھ امتیاز ہی باقی نہ رہے جو کچھ کہے اُس کا علم نہ رہے کہ کیا کہتا ہے تو اس صورت میں طلاق واقع نہ ہوگی۔ مگر یاد رکھنا چاہئے کہ اگر واقع میں اِس حد کا غُصّہ نہ ہو اور لوگوں پر یہ ظاہر کرتا ہے کہ مجھے بالکل خبر نہیں کہ کیا کہا تو اپنے اِس جھوٹے بیان سے مواخذۂ اُخروی سے بَری نہ ہوگا اور وہ بیان، طلاق کو عنداللہ منع نہ کرے گا''۔(٦٦)

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

٦٦۔ فتاوی أمجدیه، المجلد (٢)، كتاب الطلاق، ص ١٩٧

www.waseemziyai.com

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

## نابالغ، مجنون اور سوئے ہوئے شخص کی طلاق کا حکم

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ اگر کوئی شخص سو رہا ہو، نیند کی حالت میں طلاق دیدے تو طلاق واقع ہو جائے گی یا نہیں، نیز یہ کہ کس کس شخص کی دی گئی طلاق نافذ نہیں ہوتی؟ بینوا و توجروا عند اللّٰہ

باسمہ تعالی و تقدس

الجواب:

نابالغ یا مجنون یا سوئے ہوئے کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔

**احادیث:**

امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ روایت نقل کرتے ہیں:

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: "رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ: عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ، وَعَنِ الصَّغِيْرِ حَتّٰى يَكْبُرَ، وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يَعْقِلَ أَوْ يُفِيْقَ"۔

یعنی، اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین اشخاص سے قلم اٹھالیا گیا ہے سونے والے سے یہاں تک کہ جاگے، اور بچے سے یہاں تک کہ بالغ ہو، اور مجنون سے یہاں تک کہ عاقل ہو یا اُسے جنون سے اِفاقہ ہو۔

دوسری حدیث ہے:

عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: "يُرْفَعُ الْقَلَمُ عَنِ

www.waseemziyai.com

الصَّغِيرِ، وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ، وَعَنِ النَّائِمِ"۔(٦٧)

یعنی، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، صغیر(بچے)، اور مجنون اور سونے والے سے قلم اٹھایا جاتا ہے۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: "رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ: عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ، وَ عَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَحْتَلِمَ، وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يَعْقِلَ"۔(٦٨)

یعنی، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تین اشخاص سے قلم اٹھالیا گیا ہے سونے والے سے یہاں تک کہ وہ جاگے، اور بچے سے یہاں تک کہ وہ بالغ ہو، اور مجنون سے یہاں تک کہ وہ عاقل ہو۔

مندرجہ بالا احادیث سے معلوم ہوا کہ نابالغ، بچے اور سونے والے کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔

## تابعین عظام کا عمل:

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ لکھتے ہیں کہ ہم نے تابعین میں سے امام شعبی، حسن بصری اور ابراہیم نخعی سے نقل روایت کی:

أَنَّهُمْ قَالُوْا: لَا يَجُوْزُ طَلَاقُ الصَّبِيِّ وَلَا عِتْقُهُ حَتّٰى يَحْتَلِمَ۔(٦٩)

٦٧۔ سنن ابن ماجة، المجلد (٢)، كتاب(١٠) الطلاق، باب(١٥) طلاق المعتوه والصغير والنائم، ص٥١٦،٥١٧، الحديث:٢٠٤١-٢٠٤٢

٦٨۔ السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد (٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب (٣٣) لايجوز طلاق الصبيّ حتى يبلغ الخ، ص٥٨٨، الحديث:١٥١٠٩

٦٩۔ السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد (٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب (٣٣) لايجوز طلاق الصبيّ حتى يبلغ الخ، ص٥٨٨، الحديث:١٥١١٠

www.waseemziyai.com

یعنی، کہ انہوں نے فرمایا بچہ جب تک بالغ نہ ہو اس کی طلاق اور عتاق (آزاد کرنا) جائز نہیں (یعنی وہ طلاق دے گا تو واقع نہیں ہوگی۔ اسی طرح اگر وہ کسی غلام یا باندی کو آزاد کرے گا وہ آزاد نہ ہوں گے)۔

اور بوہرے کی طلاق کا حکم یہ ہے کہ بوہرہ پن غالب ہو تو وہ مجنون کی مثل ہے اور اُس کی طلاق واقع نہ ہوگی اور جب اِفاقہ ہو جائے تو وہ عاقل کی مثل ہے اور اُس کی طلاق واقع ہو جائے گی۔

امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی ۲۷۹ھ روایت نقل کرتے ہیں:

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "کُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ إِلَّا طَلَاقُ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰی عَقْلِهِ"۔(۷۰)

یعنی، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ہر طلاق نافذ ہے مگر مَعْتُوہ (یعنی بوہرے) مغلوبُ العقل کی۔

حدیث شریف میں مذکور "جائز" سے مُراد "نافذ" ہے جیسا کہ امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

المراد بالجواز هنا النفاذ۔(۷۱)

یعنی، یہاں جواز سے مُراد نفاذ ہے۔

## اہلِ علم کا عمل:

امام ترمذی مذکور حدیث کے تحت لکھتے ہیں:

وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِیِّ ﷺ وَغَیْرِهِمْ أَنَّ طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰی عَقْلِهِ لَا یَجُوْزُ إِلَّا أَنْ

۷۰۔ جامع الترمذی، المجلد (۱)، کتاب (۱۱) الطلاق، باب (۱۵) ماجاء فی طلاق المعتوه، ص۲۴۴، الحدیث:۱۱۹۱

۷۱۔ فتح القدیر شرح الهدایة، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص۳۴۳

www.waseemziyai.com

يَكُونَ مَعْتُوهاً يُفِيقُ الأَحيَانَ فَيُطَلِّقُ فِي حَالِ إِفَاقَتِهِ۔ (٧٢)

یعنی، اہلِ علم صحابہ وغیرھم کا اِسی پر عمل ہے کہ مَعْتُوہ (بوہرے) مغلوب العقل کی طلاق واقع نہیں ہوتی مگر ایسا بوہرہ جس کے بوہرہ پن میں کبھی اِفاقہ ہوتا ہوتو حالتِ اِفاقہ میں اُس کی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔

امام ابن ھمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

لا يقع طلاق الصبي وإن كان يعقل والمجنون والنائم والمعتوه۔ (٧٣)

یعنی، بچہ اگر چہ عاقل ہو اور مجنون اور سونے والے اور مَعْتُوہ کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

## والد کے کہنے پر طلاق دینا

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید شادی شدہ خوشگوار زندگی گذار رہا ہے اس کی بیوی صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شوہر کی فرمانبردار ہے اور زید اب تک بے اولاد ہے۔ اِس لئے زید کے والد بضد ہیں کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دو۔ دلیل یہ دیتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے والد کے کہنے پر طلاق دی تھی۔ ان حالات میں زید کیا کرے۔ بغیر کسی غلطی کے طلاق دے تو ظلم نہ

٧٢۔ جامع الترمذي، المجلد (٢)، كتاب (١١) الطلاق واللعان، باب (١٥) ماجاء في طلاق المعتوه، ص٢٤٤، الحديث: ١١٩١

٧٣۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد (٣)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، فصل، ص٣٤٣

www.waseemziyai.com

ہوگا؟ اور اگر نہیں دیتا تو والد کی نافرمانی ہوگی۔ بینوا و توجروا

باسمه تعالیٰ وتقدس

الجواب:

## طلاق أَبْغَضُ الْمُبَاحَات:

طلاق اَبْغَضُ الْمُبَاحَات ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

"أَبْغَضُ الْحَلَالِ إِلَى اللّٰهِ الطَّلَاقُ"(٧٤)

یعنی، حلال چیزوں میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ طلاق ہے۔

اور حدیث شریف میں ہے:

"مَا أَحَلَّ اللّٰهُ شَيْئاً أَبْغَضاً إِلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ"۔(٧٥)

یعنی، اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں کو حلال کیا ہے اُن میں اللہ کے نزدیک طلاق سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے۔

## بلاوجہ مطالبۂ طلاق:

اور ترمذی شریف میں ہے:

"أَيُّمَا امْرَأَةٍ سَأَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقاً مِنْ غَيْرِ بَأْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ"۔(٧٦)

یعنی، جو عورت بلاوجہ اپنے شوہر سے طلاق کا مطالبہ کرے اُس پر

---

٧٤۔ سنن أبي داود، المجلد (٣)، كتاب (٧) الطلاق، باب (٣) في كراهية الطلاق، ص٦٤، الحديث: ٢١٧١

٧٥۔ سنن أبي داود، المجلد (٣)، كتاب (٧) الطلاق، باب (٣) في كراهية الطلاق، ص٦٤، الحديث: ٢١٧٠

٧٦۔ جامع الترمذي، المجلد (٢)، كتاب (١١) الطلاق، باب (١١) ماجاء في المختلعات، ص٢٤٢، الحديث: ١١٨٧

www.waseemziyai.com

جنت کی بُو حرام ہے۔

اور حدیث شریف ہے:

"أَيُّمَا امْرَأَةٍ اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا بِغَيْرِ النُّشُوزِ، فَعَلَيْهَا لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ"۔ (۷۷)

یعنی، جو عورت بلانُشوزِ شوہر اس سے (طلاق) خلع لے اُس پر اللہ تعالٰی اور اُس کے فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔

اِس لئے طلاق سے جس قدر ممکن ہو بچنا چاہئے کیونکہ بلاوجہ طلاق دینا شرعاً پسندیدہ امر نہیں ہے۔

## عورت جب فرمانبردار ہو:

عورت جب شوہر کی فرمانبردار ہو تو اللہ تعالٰی کا فرمان ہے:

﴿ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ﴾ (۷۸)

ترجمہ: پھر اگر وہ تمہارے حکم میں آجائیں تو اُن پر زیادتی کی کوئی راہ نہ چاہو۔ (کنزالایمان)

اِس آیت کی تفسیر میں علامہ محمد امین ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں:

أي لاتطلبوا الفراق وعليه حديث "أَبْغَضُ الْحَلَالِ إِلَى اللّٰهِ الطَّلَاقُ" (۷۹)

یعنی، آیت سے مُراد یہ ہے کہ جُدائی نہ چاہو، اور اِس پر دلیل یہ حدیث ہے کہ "حلال چیزوں میں اللہ تعالٰی کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ طلاق ہے"۔

---

۷۷۔ مرقاة المفاتيح، المجلد (٦)، كتاب النكاح، باب الخلع و الطلاق، الفصل الثاني، ص٢٨٤

۷۸۔ النساء:٣٤/٤

۷۹۔ رد المحتار على الدر المختار، المجلد (٣)، كتاب الطلاق، ص٢٢٨

www.waseemziyai.com

## اسلامی تعلیمات:

اسلامی تعلیمات تو یہ ہیں کہ حتی الامکان اِس رشتے کو قائم رکھنے کی کوشش کی جائے اور طلاق ناگزیر حالات ہی میں دی جائے۔ یہاں تک کہ اگر وہ تمہیں ناپسند بھی ہو تو بھی اُن سے اِس تعلق کو قائم رکھتے ہوئے اچھا برتاؤ کرو اِس کے بدلے اللہ تعالیٰ تمہیں بھلائی عطا فرمائے گا۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ فَإِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰى أَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئاً وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا﴾ (۸۰)

ترجمہ: اور ان سے اچھا برتاؤ کرو پھر اگر تمہیں پسند نہ آئیں تو قریب ہے کہ کوئی چیز تمہیں ناپسند ہو اور اللہ اُس میں بھلائی کرے۔ (کنزالایمان)

## حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت:

جہاں تک حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اپنے والد کے کہنے پر طلاق دینے کا تعلق ہے تو امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایت کرتے نقل ہیں:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَتْ تَحْتِي امْرَأَةٌ أُحِبُّهَا وَكَانَ أَبِي يَكْرَهُهَا فَأَمَرَنِي أَبِي أَنْ أُطَلِّقَهَا فَأَبَيْتُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ ﷺ، فَقَالَ: "يَاعَبْدَاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ طَلِّقِ امْرَأَتِكَ"۔(۸۱)

یعنی، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، میں اپنی بیوی سے محبت رکھتا تھا اور میرے والد حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سے کراہت کرتے تھے، تو انہوں نے مجھے فرمایا کہ ''اسے طلاق دے

۸۰۔ النساء:۱۹/٤

۸۱۔ جامع الترمذی، المجلد(۲)، کتاب (۱۱) الطلاق، باب (۱۳) ماجاء فی الرجل یسأله الخ، ص ۲٤۳، الحدیث:۱۱۸۹

www.waseemziyai.com

دو" میں نے نہیں دی اور میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پورا
واقعہ بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اے عبداللہ بن عمر اپنی بیوی
کو طلاق دے دو"

اِس سے یہ لازم نہیں آتا کہ والد کے کہنے پر طلاق دینا واجب ہو جاتی ہے، بلکہ واجب اُس صورت میں ہے جب والدین حق بجانب ہوں اور جب حق بجانب نہ ہوں تو واجب نہیں۔

## والدین کے کہنے پر کب طلاق دے اور کب نہ دے؟

جیسا کہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد وقار الدین علیہ الرحمہ متوفی ۱۴۱۳ھ ایک سوال (اگر ساس بہو میں جھگڑا ہو جائے اور غلطی بھی ساس کی ہو اور ماں اپنے بیٹے سے کہے کہ بیوی کو طلاق دے دو! اور اس کو طلاق دینے پر مجبور کرے تو کیا اس صورت میں والدین کی اطاعت کی جائے یا نہیں؟) کے جواب میں لکھتے ہیں "علماء یہ فرماتے ہیں اگر والدین حق پر ہوں تو اُن کے کہنے سے طلاق دینا واجب ہے اگر بیوی حق پر ہو جب بھی ماں کی رضامندی کے لئے طلاق دینا جائز ہے"۔(۸۲)

اور صورتِ مسئولہ میں جو وجہ بتائی گئی ہے اِس میں عورت بے بس ہے اولاد دینا نہ دینا قُدرت کے اختیار میں ہے بندے کے اختیار میں نہیں لہٰذا عورت جب بے قصور ہے تو زید والد کے کہنے پر طلاق نہ دے تو گُناہ نہیں۔ اگر دے تو جائز ہے کیونکہ ایک مُباح اَمَر ہے اگرچہ أَبْغَضُ الْمُبَاحَاتْ سے ہے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ
الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ
الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

۸۲۔ وقار الفتاوئی، جلد (۳)، کتاب الطلاق، میاں بیوی کے حقوق کا بیان، ص۲۵۲

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

مرکز العلوم الاسلامیہ المدینہ (رجسٹرڈ)

# طلاق ثلاثہ کا شرعی حکم

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اِس مسئلہ میں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک دم یا ایک مجلس میں تین طلاقیں دے دے تو کتنی طلاقیں واقع ہوں گی......؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں نیز صحابہ کرام وتابعین عظام اور مذاہب اربعہ وجمہور علمائے اُمّت کا اِس بارے میں کیا مذہب ہے؟

باسمه تعالىٰ وتقدس

الجواب:

زمانۂ جاہلیت میں طلاق کی کوئی حد مقرر نہ تھی، لوگ کئی طلاقیں دینے کے بعد عِدّت ختم ہونے سے قبل رُجوع کر لیتے اور یہ عمل ایک دو بار تک محدود نہ تھا بلکہ اِس کی کوئی حد نہ تھی جتنی بار چاہتے وہ اِس طرح کرتے۔ اور عورتیں اذیت میں مبتلا رہتیں کہ وہ نہ ان کو رکھتے اور نہ آزاد کرتے، ابتداءِ اسلام میں معاملہ اِسی طرح چل رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو اِس اذیت سے نجات دی اور آزاد عورت کی طلاق کو تین تک محدود فرمادیا، چنانچہ امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ لکھتے ہیں:

عن قتاده قال: كان أهل الجاهلية، كان الرجل يطلق الثلاث و العشر و أكثر من ذلك ثم يراجع ما كانت فى العدة، فجعل الله حدّ الطلاق ثلاث تطليقات (۱)

یعنی، حضرت قتادہ تابعی سے مروی ہے کہ اہلِ جاہلیت میں سے کوئی مرد اپنی بیوی کو تین، دس اور دس سے بھی زائد طلاقیں دے دیتا پھر جب تک وہ عورت عدت میں ہوتی اس سے رجوع کر لیتا، تو اللہ تعالیٰ نے طلاق کی حد تین طلاقیں مقرر فرمادی۔

اور جب طلاق کی حد تین طلاقیں ہوگئی، اب مرد جب بھی تین طلاقیں دے گا چاہے بیک کلمہ دے یا بیک مجلس دے یا بیک وقت دے حد پوری ہو جائے گی اور عورت

۱۔ جامع البیان فی تفسیر القران، المجلد (۲)، البقره، تحت قوله تعالىٰ: ﴿الطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ﴾، ص ۲۷٦

www.waseemziyai.com

اُس پر حُرمت مغلّظہ کے ساتھ حرام ہو جائے گی اور پوری اُمّت کا اِس پر اِجماع ہے کہ اگر کوئی ایک مجلس میں تین طلاقیں دے تو تین ہی واقع ہوں گی، اِس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے سوائے اہلِ ظاہر ابن تیمیہ اور اُس کے متبعین غیر مُقلّدین اور روافض کے۔ وہ تین کو ایک قرار دیتے ہیں۔ اور اُن کے اختلاف کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اور اُن کے دلائل درج ذیل ہیں (۱) قرآن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ﴾ الخ

(۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی تھیں تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں رجوع کا حکم دیا۔

(۳) طاؤس روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا زمانۂ نبوی اور خلافتِ صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خلافت کے چند سالوں تک بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کو ایک قرار دیا جاتا تھا

(۴) اور حضرت رُکانہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی تھیں تو رسول اللہ ﷺ نے اُسے ایک قرار دیا۔

ہم انشاء اللہ تعالیٰ جمہور اُمّت کے مؤقف پر قرآن کریم اور احادیث نبویہ علیہ التحیۃ والثناء اور پھر صحابہ کرام اور تابعین عظام علیہم الرضوان کے فتاویٰ اور ائمہ مجتہدین اور علماءِ اُمت کے فتاویٰ بالترتیب پیش کریں گے۔ پھر انشاء اللہ تعالیٰ قرآن وسنّت کی روشنی میں مخالفین کے باطل مستدلات کا مُسکِت جواب دیا جائے گا۔ سب سے پہلے ہم قرآن کریم کی آیات اور معتمد مُفسّرین کی کُتُب سے اُن کی چند تفاسیر کا ذکر کرتے ہیں۔

## قرآن:

اللہ تعالیٰ نے طلاق دینے کا یہ قاعدہ بیان فرمایا ہے:

﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ

www.waseemziyai.com

بِاِحْسَانٍ﴾ الآية (٢)

ترجمہ: یہ طلاق دو بار تک ہی ہے پھر بھلائی کے ساتھ روک لینا ہے یا نکوئی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے۔ (کنزالایمان)

یعنی، دو طلاقوں کے بعد شوہر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ رُجوع کر لے اور چاہے تو رُجوع نہ کرے لیکن:

﴿فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ﴾ (٣)

ترجمہ: پھر اگر تیسری طلاق اسے دی تو اب وہ عورت اسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔ (کنزالایمان)

اِس آیت سے پہلے ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ﴾ کا ذکر ہے یعنی طلاق رجعی دو مرتبہ دی جاسکتی ہے اُس کے بعد ﴿فَاِنْ طَلَّقَهَا﴾ الآیۃ فرمایا۔ اِس کے شروع میں حرفِ فاء ہے جو تعقیب بلا مُہلت کیلئے آتا ہے جیسا کہ کُتبِ قواعدِ عربیہ میں ہے، لہٰذا قواعدِ عربیہ کے مطابق معنی یہ ہوگا کہ دو طلاقیں رجعی دینے کے بعد شوہر نے اگر فوراً تیسری طلاق دے دی تو اب وہ عورت اُس مرد کیلئے بغیر حلالہ شرعیہ کے حلال نہیں۔

قرآن مجید میں ﴿مَرَّتٰنِ﴾ کے اِطلاق سے معلوم ہوا کہ وقوعِ طلاق کے لیے الگ الگ طلاق دینا شرط نہیں۔ خواہ ایک دم دے یا الگ الگ، طلاقیں واقع ہو جائیں گی چنانچہ علامہ احمد بن محمد الصاوی متوفی ۱۲۴۱ھ لکھتے ہیں:

﴿فَاِنْ طَلَّقَهَا﴾ أی طلقةً ثالثةً سواء وقع الإثنتان فی مرّةٍ أو مرّتين، والمعنى فإن ثبت طلاقها ثلاثاً فی مرّةٍ أو مرّاتٍ ﴿فَلَا تَحِلُّ﴾ الخ، كما إذا قال لها أنت طالق ثلاثاً أو البتة

---

٢۔ البقرة:٢/٢٢٩

٣۔ البقرة:٢/٢٣٠

www.waseemziyai.com

وھذا ھو المجمع علیہ ۔(۴)

یعنی، اُس شوہر نے تیسری طلاق دی خواہ پہلی دو طلاقیں اس نے ایک دم دی تھیں یا دو بار میں اور آیت کا معنی یہ ہے کہ اگر تین طلاقیں دیں تو واقع ہو جائیں گی خواہ ایک دم دے یا الگ الگ عورت حلال نہ رہے گی جیسے اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے تجھے تین طلاقیں ہیں تو تین ہی واقع ہو جائیں گی اِس پر اُمّتِ مصطفیٰ ﷺ کا اِجماع ہے۔

شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

قال القرطبی: وحُجّة الجمهور فی اللزوم من حیث النّظر ظاهرةٌ جداً، وهو أن المطلّقة ثلاثاً لا تحلّ للمطلِّقِ حتی تنکح زوجاً غیره، ولا فرق بین مجموعها و مفرقها لغةً و شرعاً۔(۵)

یعنی، قرطبی نے کہا، لزوم طلاق میں یہ جمہور کی دلیل ہے اور وہ یہ کہ مطلّقہ ثلاثہ طلاق دینے والے کیلئے حلال نہیں ہوتی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔ اکٹھی اور الگ الگ طلاق دینے میں لغۃً اور شرعاً کوئی فرق نہیں۔

اور مفسّر قرآن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا، چنانچہ امام محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ نقل کرتے ہیں:

عن علی بن أبی طلحة، عن ابن عباس قوله: ﴿فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ یقول: إن طلّقها فلا تحلّ له حتی تنکح زوجاً غیره (٦)

۳۔ تفسیر الصاوی، المجلد(۱)، سورة البقرة، ص۱۷۲

٤۔ فتح الباری، المجلد (١٢)، الجزء (٩)، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (٤) من جوّز الطلاق الثلاث ص٤٥٦، الحدیث: ٥٢٦١

٦۔ جامع البیان فی تفسیر القرآن، المجلد (٢)، سورة البقرة، تحت قوله﴿فَلَا تَحِلُّ لَهُ﴾ الآیة، ص ٢٩٠

www.waseemziyai.com

یعنی، حضرت علی بن ابی طلحہ سے مروی ہے وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے فرمان: ''پھر اگر تیسری طلاق اُسے دی تو اب وہ عورت اُسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے'' کے بارے میں فرمایا: اگر اُسے تین طلاقیں دے دیں تو وہ عورت اُسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ﴾ الآیۃ کا مطلب تو صرف یہ ہے کہ رجعی طلاق دو بار تک ہے اور تیسری طلاق کے بعد رجوع کا حق باقی نہیں رہتا، چنانچہ علامہ نظام الدین الحسن بن محمد بن حسین نیشاپوری لکھتے ہیں:

و المعنی: أن الطلاق الرجعی مرّتان، و لارجعة بعد الثلاث (۷)

یعنی، آیت کا معنی یہ ہے کہ طلاق رجعی دو بار تک ہے اور تین کے بعد کوئی رجعت نہیں۔

امام ناصر الدین ابوالخیر عبداللہ بن عمر بن محمد شیرازی بیضاوی شافعی ۶۹۱ھ لکھتے ہیں:

﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ أی التطلیق الرجعی اثنان (۸)

یعنی، ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ کا معنی ہے طلاق رجعی دو ہیں۔

اس پر علامہ عصام الدین اسماعیل بن محمد حنفی متوفی ۱۱۹۵ھ لکھتے ہیں:

کذا قال أولاً التّطلیق اثنان مطلقاً سواء وقعا دفعةً أو متفرّقاً لما عرفت أنه یقع الطلاق و إن کان دفعةً (۹)

یعنی، اس وجہ سے علامہ بیضاوی نے پہلے فرمایا طلاقیں مطلقاً دو ہیں چاہے ایک ساتھ واقع ہوں یا الگ الگ، اس لئے کہ تو نے جان لیا کہ

---

۷۔ تفسیر غرائب القران و رغائب الفرقان علی هامش جامع البیان، المجلد (۲)، سورة البقرة، ص ۳۶۰

۸۔ تفسیر البیضاوی، المجلد (۱)، الجزء (۱)، سورة البقره:۲/۲۲۹، ص ۱۴۲

۹۔ حاشیة القونوی علی التفسیر البیضاوی، المجلد (۵)، سورة البقره:۲/۲۲۹، ص ۲۵۴

www.waseemziyai.com

طلاقیں ہوجاتی ہیں اگرچہ ایک ساتھ (ایک سے زائد) دی جائیں۔

اورعلامہ مصلح الدین مصطفیٰ بن ابراہیم رومی حنفی متوفی ۸۸۰ھ لکھتے ہیں کہ علامہ بیضاوی کا قول کہ "طلاق رجعی دو ہیں" کیونکہ تین کے بعد رجعت نہیں ہوتی۔(۱۰)

امام فخر الدین ابوبکر بن علی الحداد الزبیدی الحنفی متوفی ۸۰۰ھ لکھتے ہیں:

و لفظ المرّتين دليل على أن التّفريق سنّة، لأن من طلّق اثنتين معاً لا يقال طلقها مرّتين (۱۱)

یعنی، لفظ ﴿مَـرَّتَـانِ﴾ میں اِس بات کی دلیل ہے کہ طلاق میں تفریق سنّت ہے (یعنی اس بات کی دلیل نہیں کہ اگر اکٹھی دے دی جائیں تو ایک واقع ہوگی) کیونکہ جو شخص ایک ساتھ دو طلاقیں دے دے (یعنی یوں کہے کہ تجھے دو طلاق) تو نہیں کہا جاتا کہ اُس نے دو بار طلاق دی (اگرچہ دو طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں)۔

غیر مُقلّدین کے سرخیل علامہ ابن حزم نے لکھا:

ثـم وجـدنـا مـن حُجّة من قال: إن الطلاق الثلاث مجموعةً سنّةٌ لا بدعةٌ قول الله تعالىٰ: ﴿فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ فهـذا يـقع على الثلاث مجموعةً و مفرّقةً و لا يجوز أن يُخصَّص بهذه الأية بعض ذلك دون بعض بغير نصّ (۱۲)

یعنی، پھر ہم لوگوں نے اُن لوگوں کی جو بیک وقت اکٹھی تین طلاقوں کو بدعت نہیں کہتے بلکہ سنّت سمجھتے ہیں، یہ دلیل پائی کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "پھر اگر تیسری طلاق اُسے دی تو اب وہ عورت اُسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے" یہ

۱۰۔ حاشية التمجيد على تفسير البيضاوى مع حاشية القونوى، المجلد (٥)، سورة البقرة:٢/٢٢٩، ص٢٣٥

۱۱۔ تفسير الحداد، المجلد (١)، سورة البقرة:٢/٢٢٩، ص٣٤٨

۱۲۔ المحلّى لابن حزم:٩/٣٩٤

www.waseemziyai.com

مضمون اُن تین طلاقوں پر بھی صادق آتا ہے جو اکٹھی ہوں اور اُن تین پر بھی صادق آتا ہے جو متفرقاً جُدا جُدا دی گئی ہوں، بغیر کسی نص صریح کے اِس آیت کے حکم کو تین متفرق و جُدا طلاقوں کے ساتھ مخصوص کر دینا اور اکٹھی تین کو شامل نہ کرنا صحیح نہیں ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ط لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا﴾ (۱۳)

ترجمہ: اور جو اللہ کی حدّوں سے آگے بڑھا، بے شک اُس نے اپنی جان پر ظلم کیا، تمہیں نہیں معلوم شاید اللہ اس کے بعد کوئی نیا حکم بھیجے۔ (کنز الایمان)

ترجمہ: اور جو تجاوز کرتا ہے اللہ کی حدوں سے تو بے شک اس نے اپنی جان پر ظلم کیا تجھے کیا خبر اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی اور صورت پیدا کر دے۔ (ضیاء القرآن)

امام ابو الفضل عیاض بن موسیٰ متوفی ۵۴۴ھ لکھتے ہیں:

والردّ علی هؤلاء قوله تعالیٰ: ﴿وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ط لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا﴾ يعنى أن المطلّق قد يكون له ندم، فلا يمكن تلافيه لوقوع البينونة، فلو كانت الثلاث، لاتقع أصلاً، لم يكن طلاق يبتدأ يقع إلا رجعياً فلا معنى للندم۔ (١٤)

یعنی، اور اُن کا ردّ اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے: ﴿وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ

۱۳۔ الطلاق:٦٥/١

١٤۔ إكمال المعلم، المجلد (٥)، كتاب (١٨) الطلاق، باب (٢) طلاق الثلاث، ص ٢٠، الحديث:١٥-١٦-١٧(١٤٧٢)

www.waseemziyai.com

اللهِ﴾ الآیۃ یعنی طلاق دینے والے کو کبھی پشیمانی ہوتی ہے پھر جدائی واقع ہونے کی وجہ سے اُس کی تلافی ممکن نہیں ہوتی پس اگر دی ہوئی تین طلاقوں سے ایک رجعی واقع ہوتی تو وہ پشیمان نہ ہوتا۔

امام یحییٰ بن شرف النووی متوفی ۶۷۶ھ (۱۵) لکھتے ہیں اور شیخ احمد بن احمد المختار شنقیطی (۱۶) بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع کے دلائل میں نقل کرتے ہیں:

واحتج الجمهور بقوله تعالیٰ: ﴿وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ط لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا﴾ قالوا: معناه أن المطلق قد يحدث له ندم فلا يمكنه تداركه لوقوع البينونه، فلو كانت الثلاث لم تقع لايقع طلاقه هذا إلا رجعياً فلا يندم۔

یعنی، جمہور نے اِس آیت ﴿وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ﴾ سے دلیل لی اور فرمایا اِس آیت کا معنی یہ ہے کہ جو کوئی اللہ کی حدّیں توڑے ایک دم تین طلاقیں دے دے تو اپنی جان پر ظلم کرتا ہے کیونکہ کبھی انسان طلاق دے کر شرمندہ ہوتا ہے اور رُجوع کرنا چاہتا ہے تو جُدائی واقع ہونے کی وجہ سے اُس کے لیے تدارک ممکن نہیں رہتا پس اگر دی ہوئی تین طلاقوں سے ایک رجعی واقع ہوتی تو وہ شرمندہ نہ ہوتا۔

علامہ علی بن سلطان محمد القاری المعروف بملا علی قاری متوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں:

واحتج الجمهور بقوله تعاليد: ﴿ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ط لَا تَدْرِیْ لَعَلَّ اللهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا ﴾

۱۵۔ شرح صحيح مسلم للنووی، المجلد (۵)، الجزء (۱۰)، كتاب (۱۸) الطلاق، باب (۲) طلاق الثلث، ص ۶۱

۱۶۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (۳)، كتاب النكاح، ص ۷۰

www.waseemziyai.com

يعني أن المطلّق ثلاثاً قد يحدث له ندم فلا يمكنه التدارك لوقوع البينونة فلو كانت الثلاث لا تقع إلا رجعياً فلا يتوجّه هذا التهديد۔(١٧)

یعنی، جمہور نے اس آیت ﴿وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ﴾ سے دلیل لی اور فرمایا اس آیت کا معنی یہ ہے کہ جو کوئی اللہ کی حدّیں توڑے ایک دم تین طلاقیں دے دے کیونکہ تین طلاق دینے والا کبھی پشیمان ہوتا ہے تو جُدائی واقع ہونے کی وجہ سے اس پشیمانی کا تدارک اس کیلئے ممکن نہیں رہتا پس اگر دی ہوئی تین طلاقوں سے ایک رجعی واقع ہوتی تو یہ تہدید متوجہ نہ ہوتی۔

حکیم محمد اسرائیل ندوی غیر مقلِّد نے لکھا ہے کہ اس آیت ﴿اَمْـــرًا﴾ سے مراد رجعت ہے۔(١٨)

اگر ﴿اَمْرًا﴾ سے رجعت مراد لی جائے تو بھی آیت کا مطلب جمہور کے مؤقف کے مطابق ہوگا کیونکہ مطلب یہ ہوگا کہ جو اللہ تعالیٰ کی حدوں سے آگے بڑھا بے شک اُس نے اپنی جان پر ظلم کیا تمہیں کیا معلوم کہ اللہ تعالیٰ اس کے بعد رجعت کی صورت پیدا کر دے۔ اور تین طلاقوں کے بعد رجعت کی کوئی صورت باقی نہ رہے گی اور رُجوع کر کے تدارک ممکن نہ ہوگا کیونکہ تین طلاقوں سے وہ اُس پر حرام ہوگئی۔

قرآن کریم کی اس آیہ کریمہ سے استدلال کے بارے میں مُدرِّس حرم مکہ شیخ احمد بن احمد المختار حکنی شنقیطی لکھتے ہیں کہ ہمارے شیخ نے ''الأضـــواء'' میں فرمایا: جس سے استدلال قرآنی کی تائید ہوتی ہے وہ حدیث شریف ہے جسے امام ابوداؤد نے صحیح سند کے ساتھ مجاہد کے طریق سے روایت کیا فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر تھا کہ ان کی بارگاہ میں ایک شخص آیا کہنے لگا کہ اُس نے اپنی بیوی کو

١٧۔ مرقاة المفاتيح، المجلد (٦)، كتاب النكاح، باب الخلع والطلاق، الفصل الثالث، ص٢٩٣

١٨۔ طلاق (قرآن و حدیث کی روشنی میں)، دوسری دلیل، ص٢٦

www.waseemziyai.com

تین طلاقیں دے دی ہیں، پس آپ یہ سُن کر خاموش ہو گئے میں نے گمان کیا کہ اس کی بیوی کو اُس کی طرف لوٹا دیں گے پھر فرمایا، تم میں کا ایک حماقت کر کے چلتا ہے پھر کہتا ہے اے ابن عباس! بے شک اللہ تعالیٰ نے فرمایا ﴿وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهُ مَخْرَجًا﴾ اور بے شک تو اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرا، تو میں تیرے لئے اِس سے نکلنے کی راہ نہیں پاتا، تُو نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور تیری بیوی تجھ سے جُدا ہو گئی۔

اور فرمایا امام ابو داؤد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اِس کی مثل متابعات روایت کئے ہیں، اور یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف سے اِس آیت کی تفسیر ہے کہ یہ اس معنی میں داخل ہے، اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تین طلاقیں ایک لفظ میں جمع نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ اُس کے لئے رجعت کے ذریعے نکلنے کی جگہ بنا دیتا ہے، اور جو اس معاملہ میں اُس سے نہ ڈرا اِس طرح کہ اُس نے ایک لفظ میں تین طلاقیں جمع کر دیں تو اللہ تعالیٰ اس کے لے رجعت کے ذریعے نکلنے کی راہ نہیں بناتا کیونکہ اس لفظ سے ایک ساتھ بینونۃ (کُبریٰ) واقع ہو جاتی ہے۔ یہی اُن کے کلام کا معنی ہے کہ ان کا کلام اس معنی کے غیر کا احتمال نہیں رکھتا، اور یہ محلِ نزاع میں بہت قوی ہے، کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس کلمہ سے قرآن کی تفسیر کرنے والے ہیں، اور وہ قرآن کریم کے ترجمان ہیں، اور نبی ﷺ نے اُن کے لئے دعاء فرمائی: ''اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَ عَلِّمْهُ التَّأْوِيْلَ'' اے اللہ! ان کو دین کی سمجھ اور تاویل کا علم عطا فرما۔

اور ہمارے شیخ نے فرمایا اسی قول (یعنی بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع) پر اجل صحابہ اور اکثر علماء ہیں اُن میں آئمہ اربعہ ہیں اور کئی ایک نے اِس (یعنی بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع) پر اجماع حکایت کیا ہے۔(۱۹)

لہٰذا معلوم ہوا بیک وقت دی گئی تین طلاقیں تین ہی ہوتی ہیں اگر ایسا نہ ہوتا تو ایسا شخص نہ ظالم ہوتا اور نہ شرمندہ۔ اور نہ تہدید متوجہ ہوتی۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ لکھتے ہیں:

۱۹۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، كتاب النكاح، ص ۷۰۔۷۱

www.waseemziyai.com

قال الشافعی رحمہ اللّٰہ: فالقران واللّٰہ أعلم یدلّ علی أن من طلّق زوجۃً لہ دخل بھا أو لم یدخل بھا ثلاثاً لم تحلّ لہ حتی تنکح زوجاً غیرہ۔ (۲۰) کذا فی "الأمّ للشافعی: ۵/۲۷۱

یعنی، امام شافعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ قرآن اِس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جس نے اپنی بیوی کو مقاربت سے پہلے یا مقاربت کے بعد تین طلاقیں دے دیں تو اب وہ عورت اُسے حلال نہ ہوگی جب تک وہ دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

شیخ محمود محمد شلتوت مصری اور شیخ محمد علی السایس مصری لکھتے ہیں کہ

أما الکتاب: فأیات الطلاق فإنھا قد وردت مطلقۃ لم تفرق بین إیقاع الواحدۃ و غیرھا (۲۱)

یعنی، (جمہور نے طلاق ثلاثہ کے وقوع پر کتاب اللہ اور سنّت اور اِجماع سے استدلال کیا ہے) مگر کتاب اللہ تو طلاق کی آیات مُطلقہ ہیں، ایک اور ایک سے زائد طلاق کے وقوع میں کوئی فرق نہیں (یعنی آیات کی دلالت ایک طلاق کے وقوع پر بھی ہے اور ایک سے زائد طلاقوں کے وقوع پر بھی ہے)۔

## احادیث نبویہ ﷺ:

### پہلی حدیث:

امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ (۲۲) روایت نقل کرتے ہیں

---

۲۰۔ السنن الکبریٰ للبیھقی، المجلد (۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب (۱۴) ماجاء فی إمضاء الطلاق الثلاث، ص ۵۴۵

۲۱۔ مقارنۃ المذاھب فی الفقہ، طلاق البدعی، ص ۸۱

۲۲۔ سنن النسائی، المجلد (۳)، الجزء (۶)، کتاب (۲۷) الطلاق، باب (۶) الثلاث المجموعۃ الخ، ص ۱۴۲، الحدیث: ۳۳۸۹

ایضاً السنن الکبریٰ للنسائی، المجلد (۳)، کتاب (۴۴) الطلاق، باب (۷) طلاق الثلاث المجموعۃ و ما فیہ من التغلیظ، ص ۳۴۹، الحدیث: ۵۵۹۴/۱

www.waseemziyai.com

جسے علامہ ابن کثیر متوفی ۷۰۱ھ (۲۳)، ابن انس (۲٤) حافظ شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد مقدسی حنبلی متوفی ۷۴۴ھ، (۲٥) ولی الدین تبریزی (۲٦) اور علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ (۲۷) وغیرہ نے بھی نقل کیا کہ

عَنْ مخرمةِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ مَحْمُودَ بْنَ لَبِيْدٍ، قَالَ: أُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثَ تَطْلِيْقَاتٍ جَمِيْعاً، فَقَامَ غَضْبَاناً ثُمَّ قَالَ: "أَيُلْعَبُ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ؟" حَتّٰى قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَلَا أَقْتُلُهُ۔

یعنی، حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو ایک شخص کے متعلق یہ خبر دی گئی کہ اُس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دی ہیں تو آپ ﷺ غضب ناک حالت میں کھڑے ہو گئے اور فرمایا، ''میرے سامنے کتاب اللہ کو کھیل بنایا جا رہا ہے؟'' حتیٰ کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی یا رسول اللہ! میں اِس کو قتل نہ کر دوں۔

امام ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

فإن فيه التصريح بأن الرجل طلّق ثلاثاً مجموعةً ولم يردّه النّبيّ ﷺ بل أمضاه۔(۲۸)

یعنی، پس تحقیق اس حدیث میں تصریح ہے کہ اس شخص نے تینوں

---

۲۳۔ تفسیر ابن کثیر، المجلد (۱)، سورۃ البقرۃ، ص ٤٩١)، ابن انس

۲٤۔ القبس فی شرح مؤطا ابن أنس، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی البتته، ص ٥٩

۲٥۔ المحرّر فی الحدیث، کتاب (۱۷) الطلاق، ص ٥٦٩، الحدیث: ۱۰٥۸

۲٦۔ مشکاۃ المصابیح، المجلد (۱)، کتاب النکاح، باب الخلع و الطلاق، الفصل الثالث

۲۷۔ ھدایۃ الرواۃ، المجلد (۳)، کتاب (۱۲) النکاح، باب (۱۱) الخلع و الطلاق، الفصل الثالث، ص ۳۱۲، ۳۱۳، الحدیث: ۳۲۲۷

۲۸۔ فتح الباری، المجلد (۱۲)، الجزء (۹)، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (٤) من جوّز الطلاق الثلاث الخ، ص ٤٥٥، الحدیث: ٥٢٦١

www.waseemziyai.com

طلاقیں اکٹھی دی تھیں اور نبی ﷺ نے انہیں ردّ نہ فرمایا بلکہ تینوں کو جاری فرما دیا۔

شیخ محمود محمد شلتوت مصری اور شیخ محمد علی السایس مصری اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں:

قالوا:فلو لا أنّ الثلاث يقعن لما كان للغضب محلٌّ (٢٩)

یعنی، فقہاء کرام نے فرمایا پس اگر تین طلاقیں واقع نہ ہوتیں تو نبی ﷺ کی ناراضگی کا کوئی محل نہ تھا (یعنی تین واقع ہو گئیں تبھی نبی ﷺ نے ناراضگی کا اظہار فرمایا)۔

اگر بیک وقت تین طلاقوں کے نافذ ہونے کا عہدِ رسالت میں معمول نہ ہوتا اور بیک وقت دی گئی تین طلاقوں سے ایک طلاق مُراد لینے کا معمول ہوتا تو رسول اللہ ﷺ اس قدر ناراضگی کا اظہار نہ فرماتے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں نافذ ہو جاتی ہیں اور عورت مرد پر حرام ہو جاتی ہے اور بیک وقت تین طلاقیں دینا گُناہ ہے۔

علامہ ابوالحسن کبیر محمد بن عبدالہادی سندھی متوفی ۱۰۳۸ھ نے اِس حدیث کی شرح میں لکھا کہ جمہور علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ بیک وقت تین طلاقیں دی جائیں تو تینوں واقع ہو جاتی ہیں۔(۳۰)

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کے بارے میں بعض نے کہا کہ تابعی ہیں صحابی نہیں، مگر صحیح یہ ہے کہ آپ صحابی ہیں جیسا کہ ملا علی قاری متوفی ۱۰۱۴ھ (۳۱) اور شاہ عبد الحق مُحدِّث دہلوی متوفی ۱۰۵۲ھ (۳۲) لکھتے ہیں ''محمود بن لبید انصاری ہیں جو عہد رسالت میں پیدا ہوئے اور نبی ﷺ سے احادیث بھی بیان کیں''۔ امام بخاری نے فرمایا کہ اُن کی صحبت ثابت ہے اور ابو حاتم نے کہا ان کی صحبت معروف نہیں اور امام مسلم نے

۲۹۔ مقارنة المذاهب فى الفقه، الطلاق البدعى، ص۸۲

۳۰۔ حاشية السندى على السنن للنسائى، المجلد (۳)، الجزء (٦)، كتاب (۲۷) الطلاق، باب (٦) الثلاث المجموعة الخ، ص١٤٤

۳۱۔ مرقاة المفاتيح، المجلد (٦)، كتاب النكاح، باب الخلع و الطلاق، الفصل الثالث، ص۲۹۲

۳۲۔ أشعة اللمعات، المجلد (۳)، كتاب النكاح، باب الخلع و الطلاق، الفصل الثالث، ص١٦٥

www.waseemziyai.com

انہیں تابعین میں شمار کیا اور ابن عبد البر نے کہا، امام بخاری کا قول صواب ہے۔ حضرت محمود بن لبید کیلئے صحبت ثابت ہے۔

## دوسری حدیث:

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ (۳۳)، امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ (۳٤)، امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ (۳٥)، امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ (۳٦)، امام محمد بن حسن شیبانی ۱۸۹ھ (۳۷)، اور امام ابو بکر عبدالرزاق بن ہمام بن نافع صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۳۸)، امام احمد بن حنبل متوفی ۲٤۱ھ (۳۹)، حافظ علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ (٤۰)، امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۷ھ (٤۱)، اور علامہ ابن کثیر متوفی ۴۷۷ھ (٤۲) روایت کرتے ہیں کہ

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً، فَتَزَوَّجَتْ فَطَلَّقَ، فَسُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ: أَتَحِلُّ لِلْأَوَّلِ؟ قَالَ: "لَا حَتَّى يَذُوقَ عُسَيْلَتَهَا كَمَا ذَاقَ الْأَوَّلُ"۔

---

۳۳۔ صحیح البخاری، المجلد (۳)، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (٤) من أجاز طلاق الثلاث، ص٤١٣، الحدیث:٥٢٦١

۳٤۔ صحیح مسلم، المجلد (۱)، کتاب (١٦) النکاح، باب (١٧) لا تحلّ المطلّقة ثلاثاً لمطلّقها الخ، ص٣۔٤، الحدیث ١١٠ (١٤٣٢)

۳٥۔ سنن ابن ماجة، المجلد (٢)، کتاب (٩) النکاح، باب (٣٢) الرجل امرأته ثلاثاً الخ، ص٤٦٠، الحدیث:١٩٣٣

۳٦۔ السنن الکبریٰ للنسائی، المجلد (٣)، کتاب (٤٤) الطلاق، باب (١٣) إحلال المطلّقة ثلاثاً الخ، ص٣٥٣

۳۷۔ المؤطا للإمام محمد بن الحسن، کتاب الطلاق، باب المراة یطلّقها زوجها الخ، ص٢٦٤

۳۸۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (٢٥) ما یحلّها لزوج الأول، ص٢٧٣، الحدیث:(١١١٧٩ (٢٩٨٤

۳۹۔ المسند ٢/٢٥۔٦٢، و ٣/٢٨٤، و ٦/٣٤۔٤٢۔١٩٣

٤۰۔ سنن الدار القطنی، المجلد (٢)، الجزء (٤)، کتاب الطلاق، ص٢١، الحدیث:٣٩٣٢

٤۱۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد (٧)، کتاب الخلع والطلاق، باب (١٤) ما جاء فی إمضاء الطلاق الثلاث، ص٥٤٦، الحدیث:١٤٩٥٣

٤۲۔ جامع المسانید، المجلد (٣) مسند عائشه، الحدیث:٢١١٦، ١٩٧٤، ٢٢٩٧، ٢١٧٢، ٢٧٠٦

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

یعنی، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں اس عورت نے کہیں اور شادی کرلی اس نے بھی طلاق دے دی پھر رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کیا وہ عورت اپنے پہلے شوہر کے لیے حلال ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں، جب تک دوسرا شوہر پہلے شوہر کی طرح اُس کی مٹھاس نہ چکھ لے۔ (یہ مقاربت سے کنایہ ہے)

امام ابوجعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ نے اِس حدیث کو آٹھ مختلف اسناد کے ساتھ اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے، دو مختلف اسناد کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اور تین مختلف اسناد کے ساتھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے(۴۳)

علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ

مطابقته للترجمة فی قوله: "طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلاَثاً" فإنه ظاهر فی کونها مجموعةً۔ (۴۴)

یعنی، ظاہر یہ ہے کہ اُس شخص نے اس کو تین طلاقیں مجموعی طور پر دی تھیں۔

یہی وجہ ہے کہ امام بخاری نے اِس حدیث کو "باب من أجاز طلاق الثلاث" (یعنی، جس نے تین طلاقوں کو جائز قرار دیا اُس کا باب) میں ذکر کیا ہے۔

علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے بھی حدیث کی باب سے مطابقت بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

فإنه ظاهر فی کونها مجموعةً۔ (۴۵)

---

۴۳۔ جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۲/۱۹۲، ۲۹۲، تحت قوله تعالیٰ: ﴿فَلَا تَحِلُّ لَهُ﴾ الآية من سورة البقرة

۴۴۔ عمدة القاری، المجلد (۱۴)، کتاب (۶۸) الطلاق، باب (۴) من أجاز طلاق الثلاث، ص ۲۴۱

۴۵۔ فتح الباری، الجلد(۱۲)، الجزء(۹)، کتاب(۶۸) الطلاق، باب(۴) من جوّز طلاق الثلاث، ص۳۶۷، حدیث: ۵۲۶۱

یعنی پس ظاہر ہے کہ اُس شخص نے اُسے تین طلاقیں مجموعی طور پر دیں تھیں۔

اور امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام بن نافع صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (٤٦)، اور امام ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ (٤٧) روایت کرتے ہیں:

عن عروة، عن عائشة أنها أخبرته: أَنَّ رُفَاعَةَ الْقُرَظِیَّ طَلَّقَ امْرَأَةً لَهُ، فَبَتَّ طَلَاقَهَا، فَتَزَوَّجَتْ بَعْدَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزُّبَیْرِ، فَجَائَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ: فَقَالَتْ: یَا نَبِیَّ اللّٰهِ: إِنَّهَا کَانَتْ عِنْدَ رُفَاعَةَ فَطَلَّقَهَا ـ قال ابنُ جریجٍ: ثَلَاثَ تَطْلِیْقَاتٍ، وَ قال معمر: آخِرُ ثَلَاثِ تَطْلِیْقَاتٍ۔ فَتَزَوَّجَتْ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ الزُّبَیْرِ، وَ إِنَّهُ وَ اللّٰهِ مَا مَعَهُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِلَّا مِثْلَ هٰذِهِ الْهُدْبَةِ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ، ثُمَّ قَالَ لَهَا: لَعَلَّكِ تُرِیْدِیْنَ أَنْ تَرْجِعِیْ إِلٰی رُفَاعَةَ؟ لَا حَتّٰی تَذُوْقِیْ عُسَیْلَتَهُ، وَ یَذُوْقُ عُسَیْلَتَكِ الخ

یعنی، حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اُسے خبر دی کہ رفاعہ قرظی نے اپنی بیوی کو طلاق مُغلّظہ دے دی، تو اُس نے اُن کے بعد عبدالرحمٰن بن زبیر سے شادی کر لی، پھر وہ عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں آئی اور عرض کی اے اللہ کے نبی! وہ رفاعہ کے نکاح میں تھی تو اُس نے طلاق دے دی۔ ابن جُریج اور معمر نے کہا تین طلاقیں دے دیں۔ تو اُس کے بعد

٤٦ـ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (٢٥) ما یحلّ لزوجها الأول، ص ٢٧١ـ٢٧٢، الحدیث: ٢٩٨٢) ١١١٧٥

٤٧ـ السنن الکبریٰ للنسائی، المجلد (٣)، کتاب (٤٤) الطلاق، باب (١١) الطلاق التی تنکح زوجاً ثم لا یدخل، ص ٣٥١، الحدیث: ١/٥٦٠١، و باب (١٣) إحلال المطلّقة ثلاثًا الخ، ص ٣٥٣، الحدیث: ١/٥٦٠٤

www.waseemziyai.com

اُس نے عبدالرحمٰن بن زبیر سے شادی کر لی، اے اللہ کے رسول! بخدا اس کے پاس نہ تھا مگر اس کپڑے کی مثل، تو (یہ سُن کر) رسول اللہ ﷺ نے تبسّم فرمایا، پھر اس عورت سے فرمایا کہ شاید تو رفاعہ کے نکاح میں واپس لوٹنا چاہتی ہے؟ نہیں (یعنی تجھے جائز نہیں) یہاں تک کہ (جس سے تو نے نکاح کیا ہے) تو اُس کے شہد سے چکھے اور وہ تیری شہد سے چکھے (یعنی، ہمبستری ہو)

اِس حدیث سے بھی یہی ثابت ہوا کہ بیک وقت تین طلاقوں کے بعد عورت مرد پر حرام ہو جاتی ہے اور اُسے رجوع کا اختیار نہیں رہتا کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے بیک وقت تین طلاقیں کے دیئے جانے کے بعد فرمایا کہ یہ اُس شوہر پر حلال نہیں لہٰذا ثابت ہوا کہ بیک وقت تین طلاقیں دینے کے بعد رجوع کا ناجائز ہونا رسول اللہ ﷺ کا حکم ہے۔

شیخ محمود محمد شلتوت مصری اور شیخ محمد علی السایس اِس حدیث کے تحت لکھتے ہیں:

قالوا: فلو لا أن الثلاث تقع ما توقف حلّها للأول على ذوق العسيلة (٤٨)

یعنی، فقہاء کرام نے کہا اگر بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع نہ ہوتیں تو اُس عورت کا شوہر اول کے لئے حلال ہونا دوسرے شوہر کی ہمبستری پر موقوف نہ ہوتا۔

## تیسری حدیث:

امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ (۴۹) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۵۰) روایت کرتے ہیں:

---

٤٨۔ مقارنة المذاهب في الفقه، الطلاق البدعي، ص ٨١

٤٩۔ سنن الدار قطني المجلد(٢)، الجزء(٤)، كتاب الطلاق، ص ٣٠، الحديث:٣٩٧٥

٥٠۔ السنن الكبرى للبيهقي، المجلد(٧)، كتاب الطلاق، باب(١٢) الطلاق يقع على الحائض وإن كان بدعياً، ص ٥٣٦، الحديث:١٤٩٣٢

www.waseemziyai.com

عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مَعَاذَ بْنَ جَبَلٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: "يَا مَعَاذُ مَنْ طَلَّقَ لِبِدْعَةٍ وَاحِدَةً أَوِ اثْنَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثاً أَلْزَمْنَاهُ بِدْعَتَهُ"

یعنی، حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے سُنا کہ انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا آپ ﷺ نے فرمایا: اے معاذ! جس نے ایک یا دو یا تین بدعی طلاق دیں ہم نے اس کو لازم کردیا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے جو جتنی طلاقیں دے گا اتنی ہی واقع ہوجائیں گی۔ حالتِ حیض میں طلاق دے گا تو بھی واقع ہوجائے گی۔

## چوتھی حدیث:

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ نے دوسندوں سے روایت کیا کہ امام حسن رضی اللہ عنہ اپنے والد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں انہوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ:

"أَيُّمَا رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً عِنْدَ الْأَقْرَاءِ أَوْ ثَلَاثاً مُبْهَمَةً لَمْ تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ" (۵۱)

یعنی، جس شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں خواہ الگ الگ طُہروں میں یا بیک وقت تو وہ عورت اُس کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

اس حدیث کو امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ نے سوید بن غفلہ سے دو سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے (۵۲)۔ اور اِسی طرح امام طبرانی نے "المعجم الکبیر" (۵۳)

۵۱۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۴) ما جاء فی إمضاء الطلاق الثلاث، ص ۵۵۰، الحدیث: ۱۴۹۷۱

۵۲۔ سنن الدارقطنی، المجلد(۲)، الجزء(۴)، کتاب الطلاق، ص ۲۰، الحدیث: ۳۹۲۷-۳۹۲۸

۵۳۔ المعجم الکبیر للطبرانی، برقم: ۲۷۵۷

www.waseemziyai.com

میں سوید بن غفلہ سے روایت کیا اور اُن سے حافظ نور الدین ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ نے ''مجمع الزوائد'' میں نقل کیا ہے۔(٥٤)

## پانچویں حدیث:

امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِیِّ، قَالَ:قُلْتُ لِفَاطِمَةَ بِنْتِ قَیْسٍ: حَدِّثِیْنِیْ عَنْ طَلَاقِكِ، قَالَتْ: طَلَّقَنِیْ زَوْجِیْ ثَلَاثاً وَهُوَ خَارِجٌ إِلَى الْیَمَنِ، فَأَجَازَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (٥٥)

یعنی، عامر شعبی بیان کرتے ہیں۔ میں نے حضرت فاطمہ بنت قیس سے کہا مجھے اپنی طلاق کا واقعہ بیان کر، تو کہنے لگیں میرے شوہر نے یمن جاتے ہوئے مجھے تین طلاقیں بیک وقت دے دیں تو رسول اللہ ﷺ نے تینوں طلاقوں کو نافذ فرما دیا۔

اِس حدیث کو امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ نے مختلف گیارہ اسناد کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ فاطمہ بنت قیس کو بیک وقت تین طلاقیں دی گئیں اور رسول اللہ ﷺ نے انہیں نافذ فرما دیا۔(٥٦)

اور حضرت فاطمہ بنت قیس کے شوہر نے انہیں تین طلاقیں ایک ہی کلمہ کے ساتھ دی تھیں جیسا کہ امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ فرماتے ہیں کہ

طَلَّقَ حَفْصُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْمُغِیْرَةِ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَیْسٍ بِكَلِمَةٍ

---

٥٤۔ مجمع الزوائد، المجلد (٤)، كتاب (١٨) الطلاق، باب (١٢) متعة الطلاق، ص ٤٢٣، الحديث:٧٧٨٨

٥٥۔ سنن ابن ماجة، المجلد(٢)، كتاب(١٠) الطلاق، باب(٤) من طلّق ثلاثاً في مجلسٍ واحدٍ، ص٥٠٧، الحديث:٢٠٢٤

٥٦۔ صحيح مسلم، المجلد(٥)، الجزء(١٠)، كتاب(١٨) الطلاق، باب(٦) المطلّقة ثلاثاً لا نفقة لها، ص ٨٠ تا ٨٧، الحديث:٣٦ تا ٤٣

www.waseemziyai.com

وَاحِدَةٍ ثَلَاثاً ۔(۵۷)

یعنی، حضرت حفص بن عمرو نے فاطمہ بنت قیس کو ایک ہی کلمہ کے ساتھ تین طلاقیں دیں۔

اس روایت کے بارے میں مجدی بن منصور نے تخریج احادیث میں لکھا کہ اس روایت کی سند حسن ہے اور یہ حدیث امام بیہقی نے بھی روایت کی ہے۔

اور امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ نے دو مختلف سندوں سے یہ بھی روایت کیا ہے کہ

طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ عَلىٰ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ثَلَاثَ تَطْلِيْقَاتٍ فِيْ كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ فَأَبَانَهَا مِنْهُ النَّبِيُّ ﷺ۔(۵۸)

یعنی، ابو عمرو بن حفص بن مغیرہ نے عہدِ رسالت میں اپنی بیوی فاطمہ بنت قیس کو ایک ہی کلمہ میں تین طلاقیں دے دیں تو نبی ﷺ نے اس کی بیوی کو اس سے جُدا کر دیا۔

مجدی بن منصور نے لکھا ہے کہ حدیث: ۳۸۷۷ کی سند حسن ہے اور حدیث: ۳۸۷۸ کی سند حسن موقوف ہے۔

امام ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۵ھ (۵۹) اور امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ (۶۰) نے روایت کیا ہے:

عَنْ عَامِرٍ، حَدَّثَتْنِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ، أَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثاً، فَأَمَرَهَا النَّبِيُّ ﷺ أَنْ تَعْتَدَّ

یعنی، عامر شعبی سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ

---

۵۷۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، الحدیث:۳۸۷۲

۵۸۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، ص ۱۰، الحدیث:۳۸۷۷-۳۸۷۸

۵۹۔ سنن الدارمی، المجلد(۲)، کتاب (۱۲) الطلاق، باب (۱۵) فی المطلّقة ثلاثاً لها السکنیٰ والنفقة أم لا؟، ص۱۳۶، الحدیث:۲۲۷۵

۶۰۔ المسند، المجلد(٦)، حدیث فاطمه بنت قیس، ص ٤۱۱

www.waseemziyai.com

تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ان کے شوہر کے انہیں بیک وقت تین طلاقیں دے دیں تو نبی ﷺ نے انہیں عِدّت گزارنے کا حکم فرمایا۔

حدیث فاطمہ بنت قیس کی ایک روایت یہ ہے کہ آپ فرماتی ہیں:

طَلَّقَنِیْ زَوْجِیْ ثَلَاثًا فَلَمْ یَجْعَلْ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ سُکْنٰی وَ لَا نَفَقَۃً

یعنی، میرے شوہر نے مجھے تین طلاقیں دے دیں تو رسول اللہ ﷺ نے نہ سکنیٰ دلایا اور نہ نفقہ۔

اس روایت کے تحت شیخ محمود محمد شلتوت اور شیخ محمد علی السایس لکھتے ہیں:

قالوا: فلو أنه لم يقع أصلاً أو يقع واحدًا رجعيةً لما حرمت من السكنى و النفقة (٦١)

یعنی، فقہاء کرام نے فرمایا کہ اگر طلاق اصلاً واقع نہ ہوتی یا صرف ایک رجعی واقع ہوتی تو وہ سکنیٰ اور نفقہ سے محروم نہ کی جاتیں۔

اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ ایک ہی مجلس میں دی گئی تین طلاقیں رسول اللہ ﷺ کے نزدیک تین ہی ہیں، اگر ایسا نہ ہوتا تو رسول اللہ ﷺ فرماتے بیک وقت تین طلاقیں دینے سے تین نہیں ایک رجعی واقع ہوتی ہے حالانکہ آپ نے تینوں نافذ فرمادیں یہ اس بات کی بیّن دلیل ہے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں نافذ ہو جاتی ہیں اور عورت مرد پر حرام ہو جاتی ہے۔

## چھٹی حدیث:

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ (٦٢)، امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث

---

٦١۔ مقارنة المذاهب فی الفقه، الطلاق البدعی، ص ٨١

٦٢۔ صحیح البخاری، المجلد(٣)، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(٣٠) التلاعن فی المسجد، ص ٤٢٦-٤٢٧، الحدیث: ٥٣٠٩،

www.waseemziyai.com

متوفی ۲۷۵ھ (۶۳)، امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ (۶٤) اور امام ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۸ھ (۶۵) روایت کرتے ہیں:

عَنْ حَدِيثِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَخِيْ بَنِيْ سَاعِدَةَ: أَنَّ رَجُلاً مِّنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلَىٰ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ ،فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً، أَيَقْتُلُهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ شَأْنِهِ مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنْ أَمْرِ الْمُتَلَاعِنَيْنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "قَدْ قَضَى اللّٰهُ فِيْكَ وَ فِيْ امْرَأَتِكَ" قَالَ:فَتَلَاعَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَ أَنَا شَاهِدٌ، فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثاً، قَبْلَ أَنْ يَّأْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حِيْنَ فَرَغَا مِنَ التَّلَاعُنِ، فَفَارَقَهَا عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ، فَقَالَ ذَاكَ تَفْرِيْقٌ بَيْنَ كُلِّ مُتَلَاعِنَيْنَ۔ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَكَانَتِ السُّنَّةُ بَعْدَهُمَا أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ۔

یعنی، حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انصار میں سے ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! یہ بتلایئے کہ کوئی شخص اپنی عورت کے ساتھ کسی مرد کو دیکھ لے تو اس کو قتل کر دے یا کیا کرے؟ اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں قرآن مجید میں لعان کا مسئلہ ذکر فرمایا، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تیرے اور تیری بیوی کے درمیان اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرمادیا ہے۔ حضرت سہل کہتے ہیں کہ ان دونوں نے مسجد میں میرے

---

٦٣۔ سنن أبي داؤد، المجلد(٢)، كتاب(٧) الطلاق، باب(٢٧) اللعان، ص٤٧٣، حديث:٢٢٤٥،

٦٤۔ الموطا للامام مالك بن أنس: كتاب(٢٩) الطلاق، باب (١٢)ماجاء في اللعان، ص٥٠٠،٥٠١، الحديث : ٣٩

٦٥۔ سنن الدارمي، المجلد(٢)، كتاب النكاح، باب في اللعان، ص١٢٥، الحديث:٢٢٢٩

www.waseemziyai.com

سامنے لعان کیا جب وہ لعان سے فارغ ہوئے تو اس شخص نے کہا کہ اب اگر میں اس عورت کو اپنے پاس رکھوں تو میں خود جھوٹا ہوں، پھر رسول اللہ ﷺ کے حکم سے قبل لعان سے فارغ ہوتے ہی اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں اور نبی کریم ﷺ کے سامنے اپنی بیوی سے علیحدگی اختیار کر لی، آپ نے فرمایا سب لعان کرنے والوں کے درمیان یہ تفریق کر دی جائے۔ ابن شہاب کہتے ہیں کہ اس کے بعد یہ طریقہ مقرر ہو گیا کہ سب لعان کرنے والوں کے درمیان تفریق کر دی جائے۔

اور امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ کی روایت ہے کہ

فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَ اللّٰهِ لَئِنْ أَمْسَكْتُهَا لَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا فَفَارَقَهَا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِفِرَاقِهَا (٦٦)

یعنی، تو اس نے عرض کی اے اللہ کے رسول! بخدا اگر میں نے اس عورت کو اپنے نکاح میں روکا تو میں نے اس پر جھوٹ بولا، پھر اس نے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے جُدائی کا حکم ارشاد ہونے سے قبل اُسے جُدا کر دیا۔

علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے بحوالہ امام نووی متوفی ۶۷۶ھ لکھا ہے:

وذلك لأنه ظن أن اللعان لا يحرّمها عليه، فأراد تحريمها بالطلاق فقال "هي طالق ثلاثاً" (٦٧)

یعنی، اس شخص نے اس لیے تین طلاقیں دی تھیں کہ اس کا گمان یہ

---

٦٦۔ السنن الكبرىٰ للنسائي، المجلد (٣)، كتاب (٤٤) الطلاق، أبواب اللعان، باب (٣٦) بدء اللعان، ص ٣٧١، الحديث: ٥٦٦٠/١

٦٧۔ فتح الباري، المجلد (١٢)، جزء (٩)، كتاب (٦٨) الطلاق، باب (٢٩) اللعان ومن طلّق بعد اللعان، ص ٤٥١، الحديث: ٥٣٠٨

www.waseemziyai.com

تھا کہ لعان سے اس کی بیوی حرام نہیں ہوئی تو اس نے کہا ''اسے تین طلاقیں ہیں''۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کے درمیان یہ بات معروف تھی کہ ایک مجلس میں تین طلاقیں دینے سے بیوی حرام ہو جاتی ہے اسی لیے اس انصاری نے اپنی بیوی سے تفریق وتحریم کے لیے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اس کو تین طلاقیں دیں اور تین طلاق کو فراق شمار کیا۔ اگر ایک مجلس میں تین طلاقوں سے ایک رجعی واقع ہوتی تو ایک صحابی کا یہ فعل عبث ہوتا اور نبی کریم ﷺ اسے فرماتے کہ بیک وقت تین طلاقوں سے تمہاری جُدائی نہیں ہوگی۔

اور پھر امام احمد کی روایت میں ہے کہ انہوں نے تین طلاقیں الگ الگ دیں چنانچہ شیخ محمود محمد شلتوت مصری اور شیخ محمد علی السایس مصری لکھتے ہیں:

و فی روایة أحمد: هی الطلاق، و هی الطلاق، وهی الطلاق

یعنی، امام احمد کی روایت میں **هی الطلاق، وهی الطلاق، و هی الطلاق** ہے۔

اور لکھتے ہیں:

فتسريحه لها بهذه الكيفية بعد أن قال: "كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا" دليل واضح على أنه يعلم أن التطليق على هذا الوجه طريق للبينونة التي يريدها، و قد كان ذلك بمسمع النبي ﷺ و لم ينكر عليه أن هذا يحقّق غرضه (٦٨)

یعنی، اس کے یہ کہنے کے بعد کہ ''اگر میں نے اس عورت کو اپنے نکاح میں روکا تو میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا'' اس کا بیوی کو اس اس کیفیت کے ساتھ چھوڑنا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ وہ جانتا

٦٨۔ مقارنة المذاهب فی الفقه، الطلاق البدعی، ص ٨١

www.waseemziyai.com

تھا کہ اس وجہ پر طلاق دینا بینونۃ کا طریقہ ہے جسے وہ چاہتا ہے (کہ فوری طور پر اس عورت سے نکاح ختم ہو جائے) اور یہ جو اس نے تین طلاقیں بیک وقت دیں تو نبی ﷺ اُسے سُن رہے تھے اور آپ نے اس پر انکار نہ فرمایا، یہ اس کی غرض کو ثابت کرتا ہے۔

### ساتویں حدیث:

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ نے یہ بھی روایت کیا ہے کہ:

قَالَ سَهْلٌ: فَتَلَاعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰه ﷺ، فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثاً، قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ۔(۶۹)

یعنی، حضرت سہل فرماتے ہیں کہ ان دونوں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے مسجد میں لعان کیا اس حال میں کہ میں بھی ان لوگوں کے ساتھ تھا حضرت عویمر نے کہا یا رسول اللہ! اب اگر میں نے اس کو اپنے پاس رکھا تو میں جھوٹا ہوں پھر حضرت عویمر نے رسول اللہ ﷺ کے حکم دینے سے قبل اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدیں۔

اس حدیث کو امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ نے ''صحیح مسلم'' (۷۰) میں، امام ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ نے ''سنن نسائی'' (۷۱) میں اور ''السنن الکبریٰ'' میں (۷۲) اور امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ نے سنن

---

۶۹۔ صحیح البخاری، المجلد(۳)، کتاب(۶۸) الطلاق، باب(۴) من أجاز طلاق الثلاث، ص۴۱۲، حدیث:۵۲۵۹

۷۰۔ صحیح مسلم، کتاب(۱۹) اللعان، ص۵۷۴، الحدیث:۱(۱۴۹۲)

۷۱۔ سنن النسائی المجلد(۳)، الجزء(۶)، کتاب(۲۷) الطلاق، باب(۷) الرخصة فی ذلك، ص۱۴۲، الحدیث:۳۳۹۹

۷۲۔ السنن الکبری للنسائی، المجلد (۳)، کتاب (۴۴) الطلاق، باب (۸) الرخصة فی ذلك، ص۳۴۹۔۳۵۰، الحدیث:۵۵۹۵/۱

www.waseemziyai.com

الکبریٰ (۷۳)، اور امام ابو جعفر طحاوی متوفی ۳۲۱ھ نے ''اختلاف العلماء'' میں اور امام ابو بکر احمد بن علی جصّاص نے ''مختصر اختلاف العلماء'' (۷٤) میں روایت کیا ہے۔

اور امام ابن الجارود متوفی ۳۰۷ھ نے ''کتاب المنتقی'' (۷٥) میں، امام محمد بن حبان بُستی متوفی ۳۵۴ھ نے اپنی ''صحیح'' میں روایت کیا اور امام علاؤالدین علی بن بلبان فارسی متوفی ۷۳۹ھ نے اسے ''الإحسان بترتیب صحیح ابن حبان'' (۷٦) میں نقل کیا ہے۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ھ نے اسی حدیث کے تحت لکھا ہے:

قال: فی الکتاب: فقد طلّق عویمر ثلاثاً بین یدی النبی ﷺ، ولو کان ذالك محرماً لنهاه عنه، وقال: إن الطلاق و إن لزمك فأنت عاص بأن تجمع ثلاثا الخ

یعنی، عویمر نے نبی کریم ﷺ کے سامنے تین طلاقیں دیں اگر تین طلاقیں دینا حرام ہوتا تو آپ ﷺ اسے منع فرما دیتے۔ اور فرماتے بے شک تین طلاقیں اگرچہ تجھے لازم ہوگئیں پس تو اکھٹی تین طلاقیں دینے کی وجہ سے گنہگار رہوا۔

شارح صحیح بخاری علامہ ابوالحسن علی بن خلف متوفی ۴۴۴/۴۴۹ھ لکھتے ہیں:

وحُجّة الفقهاء فی جواز الطلاق الثلاث فی کلمةٍ قوله فی الملعان: "فَطَلَّقَهَا ثَلَاثاً قَبْلَ أَنْ يَّأْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِذٰلِكَ" وقبل أن یخبره أنها تطلّق علیه باللعان الخ (۷۷)

یعنی، تین طلاقیں اکھٹی دینے کے جواز میں فقہاء کی دلیل یہ قول

---

۷۳۔ السنن الکبری للبیهقی المجلد(۷)، کتاب الطلاق، باب(۱۳) الاختیار للزوج الخ، ص۵۳۸، الحدیث:۱٤۹۳٥

۷٤۔ مختصر اختلاف العلماء المجلد (۲)، کتاب الطلاق، (۹۷۹) فیمن طلّق ثلاثاً فی کلمةٍ واحدةٍ، ص٤٦۳

۷٥۔ کتاب المنتقی لابن الجارود، کتاب الطلاق، ص۲۷۹، الحدیث:۷۳۷

۷٦۔ الإحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب الطلاق، باب اللعان، ص۲٤۲، الحدیث:٤۲۷۰

۷۷۔ شرح البخاری لإبن بطال، المجلد(۷)، کتاب الطلاق، باب من أجاز طلاق الثلاث، ص۳۹۳

www.waseemziyai.com

ہے کہ حضرت عویمر نے نبی ﷺ کے حکم دینے سے پہلے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں اور قبل اس کے کہ آپ ﷺ انہیں خبر دیتے کہ تیری بیوی لعان کی وجہ سے طلاق والی ہوگئی۔

اور صحیح یہ ہے کہ تین طلاقیں اکٹھی دینا گناہ ہے اگرچہ واقع ہوجاتی ہیں اس کی دلیل حضرت محمود بن لبید کی روایت کردہ حدیث ہے جسے امام نسائی نے روایت کیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں اکٹھی دے دیں تو نبی کریم ﷺ نے اس پر ناراضگی کا اظہار فرمایا تو آپ ﷺ کا ناراضگی کا اظہار فرمانا اور یہ کلمات ارشاد فرمانا: ''میرے سامنے کتاب اللہ کو کھیل بنایا ہے'' اس کے گناہ ہونے کی دلیل ہے علاوہ ازیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے سوال پر حضور ﷺ کا یہ ارشاد فرمانا کہ ''اگر تین طلاقیں اکٹھی دے دیں تو تیری بیوی تجھ سے جدا ہوجائے گی اور ایسا کرنا گناہ ہے''۔ بھی اس کے گناہ ہونے کی دلیل ہے۔

امام یحییٰ بن شرف النووی متوفی ۶۷۶، اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں

فقال مالك و الشافعي و الجمهور: تقع الفرقة بين الزوجين بنفس التلاعن (إلى) و قال محمد بن أبي صفرة المالكي: لا تحصل الفرقة بنفس اللعان واحتج بطلاق عويمر الخ (۷۸)

یعنی، امام مالک، امام شافعی اور جمہور کے نزدیک نفس لعان سے تفریق ہوجاتی ہے اور محمد بن ابی صفرہ مالکی نے کہا کہ نفس لعان سے تفریق نہیں ہوتی ان کی دلیل یہ ہے کہ اگر نفس لعان سے تفریق ہوتی تو حضرت عویمر اپنی بیوی کو تین طلاقیں نہ دیتے۔

اور صحیح یہ ہے کہ نفس لعان سے تفریق ہوجاتی ہے باقی حضرت عویمر کا فوراً تین طلاقیں دینا محض اس لئے تھا کہ وہ کسی بھی حالت میں اس عورت کے ساتھ رہنا نہیں

۷۸۔ شرح صحيح مسلم للنووي، المجلد(٥)، الجزء(١٠)، كتاب(١٩) اللعان، ص١٠٤-١٠٥، الحديث:٤(١٤٩٣)

www.waseemziyai.com

چاہتے تھے اور اس دَور میں بھی تین طلاق اکھٹی دینے کا اور ان کے نفاذ کا معمول تھا تو آپ نے بھی ایسا ہی کیا کیونکہ لعان سے تفریق کا واقع ہو جانا ان کے علم میں نہ تھا اگر ہوتا تو وہ ایسا نہ کرتے۔

اس واقعہ میں امام ابو داوٗد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ کی روایت کردہ حدیث یہ ہے:

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ، قَالَ: فَطَلَّقَهَا ثَلٰثَ تَطْلِيْقَاتٍ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَأَنْفَذَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ (۷۹)

یعنی، حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے تین طلاقیں دیں اور رسول اللہ ﷺ نے ان طلاقوں کو نافذ کر دیا۔

یہ حدیث اس بات کی تصریح ہے کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے ایک مجلس میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں اور رسول اللہ ﷺ نے ان تین طلاقوں کو نافذ فرما دیا۔

### آٹھویں حدیث:

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ (۸۰)، امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ (۸۱) اور امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۸۲) روایت کرتے ہیں کہ:

وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ إِذَا سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ، قَالَ لِأَحَدِهِمْ: أَمَّا أَنْتَ طَلَّقْتَ امْرَأَتَكَ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَمَرَنِيْ بِهٰذَا۔

---

۷۹۔ سنن أبي داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۲۷) في اللعان، ص۴۷۴، الحدیث: ۲۲۵۰

۸۰۔ صحیح مسلم، کتاب(۸)الطلاق، باب(۱) تحریم طلاق الحائض الخ ص۵۵۷، الحدیث: ۱ (۱۴۷۱)

۸۱۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، الجزء(۴)، کتاب الطلاق، ص۱۸، الحدیث: ۳۹۲۱

۸۲۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۳) الإختیار للزوج الخ، ص۵۴۱، حدیث: ۱۴۹۴۱

www.waseemziyai.com

یعنی، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے طلاق کے بارے میں جب سوال کیا جاتا تو فرماتے جب تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو تم رجوع کر سکتے ہو رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس چیز کا حکم دیا تھا۔

اور امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ نے روایت کیا ہے:

كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا سُئِلَ عَمَّنْ طَلَّقَ ثَلَاثاً، قَالَ: لَوْ طَلَّقْتَ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ، فَإِنَّ النَّبِيَّ ﷺ أَمَرَنِي بِهٰذَا۔ (۸۳)

یعنی، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں سوال کیا جاتا جس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہوتیں تو فرماتے اگر ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو رجوع کر سکتے ہو نبی ﷺ نے مجھے اسی کا حکم فرمایا۔

اس سے معلوم ہوا کہ رجوع کا حق صرف ایک یا دو طلاق کے بعد ہے چاہے وہ اکھٹی دی جائیں یا الگ الگ، ایک مجلس میں دی جائیں یا الگ الگ مجالس میں اور تیسری کے بعد رجوع کا حق نہیں رہتا چاہے تیسری طلاق اسی وقت دی جائے یا بعد میں۔

## نویں حدیث:

امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں۔ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی!

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَرَأَيْتَ لَوْ أَنِّيْ طَلَّقْتُهَا ثَلَاثاً كَانَ يَحِلُّ لِيْ أَنْ أُرَاجِعَهَا؟ قَالَ: لَا، كَانَتْ تَبِيْنُ مِنْكَ وَ تَكُوْنُ مَعْصِيَةً۔ (۸۴)

۸۳۔ صحیح البخاری، المجلد(۳)، کتاب(۶۸) الطلاق، باب(۷) من قال لإمرأته الخ، ص۴۱۴، الحدیث:۵۲۶۴

۸۴۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(۱۴) ماجاء فی إمضاء الطلاق الثلاث، ص۵۴۷، الحدیث:۱۴۹۵۵

www.waseemziyai.com

یعنی، یارسول اللہ! اگر میں اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دوں تو کیا میرے لئے اس سے رجوع کرنا حلال ہوگا، تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، (یعنی بیک وقت تین طلاقیں دینے کے بعد رجوع کرنا حلال نہ ہوگا اگر ایسا کیا تو) تیری بیوی تجھ سے جُدا ہو جائیگی اور ایسا کرنا گُناہ ہوگا۔

علامہ زاہد الکوثری متوفی ۱۳۷۰ھ نے اس حدیث کے بارے میں لکھا کہ یہ حدیث امام طبرانی نے حضرت حسن سے اپنی سند کے ساتھ اور دار قطنی نے معلیٰ بن منصور کے طریق سے اور ابوبکر رازی نے ابن قانع محمد بن شاذان کی سند سے روایت کی ہے اور لکھا ہے یہ حدیث حُجت ہونے کے درجے سے نہیں گرتی۔(۸۵)

دسویں حدیث:

امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ (۸۶) نے روایت اور حافظ نور الدین علی بن ابی بکر بن سلیمان ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ (۸۷) نے نقل کیا ہے کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ان کے آباء میں سے کسی نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دے دیں، تو ان کے بیٹے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے:

فَقَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ أَبَانَا طَلَّقَ أُمَّنَا أَلْفاً، فَهَلْ لَهُ مِنْ مَّخْرَجٍ؟ فَقَالَ: "إِنَّ أَبَاكُمْ لَمْ يَتَّقِ اللّٰهَ، فَيَجْعَلُ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ مَخْرَجاً، بَانَتْ مِنْهُ بِثَلَاثٍ عَلٰى غَيْرِ السُّنَّةِ وَ تِسْعُمِائَةٍ وَّسَبْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ إِثْمٌ فِيْ عُنُقِهِ"

یعنی، عرض کرنے لگے یارسول اللہ ﷺ! ہمارے والد نے ہماری

---

۸۵۔ الأشفاق على أحكام الطلاق، هل يحلّ الطلاق رجعي الخ، ص۱۳-۱۴

۸۶۔ سنن الدار قطني، المجلد(۲)، الجزء(٤)، كتاب الطلاق، ص١٤، الحديث:۳۸۹۸

۸۷۔ مجمع الزوائد، المجلد (٤)، كتاب (۱۸) الطلاق، باب (۱۰) فيمن طلّق أكثر من ثلاث، ص٤٤١-٤٤٢، الحديث:۷۷۸۳

www.waseemziyai.com

ماں کو ہزار طلاقیں دے دی ہیں، تو کیا ان کے لئے نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بے شک تمہارے والد اللہ سے نہیں ڈرے، جو اس کے لئے اس امر سے نکلنے کا کوئی راستہ بناتا، اس کی بیوی اس سے خلاف سنّت طریقے پر جُدا ہوگئی اور نو سوستانوے (۹۹۷) طلاقیں اس کی گردن میں گُناہ ہیں''۔

اس حدیث کی سند اگرچہ ضعیف ہے مگر حضرت ابن عباس سے مرفوعاً مروی ہے۔ امام طبرانی روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ عُبَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ فِيْ رَجُلٍ طَلَّقَ أَلْفاً: أَمَّا ثَلَاثٌ لَهُ، وَأَمَّا تِسْعُمِائَةٍ وَّسَبْعٌ وَّتِسْعُوْنَ فَعُدْوَانٌ وَظُلْمٌ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَلَهُ

یعنی، حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے اس شخص کے بارے میں جس نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دی تھیں فرمایا، تین تو اس کیلئے ہیں (یعنی تین تو واقع ہوگئیں) اور مگر نوسوستانوے (۹۹۷) پس وہ عُدوان وظلم ہیں۔ اللہ تعالیٰ اگر چاہے اس کی وجہ سے اُسے عذاب دے اور اگر چاہے تو بخش دے۔

اسی کی مثل حدیث مسند عبدالرزاق میں ہے(۸۸)

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام بن نافع صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۸۹) کی روایت کردہ اور حافظ نورالدین علی بن ابی بکر بن سلیمان ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ (۹۰) کی نقل کردہ حدیث

۸۸۔ الأشفاق علی أحکام الطلاق، الطلاق الثلاث بلفظٍ واحدٍ، ص۳۶-۳۷

۸۹۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (٥٧) المطلّق ثلاثاً، ص٣٠٥_٣٠٦، الحديث: (٢٩٩٤) ١١٣٨٣

۹۰۔ مجمع الزوائد، المجلد (٤)، باب (١٨) الطلاق، باب (١٠) فيمن طلّق أكثر من ثلاث، ص٤٤١، الحديث:٧٧٨٢

www.waseemziyai.com

میں ہے:

فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "أَمَّا اتَّقَى اللّٰهَ جَدُّكَ، أَمَّا ثَلَاثٌ فَلَهُ، وَ أَمَّا تِسْعُمَائَةٍ وَ سَبْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ فَعُدْوَانٌ وَ ظُلْمٌ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَذَّبَهُ، وَ إِنْ شَاءَ غَفَرَلَهُ

یعنی، تو نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تیرا دادا اللہ سے نہیں ڈرا، (ان ہزار میں سے) تین تو اس کے لئے ہیں (یعنی واقع ہوگئیں) مگر نوسو ستانوے (۹۹۷) پس وہ عدوان اور ظلم ہے، اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اس کی وجہ سے اُسے عذاب دے اور اگر چاہے تو معاف فرمادے۔

یہی حدیث امام ابوبکر بن علی متوفی ۸۰۰ھ نے بھی ذکر کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

فَقَالَ: بَانَتْ بِثَلَاثٍ فِيْ مَعْصِيَةٍ وَّتِسْعُمِائَةٍ وَّسَبْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ۔ (۹۱)

یعنی نبی ﷺ نے فرمایا: ''عورت تین سے معصیت میں جُدا ہوگئی اور نوسوستانوے (۹۹۷) کا وہ مالک نہیں''۔

اور یہی حدیث مُحقّق علی الاطلاق امام ابن ہمام متوفی ۶۸۱ھ نے بھی نقل کی ہے جنہیں اہلحدیث (غیر مُقلّد) بھی رئیس الفقہاء مانتے ہیں دیکھئے ''فتاویٰ ثنائیہ'' (۹۲) جس کے الفاظ یہ ہیں:

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: بَانَتْ بِثَلَاثٍ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَبَقِيَ تِسْعُمِائَةٍ وَّسَبْعٌ وَّتِسْعُوْنَ عُدْوَاناً وَظُلْماً، إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ اللّٰهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ۔ (۹۳)

یعنی، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت تین سے اللہ تعالیٰ کی

۹۱۔ الجوهرة النيره، المجلد(۲)، كتاب الطلاق، ص۳۹

۹۲۔ فتاویٰ ثنائيه، المجلد(۲)، باب هشتم، كتاب النكاح، ص۳۳۲

۹۳۔ فتح القدير شرح الهداية،المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، ص۳۳۰

www.waseemziyai.com

نافرمانی میں جُدا ہوگئی اور باقی نو سو ستانوے (۹۹۷) زیادتی وظلم ہیں، اللہ تعالیٰ چاہے تو عذاب دے چاہے تو اُسے بخش دے۔

## گیارہویں حدیث:

امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ (۹٤) نے تین مختلف سندوں کے ساتھ روایت کیا اور علامہ ابن کثیر دمشقی متوفی ۷۷۴ھ (۹۵) نے اسے نقل کیا کہ:

أَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِ يَزِيْدِ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ سُهَيْمِيَّةَ الْبَتَّةَ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ ﷺ بِذٰلِكَ، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً"؟، قَالَ رُكَانَةُ: وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً، فَرَدَّهَا إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ،

یعنی، بیشک رکانہ بن عبد یزید نے اپنی بیوی سہیمیہ کو طلاق البتہ دی نبی کریم ﷺ کو اس بارے میں بتایا گیا اور حضرت رُکانہ نے قسم کھا کر کہا کہ میرا ایک ہی طلاق کا ارادہ تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے پھر حلفیہ پوچھا کہ کیا تمہارا ایک ہی کا ارادہ تھا......؟ تو حضرت رُکانہ نے کہا کہ قسم بخدا میں نے نہیں ارادہ کیا مگر ایک کا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے انکی بیوی کو ان کی طرف پھیر دیا۔

اور امام ابو داؤد کا اس روایت کو اس باب میں نقل کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ تین طلاق دینے کی صورت میں رجوع نہیں ہوسکتا۔

اور شیخ محمود محمد شلتوت مصری اور شیخ محمد علی السایس مصری لکھتے ہیں:

ما جاء في حديث ركانة بن يزيد أنه طلّق امرأته البتة، و أن النبيّ

۹٤۔ سنن أبي داؤد، المجلد (۲)، كتاب (۷) الطلاق، باب (۱٤) في البتة، ص ٤٥٥، الحديث: ۲۲۰٦

۹۵۔ جامع المسانيد و السنن، المجلد (۳۲)، مسند ابن عباس، رجال عن عكرمة، عنه، ص ۱۱۱، الحديث: ٥٤٨٢

www.waseemziyai.com

ﷺ استحلفه، أنه أراد إلا واحدة، فاستخلافه على إرادة الواحدة دليل على أنه لو أراد الثلاث وقعن، و إذا كانت الثلاث تقع بالنيّة في الكناية فأولىٰ أن تقع بصريح الطلاق (٩٦)

یعنی، حدیث رُکانہ بن یزید میں ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق بتہ دی، اور نبی ﷺ نے ان سے اس بات پر قسم لی کہ انہوں نے (کنایہ) سے صرف ایک طلاق کا ارادہ کیا تو نبی ﷺ کا (کنایہ سے) ایک طلاق کے ارادے پر ان سے قسم لینا اس بات کی دلیل ہے کہ اگر وہ تین کی نیت کر لیتے تو تین واقع ہو جاتیں، جب کنایہ میں تین کی نیت کرنے سے تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں تو صریح طلاق دینے سے بطریقِ اولیٰ تین طلاقیں واقع ہوں گی۔

مندرجہ بالا احادیث سے ثابت ہوا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں اور عورت شوہر پر حرام ہو جاتی ہے اور بے حلالہ شرعیہ حلال نہیں ہوتی۔

## خیر القرون:

امام محمد اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ (۹۷) اور امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۰ھ (۹۸) روایت کرتے ہیں:

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حصين رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ الله ﷺ خَيْرُ أُمَّتِيْ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ

یعنی، حضرت عمران بن حصین بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے

---

۹۶۔ مقارنة المذاهب في الفقه، الطلاق البدعي، ص۸

۹۷۔ صحيح البخاري، المجلد(۲)، كتاب (۵۲)الشهادات، باب (۹)، لا يشهد على شهادة جور، ص۱۷۰، الحديث:۲۶۵۱

۹۸۔ صحيح مسلم، كتاب (٤٤) فضائل الصحابة، باب (۵۲) فضل الصحابة ثم الذين يلونهم الخ، ص۹۸۳، الحديث:۲۱٤، ۲۱۵۰ (۲۵۳۵)

www.waseemziyai.com

فرمایا: میری اُمّت میں بہترین لوگ وہ ہیں جو میرے زمانہ میں ہیں، پھر جوان کے قریب ہیں، پھر وہ جوان کے قریب ہیں۔

یہی حدیث حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے امام بخاری نے ''صحیح البخاری'' (برقم:۲٦٥٢) میں اور امام مسلم نے ''صحیح مسلم'' (برقم:۲۱۰-۲۱۱-۲۱۲(۲۵۳۳)) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے امام مسلم نے ''صحیح مسلم'' (برقم:۲۱۳/ ۲۵۳٤) میں اور اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے امام مسلم نے ''صحیح مسلم'' (برقم:۲۱٦/۲۵۳٦) میں روایت کیا ہے۔

مراد یہ ہے کہ صحابہ کرام پھر تابعین، پھر تبع تابعین رضی اللہ عنہم میری پوری اُمّت میں بہترین ہیں۔ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے پوری زندگی اللہ اور اس کے رسول کی رضا جوئی میں شریعت مطہرہ پر عمل کرتے ہوئے گزار دی۔ اور ان حضرات کا ہر عمل اور فتویٰ قرآن وسنّت کی بہترین شرح اور تفصیل ہے اور اُمّتِ محمدیہ علیہ التحیۃ والثناء کے لئے راہِ ہدایت ہے۔

لہٰذا خیر القرون کا جائزہ لیا جائے کہ ان پاکیزہ زمانوں میں بیک وقت دی گئی تین طلاقیں تین سمجھی جاتی تھیں یا ایک؟ حضرات صحابہ کرام اور تابعین عظام سے کسی نے یہ مسئلہ دریافت کیا تو انہوں نے کیا جواب دیا۔ چنانچہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کے فتاویٰ سے ابتداء کی جاتی ہے۔

## صحابہ کرام کے فتاویٰ:

### (۱) حضرت علی، ابن مسعود اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم کا متّفقہ فتویٰ:

امام ابوعبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۲۱ھ روایت کرتے ہیں کہ

عَنْ عَنِ الْحَکَمِ أَنَّ عَلِیّاً وَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ وَ زَیْدَ بْنَ ثَابِتٍ رضی اللہ عنہم قَالُوْا: إِذَا طَلَّقَ الْبِکْرَ ثَلَاثًا فَجَمَعَهَا لَمْ تَحِلَّ لَهٗ حَتّٰی تَنْکِحَ

www.waseemziyai.com

زَوْجًا غَیْرَہٗ، فَإِنْ فَرَّقَھَا بَانَتْ بِالْأُوْلٰی وَ لَمْ تَکُنِ الْأُخْرَیَیْنِ (۱۰۸)

یعنی، حکم سے مروی ہے کہ حضرت علی، حضرت ابن مسعود، اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم نے فرمایا: جب کوئی شخص باکرہ (یعنی غیر مدخول بہا) کو تین طلاقیں دے دے پھر ان کو جمع کرے (یعنی ایک ہی مجلس میں تینوں طلاقیں دے مثلاً اس طرح کہے تجھے تین طلاق تو تینوں ہی واقع ہونے کی وجہ سے) یہ عورت اس شوہر پر حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے، پس اگر اس نے جُدا جُدا تین طلاقیں دیں (یعنی اس طرح کہا تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے) تو (غیر مدخول بہا ہونے کی وجہ سے) پہلی طلاق سے وہ بائنہ ہو جائے گی (دوسری طلاق کے لئے وہ محل نہ رہے گی اس لئے) آخری دو کچھ بھی نہ ہوں گی۔

## (۲) حضرت ابو ہریرہ، ابن عباس، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہم کا مُتفقہ فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ نے روایت کیا ہے:

عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّعَائِشَۃَ فِی الرَّجُلِ یُطَلِّقُ امْرَأَتَہٗ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ یَدْخُلَ بِھَا قَالُوْا: لَا تَحِلُّ لَہٗ حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَہٗ۔(۱۰۰)

یعنی، حضرت ابو ہریرہ، حضرت ابن عباس اور امّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تینوں یہ فتویٰ دیتے تھے کہ جس شخص نے مقاربت سے پہلے اپنی بیوی کو (بیک کلمہ) تین طلاقیں دے دیں تو اس کی بیوی اس پر اس وقت تک حلال نہیں جب تک کہ وہ دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

۹۹۔ المصنّف لعبد الرزاق: ٦/٢٦٤، برقم:١١١٢٨

۱۰۰۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٨) فی الرجل یتزوّج المرأة ثم یطلّقها، ص١٩، الحدیث:٩

www.waseemziyai.com

**(۳) حضرت ابن عباس، ابو ہریرہ، ابن عمرو بن العاص ﷺ کا متفقہ فتویٰ:**

امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ (۱۰۱)، اور امام ابو بکر عبد الرزاق بن ہمام بن نافع صنعانی متوفی ۲۲۱ھ (۱۰۲) روایت کرتے ہیں اور علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ (۱۰۳) نقل کرتے ہیں:

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَيَاسٍ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَأَبَا هُرَيْرَةَ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ سُئِلُوا عَنِ الْبِكْرِ وَيُطَلِّقُهَا زَوْجُهَا ثَلَاثاً، فَكُلُّهُمْ قَالُوا: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔

یعنی، محمد بن ایاس بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبد اللہ بن عباس، ابو ہریرہ، عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا، کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک دم تین طلاقیں دے دے اس کا کیا حکم ہے؟ تو سب نے فرمایا کہ وہ عورت اس پر بغیر حلالہ شرعیہ کے حلال نہیں۔

اور امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ کی روایت کے یہ الفاظ ہیں:

فَكُلُّهُمْ قَالَ حَرُمَتْ عَلَيْكَ۔ (۱۰۴)

یعنی، سب نے فرمایا وہ تجھ پر حرام ہوگئی۔

اور امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ کی روایت کے الفاظ یہ ہیں:

---

۱۰۱۔ سنن أبي داؤد، المجلد(۲)، كتاب(۷) الطلاق، باب(۱۰) نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث، ص۴۵۰، الحديث:۲۱۹۸

۱۰۲۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (۱۷)، باب (۱۷) طلاق البكر، ص۲٦۲۔۲٦۳، الحديث:۱۱۱۱٥، ۱۱۱۲۲

۱۰۳۔ جامع المسانيد و السنن، المجلد (۲٦)، مسند (۱۱۳) عبدالله بن عمرو، محمد بن أياس بن بكر الليثي المدني (۲۱٤) عنه، ص۳۷۳، الحديث: ۷۲۹، و المجلد (۳۲)، مسند (۱۹٥) ابن عباس، محمد بن أياس بن بكير الليثي المدني عنه، ص۳۲۸

۱۰٤۔ شرح معاني الآثار، المجلد(۲)، جزء(۳)، كتاب(۸) الطلاق، باب(۲) الرجل يطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص٥۷، الحديث:٤٤۷۹

www.waseemziyai.com

لَا یَنْکِحَھَا حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَہٗ۔(۱۰۵)

یعنی، وہ مرد اس عورت سے نکاح نہیں کرسکتا جب تک وہ عورت دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

## (۴) حضرت علی، زید بن ثابت اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کا متّفقہ فتویٰ:

یہ سب حضرات فرماتے ہیں کہ جس نے اپنی بیوی سے کہا تو مجھ پر حرام ہے تو اس سے تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی چاہے اس کی نیت تین طلاق دینے کی نہ ہو، چنانچہ شارح صحیح بخاری حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

وَ رُوِیَ عَنْ عَلِیٍّ وَ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَ ابْنِ عُمَرَ وَ الْحَکَمِ وَ ابْنِ أَبِیْ لَیْلٰی: فِی الْحَرَامِ ثَلَاثُ تَطْلِیْقَاتٍ وَلَا یُسْئَلُ عَنْ نِیَّتِہٖ وَ بِہٖ قَالَ مَالِکٌ (۱۰۶)

یعنی، خلیفہ راشد حضرت علی المرتضیٰ، حضرت زید بن ثابت، حضرت ابن عمر، حضرت حکم اور ابن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ حرام میں تین طلاقیں ہیں اور دینے والے کی نیت بھی نہ پوچھی جائے گی اور یہی امام مالک نے فرمایا۔

اسی طرح اسے شارح صحیح بخاری حافظ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ نے ''عمدۃ القاری'' میں ذکر کیا ہے۔(۱۰۷)

## (۵) حضرت ابو ہریرہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کا متّفقہ فتویٰ:

امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ روایت کرتے ہیں:

عَنِ الزُّھْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَۃَ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّھُمَا قَالَا فِی الرَّجُلِ یُطَلِّقُ الْبِکْرَ ثَلَاثاً: لَا تَحِلُّ لَہٗ حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً

۱۰۵۔ السنن الکبریٰ للبیھقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(۱۳) الإختیار للزوج أن یطلّق إلا واحدۃً، ص۵٤۰، الحدیث:۱٤۹۳۸

۱۰٦۔ فتح الباری، المجلد (۱۲) کتاب الطلاق، باب (۷) من قال لامرأتہ: الخ، ص٤٦٥

۱۰۷۔ عمدۃ القاری المجلد (۱٤)، کتاب الطلاق، باب من قال لامرأتہ الخ، ص۲٦٦

www.waseemziyai.com

غَيْرَهُ۔(۱۰۸)

یعنی، حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں نے اس شخص کے بارے میں فرمایا کہ جس نے اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل بیک کلمہ تین طلاقیں دے دیں تو اس کی بیوی اس پر حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے۔

امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ(۱۰۹)، امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ(۱۱۰) اور امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ(۱۱۱) روایت کرتے ہیں:

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ كَانَ جَالِساً مَعَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَعَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، فَجَائَهُمَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيَاسِ ابْنُ الْبَكِيْرِ، فَقَالَ: إِنَّ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً، قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا، فَمَاذَا تَرَيَانِ؟ فَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: إِنَّ هٰذَا الْأَمْرُ مَا لَنَا فِيْهِ مِنْ قَوْلٍ، فَاذْهَبْ إِلىٰ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہم فَاسْأَلْهُمَا ثُمَّ ائْتِنَا فَأَخْبِرْنَا، فَذَهَبَ فَسَأَلَهُمَا، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: أَفْتِهِ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقَدْ جَائَتْكَ مُعْضَلَةٌ (أَيْ مَسْئَلَةٌ صَعْبَةٌ مُشْكِلَةٌ) فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: الْوَاحِدَةُ تُبِيْنُهَا، وَالثَّلَاثُ تُحَرِّمُهَا، حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ، وَفِي "الْمُؤَطَّا لِمَالِكٍ" وَ"السُّنَنِ لِلْبَيْهَقِيْ":

۱۰۸۔ شرح معانی الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، کتاب(۸) الطلاق، باب(۲) الرجل یطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص۵۸، الحدیث:٤٤٨٠

۱۰۹۔ شرح معانی الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، کتاب(۸) الطلاق، باب(۲) الرجل یطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص۵۷، الحدیث:٤٤٧٨،

۱۱۰۔ الموطا للإمام مالك بن أنس، کتاب (۲۹) الطلاق، باب (۱۵) طلاق البکر، ص۳۵٦، الحدیث:٦٥٧

۱۱۱۔ السنن الکبرىٰ للبیهقي، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(١٤) ما جاء في إمضاء الطلاق الثلاث، ص٥٤٩، الحدیث:١٤٩٦٦

www.waseemziyai.com

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِثْلَ ذٰلِكَ۔

یعنی، معاویہ ابن ابی عیاش انصاری بیان کرتے ہیں کہ میں عبداللہ بن زبیر اور عاصم بن عمر رضی اللہ عنہم کے ساتھ بیٹھا تھا کہ انکے پاس محمد بن ایاس ابن بکیر آیا اور کہا کہ ایک دیہاتی نے مقاربت سے قبل اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں تو آپ لوگوں کے نزدیک اس کا کیا حکم ہے؟ (یعنی بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کا حکم پوچھا) تو حضرت ابن زبیر نے کہا یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جسکے بارے میں ہمارے پاس کوئی قول نہیں تُو حضرت عبداللہ بن عباس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کے پاس چلا جا اور اُن سے یہ مسئلہ پوچھ پھر وہ جو بھی جواب ارشاد فرمائیں وہ آ کر ہمیں بھی بتانا۔ تو محمد بن ایاس نے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر مسئلہ پوچھا تو حضرت ابن عباس نے حضرت ابو ہریرہ سے فرمایا کہ اے ابو ہریرہ! فتویٰ دے تیرے پاس ایک مشکل مسئلہ آیا ہے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ایک طلاق اُسے بائن کر دیگی (یعنی اگر جُدا جُدا طلاق کے الفاظ کہے گا تو وہ عورت ایک سے ہی بائن ہو جائیگی کیونکہ وہ غیر مدخول بہا ہے) اور تین طلاقیں اُسے حرام کر دیں گی (یعنی اگر تین طلاقیں ایک کلمہ کے ساتھ کہے گا تو تینوں ہی واقع ہو جائینگی اور وہ عورت اپنے شوہر پر حرام ہو جائیگی) جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے اس مرد پر حلال نہ ہوگی اور حضرت ابن عباس نے بھی ان ہی کی مثل فرمایا۔

امام محمد بن حسن شیبانی ۱۸۹ھ (۱۱۲)، امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ (۱۱۳)،

۱۱۲۔ الموطا للإمام محمد بن الحسن الشيباني، كتاب الطلاق، باب (۱۵) الرجل يطلّق امرأته ثلاثاً قبل أن يدخل بها، ص۱۹٦، الحديث:۵۸۱

۱۱۳۔ الموطا للإمام مالك بن أنس، كتاب (۲۹) الطلاق، باب (۱۵) طلاق البكر، ص۳۵٦، الحديث:٦۵۷

www.waseemziyai.com

اور امام ابو بکر عبدالرزاق بن ہمام بن نافع صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (دو اسناد کے ساتھ) (۱۱۴) امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ (۱۱۵)، امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۱۶) اور ابن انس (۱۱۷) روایت کرتے ہیں۔

ایک شخص نے اپنی بیوی کو خلوت سے قبل ایک دم تین طلاقیں دے دیں پھر اس کا خیال ہوا کہ وہ اس سے دوبارہ نکاح کرے۔

فَسَأَلَ أَبَا هُرَيْرَةَ وَابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَا: لَا يُنْكِحُهَا حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ طَلَاقِيْ إِيَّاهَا وَاحِدَةً، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَرْسَلْتَ مِنْ يَّدِكَ مَا كَانَ لَكَ مِنْ فَضْلٍ۔

یعنی، حضرت ابو ہریرہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا ان دونوں صحابہ نے فرمایا کہ اس نکاح کے جواز کی کوئی صورت نہیں، جب تک کہ وہ عورت دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔ تو وہ شخص کہنے لگا کہ میں نے ایک ہی لفظ سے تین طلاقیں دی تھیں اس پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا تیرے ہاتھ میں جو کچھ تھا تو نے اکٹھا ہی دے دیا۔

امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۷۹ھ مندرجہ بالا روایت کے تحت لکھتے ہیں:

و بهذا نأخذ و هو قول أبی حنيفة و العامة من فقهائنا، لأنه طلّقها ثلاثاً جميعاً معاً، و لو فرّقهنّ وقعت الأولى خاصةً، لأنها

۱۱۴۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (١٧) طلاق البكر، ص٢٦٢، الحديث:١١١١٦_١١١١٧

۱۱۵۔ شرح معانی الآثار، المجلد(٢)، الجزء(٣)، كتاب(٨) الطلاق، باب(٢) الرجل يطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص٥٧، الحديث:٤٤٧٧

۱۱۶۔ السنن الكبرىٰ للبيهقی، المجلد(٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب(١٤) ما جاء فی إمضاء الطلاق الثلاث الخ، ص٥٤٨-٥٤٩، الحديث:١٤٩٦٥

۱۱۷۔ مؤطا إبن انس مع شرحه القبس، المجلد(٣)، كتاب الطلاق، باب ما جاء فی البتة، ص٩٤

www.waseemziyai.com

بانت بها قبل أن يتكلم بالثانية، و لا عدة عليها الخ (١١٨)

یعنی، اسی کو ہم لیتے ہیں اور یہی امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ اور ہمارے عامہ فقہاء کا قول ہے کیونکہ اس نے اُسے تین کی تین طلاقیں ایک ساتھ دے دیں، اور وہ اگر ان کو جُدا جُدا کرتا (یعنی الگ الگ دیتا) تو پہلی ہی واقع ہوتی، کیونکہ وہ اس پہلی طلاق سے ہی دوسری بولنے سے قبل بائن ہو جاتی اور اس عورت پر عدّت نہیں ہے۔

جن روایات میں غیر مدخول بہا (جن سے مقاربت یا خلوت صحیحہ نہ ہوئی ہو) پر تین طلاقوں کے واقع ہونے کا حکم کیا گیا ہے اس سے مراد بیک کلمہ دی گئی تین طلاقیں ہیں کیونکہ اگر الفاظ متعدّدہ سے طلاقیں دی جائیں تو پہلی طلاق سے غیر مدخول بہا بائن ہو جاتی ہے اور باقی طلاقوں کا محل نہیں رہتی اور وہ طلاقیں لغو ہو جاتی ہیں جیسا کہ مندرجہ بالا روایات سے ظاہر ہے۔

## (٦) حضرت عثمان غنی اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما کا مُتّفقہ فیصلہ:

امام مالک، شافعی اور بیہقی نے روایت کیا کہ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں کہ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے کاتب نے اپنی بیوی کو دو طلاقیں دے دیں پھر اس سے رجوع کا ارادہ کیا تو ازواج مطہرات نے اسے حکم دیا کہ وہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس جا کر مسئلہ پوچھیں تو وہ آپ کی خدمت میں آیا اور حضرت زید بن ثابت بھی آپ کے پاس موجود تھے:

فَقَالَا: حَرُمَتْ عَلَيْكَ، حَرُمَتْ عَلَيْكَ (١١٩)

١١٨۔ الموطا لمحمد بن الحسن الشيباني، كتاب الطلاق، باب (١٥) الرجل يطلّق امرأته ثلاثاً الحديث: ٥٨١، ص١٩٦

١١٩۔ الدر المنثور، المجلد (١)، سورة البقرة:٢/ ٢٣٠، ص ٦٤١

www.waseemziyai.com

یعنی، تجھ پر حرام ہوگئی، تجھ پر حرام ہوگئی۔

## (۷) حضرت علی اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کا متفقہ فتویٰ:

امام عبدالوہاب شعرانی متوفی ۹۷۳ھ لکھتے ہیں:

كان عليّ و ابن عمر يقولان: لَوْ قَالَ: أَنْتِ خَلِيَّةٌ ثَلَاثاً أَوْ بَرِيئَةٌ ثَلَاثاً أَوْ بَتَّةٌ ثَلَاثاً أَوْ بَائِنٌ ثَلَاثاً أَوْ حَرَامٌ ثَلَاثاً لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ (۱۲۰)

یعنی، حضرت علی اور ابن عمر رضی اللہ عنہم فرماتے تھے اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کے تین بار ''أنت خلية'' یا ''أنت بريئة'' یا ''بتة'' ''بائن'' کہا تو وہ عورت اس کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

## (۸) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلاً أَتىٰ عُمَرَ رضي الله عنه فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي يَعْنِي أَلْبَتَّةَ وَهِيَ حَائِضٌ، قَالَ: عَصَيْتَ رَبَّكَ وَفَارَقْتَ امْرَأَتَكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَمَرَ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِيْنَ فَارَقَ امْرَأَتَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رضي الله عنه: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَ امْرَأَتَهُ لِطَلَاقٍ بَقِيَ لَهُ وَأَنَّهُ لَمْ يَبْقَ لَكَ مَا تَرْجِعَ بِهِ امْرَأَتَكَ۔(۱۲۱)

یعنی، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص

---

۱۲۰۔ كشف الغمة عن جميع الأمة، المجلد (۲)، كتاب الطلاق، فصل فى طلاق البتة و جمع الثلاث الخ، ص ۸۲۱

۱۲۱۔ السنن الكبرىٰ للبيهقى، المجلد(۷)، كتاب الخلع والطلاق، باب(۱۴) ما جاء فى إمضاء الطلاق الثلاث الخ، ص۵۴۷، الحديث:۱۴۹۵۶

www.waseemziyai.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں آیا کہنے لگا میں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق مُغلَّظہ دیدی ہے تو آپ نے فرمایا کہ تو نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور تیری بیوی تجھ سے جُدا ہوگئی تو اس شخص نے کہا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جب اپنی بیوی کو جُدا کیا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں رجوع کرنے کا حکم فرمایا تھا، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے تو انہیں ان طلاقوں کی وجہ سے رجوع کا حکم فرمایا، جوانکے پاس باقی تھیں اور تیری حالت یہ ہے کہ تیرے لئے کوئی طلاق باقی نہیں ہے جسکے ساتھ تو اپنی بیوی سے رجوع کرے۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۲۲) اور امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۱۲۳) نے روایت کیا کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً قَبْلَ أَنْ يَّدْخُلَ بِهَا، قَالَ: هِيَ ثَلَاثٌ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ، وَإِذَا كَانَ أُتِيَ بِهِ أَوْجَعَهُ.

یعنی، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے مقاربت سے قبل بیک وقت اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں کہ تین طلاقیں واقع ہوگئیں جب تک وہ عورت دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے پہلے خاوند کے لیے حلال نہ ہوگی۔ اور جب کوئی ایسا شخص لایا جاتا جس نے بیک وقت تین طلاقیں دی

۱۲۲۔ السنن الکبریٰ للبیهقی المجلد (۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب (۱٤)، باب ما جاء فی إمضاء الطلاق الثلاث الخ، ص٥٤٧، الحدیث:۱٤۹۷۰

۱۲۳۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۱۷) طلاق البکر، ص۲٦۱، الحدیث:۱۱۱۰۹

www.waseemziyai.com

ہوتیں تو آپ اُسے سزا دیتے۔

امام ابوبکر عبدالرزاق نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت نقل کی کہ:

كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِذَا ظَفَرَ بِرَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا، أَوْجَعَ رَأْسَهُ بِالدُّرَّةِ (١٢٤)

یعنی، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب کسی ایسے شخص کو پکڑتے جس نے اپنی بیوی کو (بیک وقت) تین طلاقیں دی ہوتیں تو دُرّے کے ساتھ اس کے سر میں مارتے۔

اور امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی (١٢٥) اور امام ابو بکر عبدالرزاق بن ہمام (١٢٦) سے اور روایت ہے:

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں ایک شخص نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دے دیں

فَرُفِعَ ذٰلِكَ إِلىٰ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ﷺ فَقَالَ: إِنَّمَا كُنْتَ أَلْعَبُ فَعَلَاهُ عُمَرُ ﷺ بِالدُّرَّةِ، وَقَالَ: إِنْ كَانَ لَيَكْفِيكَ ثَلَاثٌ۔

یعنی، یہ فیصلہ حضرت عمر فاروق ﷺ کی خدمت میں لایا گیا تو آپ نے فرمایا تو کھیلتا ہے؟ اور اس کے سر پر کوڑا مارا اور فرمایا تجھے تین کافی ہیں (یعنی تیری بیوی تین طلاقوں سے ہی تجھ پر حرام ہوگئی)۔

امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ روایت کرتے ہیں کہ:

---

١٢٤۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (٥٧) المطلّق ثلاثاً، ص٣٠٧، الحديث:١١٣٨٩

١٢٥۔ سنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد(٧)، كتاب الخلع و الطلاق، باب(١٤) ما جاء في إمضاء الطلاق الثلاث الخ، ص٥٤٧، الحديث:١٤٩٥٧-١٤٩٥٨

١٢٦۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (٥٧) المطلّق ثلاثاً، ص٣٠٧، الحديث:١١٣٨٤

www.waseemziyai.com

یہی مسئلہ جب حضرت انس ﷜ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا وہ عورت اس مرد پر حلال نہیں جب تک کسی دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔ پھر فرمایا:

كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِذَا أُتِىَ بِرَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً أَوْجَعَ ظَهْرَهُ۔(١٢٧)

یعنی، حضرت انس ﷜ فرماتے ہیں حضرت عمر ﷜ کے پاس جب کسی ایسے شخص کو لایا جاتا جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دی ہوتیں تو آپ اس کی پیٹھ پر مارتے۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ عُمَرُ إِذَا أُتِىَ بِرَجُلٍ قَدْ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً فِى مَجْلِسٍ، أَوْجَعَهُ ضَرْباً، وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا۔(١٢٨)

یعنی، حضرت انس ﷜ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق ﷜ کے پاس کوئی ایسا شخص لایا جاتا جس نے اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں دی ہوں تو آپ اس کو مارتے تھے اور ان کے درمیان تفریق کردیتے تھے۔

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ مُجَاهِدٍ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِامْرَأَتِهِ زَمَنَ عُمَرَ: حَبْلُكِ عَلٰى غَارِبِكِ، حَبْلُكِ عَلٰى غَارِبِكِ، حَبْلُكِ عَلٰى غَارِبِكِ، فَاسْتَحْلَفَهُ عُمَرُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَ الْمَقَامِ، فَقَالَ: أَرَدْتُ الطَّلَاقَ ثَلَاثًا، فَأَمْضَاهُ عَلَيْهِ، و فى رواية عبدالملك بن سليمان: أَنَّ عُمَرَ أَمَرَ عَلِيّاً أَنْ

---

١٢٧۔ شرح معانی الآثار، المجلد(٢)، الجزء(٣)، كتاب(٨) الطلاق، باب(٢) الرجل يطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص٥٩، الحديث:٤٤٨٨

١٢٨۔ مصنّف ابن شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٠) من كره أن يطلّق الرجل امرأته ثلاثاً فى مقعدٍ واحدٍ الخ، ص١١، الحديث:٣

www.waseemziyai.com

يُحَلِّفَهُ مَا نَوىٰ۔ (۱۲۹)

یعنی، مجاہد سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہہ دیا کہ تیری رسی تیری گردن پر، تیری رسی تیری گردن پر، تیسری رسی تیری گردن پر، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے رکنِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان حلف لیا تو اس شخص نے کہا میں نے اس سے تین طلاق کا ارادہ کیا، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر تین طلاقوں کو جاری فرما دیا۔ اور عبدالملک بن سلیمان کی روایت میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ اس سے اس کی نیت کا حلف لیں۔

## (۹) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي يَحْيىٰ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلىٰ عُثْمَانَ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي مِائَةً قَالَ: ثَلَاثٌ تُحَرِّمُهَا عَلَيْكَ وَسَبْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ عُدْوَانٌ۔(۱۳۰)

یعنی، معاویہ بن ابی یحییٰ کہتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر ایک شخص نے کہا میں نے اپنی بیوی کو سو (۱۰۰) طلاقیں دی ہیں، آپ نے فرمایا کہ تین طلاقوں سے تمہاری بیوی تم پر حرام ہوگئی اور باقی ستانوے (۹۷) طلاقیں حد سے تجاوز کرنا ہے۔

---

۱۲۹۔ المصنّف لعبدالرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۳۷) حبلك على غاربك، ص۲۸۸، الحدیث:۱۱۲۷٦۔۱۱۲۷۷

۱۳۰۔ مصنّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۲) في الرجل يطلّق إمرأته مائةً أو ألفًا في قولٍ واحدٍ، ص۱۳، حديث:۸

www.waseemziyai.com

## (۱۰) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۳۱) روایت کرتے ہیں اوران کے حوالے سے امام جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر سیوطی متوفی ۹۱۱ھ (۱۳۲) نقل کرتے ہیں کہ:

عَنْ عَلِيٍّ فِيمَنْ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلاَثاً قَبْلَ أَنْ يَّدْخُلَ بِهَا قَالَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔

یعنی، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل تین طلاقیں دے دیں، تو آپ نے فرمایا: اس کی بیوی اس پر اس وقت تک حلال نہیں جب تک کسی دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۱۳۳) اور امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۵۸ھ (۱۳۴) روایت کرتے ہیں:

عَنْ حَبِيبٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى عَلِيٍّ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي أَلْفاً قَالَ: بَانَتْ مِنْكَ بِثَلَاثٍ وَأَقْسِمْ سَائِرَهَا بَيْنَ نِسَائِكَ۔

یعنی، حبیب کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر ایک شخص کہنے لگا میں نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دی ہیں آپ نے فرمایا: تمہاری بیوی تین طلاقوں سے جدا ہوگئی، باقی طلاقیں اپنی بیویوں میں تقسیم کردو۔

---

۱۳۱۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب ما جاء فی إمضاء الطلاق الثلاث، ص۵٤۷، الحدیث:۱٤۹٥۹

۱۳۲۔ جمع الجوامع، المجلد (۱۳)، مسند علی بن أبی طالب، ص۴۰۰، الحدیث: ۷۹۰۵

۱۳۳۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۲) فی الرجل یطلّق إمرأته مائةً أو ألفاً فی قولٍ واحدٍ، ص۱۲، الحدیث:۵

۱۳٤۔ سنن الدارقطنی، المجلد(۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، ص۱٤، الحدیث:۳۹۰۱

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

اس روایت کو امام جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر سیوطی متوفی ۹۱۱ھ نے بھی نقل کیا ہے۔(۱۳۵)

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ ﷺ قَالَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔

یعنی، امام جعفر صادق اپنے والد حضرت امام باقر سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو کوئی اپنی بیوی کو ایک دم ہزار طلاقیں دے دے تو اس کی بیوی اس پر اس وقت تک حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عن شَرِيْكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِيٍّ، فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي عَدَدَ الْعَرْفَجِ، قَالَ: تَأْخُذُ مِنَ الْعَرْفَجِ ثَلَاثًا وَ تَدَعُ سَائِرَهُ (۱۳۶)

یعنی، شریک بن ابی نمر سے مروی ہے کہ ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں آیا، عرض کی میں نے اپنی بیوی کو عرفج کی تعداد کے برابر طلاقیں دے دی ہیں تو آپ نے ارشاد فرمایا: عرفج میں سے تین لے لے (یعنی تین واقع ہو گئیں) باقی چھوڑ دے۔

## (۱۱) حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ (۱۳۷)، اور امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام بن

---

۱۳۵۔ جمع الجوامع، المجلد (۱۳)، مسند علىّ بن أبى طالب، ص ۴۰۰، الحديث: ۷۹۰۶

۱۳۶۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (۶)، كتاب (۱۷) الطلاق، باب (۵۷) المطلّق ثلاثًا، ص ۳۰۶

۱۳۷۔ الموطا للإمام مالك بن أنس، كتاب (۲۹) الطلاق، باب (۱) ماجاء البتة، ص ۴۸۹، الحديث: ۲

نافع صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۱۳۸) روایت کرتے ہیں:

أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ رَجُلاً جَاءَ إِلَىٰ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ: إِنِّيْ طَلَّقْتُ امْرَأَتِيْ ثَمَانِيْ تَطْلِيْقَاتٍ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: فَمَاذَا قِيْلَ لَكَ؟ قَالَ: قِيْلَ لِيْ إِنَّهَا قَدْ بَانَتْ مِنِّيْ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: صَدَقُوْا، مَنْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ فَقَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ لَهُ، وَمَنْ لَبَسَ عَلَىٰ نَفْسِهِ لُبْساً، جَعَلْنَا لُبْسَهُ مُلْصَقاً بِهِ، لَا تَلْبِسُوْا عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ وَنَتَحَمَّلُهُ عَنْكُمْ، هُوَ كَمَا يَقُوْلُوْنَ۔

یعنی، ایک شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میں نے اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دے دی ہیں، تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علماء صحابہ نے تجھے کیا کہا، وہ بولا مجھ سے یہ کہا کہ تیری بیوی تجھ سے بائن (جُدا) ہوگئی تو آپ نے فرمایا: انہوں نے سچ کہا، جو شخص اللہ تعالیٰ کے حکم کے موافق طلاق دے گا تو اللہ تعالیٰ نے اس کا حکم بیان فرما دیا اور جو حکم کو اپنے اُوپر مشتبہ کرے گا تو ہم اُس کی بَلا اُسی پر ڈال دیں گے، اپنے آپ کو مشتبہ نہ کرو جِسے ہم اُسے تم پر ڈال دیں، تیری بیوی کا حکم وہی ہے جو صحابہ کہتے ہیں (یعنی وہ تجھ سے جُدا ہوگئی)۔

اور اسی حدیث کو امام طبرانی نے ''المعجم الکبیر'' میں روایت کیا ہے اور ان سے حافظ نورالدین علی بن ابی بکر بن سلیمان ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ نے نقل کیا اور اس حدیث کے بارے میں حافظ ہیثمی لکھتے ہیں:

رجاله رجال الصحيح (۱۳۹)

---

۱۳۸۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (١٧) المطلّق ثلاثاً، ص٣٠٦، الحديث: ١١٣٨٦

۱۳۹۔ مجمع الزوائد، المجلد (٤)، كتاب (١٨) الطلاق، باب (١٠) فيمن طلّق أكثر من ثلاث، ص٤٤٢، الحديث: ٧٧٨٥

www.waseemziyai.com

یعنی، اس حدیث کے راوی صحیح حدیث کے راوی ہیں۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۱٤۰)، امام ابو بکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۱٤۱) روایت کرتے ہیں اوران سے قاضی ثناء اللہ پانی پتی متوفی ۱۲۲۵ھ (۱٤۲) نقل کرتے ہیں کہ حضرت علقمہ فرماتے ہیں! ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن مسعود کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی کہ

إِنِّى طَلَّقْتُ امْرَأَتِى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ مَرَّةً قَالَ: فَمَا قَالُوا لَكَ؟ قَالَ قَالُوا: قَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ، قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ أَرَادُوا إِنْ يَّبْقُوا عَلَيْكَ بَانَتْ مِنْكَ بِثَلَاثٍ وَسَائِرُهُنَّ عُدْوَانٌ۔

یعنی، میں نے اپنی بیوی کوننانوے (۹۹) طلاقیں دی ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا علماء صحابہ نے تجھے اس کا کیا حکم بتایا؟ اس نے جواب دیا انہوں نے کہا ہے تیری بیوی تجھ پر حرام ہوگئی، تو علقمہ کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا تین طلاقوں نے تجھ سے تیری بیوی کو الگ کردیا اور باقی سب حد سے تجاوز ہیں۔

مندرجہ بالا دونوں روایات سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے تین ہونے اوران سے بیوی کے حرام ہونے پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کا اتفاق ہے۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۱٤۳) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی

---

۱٤۰۔ مصنَّف إبن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۲) فی الرجل یطلّق امرأته مائةً أو ألفاً فی قولٍ واحدٍ، ص۱۲، الحدیث:۱

۱٤۱۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (۲)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۱۷) المطلّق ثلاثاً، ص۳۱۷، الحدیث: ۱۱۳۸۷

۱٤۲۔ تفسیر مظهری، المجلد(۱)، سورة البقرة، آیت:۲۲۹، ص۳۰۲

۱٤۳۔ مصنَّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۲) فی الرجل یطلّق امرأته مائةً أو ألفاً فی قولٍ واحدٍ، ص۱۲، الحدیث:۲

www.waseemziyai.com

۴۵۸ھ(۱٤٤) نے روایت کیا ہے:

عَنْ عَلْقَمَه عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ مِائَةَ تَطْلِيْقَةٍ قَالَ: حَرَّمَتْهَا ثَلَاثٌ وَّسَبْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ عُدْوَانٌ۔

یعنی، علقمہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دیدیں آپ نے فرمایا تین طلاقوں سے اسکی بیوی حرام ہوگئی باقی ستانوے حد سے تجاوز ہیں۔

امام طبرانی روایت کرتے ہیں اور ان سے حافظ نورالدین ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ نقل کرتے ہیں:

عن علقمة، قال: جَاءَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّيْ طَلَّقْتُ امْرَأَتِيْ تِسْعًا وَ تِسْعِيْنَ، وَ إِنِّيْ سَأَلْتُ، فَقِيْلَ: قَدْ بَانَتْ مِنِّيْ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: قَدْ أَحَبُّوْا أَنْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَكَ وَ بَيْنَهَا، قَالَ: فَمَا تَقُوْلُ رَحِمَكَ اللّٰهُ؟ فَظَنَّ أَنَّهُ سَيُرَخِّصُ لَهُ، فَقَالَ: ثَلَاثٌ تُبِيْنُهَا مِنْكَ، وَ سَائِرُهُنَّ عُدْوَانٌ

یعنی، حضرت علقمہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ میں نے اپنی بیوی کو ننانوے طلاقیں دے دی ہیں اور میں نے اس مسئلہ کے بارے میں صحابہ سے دریافت کیا تو جواب ملا کہ میری بیوی مجھ سے (حُرمت مغلّظہ کے ساتھ) جُدا ہوگئی۔ تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انہوں نے تیرے اور تیری بیوی کے مابین جدائی کو پسند کیا ہے۔ تو اس شخص نے کہا اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ اور اس نے گمان کہ عنقریب آپ

---

۱٤٤۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۳) الإختیار للزوج أن لا یطلّق إلا واحدةً، ص٥٤٤، الحدیث:۱٤۹٤۸

www.waseemziyai.com

اُسے رخصت دے دیں گے، پس حضرت بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ننانوے میں سے تین طلاقوں نے تیری بیوی تجھ سے جُدا کردی اور باقی سب سے حد سے تجاوز ہیں۔

اور اس حدیث کے بارے میں حافظ ہیثمی لکھتے ہیں:

رجاله رجال صحيح (١٤٥)

یعنی، اس حدیث کے راوی صحیح حدیث کے راوی ہیں۔

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عن مسروق عن بن مسعود، سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لِامْرَأَتِهِ: اخْتَارِیْ، فَسَكَتَتْ، ثُمَّ قَالَ: اِخْتَارِیْ، فَسَكَتَتْ، ثُمَّ قَالَ لَهَا ثَالِثَةً: اِخْتَارِیْ، فَقَالَتْ: اخْتَرْتُ نَفْسِیْ، قَالَ: هِیَ ثَلَاثٌ (١٤٦)

یعنی، مسروق تابعی سے مروی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا: اختیار کر تو وہ خاموش رہی، پھر اس نے کہا اختیار کر تو وہ خاموش رہی، پھر تیسری بار کہا اختیار کر تو اس بار اس عورت نے کہا: میں نے اپنے نفس کو اختیار کیا (تو اس کا حکم کیا ہے؟) آپ نے فرمایا: یہ تین طلاقیں ہیں۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ نے روایت کیا ہے:

عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنَّهُ كَانَ بَيْنِیْ وَبَيْنَ امْرَأَتِیْ كَلَامٌ فَطَلَّقْتُهَا عَدَدَ النُّجُوْمِ قَالَ: تَكَلَّمْتَ بِالطَّلَاقِ؟ قَالَ: نَعَمْ! قَالَ: قَالَ عَبْدُاللّٰهِ: قَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ الطَّلَاقَ فَعَمَّنْ أَخَذْتَهُ؟ فَمَنْ طَلَّقَ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ فَقَدْ تَبَيَّنَ لَهُ وَمَنْ لَبِسَ عَلٰى

١٤٥۔ مجمع الزوائد، المجلد (٤)، كتاب (١٨) الطلاق، باب (١٠) فيمن طلّق أكثر من ثلاث، ص٤٢٢، الحديث: ٧٧٨٤

١٤٦۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد(٧)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (١٣٤) يخيّرها ثلاثًا، ص٦، الحديث: ١٢٠٣٤

www.waseemziyai.com

نَفْسِهِ جَعَلْنَا بِهِ لُبْسَهُ ،لَا تَلْبِسُوا عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ وَنَتَحَمَّلُهُ عَنْكُمْ هُوَ كَمَا تَقُولُونَ۔(١٤٧)

یعنی، ابن سیرین حضرت علقمہ سے اور وہ حضرت عبداللہ بن مسعود سے بیان کرتے ہیں کہ آپ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا میرے اور میری بیوی کے درمیان کچھ بات ہوگئی تو میں نے اسے تاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دے دیں تو آپ نے فرمایا تو نے طلاق کا لفظ زبان سے کہا؟ وہ کہنے لگا ہاں، راوی کہتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا اللہ نے طلاق دینے کا طریقہ بیان فرمایا دیا ہے، یہ طریقہ تو نے کس سے لیا؟ پس جو شخص اللہ تعالیٰ کے حکم کے موافق طلاق دے گا تو اللہ تعالیٰ نے اس کا حکم بیان فرما دیا ہے اور جو حکم کو اپنے اوپر مشتبہ کرے گا تو ہم اس کی بلا اسی پر ڈال دیں گے، اپنے آپ کو مشتبہ نہ کرو جو ہم اسے تم پر ڈال دیں۔

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ(١٤٨) روایت کرتے ہیں اور حافظ نورالدین ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ(١٤٩)، امام ''طبرانی کبیر'' کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

عن ابن مسعود فِي الَّتِي تُطَلَّقُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا، لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ

یعنی، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جس عورت کو دخول سے پہلے تین طلاقیں دے دی گئیں تو وہ عورت اپنے شوہر

---

١٤٧۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٣) من قال لامرأته: أنت طالق عدد النجوم، ص١٣، الحديث:١

١٤٨۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (١٧) طلاق البكر، ص٦٢٠، الحديث:١١١٠٧

١٤٩۔ مجمع الزوائد، المجلد (٤)، كتاب (١٨) الطلاق، باب (١٣) متى تحلّ المبتوتة، ص٤٤٥، الحديث:٧٧٩٦۔٧٧٩٧

www.waseemziyai.com

کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

اس سے ثابت ہوا صحابہ کرام کے نزدیک بھی اگر کوئی اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دے تو واقع ہو جاتی ہیں اور وہ عورت اس مرد پر حرام ہو جاتی ہے۔

## (۱۲) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا فتویٰ:

حضرت امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ (۱۵۰) اور امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ (۱۵۱) نے روایت اور علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ (۱۵۲) نے نقل کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے طلاق کے متعلق سوال کیا جاتا تو آپ فرماتے، جب تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو تم رجوع کر سکتے ہو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس چیز کا حکم دیا تھا......

إِنْ كُنْتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثاً، فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَكَ وَعَصَيْتَ اللّٰهَ فِيمَا أَمَرَكَ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ۔

یعنی، اگر تم نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں تو بیوی تم پر حرام ہو گئی جب تک وہ تمہارے علاوہ کسی اور خاوند کے پاس نہ رہے حلال نہ ہوگی اور تم نے اس کو اکھٹی تین طلاقیں دے کر اللہ تعالیٰ نے تمہیں طلاق دینے کا جو طریقہ بتایا تھا اس کی نافرمانی کی ہے۔

اس کے تحت ڈاکٹر عبدالمعطی قلعجی نے لکھا:

وإسناده صحيح (۱۵۳)

یعنی، اس کی سند صحیح ہے۔

---

۱۵۰۔ صحيح مسلم، المجلد(٥)، الجزء(١٠)، كتاب(١٨) الطلاق، باب(١) تحريم طلاق الحائض الخ، ص٥٢، الحديث:١(١٤٧١)

۱۵۱۔ المسند :١٢٤/٢

۱۵۲۔ جامع المسانيد و السنن، المجلد (٢٩)، مسند عبدالله بن عمر رضى الله عنهما، (٢٤٣) نافع، عنه، ص٢٢١، الحديث:١٩٩٨

۱۵۳۔ تحقيق جامع المسانيد و السنن:٢٢١/٢٩(٩٠٩)

www.waseemziyai.com

امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ نے چار مختلف اسناد سے روایت کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے طلاق کے متعلق سوال کیا جاتا تو آپ فرماتے، جب تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو تم رجوع کر سکتے ہو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس چیز کا حکم دیا تھا:

إِنْ كُنتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثاً، فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَكَ وَ عَصَيْتَ اللّٰهَ فِيمَا أَمَرَكَ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ۔ (۱۵۴)

یعنی، اگر تم نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں تو وہ تم پر حرام ہوگئی جب تک وہ تمہارے علاوہ کسی اور خاوند کے پاس نہ رہے حلال نہ ہوگی اور تم نے اس کو اکھٹی تین طلاقیں دے کر اللہ تعالیٰ نے تمہیں طلاق دینے کا جو طریقہ بتایا تھا اس کی نافرمانی کی ہے۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ نے روایت کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے طلاق کے متعلق سوال کیا جاتا تو آپ فرماتے، جب تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو تم رجوع کر سکتے ہو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس چیز کا حکم دیا تھا۔

إِنْ كُنتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثاً، فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَكَ وَ عَصَيْتَ اللّٰهَ فِيمَا أَمَرَكَ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ۔ (۱۵۵)

یعنی اور اگر تم نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں تو بیوی تم پر حرام ہوگئی جب تک وہ تمہارے علاوہ کسی اور خاوند کے پاس نہ رہے حلال نہ ہوگی اور تم نے اس کو اکھٹی تین طلاقیں دے کر اللہ تعالیٰ

---

۱۵۴۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، ص۱۸-۱۹-۲۰، الحدیث: ۳۹۲۱-۳۹۲۲-۳۹۲٤-۳۹۲۹

۱۵۵۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(۱۳) الإختیار للزوج أن لا یطلّق إلا واحدةً، ص۵٤۱، الحدیث: ۱٤۹٤۱

www.waseemziyai.com

نے تمہیں طلاق دینے کا جو طریقہ بتایا تھا اس کی نافرمانی کی ہے۔

امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ (۱۵۶) اور ان سے علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ (۱۵۷) نقل کرتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

وَ أَمَّا أَنْتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثًا فَقَدْ عَصَيْتَ اللّٰهَ بِمَا أَمَرَكَ بِهِ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ، وَ بَانَتْ مِنْكَ (ففی:۱۷۸۳ بَانَتْ مِنْكَ وَ بِنْتَ مِنْهَا)

یعنی، اگر تو نے اُسے تین طلاقیں (بیک وقت) دے دیں تو اللہ تعالیٰ نے بیوی کو طلاق دینے کا جو حکم فرمایا تھا اس حکم کی تو نے نافرمانی کی اور تیری بیوی (تین طلاقیں واقع ہونے کی وجہ سے) تجھ سے جُدا ہوگئی۔ اور تو اس سے جُدا ہوگیا۔

اس کے تحت علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں:

رواه مسلم (فی باب تحریم طلاق الحائض الخ) عن زهیر، و النسائی (فی باب الرجعة)عن علی بن حجر کلاهما عن إسماعيل بن علية

یعنی، اس حدیث کو امام مسلم نے زہیر سے اور نسائی نے علی بن حجر سے، دونوں نے اسماعیل بن عُلیہ سے روایت کیا ہے۔

اور علامہ ابن کثیر (برقم:۱۵۰۳) اور ڈاکٹر عبدالمعطی (۱۵۸) لکھتے ہیں:

و إسناده صحيح

یعنی، اس کی سند صحیح ہے۔

اور امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ کی روایت کے الفاظ مندرجہ ذیل ہیں:

۱۵۶۔ المسند:۲/۶، و طبعة شاکر (۴۵۰۰)، أیضاً المسند طبعة شاکر (۵۳۲۱)

۱۵۷۔ جامع المسانيد و السنن، المجلد (۲۹)، مسند عبدالله بن عمر، (۲۴۳) نافع، عنه، ص۵۸، ۱۵۱، الحدیث:۱۵۰۳، ۱۷۸۳

۱۵۸۔ تحقیق جامع المسانيد و السنن: ۵۸/۲۹ (۶۱۳)

www.waseemziyai.com

وَ أَمَّا أَنْ يُطَلِّقَهَا ثَلاثًا فَقَدْ عَصَيْتَ اللّٰهِ فِيمَا أَمَرَكَ بِهِ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ وَ بَانَتْ مِنْ امْرَأَتُكَ (١٥٩)

یعنی، اگر اُسے تین طلاق بیک وقت دے دی تو اللہ تعالیٰ نے طلاق دینے کا جو طریقہ بتایا تھا تو نے اس کی نافرمانی کی اور تیری بیوی (تین طلاق کے ساتھ) تجھ سے جُدا ہوگئی۔

اس سے بھی معلوم ہوا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں نافذ ہوجاتی ہیں۔

امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ نے یہ بھی روایت کیا ہے۔

عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَنْ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ ثَلَاثاً، فَقَدْ بَانَتْ مِنْهُ، وَعَصىٰ رَبَّهُ، وَخَالَفَ السُّنَّةَ۔ (١٦٠)

یعنی، حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا جس شخص نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں تین طلاقیں بیک وقت دے دیں تو عورت اس سے جُدا ہوجائے گی اور اس شخص نے ایسا کرکے اپنے ربّ کی نافرمانی اور سنّت کا خلاف کیا۔

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عن سالم، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَنْ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا طُلِّقَتْ فَعَصىٰ رَبَّهُ (١٦١)

یعنی، حضرت سالم سے مروی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دیں تو تینوں واقع ہوگئیں اور اس نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی۔

---

١٥٩۔ السنن الکبریٰ للنسائی، المجلد (٣)، کتاب (٤٤) الطلاق، باب (٧٦) الرجعة، ص٤٠٢۔٤٠٣، الحدیث:٥٧٥٢/٤

١٦٠۔ سنن الدار قطنی، المجلد(٢)، الجزء (٤)، کتاب الطلاق، ص٣٠، الحدیث: ٣٩٧٧ – ٣٩٧٨

١٦١۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (٥٧) المطلّق ثلاثاً، ص٣٠٨، الحدیث:١١٣٨٨

www.waseemziyai.com

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عَن نافع، أَنَّ رَجُلًا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَ هِيَ حَائِضٌ ثَلَاثًا، فَسَأَلَ ابْنَ عُمَرَ، فَقَالَ: عَصَيْتَ رَبَّكَ، وَ بَانَتْ مِنْكَ، لَا تَحِلُّ لَكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَكَ (۱۶۲)

یعنی، نافع سے مروی ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں تین طلاقیں دے دیں پھر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مسئلہ پوچھا تو آپ نے فرمایا: تو نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور تیری بیوی تجھ سے (طلاق مغلّظہ کے ساتھ) جُدا ہو گئی (اب) تیرے لئے حلال نہیں یہاں تک کہ تیرے سوا دوسرے خاوند کے پاس رہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ: إِذَا نَكَحْتُ فُلَانَةً فَهِيَ طَالِقٌ، فَهِيَ كَذٰلِكَ إِذَا نَكَحَهَا وَإِنْ كَانَ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً أَوِ اثْنَتَيْنِ أَوْ ثَلٰثًا فَهُوَ كَمَا قَالَ۔ (۱۶۳)

یعنی، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے تھے جب کوئی شخص کہے اگر میں نے فلاں عورت سے نکاح کیا تو اُسے طلاق ہے پھر جب اُسی عورت سے نکاح کیا تو اُسی طرح ہو گی (یعنی اسے طلاق ہو جائے گی) اگر اس نے اسے ایک طلاق یا دو طلاقیں یا تین طلاقیں دی تھیں تو اتنی ہی واقع ہو جائیں گی جتنی اُس نے دی تھیں۔

---

۱۶۲۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب الطلاق، باب (٧) الرجل يطلّق امرأته ثلاثًا الخ، ص٤٥ف٢، الحديث:١١٠٠٧

۱۶۳۔ المؤطا للإمام محمد الحسن الشيباني، كتاب الطلاق، باب الرجل يقول: إذا نكحت فلانة فهي طالق، ص١٨٩، الحديث:٥٦٤

www.waseemziyai.com

اس سے بھی معلوم ہوا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں تینوں ہی واقع ہوجاتی ہیں۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں

قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلىٰ عَبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَأَنَا عِندَهُ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبدِ الرَّحمٰنِ! إِنَّهُ طَلَّقَ امرَأَتَهُ مِائَةَ مَرَّةٍ، قَالَ: بَانَت مِنكَ بِثَلَاثٍ وَّسَبعَةٍ وَّتِسعُونَ يُحَاسِبُكَ اللّٰهُ بِهَا يَومَ القِيَامَةِ۔ (١٦٤)

یعنی، ایک شخص حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں آیا راوی کہتا ہے میں بھی انکے پاس تھا۔ کہنے لگا اے ابو عبد الرحمٰن! (حضرت ابن عمر کی کُنیت ہے) میں نے اپنی بیوی کو سو بار طلاق دی ہے تو آپ نے فرمایا تیری بیوی تین طلاق سے تجھ سے جُدا ہوگئی باقی ستانوے کا حساب تجھ سے اللہ تعالیٰ بروز قیامت فرمائے گا۔

(۱۳) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فتویٰ:

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ طَلَّقَ امرَأَتَهُ ثَلَاثاً: حَرُمَت عَلَيكَ۔ (١٦٥)

یعنی، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اُس شخص سے فرمایا جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دی تھیں کہ تجھ پر تیری بیوی حرام ہوگئی۔

امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ (١٦٦) اور امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ

---

١٦٤۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٢) في الرجل يطلّق امرأته مائةً أو ألفاً في قولٍ واحدٍ، ص١٣، الحديث:١٠

١٦٥۔ السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد(٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب(١٥) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص٥٥٢، الحديث:١٤٩٧٦

١٦٦۔ شرح معاني الآثار، المجلد(٢)، الجزء(٣)، كتاب(٨) الطلاق، باب(٢) الرجل يطلّق امرأته ثلاثاً معاً، ص٥٧، الحديث:٤٤٧٦

www.waseemziyai.com

(۱۶۷)، امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۶۸) روایت کرتے ہیں:

عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَىٰ ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ: إِنَّ عَمِّىْ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً، فَقَالَ: إِنَّ عَمَّكَ عَصَى اللّٰهَ فَأَتَمَّهُ اللّٰهُ (فَانْدَمَهُ اللّٰهُ) وَأَطَاعَ الشَّيْطَانَ فَلَمْ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجاً، فَقُلْتُ: كَيْفَ تَرَىٰ فِىْ رَجُلٍ يُّحِلُّهَا لَهُ؟ فَقَالَ (مَنْ يُخَادِعِ اللّٰهَ يُخَادِعْهُ)۔

یعنی، مالک بن حارث بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں عرض کی حضرت میرے چچا نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دیدی ہیں آپ نے فرمایا تیرے چچا نے اللہ کی نافرمانی کی ہے تو اللہ نے اُسے پورا کر دیا (پشیمان کر دیا) اور اس نے شیطان کی اطاعت کی ہے جس نے اس کیلئے نکلنے کی راہ نہیں چھوڑی مالک بن حارث کہتے ہیں میں نے کہا آپ کا اس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے وہ عورت اس کیلئے حلال ہوگی؟ تو آپ نے فرمایا جو اللہ کو دھوکہ دے وہ اپنے آپ کو دھوکہ دیتا ہے۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: إِذَا طَلَّقَهَا ثَلَاثاً قَبْلَ أَنْ يَّدْخُلَ بِهَا لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَلَوْ قَالَهَا تَتْرِىٰ بَانَتْ بِالْأُوْلىٰ۔(۱۶۹)

یعنی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب کوئی شخص

۱۶۷۔ مصنَّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٠) من کرہ أن یطلّق الرجل امرأته ثلاثاً فی مقعدٍ واحدٍ، ص١١، الحدیث:٢

١٦٨۔ السنن الکبری للبیهقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(١٥) من جعل الثلاث واحدةً، ص٥٥٢، الحدیث:١٤٩٨١

١١٦۔ مصنَّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤) کتاب(١١) الطلاق، باب(١٩) فی الرجل یقول: لإمرأته أنت طالق الخ، ص٢١، الحدیث:٧

www.waseemziyai.com

اپنی بیوی کو دخول سے پہلے تین طلاقیں دیدے تو وہ عورت اس پر اس وقت تک حلال نہیں ہے جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے اور اگر اس نے متفرق الفاظ سے یہ طلاقیں دیں تو اس صورت میں پہلی طلاق سے بائنہ ہو جائیگی۔

اس سے معلوم ہوا کہ غیر مدخول بہا کو اگر الگ الگ طلاقیں دی جائیں تو وہ پہلی طلاق سے ہی بائن ہو جاتی ہے پھر وہ محلِ طلاق نہیں رہتی جو دوسری طلاقیں واقع ہو سکیں اس لئے بقیہ دو لغو ہو جاتی ہیں۔

امام ابو بکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں کہ ابن طاؤس نے اپنے والد طاؤس سے روایت کیا کہ

كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ إِذَا سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ مُطَلِّقٍ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا، قَالَ: لَوِ اتَّقَيْتَ اللّٰهَ جَعَلَ لَكَ مَخْرَجًا (۱۷۰)

یعنی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جب کسی ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا جاتا جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دی ہوں تو فرمائے اگر تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا تو اللہ تعالیٰ تیرے نکلنے کی کوئی جگہ چھوڑتا۔

امام محمد بن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ نے روایت کیا کہ

عن ابن عباس رضی الله عنهما قال: أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي ثَلَاثًا، قَالَ: يَذْهَبُ أَحَدُكُمْ فَيَتَلَطَّخُ بِالنَّتْنِ ثُمَّ يَأْتِينَا، اذْهَبْ فَقَدْ عَصَيْتَ رَبَّكَ، وَ قَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ امْرَأَتُكَ، لَا تَحِلُّ لَكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَكَ

قال محمد: وبه نأخُذُ، وهو قول أبي حنيفة، و قول العامة لا

۱۷۰۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۵۷) المطلّق ثلاثاً، ص ۳۰۷

www.waseemziyai.com

اختلاف فيه (١٧١)

یعنی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں ان کے پاس ایک شخص آیا کہنے لگا میں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں، آپ نے فرمایا: تم میں کا ایک جاتا ہے مذموم حرکت کرتا ہے پھر ہمارے پاس آتا ہے، جاپس تحقیق تو نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی ہے اور تجھ پر تیری بیوی حرام ہوگئی ہے، تیرے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

امام محمد نے فرمایا: اس روایت کو ہم فتویٰ کے لئے لیتے ہیں اور یہی امام ابوحنیفہ اور جمہور کا قول ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

اس حدیث کے بارے میں محقق احمد عیسٰی معصراوی نے لکھا: اس حدیث کی سند ''صحیح'' ہے۔(١٧٢)

اور امام عبدالرزاق نے دوسری روایت حضرت مجاہد سے بیان کی کہ

قال مجاهد: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ! طَلَّقْتُ امْرَأَتِي ثَلاثًا، فَقَالَ ابنُ عَبَّاسٍ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ! يُطَلِّقُ أَحَدُكُمْ فَيَسْتَحْمِقُ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ، عَصَيْتَ رَبَّكَ وَ فَارَقْتَ امْرَأَتَكَ (١٧٣)

یعنی، حضرت مجاہد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیان کیا کہ ان سے ایک شخص نے آکر کہا اے ابا عباس میں نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دیں ہیں تو حضرت ابن عباس نے

١٧١۔ كتاب الآثار، المجلد (٢)، كتاب الطلاق، باب من طلّق ثلاثاً الخ، ص٥٠٤، الحديث:٤٩١

١٧٢۔ تحقيق كتاب الآثار:٢/٥٠٤

١٧٣۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (٥٧) المطلّق ثلاثًا، ص٣٠٩، الحديث:١١٣٩٦

www.waseemziyai.com

فرمایا: اے ابا عباس تم میں کا ایک حماقت کرتا ہے اور طلاق دے دیتا ہے۔ تو نے (بیک وقت تین طلاقیں دے کر) اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور تیری بیوی (حُرمتِ مُغلّظہ کے ساتھ) تجھ سے جُدا ہوگئی۔

امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ (۱۷۴)، امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ (۱۷۵) اور امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۷۶) روایت کرتے ہیں کہ حضرت مجاہد نے بیان کیا، میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس بیٹھا تھا ایک شخص نے آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی کہ میں نے اپنی بیوی کو سخت غُصّے کی حالت میں ایک دم تین طلاقیں دے دی ہیں

قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهُ رَادُّهَا إِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَنْطَلِقُ أَحَدُكُمْ فَيَرْكَبُ الْحُمُوقَةَ ثُمَّ يَقُولُ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، وَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ: ﴿وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهُ مَخْرَجًا﴾ وَإِنَّكَ لَمْ تَتَّقِ اللّٰهَ فَلَمْ أَجِدْ لَكَ مَخْرَجاً عَصَيْتَ رَبَّكَ وَبَانَتْ مِنْكَ امْرَأَتُكَ۔

یعنی، حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ آپ خاموش رہے یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ آپ اس کی بیوی کو اس کی طرف لوٹا دیں گے پھر آپ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی حماقت پر سوار ہوکر ایسی حرکت کر بیٹھتا ہے پھر چلا آتا ہے اور کہتا ہے اے ابن عباس، اے ابن عباس! اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ”اور جو اللہ سے ڈرتا

۱۷۴۔ سنن أبي داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۱۰) نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث، ص۴۴۹، الحديث:۲۱۹۷

۱۷۵۔ سنن الدارقطني، المجلد(۲)، الجزء(۴)، کتاب الطلاق، ص ۱۰۔۱۱۔۳۲، الحديث:۳۸۸۲-۳۹۸۹

۱۷۶۔ السنن الکبری للبیهقي، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۵) الإختيار للزوج أن لا يطلّق إلا واحدةً، ص۵۴۲، الحديث:۱۴۹۴۳

www.waseemziyai.com

ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے کوئی راستہ پیدا فرما دیتا ہے'' اور بے شک تو اللہ سے نہیں ڈرا تو میں تیرے لیے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں پاتا۔ تو نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور تیری عورت تجھ پر جُدا ہوگئی (یعنی تین طلاقیں واقع ہونے کی وجہ سے تجھ پر حرام ہوگئی)۔

یعنی، اگر تُو سنّت کے مطابق طُہر میں ایک طلاق دیتا تو تجھے سوچنے کا موقع ملتا اور اللہ تعالیٰ تیرے لیے کوئی راستہ پیدا فرما دیتا اور پھر تو اللہ سے نہیں ڈرا تو نے اس کے حکم پر عمل نہیں کیا اور بیک وقت تین طلاقیں دے بیٹھا تو میں کیا کرسکتا ہوں۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر بیک وقت دی گئی تین طلاقوں سے ایک طلاق واقع ہوتی اور اس کے بعد رجوع ممکن ہوتا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اُسے رجوع کرنے کا حکم فرماتے حالانکہ آپ نے رجوع کا حکم نہیں فرمایا بلکہ فرمایا: ''میں تیرے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں پاتا'' یعنی تیری بیوی پر تینوں طلاقیں واقع ہوچکی ہیں لہٰذا اَب نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔

ذرا غور کیجیے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما تو فرما رہے ہیں کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے بعد میں تیرے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں پاتا، حضرت ابن عباس تو راستہ نہیں پاتے نجانے ان غیر مقلّدوں نے راستہ کہاں سے معلوم کرلیا۔

امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ فرماتے ہیں اس حدیث کو

۱...... حمید الاعرج وغیرہ نے مجاہد از ابن عباس

۲...... شعبہ نے عمرو بن مرہ از سعید بن جبیر از ابن عباس

۳...... ایوب اور ابن جریج دونوں نے عطاء از ابن عباس

۴...... اعمش نے از مالک بن حارث از ابن عباس.......... اور

۵...... ابن جریج از عمرو بن دینار از ابن عباس سے روایت کیا ہے:

كُلُّهُمْ قَالُوا فِي الطَّلَاقِ الثَّلَاثِ: إِنَّهُ أَجَازَهَا، قَالَ: وَبَانَتْ

www.waseemziyai.com

مِنْكَ۔(۱۷۷)

یعنی، سب نے بیک وقت تین طلاق کے بارے میں کہا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیک وقت دی گئیں تین طلاقیں نافذ فرمادیں (اور یہ نہیں فرمایا کہ بیک وقت دی گئیں تین طلاقوں سے تین نہیں ایک واقع ہوتی ہے) اور (یہ) فرمایا تیری بیوی تین طلاق واقع ہونے کی وجہ سے تجھ سے جُدا ہوگئی۔

امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ دو مختلف سندوں کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر اور مجاہد بیان کرتے ہیں:

أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ عَدَدَ النُّجُومِ، فَقَالَ: أَخْطَأَ السُّنَّةَ وَحَرُمَتْ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ۔(۱۷۸)

یعنی، حضرت ابن عباس سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے اپنی بیوی کو ستاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دی تھیں آپ نے فرمایا اس نے سنّت کے خلاف کیا اور اسکی بیوی اس پر حرام ہوگئی۔

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۱۷۹) اور امام احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۸۰) اور امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۱۸۱) روایت کرتے ہیں:

عَنْ عَمْرٍو (و فی المصنّف لعبد الرزاق : عَنْ مُجَاهِدٍ) سُئِلَ عَنِ

۱۷۷۔ سنن أبی داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۱۰) نسخ المراجعة بعد التطلیقات الثلاث، ص۴۴۹، الحدیث:۲۱۹۷

۱۷۸۔ سنن الدارقطنی، المجلد(۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق،ص۱۰، الحدیث:۳۹۰۲-۳۹۰۳

۱۷۹۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۳) من قال لإمرأته: أنت طالق عدد النجوم، ص۱٤، الحدیث:۳

۱۸۰۔ السنن الکبری للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۵) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص۵۵۲، الحدیث:۱٤۹۸۰

۱۸۱۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد(٦)، کتاب(۱۷) الطلاق، باب(۵۷) المطلّق ثلاثاً، ص۳۰۷، الحدیث:۱۱۳۹۱

www.waseemziyai.com

ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ عَدَدَ النُّجُومِ فَقَالَ: يَكْفِيهِ مِنْ ذٰلِكَ رَأْسُ الْجَوْزَاءِ۔

یعنی، حضرت عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (اور مصنّف عبدالرزاق میں ہے کہ حضرت مجاہد بیان کرتے ہیں) کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کسی شخص نے پوچھا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ستاروں کی مانند طلاقیں دے دے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا اُسے ان میں سے بُرجِ جوزا کا سر ہی کافی ہے (اور بُرجِ جوزا کے سر پر تین ستارے ہوتے ہیں تو مفہوم یہ ہے کہ تجھے تین طلاقیں کافی ہیں)۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۸۲) دو مختلف سندوں سے عطاء بن یسار اور مجاہد سے اور امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۱۸۳) نے بیان کیا ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عباس سے کہا کہ:

طَلَّقْتُ امْرَأَتِي مِائَةً، قَالَ: تَأْخُذُ ثَلَاثاً وَتَدَعُ سَبْعاً وَتِسْعِينَ۔

یعنی، میں نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دے دی ہیں آپ نے فرمایا تین لے لو اور ستانوے چھوڑ دو (یعنی تین واقع ہوگئیں اور ستانوے لغو ہوگئیں)۔

ابن انس روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ مَالِكٍ أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي مِائَةَ تَطْلِيقَةٍ فَمَاذَا تَرىٰ عَلَيَّ؟ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ: طُلِّقَتْ

---

۱۸۲۔ السنن الکبری للبیھقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(۱۵) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص۵۵۲، الحدیث:۱۴۹۷۷

۱۸۳۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷)، باب (۵۷) المطلّق ثلاثاً، ص۳۰۸، الحدیث: ۱۱۳۹۲۔۱۱۳۹۳

www.waseemziyai.com

مِنْكَ لِثَلَاثٍ وَّسَبْعٌ وَّتِسْعُوْنَ اتَّخَذْتَ بِهَا آيَاتَ اللّٰهِ هُزُواً۔(۱۸۴)

یعنی، ایک شخص نے حضرت ابن عباس کی خدمت میں عرض کی حضرت میں نے اپنی بیوی کو بیک وقت سوطلاقیں دے دی ہیں تو حضرت ابن عباس نے فرمایا تیری بیوی تین سے طلاق والی ہوگئ اور جوزیادہ ہیں وہ تو نے اللہ کی آیتوں سے مذاق کیا ہے۔

امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَجُلاً طَلَّقَ امْرَأَتَهُ مِائَةً فَقَالَ: ثَلَاثٌ تُحَرِّمُهَا عَلَيْهِ، وَسَبْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ فِيْ رَقَبَتِهِ، إِنَّهُ اتَّخَذَ آيَاتَ اللّٰهِ هُزُواً۔ (۱۸۵)

یعنی، حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے اپنی بیوی کو بیک وقت سوطلاقیں دے دیں تو حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا تین طلاقوں نے اس کی بیوی اس پر حرام کردی اور ستانوے اس کی گردن میں ہیں کہ اس نے اللہ کی آیتوں کو مذاق بنایا۔

امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ کی روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا:

ثَلَاثٌ تَحْرِمُ عَلَيْكَ امْرَأَتَكَ وَسَائِرُهُنَّ وِزْرٌ اتَّخَذْتَ آيَاتَ اللّٰهِ هُزُواً۔ (۱۸۶)

یعنی، بیک وقت دی گئی تین طلاقوں نے تیری بیوی تجھ پر حرام کردی اور تمام طلاقیں بوجھ ہیں کہ تو نے اللہ کی آیتوں کو مذاق بنایا۔

---

۱۸۴۔ المؤطا للإمام مالك بن أنس، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب ماجاء في البتة، الحديث:۶۲۵

۱۸۵۔ شرح معاني الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، كتاب (۸) الطلاق، باب(۲) الرجل يطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص۵۸، الحديث:۴۴۸۱

۱۸۶۔ سنن الدار قطني، المجلد(۲)، الجزء(۴)، كتاب الطلاق، ص۱۰، الحديث:۳۸۸۰

www.waseemziyai.com

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں ایک شخص حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا عرض کی کہ میں نے اپنی بیوی کو کو ہزار طلاقیں دے دی ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اُسے جواب دیا:

ثَلَاثٌ تُحَرِّمُهَا عَلَيْكَ، وَ بَقِيَّتُهَا وِزْرٌ اتَّخَذْتَ ايَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا (۱۸۷)

یعنی، یک وقت دی گئی تین طلاقوں نے اُسے تجھ پر حرام کر دیا، باقی طلاقیں (تجھ پر) بوجھ ہیں، تو نے اللہ تعالیٰ کی آیات کو مذاق بنایا ہے۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۸۸) روایت کرتے ہیں کہ سعید بن جبیر نے بیان کیا اور امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۲۱ھ (۱۸۹)، نے سعید بن جبیر اور مجاہد سے روایت کیا:

أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ طَلَّقْتُ امْرَأَتِي أَلْفاً، فَقَالَ: تَأْخُذُ ثَلَاثاً وَتَدَعُ تِسعَ مِائَةٍ وَّسَبْعَةً وَّتِسْعِيْنَ۔

یعنی، ایک شخص حضرت ابن عباس کی خدمت میں آیا، عرض کی کہ میں نے اپنی بیوی کو ہزار طلاقیں دی ہیں آپ نے فرمایا تین لے لے اور نو سو ستانوے چھوڑ دے یعنی تین واقع ہوگئیں باقی لغو ہوگئیں۔

امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ روایت کرتے ہیں، حضرت سعید بن جبیر نے

---

۱۸۷۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (٥٧) المطلّق ثلاثاً، ص٣٠٨، الحدیث:١١٣٩٧

۱۸۸۔ السنن الکبری للبیهقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(١٥) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص٥٥٢، الحدیث:١٤٩٧٦

۱۸۹۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦) کتاب (١٧) الطلاق، باب المطلّق ثلاثاً، ص٣٠٨، الحدیث:١١٣٩٤۔١١٣٩٥

www.waseemziyai.com

بیان کیا:

أَنَّ رَجُلاً طَلَّقَ امْرَأَتَهُ أَلْفاً، فَقَالَ: يَكْفِيكَ مِنْ ذٰلِكَ ثَلَاثٌ وَتَدَعُ تِسْعَمِائَةٍ وَّسَبْعاً وَّتِسْعِيْنَ۔ (۱۹۰)

یعنی، ایک شخص نے بیوی کی ہزار طلاقیں دے دیں تو آپ نے اسے فرمایا ان میں سے تین تجھے کافی ہیں باقی نوسوستانوے چھوڑ دے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مُتعدّد فتاویٰ ذکر کئے گئے جن میں صراحۃً مذکور ہے کہ بیک وقت دی گئیں تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں یہی آپ کا مذہب ہے اور اسی پر آپ فتویٰ دیا کرتے تھے۔ اس سے روزِ روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ جو روایات اس کے خلاف آپ سے مروی ہیں وہ آپ کی مرویات نہیں بلکہ آپ کی طرف منسوب ہیں کیونکہ یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ جیسا جلیل القدر صحابی، رسول اللہ ﷺ سے ایک چیز روایت کرے پھر فتویٰ اس کے خلاف دے۔ اگر منسوب نہیں بلکہ آپ ہی کی مرویات ہیں تو بھی منسوخ ہیں کیونکہ صحابی کا عمل اپنی روایت کردہ حدیث کے خلاف ہو تو یہ اس حدیث کے منسوخ ہونے کی دلیل ہے یعنی وہ احادیث کسی طرح بھی قابل استدلال نہیں کیونکہ مُحدِّثین کے ہاں بھی یہی اصول ہے کہ راوی کا عمل جب اپنی روایت کے خلاف ہو تو وہ روایت قابلِ استدلال نہیں رہتی۔

## (۱۴) حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ (۱۹۱)، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ (۱۹۲) امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۱۹۳)، امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی

۱۹۰۔ سنن الدار قطني، المجلد (۲)، الجزء (٤)، كتاب الطلاق، ص ۱۰، الحديث: ۳۸۷۹

۱۹۱۔ الموطا للإمام مالك بن أنس، كتاب (۲۹) الطلاق، باب (۱٥) طلاق البكر، ص ۳٥٦، الحديث: ٦٥٨

۱۹۲۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦) كتاب (۱۷) الطلاق، باب (۱۷) طلاق البكر، ص ٦٦۲، الحديث: ۱۱۱۱۸

۱۹۳۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد (٤)، كتاب (۱۱) الطلاق، باب (۱۸) في الرجل يتزوّج المرأة ثم يطلّقها، ص ۱۸، الحديث: ۳

www.waseemziyai.com

متوفی ۳۲۱ھ(۱۹٤)اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ(۱۹٥)روایت کرتے ہیں کہ حضرت عطاء بن یسار نے بیان کیا:

جَاءَ رَجُلٌ يَسْأَلُ ابْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً، قَبْلَ أَنْ يُمَسَّهَا، قَالَ عَطَاءٌ: فَقُلْتُ إِنَّمَا طَلَاقُ الْبِكْرِ وَاحِدَةٌ، فَقَالَ لِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنُ الْعَاصِ: إِنَّمَا أَنْتَ قَاصٍ (أو قَاصٍ)، الْوَاحِدَةُ تُبِيْنُهَا، وَالثَّلَاثَةُ تُحَرِّمُهَا حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَفِي الْمُصَنَّفِ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ: إِنَّمَا أَنْتَ قَاصٍ وَلَسْتَ بِمُفْتِيْ!۔

یعنی، ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمرو کی خدمت میں حاضر ہوکر ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا جس نے اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل بیک وقت تین طلاقیں دے دیں تو عطاء بن یسار کہتے ہیں کہ میں نے کہا غیر مدخول بہا کی طلاق صرف ایک ہے تو حضرت ابن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مجھے کہا کہ نہیں ہے تو مگر ایک مرد قصہ بیان کرنے والا جو قصہ گوئی علم فقہ سے مناسبت نہیں رکھتی۔ غیر مدخول بہا کو ایک طلاق بائن کر دے گی اور تین طلاقیں حرام جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے پہلے خاوند کیلئے حلال نہ ہوگی اور ''مصنف ابن ابی شیبہ'' میں ہے آپ نے عطاء بن یسار سے فرمایا تو صرف قاصی ہے مفتی نہیں غیر مدخول بہا کو ایک بائن کر دے گی (جب کہ متفرق دی جائیں) اور تین حرام (جب کہ بیک کلمہ دی جائیں)۔

۱۹٤۔ شرح معانی الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، کتاب(۸) الطلاق، باب(۲) الرجل یطلّق إمرأته ثلاثًا معاً، ص۵۸، الحدیث:٤٤٨٦

۱۹٥۔ السنن الکبری للبیھقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱٤) ماجاء إمضاء الطلاق الثلاث، ص٥٤٩، الحدیث:١٤٩٦٧

www.waseemziyai.com

## (۱۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ (۱۹۶)، امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ (۱۹۷) اور امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۹۸) روایت کرتے ہیں حضرت ابن عباس اور ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہم سے غیر مدخول بہا کو تین طلاقیں دینے والے کے بارے میں حکم دریافت کیا گیا:

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: أَفْتِهِ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقَدْ جَاءَتْكَ مُعْضِلَةٌ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: الْوَاحِدَةُ تُبِينُهَا، وَالثَّلَاثَةُ تُحَرِّمُهَا، حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔

یعنی، تو حضرت ابن عباس نے حضرت ابو ہریرہ سے فرمایا اے ابو ہریرہ فتویٰ دے تیرے پاس ایک مشکل مسئلہ آیا ہے تو حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا ایک طلاق اُسے بائن کر دے گی (یعنی اگر جُدا جُدا طلاق کے الفاظ کہے گا تو وہ عورت ایک سے ہی بائن ہو جائے گی کیونکہ وہ غیر مدخول بہا ہے) اور تین طلاقیں اُسے حرام کر دیں گی (یعنی اگر تین طلاقیں ایک لفظ کے ساتھ کہے گا تو تینوں ہی واقع ہو جائیں گی اور وہ عورت اپنے شوہر پر حرام ہو جائے گی) جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے اس مرد پر حلال نہ ہوگی (اور حضرت ابن عباس نے بھی ان ہی کی مثل فرمایا)۔

---

۱۹۶۔ الموطا للإمام مالك بن أنس، كتاب (۲۹) الطلاق، باب (۱۵) طلاق البكر، ص۳۵٦، الحديث:٤٤

۱۹۷۔ شرح معاني الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، كتاب(۸) الطلاق، باب(۲) الرجل يطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص۵۷، الحديث:٤٤٧٨

۱۹۸۔ السنن الكبرى للبيهقي، المجلد(۷)، كتاب الخلع والطلاق، باب(١٤) ما جاء في إمضاء الطلاق الثلاث، ص٥٤٩، الحديث:١٤٩٦٦

www.waseemziyai.com

## (۱۶) حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کا فتوی:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۱۹۹) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۲۰۰) روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ وَاقِعِ بْنِ سُحْبَانَ قَالَ: سُئِلَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً فِي مَجْلِسٍ، قَالَ: أَثِمَ بِرَبِّهِ وَ حَرُمَتْ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ۔

یعنی، واقع بن سحبان بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں دے دیں تو آپ نے فرمایا اس شخص نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور اس کی بیوی اس پر حرام ہوگئی۔

## (۱۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ کا فتوی:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ شَقِيقِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔ (۲۰۱)

یعنی، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دیں تو) عورت اس پر حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

## (۱۸) حضرت مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا فتوی:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۲۰۲) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی

۱۹۹۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٠) من كره أن يطلّق إمرأته ثلاثاً الخ، ص١٠، الحديث:١

۲۰۰۔ السنن الكبرى للبيهقي، المجلد(٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب(١٣) الإختيار للزوج الخ، ص٥٤٤، الحديث:١٤٩٤٩

۲۰۱۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٨) في الرجل يتزوّج المرأة ثم يطلّقها، ص١٩، الحديث:١٦

۲۰۲۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٢) في الرجل يطلّق إمرأته مائةً أو ألفاً في قولٍ واحدٍ، ص١٣، الحديث:٩

www.waseemziyai.com

## (۱۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ (۱۹٦)، امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ (۱۹۷) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۱۹۸) روایت کرتے ہیں حضرت ابن عباس اور ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہم سے غیر مدخول بہا کو تین طلاقیں دینے والے کے بارے میں حکم دریافت کیا گیا:

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: أَفْتِهِ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقَدْ جَائَتْكَ مُعْضِلَةٌ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: الْوَاحِدَةُ تُبِينُهَا، وَالثَّلَاثَةُ تُحَرِّمُهَا، حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔

یعنی، تو حضرت ابن عباس نے حضرت ابو ہریرہ سے فرمایا اے ابو ہریرہ فتویٰ دے تیرے پاس ایک مشکل مسئلہ آیا ہے تو حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا ایک طلاق اُسے بائن کردے گی (یعنی اگر جُدا جُدا طلاق کے الفاظ کہے گا تو وہ عورت ایک سے ہی بائن ہو جائے گی کیونکہ وہ غیر مدخول بہا ہے) اور تین طلاقیں اُسے حرام کردیں گی (یعنی اگر تین طلاقیں ایک لفظ کے ساتھ کہے گا تو تینوں ہی واقع ہو جائیں گی اور وہ عورت اپنے شوہر پر حرام ہو جائے گی) جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے اس مرد پر حلال نہ ہوگی (اور حضرت ابن عباس نے بھی ان ہی کی مثل فرمایا)۔

---

۱۹٦۔ الموطا للإمام مالك بن أنس، كتاب (۲۹) الطلاق، باب (۱۵) طلاق البكر، ص۳۵٦، الحديث:٤٤

۱۹۷۔ شرح معاني الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، كتاب(۸) الطلاق، باب(۲) الرجل يطلّق إمرأته ثلاثاً معاً، ص۵۷، الحديث:٤٤۷۸

۱۹۸۔ السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد(۷)، كتاب الخلع والطلاق، باب(۱٤) ما جاء في إمضاء الطلاق الثلاث، ص٥٤۹، الحديث:١٤۹٦٦

www.waseemziyai.com

## (۱۶) حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کا فتوی:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۱۹۹) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۲۰۰) روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ وَاقِعِ بْنِ سُحْبَانَ قَالَ: سُئِلَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً فِيْ مَجْلِسٍ، قَالَ: أَثِمَ بِرَبِّهِ وَحَرُمَتْ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ۔

یعنی، واقع بن سحبان بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں دے دیں تو آپ نے فرمایا اس شخص نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور اس کی بیوی اس پر حرام ہوگئی۔

## (۱۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ کا فتوی:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ شَقِيْقِ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔ (۲۰۱)

یعنی، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دیں تو) عورت اس پر حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

## (۱۸) حضرت مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا فتوی:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ (۲۰۲) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی

۱۹۹۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٠) من کره أن یطلّق إمرأته ثلاثاً الخ، ص١٠، الحدیث:١

۲۰۰۔ السنن الکبری للبیهقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(١٣) الإختیار للزوج الخ، ص٥٤٤، الحدیث:١٤٩٤٩

۲۰۱۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٨) فی الرجل یتزوّج المرأة ثم یطلّقها، ص١٩، الحدیث:١٦

۲۰۲۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٢) فی الرجل یطلّق إمرأته مائةً أو ألفاً فی قولٍ واحدٍ، ص١٣، الحدیث:٩

www.waseemziyai.com

۴۵۸ھ(۲۰۳)روایت کرتے ہیں کہ حضرت قیس بن ابی حازم، حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں:

أَنَّـهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ مِائَةً فَقَالَ: ثَلَاثٌ تُحَرِّمْنَهَا عَلَيْهِ وَ سَبْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ فَضْلٌ۔

یعنی، ایک شخص نے اُن سے اُس شخص کے متعلق سوال کیا جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت سوطلاقیں دی تھیں تو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تین طلاقوں نے اس کی بیوی اس پر حرام کردی اور باقی ستانوے فضول گئیں۔

## (۱۹) حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا فتوی:

امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ(۲۰۴) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ(۲۰۵) نے روایت کیا ہے کہ:

عَـنْ سُـوَيْـدِ بْنِ غَفْلَةٍ، قَالَ: كَانَتْ عَائِشَةُ الْخُثْعَمِيَّةُ عِنْدَ الْحَسَنِ بْـنِ عَـلِيِّ بْنِ أَبِى طَالِبٍ رضی اللہ عنہ، فَـلَـمَّا أُصِيْبَ عَلِيٌّ، وَبُوْيِعَ الْحَسَنُ بِـالْـخِلَافَةِ، قَالَتْ: لِتُهَنِّئْكَ الْخِلَافَةُ، يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَقَالَ: يُقْتَلُ عَـلِيٌّ، وَتُظْهِرِيْنَ الشَّمَاتَةَ، اذْهَبِى فَأَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثاً، قَالَ: فَتَلَفَّعَتْ نِسَـاجَهَـا، وَقَـعَـدَتْ حَتَّـى انْـقَضَتْ عِدَّتُهَا، وَبَعَثَ إِلَيْهَا بِعَشَرَةِ آلَافٍ مُتْـعَةً، وَبَـقِيَّةً بَـقِىَ لَهَا مِنْ صِدَاقِهَا، فَقَالَتْ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ، مِنْ حَبِيْـبٍ مُـفَـارِقٍ، فَـلَمَّا بَلَغَهُ قَوْلَهَا بَكىٰ، وَقَالَ: لَوْلَا أَنِّى سَمِعْتُ جَـدِّىْ أَوْحَـدَّثَـنِـىْ أَبِـىْ أَنَّـهُ سَمِعَ جَدِّىْ يَقُوْلُ: "أَيُّمَا رَجُلٍ طَلَّقَ

---

۲۰۳۔ السنن الکبری للبیھقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۴) ما جاء فی إمضاء الطلاق الثلاث، ص۵٤۹، الحدیث: ۱٤۹۷۰

۲۰٤۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، ص ۲۰، الحدیث:۳۹۲۸

۲۰۵۔ السنن الکبریٰ للبیھقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱٤) ما جاء إمضاء الطلاق الثلاث وإن کنّ مجموعات، ص ۵۵۰، الحدیث:۱٤۹۷۱

www.waseemziyai.com

امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً مُبْهَمَةً، أَوْ ثَلَاثاً عِنْدَ الْأَقْرَاءِ، لَمْ تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ" لَرَاجَعْتُهَا۔

یعنی، سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں کہ عائشہ خثعمیہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے نکاح میں تھیں جب حضرت علی رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو اس نے حضرت امام حسن سے کہا کہ اے امیر المؤمنین! خلافت مبارک ہو، حضرت امام حسن نے فرمایا تم حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت پر خوشی کا اظہار کر رہی ہو، جاؤ تم کو تین طلاقیں دیں، اس نے اپنے کپڑے لئے اور بیٹھ گئی حتی کہ اسکی عِدّت پوری ہو گئی، حضرت امام حسن نے اسکی طرف اس کا بقیہ مہر اور دس ہزار روپیہ صدقہ بھیجا، جب اسکے پاس قاصد یہ مال لے کر آیا تو اس نے کہا مجھے اپنے جُدا ہونے والے محبوب سے یہ تھوڑا سا سامان ملا ہے جب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تک یہ بات پہنچی تو آپ نے آبدیدہ ہو کر فرمایا اگر میں نے اپنے نانا سے یہ حدیث نہ سُنی ہوتی یا یہ کہا کہ اگر میرے والد نے یہ بیان نہ کیا ہوتا کہ انہوں نے میرے نانا سے سُنا ہے "جس شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں خواہ الگ الگ طُہروں میں یا بیک وقت تو وہ عورت اس کیلئے حلال نہیں جب تک کہ وہ کسی اور خاوند کے پاس نہ رہے" تو میں اس سے رجوع کر لیتا۔

## (۲۰) امام حسین رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

علامہ زاہد الکوثری لکھتے ہیں: آلِ رسول ﷺ کا اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ جو شخص ایک کلمہ سے تین طلاقیں دے گا اس کی بیوی اس پر حرام ہو جائے گی، خواہ ہمبستری کی ہو یا نہ کی ہو۔ بلکہ تمام اہلِ بیت کے علماء حضرت امام حسین، زید بن علی، محمد بن علی

www.waseemziyai.com

الباقر، محمد بن عمر بن علی، جعفر بن محمد، عبداللہ بن حسن اور محمد بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سب کے نزدیک تین طلاقیں تین ہی شمار ہوں گی۔(۲۰۶)

## (۲۱) اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ اُمُّ المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یہ فتویٰ دیا کرتی تھیں کہ جس شخص نے مقاربت سے قبل اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں تو اس کی بیوی اس پر حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔(۲۰۷)

## (۲۲) اُمُّ المؤمنین حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلِمَةَ سُئِلَتْ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا فَقَالَتْ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى يَطَأَهَا زَوْجُهَا۔ (۲۰۸)

یعنی، صحابیِ رسول حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اُمُّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سوال کیا گیا ایک شخص نے مقاربت سے پہلے ایک بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں تو آپ نے فرمایا اس کی بیوی اس پر اس وقت تک حلال نہیں جب تک دوسرا شوہر اس سے وطی (ہمبستری) نہ کرے۔

## (۲۳) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

---

۲۰۶۔ الأشفاق، ص۳۶۔۳۷

۲۰۷۔ مصنَّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤) کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۸) فی الرجل یتزوّج المرأة ثم یطلقها، ص۱۹، الحدیث:۹

۲۰۸۔ مصنَّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۸) فی الرجل یتزوّج المرأة ثم یطلّقها، ص۱۹، الحدیث:٦

www.waseemziyai.com

قَدْ طَلَّقَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَلَمْ يَعُبْ عَلَيْهِ ذٰلِكَ۔(۲۰۹)

یعنی، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں تو کسی نے اسکو معیوب نہیں سمجھا۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ نے روایت کیا ہے کہ: ابوسلمہ بیان کرتے ہیں:

طَلَّقَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَلَمْ يَعُبْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ أَحَدٌ۔(۲۱۰)

یعنی، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں تو صحابہ کرام علیہم الرضوان میں سے کسی نے بھی اس کو معیوب نہیں سمجھا۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں:

طَلَّقَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ ص تَمَاضَرَ بِنْتُ الْأَصْبَغِ الْكَلْبِيَّةِ فَبَتَّهَا۔ (۲۱۱)

یعنی، حضرت عبد الرحمٰن بن عوف نے تماضر بنت اصبغ کو طلاق مغلّظہ دی۔(یعنی بیک وقت تین طلاقیں دیں)

---

۲۰۹۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۱) من رخص للرجل أن یطلّق الخ، ص ۱۱، الحدیث:۱

۲۱۰۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۳) الاختیار للزوج أن لا یطلّق إلا واحدةً، ص ٥٤٠، الحدیث:١٤٩٣٨

۲۱۱۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۳۸) ما جاء فی توریث المبتوتة فی مرض الموت، ص۵۹۳، الحدیث:١٥١٢٤

www.waseemziyai.com

## (۲۴) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کا فتویٰ:

امام مالک بن انس متوفی ۱۷۹ھ (۲۱۲)، امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ (۲۱۳) اور امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ (۲۱۴) روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ ابن ابی عیاش انصاری سے بیان کیا کہ میں، عبداللہ بن زبیر اور عاصم بن عمر کے ساتھ بیٹھا تھا کہ ان کے پاس محمد بن ایاس ابن بکیر آیا اور کہا کہ ایک دیہاتی نے مقاربت سے قبل اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں تو آپ لوگوں کے نزدیک اس کا کیا حکم ہے (یعنی بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کا حکم پوچھا) تو حضرت ابن زبیر نے کہا یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جسکے بارے میں ہمارے پاس کوئی قول نہیں تُو حضرت عبداللہ بن عباس اور ابوہریرہ کے پاس چلا جا اور ان سے یہ مسئلہ پوچھ پھر وہ جو بھی جواب ارشاد فرمائیں وہ آکر ہمیں بھی بتانا تاکہ ہمیں بھی یہ مسئلہ معلوم ہو سکے اور حضرت ابوہریرہ اور حضرت عباس نے یہ فتویٰ دیا کہ ایک طلاق سے وہ بائن ہو جائیگی اور تین سے حرام، جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے اس مرد کیلئے حلال نہ ہوگی۔

## (۲۵) حضرت عاصم بن عمر رضی اللہ عنہما کا فتویٰ:

مندرجہ بالا روایت سے معلوم ہوا کہ عاصم بن عمر کا فتویٰ بھی اس مسئلہ میں وہی ہے جو حضرت ابن عباس اور ابوہریرہ کے فتویٰ سے ظاہر ہے کیونکہ آپ نے غیر مدخول بہا کو تین طلاق کا حکم پوچھنے والے سے فرمایا کہ ابن عباس اور ابوہریرہ سے مسئلہ پوچھو اور جو

---

۲۱۲۔ الموطا للإمام مالك بن أنس، كتاب (۲۹) الطلاق، باب (۱۵) طلاق البكر، ص ۳۵٦، الحديث:٦٥٩

۲۱۳۔ شرح معاني الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، كتاب الطلاق، باب(۲) الرجل يطلّق امرأته ثلاثاً معاً، ص۵۷، حديث:٤٤٧٨

۲۱٤۔ السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد(۷)، كتاب الخلع و الطلاق، باب(١٤) ما جاء في إمضاء الطلاق الثلاث، ص٥٤٩، الحديث:١٤٩٦٦

www.waseemziyai.com

جواب دیں ہمیں بھی بتانا۔ اسلئے کہ عام صحابہ مسائل میں فقہاء صحابہ کی طرف ہی رجوع کیا کرتے تھے جیسا کہ ''فتح القدیر'' (۲۱۵) میں ہے۔

## (۲۶) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا مؤقف بھی یہی ہے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں کیونکہ حضرت معاذ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا ''اے، معاذ جس نے طلاق بدعت ایک دی یا دو یا تین دیں ہم نے اس کی بدعت کو لازم کر دیا'' جیسا کہ امام دار قطنی اپنی ''سنن'' میں اور امام بیہقی نے اپنی ''سنن'' میں اسے روایت کیا ہے (دیکھئے تیسری حدیث)۔ اور حضرت معاذ جلیل القدر، عظیم المرتبت صحابی ہیں ان سے متصوّر نہیں کہ جسے وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کریں فتویٰ اس کے خلاف دیں۔

## (۲۷) حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں:

عَنِ الحَكَم عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيْ رضى الله عنه فِي الَّذِيْ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا، فَقَالَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ (۲۱۶)

یعنی، حکم بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے اس شخص کے متعلق مروی ہے جو اپنی بیوی کو دخول (ہمبستری) سے قبل (ایک ہی مجلس میں اکٹھی تین) طلاق دے دیتا ہے، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس کے وہ عورت حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

## (۲۸) حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ سے روایت ہے:

۲۱۵۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، ص ۳۳۰

۲۱۶۔ مصنّف ابن أبي شيبة، المجلد (٤)، كتاب (۱۱)، الطلاق، باب في الرجل يتزوّج الخ، ص ۱۸

www.waseemziyai.com

عَنِ الشَّعْبِیِّ: عَنِ ابْنِ مُغَفَّلٍ فِیْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهٗ قَبْلَ أَنْ یَدْخُلَ بِهَا، قَالَ: لَا تَحِلُّ لَهٗ حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَهٗ (۲۱۷)

یعنی، حضرت ابن مغفل رضی اللہ عنہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے اپنی بیوی کو دخول (ہمبستری) سے قبل (ایک مجلس میں اکٹھی تین) طلاق دے دی تھیں، فرمایا کہ اس کے لئے وہ عورت حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

## (۲۹) اہلِ بیت کا فتویٰ:

علامہ زاہد الکوثری لکھتے ہیں: آلِ رسول ﷺ کا اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ جو شخص ایک کلمہ سے تین طلاقیں دے گا اس کی بیوی اس پر حرام ہو جائے گی، خواہ ہمبستری کی ہو یا نہ کی ہو۔ بلکہ تمام اہلِ بیت کے علماء حضرت امام حسین، زید بن علی، محمد بن علی الباقر، محمد بن عمر بن علی، جعفر بن محمد، عبد اللہ بن حسن اور محمد بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سب کے نزدیک تین طلاقیں تین ہی شمار ہوں گی۔

خود غیر مُقلّد پیر محمد یٰسین نے لکھا کہ: ''ائمہ اہلِ بیت ایسی طلاق کے واقع ہونے کا فتویٰ دیتے تھے۔ (۲۱۸)

صحابہ کرام علیہم الرضوان میں سے (۱) حضرت عمر فاروق، (۲) عثمان غنی، (۳) علی مرتضی، (۴) عبد اللہ بن مسعود، (۵) عبد اللہ بن عمر، (۶) عبد اللہ بن عباس، (۷) عبد اللہ بن عمرو، (۸) ابو ہریرہ، (۹) عمران بن حصین، (۱۰) انس بن مالک، (۱۱) مغیرہ بن شعبہ، (۱۲) حسن بن علی، (۱۳) حسین بن علی، (۱۴) اُمّ المؤمنین عائشہ، (۱۵) اُمّ سلمۃ، (۱۶) عبد الرحمٰن بن عوف، (۱۷) عبد اللہ بن زبیر، (۱۸) عاصم بن عمر، (۱۹) معاذ بن جبل، (۲۰) ابو سعید الخدری، (۲۱) عبد اللہ بن مغفل، اور (۲۲) اہل بیت رضی اللہ عنہم کے فتاویٰ اور ان کا مذہب بیان کیا گیا سب کا

۲۱۷۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد (٤)، کتاب (١١)، الطلاق، باب فی الرجل تیزوّج الخ، ص۱۹

۲۱۸۔ رسالہ طلاق ثلاثہ، مصنّفہ محمد یسین (غیر مقلّد)، ص۳۷

www.waseemziyai.com

یہی مذہب ہے اور سب یہی فتویٰ دیا کرتے تھے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں اور عورت شوہر پر حرام ہو جاتی ہے اور بے حلالہ شرعیہ حلال نہیں ہوتی۔ اور ابن ہمام نے اس کی تصریح بھی کی ہے جیسا کہ مندرجہ ذیل سطور میں ہے۔

## تمام صحابہ کرام تین طلاق کے وقوع کے قائل ہیں:

محقِق علی الاطلاق امام ابن ہمام متوفی ۶۸۱ھ فرماتے ہیں:

لا تبلغ عدة المجتهدين الفقهاء منهم أكثر من عشرين كالخلفاء، والعبادلة، وزيد بن ثابت، و معاذ بن جبل، وأنس، وأبي هريرة ﷺ وقليل والباقون يرجعون إليهم ويستفتون منهم، وقد أثبتنا النقل عن أكثرهم صريحاً بايقاع الثلاث، ولم يظهر لهم مخالف، فماذا بعد الحق إلاّ الضلال۔(۲۱۹)

یعنی، مجتہدین فقہاء صحابہ کی تعداد بیس سے زیادہ نہیں ہے جیسے خلفاء اربعہ (ابو بکر، عمر، عثمان، علی)، عبادلہ (عبداللہ بن مسعود، عبد اللہ بن عمر، عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمرو، عبداللہ بن زبیر)، زید بن ثابت، معاذ بن جبل، انس اور ابو ہریرہ ﷺ اور تھوڑے ان کے سوا اور باقی صحابہ ان فقہائے صحابہ کی طرف رجوع کرتے تھے اور ان سے فتویٰ حاصل کرتے تھے اور ان میں سے اکثر کے فتاویٰ ہم نے نقل کیے ہیں جن میں صراحۃً مذکور ہے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں اور ان کے فتاویٰ کا کوئی صحابی بھی مخالف نہیں۔ پس یہی حق ہے کہ بیک وقت دی گئیں تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں حق کے علاوہ جو ہے وہ گمراہی ہے۔

۲۱۹۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، ص ۳۳۰

www.waseemziyai.com

## تابعین عظام کے فتاویٰ:

### (۱) امام ابن شہاب زہری کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنِ الزُّهْرِیِّ فِیْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً جَمِیْعاً قَالَ: إِنَّ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ عَصىٰ رَبَّهُ وَبَانَتْ مِنْهُ امْرَأَتُهُ۔ (۲۲۰)

یعنی، امام ابن شہاب زہری کہتے ہیں کہ جس شخص نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دیں اس نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور اس کی بیوی اس سے علیحدہ ہوگئی۔

اس سے معلوم ہوا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں اور عورت شوہر پر حرام ہو جاتی ہے۔

### (۲) قاضی شُریح کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ شُرَیْحٍ قَالَ رَجُلٌ: إِنِّیْ طَلَّقْتُهَا مِائَةً قَالَ: بَانَتْ مِنْكَ بِثَلَاثٍ وَسَائِرُهُنَّ إِسْرَافٌ وَمَعْصِیَةٌ۔ (۲۲۱)

یعنی، شعبی کہتے ہیں کہ قاضی شریح سے کسی نے پوچھا میں نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دے دی ہیں تو انہوں نے فرمایا تمہاری بیوی تین طلاق سے علیحدہ ہوگئی اور باقی طلاقیں اسراف اور معصیت ہیں۔

اس سے بھی معلوم ہوا کہ بیک وقت دی گئیں تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔

۲۲۰۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٠) من کره أن یطلّق امرأته ثلاثاً فی مقعدٍ واحدٍ الخ، ص ١١، الحدیث:٦

۲۲۱۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٢) فی الرجل امرأته مائةً ألفاً فی قولٍ واحدٍ الخ، ص١٣، الحدیث:١١

www.waseemziyai.com

## (۳) امام شعبی کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ فِی الرَّجُلِ یُطَلِّقُ امْرَأَتَہُ ثَلَاثاً قَبْلَ أَنْ یَّدْخُلَ بِھَا قَالَ: لَا تَحِلُّ لَہُ حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَہُ۔ (۲۲۲)

یعنی، اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل تین طلاقیں دے دے تو امام شعبی اس کے متعلق فرماتے ہیں وہ عورت اس پر حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں کہ امام شعبی سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: جس نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی کو تین طلاقیں بیک کلمہ دے دیں تو وہ عورت اس کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے، اور اگر اس طرح طلاق دی کہ تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے تو وہ پہلی طلاق کے ساتھ بائن ہو جائے گی۔

اور اسے امام عبدالرزاق نے معمر سے، انہوں نے عطاء بن السائب سے، انہوں نے امام شعبی سے روایت کیا ہے۔ (۲۲۳)

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عن إسماعیل بن خالد، قَالَ: سُئِلَ الشَّعْبِیُّ عَنْ رَجُلٍ خَیَّرَ امْرَأَتَہُ، فَسَکَتَتْ، ثُمَّ خَیَّرَ الثَّانِیَۃَ فَسَکَتَتْ، ثُمَّ خَیَّرَھَا الثَّالِثَۃَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَھَا؟ قَالَ: لَا تَحِلُّ لَہُ حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجًا غَیْرَہُ (۲۲٤)

---

۲۲۲۔ مصنّف ابن أبی شیبۃ، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۸) فی الرجل یتزوّج المرأۃ ثم یطلّقھا، ص۱۹، الحدیث:۱۳

۲۲۳۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۱۷) طلاق البکر، ص۲٦٤، الحدیث:۱۱۱۲۷

۲۲٤۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۱۳٤) یُخیّرھا ثلاثاً، ص۷، الحدیث:۱۲۰٤۰

www.waseemziyai.com

یعنی، اسماعیل بن خالد سے مروی ہے فرمایا کہ امام شعبی سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو اختیار دیا تو وہ خاموش رہی، پھر اس نے اختیار دیا تو وہ خاموش رہی پھر تیسری بار اختیار دیا تو اس نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا (امام شعبی نے) فرمایا: (اب) وہ عورت اس مرد کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

اس سے معلوم ہوا امام شعبی کے نزدیک بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور عورت اپنے شوہر پر حُرمتِ مغلّظہ کے ساتھ حرام ہو جائے گی۔

## (۴) امام حسن بصری کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

جَاءَ رَجُلٌ إِلَى الْحَسَنِ فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي أَلْفاً قَالَ: بَانَتْ مِنْكَ الْعَجُوزُ۔ (۲۲۵)

یعنی، حضرت حسن بصری سے ایک شخص نے کہا میں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں آپ نے فرمایا تمہاری بیوی تم سے علیحدہ ہو گئی۔

امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ نے روایت کیا ہے کہ:

رَوَيْنَا عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ فِيمَنْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ: إِنْ كَلَّمَ أَخَاهُ فَامْرَأَتُهُ طَالِقٌ ثَلَاثاً فَإِنْ شَاءَ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً ثُمَّ تَرَكَهَا حَتَّى تَنْقَضِيَ عِدَّتَهَا فَإِذَا بَانَتْ كَلَّمَ أَخَاهُ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا بَعْدُ إِنْ شَاءَ (۲۲۶)

۲۲۵۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(١١) الطلاق، باب(١٢) فی الرجل یطلّق امرأته مائةً ألفا فی قولٍ واحدٍ الخ، ص١٣، الحدیث:١٢

۲۲۶۔ السنن الکبری للبیهقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع والطلاق، باب(٧) ما یقع وما لایقع علیٰ امرأته من طلاقه، ص٥١٩، الحدیث:١٤٨٦٨

www.waseemziyai.com

یعنی، امام حسن بصری سے مروی ہے کہ جس نے یہ کہا کہ اگر اس نے اپنے بھائی سے بات کی تو اسکی بیوی کو تین طلاقیں ہیں، پھر اگر وہ چاہے تو اپنی بیوی کو ایک طلاق دیکر چھوڑ دے تا کہ اس کی عِدّت گذر جائے اور وہ بائن ہو جائے تو اپنے بھائی سے بات کرے پھر اگر چاہے تو اس عورت سے دوبارہ نکاح کرلے۔

اس سے معلوم ہوا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں چاہے تنجیزاً ہوں یا تعلیقاً واقع ہو جاتی ہیں۔ اسی لئے آپ نے اس صورت میں طلاق مغلّظہ سے بچنے کا یہ حیلہ بتایا۔

### (۵) حضرت ابراہیم نخعی کا فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: إِذَا طَلَّقَهَا ثَلاثاً قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔ (۲۲۷)

یعنی، حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہی کہ جب کسی شخص نے مقاربت سے قبل اپنی بیوی کو بیک کلمہ تین طلاقیں دے دیں تو وہ اس پر اس وقت تک حلال نہیں جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے۔

حضرت ابراہیم نخعی نے غیر مدخول بہا پر تینوں واقع ہونے کا حکم فرمایا اس سے مراد بیک وقت دی گئی تین طلاقیں ہیں ورنہ اگر الگ الگ دی جائیں تو غیر مدخول بہا عورت ایک سے بھی بائن ہو جائیگی اور محلِ طلاق نہ رہے گی لہٰذا بقیہ دو واقع نہ ہونگی جیسا کہ دوسری روایت میں ہے:

عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ فَيُطَلِّقُهَا ثَلاثاً قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا قَالَ: إِنْ كَانَ قَالَ: طَالِقٌ ثَلاثاً كَلِمَةً وَاحِدَةً

۲۲۷۔ مصنّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٨) في الرجل يتزوّج المرأة الخ، ص١٩، الحديث:١٢

لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَإِذَا طَلَّقَهَا طَلَاقاً مُتَّصِلاً فَهُوَ كَذٰلِكَ۔ (۲۲۸)

یعنی، مغیرة بیان کرتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل تین طلاق دے دے تو اسکے بارے میں حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں اگر اس نے ایک ہی کلمہ سے یوں کہا تجھے تین طلاقیں ہیں تو وہ عورت اس مرد پر حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے اور اگر اس نے اسے جُدا جُدا متّصلاً طلاقیں دی تھیں تو وہ اسی طرح ہے۔ (یعنی ایک سے ہی بائن ہو جائے گی)

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: فِي رَجُلٍ يُطَلِّقُ الْبِكْرَ ثَلَاثًا جَمِيعًا، وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا، قَالَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ، فَإِنْ قَالَ: أَنْتِ طَالِقٌ، أَنْتِ طَالِقٌ، أَنْتِ طَالِقٌ، فَقَدْ بَانَتْ بِالْأُولٰى (۲۲۹)

یعنی، ابومعشر سے مروی ہے، انہوں نے ابراہیم نخعی سے روایت کیا کہ آپ نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل طلاق دے دی تو فرمایا: وہ عورت اس کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے اور اگر شوہر نے مقاربت سے قبل بیوی سے اس طرح کہا: تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے۔ تو وہ پہلی طلاق کے ساتھ بائنہ ہو جائے گی۔

---

۲۲۸۔ مصنّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(١٨) في الرجل يتزوّج المرأة ثم يطلّقها، ص١٩، الحديث:١١

۲۲۹۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (١٧) طلاق البكر، ص٢٦٤، الحديث:١١١٢٦

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ فرماتے ہیں کہ ہمیں امام ابوحنیفہ نے، حماد سے، انہوں نے حضرت ابراہیم نخعی سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا جو ایک طلاق دیتا اور تین کی نیت کرتا ہے یا تین طلاقیں دیتا ہے اور اس کی نیت ایک طلاق کی ہوتی ہے، نخعی نے فرمایا اگر وہ زبان سے ایک طلاق کہتا ہے تو وہ ایک طلاق ہے، اور اس کی نیت کچھ نہیں اور اگر زبان سے تین طلاقیں کہتا ہے تو وہ تین طلاقیں ہیں اور اس کی نیت کچھ چیز نہیں۔(۲۳۰)

## (۶) امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ عَائِذِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ أَبَانِ بْنِ تَغْلَبَ قَالَ: سَأَلْتُ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً، فَقَالَ: بَانَتْ مِنْهُ، وَلَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: أُفْتِي النَّاسَ بِهٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ۔ (۲۳۱)

یعنی، عائذ بن حبیب بیان کرتے ہیں ابان بن تغلب سے مروی ہے کہ انہوں نے امام جعفر بن محمد رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے دی تھیں تو آپ نے فرمایا اس کی بیوی اس سے علیحدہ ہوگئی اور وہ اس کے لئے حلال نہیں جب تک کسی دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے راوی کہتا ہے، میں نے عرض کیا کہ لوگوں کو یہ فتویٰ دوں (یعنی جو بھی بیک وقت اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دے تو تینوں طلاقیں واقع ہونے اور بیوی کے مذکور شوہر پر حرام ہوجانے کا فتوی

۲۳۰۔ کتاب الآثار، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، باب من طلّق ثلاثاً الخ، ص ٥٠٤، برقم: ٤٩٢

۲۳۱۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، ص ۳۱، الحدیث: ۳۹۷۹

دوں) آپ نے فرمایا ہاں (یعنی بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع اور عورت کے حرام ہونے کا فتویٰ دو)۔

علامہ آلوسی بغدادی متوفی ۱۲۷۰ھ نقل کرتے ہیں

عَنْ سَلِمَةِ بْنِ جَعْفَرَ الْأَحْمَسَ قَالَ: قُلْتُ لِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالىٰ عَنْهُمَا أَنَّ مَنْ طَلَّقَ ثَلَاثاً بِجَهَالَةٍ رُدَّ إِلَى السُّنَّةِ يَجْعَلُوْنَهُ وَاحِدَةً يَرْوُوْنَهَا عَنْكُمْ؟ قَالَ: مَعَاذَ اللّٰهِ مَا هٰذَا قَوْلُنَا مَنْ طَلَّقَ ثَلَاثاً فَهُوَ كَمَا قَالَ۔ (۲۳۲)

یعنی، سلمۃ بن جعفر بیان کرتے ہیں میں نے امام جعفر بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا جو شخص جہالت سے تین طلاقیں دے دے کیا سنّت کی طرف لوٹایا جائے گا اور اسے ایک طلاق قرار دیا جائے گا اور یہ آپ سے روایت کیا جاتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا معاذ اللہ! یہ ہمارا قول نہیں ہے۔ جو شخص تین طلاقیں دے تو اتنی ہی واقع ہوں گی جتنی اس نے کہیں۔

## (۷) حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کا فتویٰ:

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ نے مقاربت سے قبل بیوی کو تین طلاق بیک کلمہ دینے کے بارے میں حضرت سعید بن جبیر سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا:

لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ (۲۳۳)

یعنی، عورت اس کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

---

۲۳۲۔ تفسیر روح المعانی، المجلد(۱)، الجزء(۲)، سورۃ البقرۃ، مبحث فی ﴿الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾، ص۱۳۹

۲۳۳۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۱۷) طلاق البکر، ص۲٦۲، الحدیث:۱۱۱۱۹

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

**(۸) حضرت سعید بن المُسَیَّب کا فتویٰ:**

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ الْبِكْرَ ثَلَاثًا، فَلَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ (۲۳٤)

یعنی، حضرت قتادہ سے روایت ہے، وہ حضرت سعید بن المسیّب سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص باکرہ کو تین طلاقیں دے دے تو وہ عورت اپنے شوہر کے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

**(۹) حضرت عِکرِمہ کا فتویٰ:**

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عن ابن طاؤس قال: سُئِلَ عِكْرَمَةُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ بِكْرًا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا؟ فَقَالَ: إِنْ كَانَ جَمَعَهَا لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ، وَ إِنْ فَرَّقَهَا فَقَالَ: أَنْتِ طَالِقٌ، أَنْتِ طَالِقٌ، أَنْتِ طَالِقٌ، فَقَدْ بَانَتْ بِالْأُولٰى، وَ لَيْسَتِ اثْنَتَانِ بِشَيْءٍ (۲۳٥)

یعنی، ابن طاؤس سے مروی ہے کہ حضرت عکرمہ سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل تین طلاقیں دے دیں؟ تو آپ نے فرمایا: اگر اس نے ان کو جمع کیا یعنی ایک ہی کلمہ میں تین طلاقیں دیں تو وہ عورت اس کے لئے اب حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے اور اگر طلاقوں کو علیحدہ علیحدہ

---

۲۳٤۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (١٧) طلاق البکر، ص ٢٦١، الحدیث: ١١١١٠

۲۳٥۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (١٧) طلاق البکر، ص ٢٦٣، الحدیث: ١١١٢٥

کیا پس کہا: تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے تو پہلی کے ساتھ بائن ہوگئی اور باقی دو کچھ نہیں۔

## (۱۰) حضرت سفیان ثوری کا فتویٰ:

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ سُفْيَانَ فِيْ رَجُلٍ قَالَ لِامْرَأَتِهِ: أَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا إِلَّا ثَلَاثًا، قَالَ: قَدْ طُلِّقَتْ مِنْهُ ثَلَاثًا الخ (۲۳۶)

یعنی، حضرت سفیان ثوری سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا: تو تین طلاق والی ہے مگر تین طلاق تو آپ نے فرمایا: اس کی بیوی اس سے تین طلاق والی ہوگئی۔

اور یہی روایت کرتے ہیں کہ:

عَنِ الثَّوْرِيِّ فِي رَجُلٍ يُخَيِّرُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا، قَالَ: إِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَهِيَ ثَلَاثٌ (۲۳۷)

یعنی، حضرت سفیان ثوری سے اس شخص کے بارے میں مروی ہے جس نے اپنی بیوی کو تین بار اختیار دیا تو فرمایا: اگر اس نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا تو تین طلاق والی ہو جائے گی۔

## (۱۱) طاؤس بن کیسان کا فتویٰ:

علامہ زاہد الکوثری لکھتے ہیں: بعض غیر مُقلّدین خارج عَنِ المذاہب نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف تین طلاقیں ایک واقع ہونے کی نسبت کی ہے وہ غلط ہے جھوٹ ہے، کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ اُوپر گزرا۔ اور

۲۳۶۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (٥٨) أنت طالق ثلاثاً، ص٣٠٩، الحديث: ١١٤٠٠

۲۳۷۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (١٧) الطلاق، باب (١٣٤) يخيّرها ثلاثاً، ص٧، الحديث: ١٢٠٣٩

www.waseemziyai.com

ان کے شاگرد حضرت امام طاؤس بن کیسان فرماتے ہیں کہ جواُن کی طرف تین طلاقوں کے ایک ہونے کے قول کو منسوب کرتے ہیں وہ جھوٹ کہتے ہیں۔(۲۳۸)

## (۱۲) حضرت سعید ابن المُسَیَّب، سعید بن جُبیر اور حضرت حمید بن عبد الرحمٰن کا متّفقہ فتویٰ:

امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَحَمِيدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالُوا: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ۔ (۲۳۹)

یعنی، قتادہ بیان کرتے ہیں، حضرت سعید بن میبّب، حضرت سعید بن جبیر اور حمید بن عبد الرحمٰن نے کہا اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دے تو وہ عورت اس پر حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے۔

## (۱۳) حضرت عبداللہ بن شدّاد، مُصعَب بن سعد اور ابو مالک کا متّفقہ فتویٰ:

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۲۱ھ روایت کرتے ہیں کہ ولید بن عقال بیان کرتے ہیں:

سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ شَدَّادٍ، وَ مُصْعَبَ بْنَ سَعِيدٍ، وَ أَبَا مَالِكٍ، عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا، وَ هِيَ حُبْلٰى؟ فَقَالُوا: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ (۲۴۰)

یعنی، میں حضرت عبداللہ بن شدّاد، مُصعَب بن سعید اور ابو مالک

---

۲۳۸۔ الأشفاق علی أحکام الطلاق، ص ۳۶۔۳۷

۲۳۹۔ مصنَّف ابن أبی شیبة، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب(۱۸) فی الرجل یتزوّج المرأة ثم یطلّقها، ص۱۹، الحدیث:۱۷

۲۴۰۔ المصنَّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، کتاب (۱۷) الطلاق، باب (۳) طلاق الکامل، ص ۲٤۰، الحدیث: ۱۰۹۸۰

www.waseemziyai.com

سے ایک شخص کا حکم پوچھا جس نے اپنی بیوی کو اس حال میں بیک وقت تین طلاقیں دے دیں جب کہ وہ حاملہ تھی تو سب نے فرمایا، (تینوں طلاقیں واقع ہوگئیں لہٰذا اَب وہ) عورت اُس پر حلال نہیں یہاں تک کہ دوسرے خاوند کے پاس رہے۔

تابعین عظام میں سے ۱۔حضرت ابن شہاب زہری، ۲۔قاضی شُریح، ۳۔امام حسن بصری، ۴۔ابراہیم نخعی، ۵۔امام جعفر صادق، ۶۔سعید بن المُسیّب، ۷۔سعید بن جبیر، ۸۔عکرمہ، ۹۔حمید بن عبدالرحمٰن، ۱۰۔سفیان ثَوری، ۱۱۔عبداللہ بن شدّاد، ۱۲۔مُصعَب بن سعید اور ۱۳۔ابو مالک کے فتاویٰ اور ان کا مذہب بیان کیا گیا ہے۔سب کا یہی مذہب ہے اور سب یہی فتویٰ دیا کرتے تھے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں اور عورت شوہر پر حرام ہو جاتی ہے بلا حلالہ شرعیہ حلال نہیں ہوتی۔

## جمہور مُحدِّثین، فقہاء وعلماء:

مُدرِّس حرم مکی شیخ احمد بن احمد الجکنی الشنقیطی "فتح المنعم بشرح زاد المسلم" کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ جمہور علماء سلفاً خلفاً اس پر متفق ہیں کہ جس نے اپنی بیوی سے کہا تو تین طلاق والی ہے تو وہ عورت اس کلام کے موجب اس شخص پر حرام ہو جائے گی یہاں تک کہ دوسرے خاوند سے نکاح کرے پھر بعد نکاح وہ اس سے دُخول کرے اور (حلالہ میں) دُخول شرعاً معتبر ہے، فرمایا اس میں شیعہ اور بعض اہلِ ظاہر نے مخالف کی، انہوں نے کہا جب بیک وقت طلاقیں واقع کرے گا تو واقع نہ ہوگی، انہوں نے دلیل پکڑی کہ ایسا کرنا خلافِ سنّت ہے لہٰذا اُسے سنّت کی طرف پھیرا جائے گا۔

اور حافظ عینی نے "عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری" میں فرمایا تابعین اور ان کے بعد والوں میں سے جمہور علماء کا مذہب ہے ان میں امام اوزعی، امام نخعی، امام ثوری، امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب، امام مالک اور ان کے اصحاب، امام شافعی اور ان کے اصحاب،

www.waseemziyai.com

امام احمد اوران کے اصحاب، اسحاق، ابوثور، ابوعُبید اور بہت سے دوسرے فقہاء اس بات پر ہیں جس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں تو واقع ہو جائیں گی، لیکن وہ گنہگار ہوگا۔

اور انہوں نے فرمایا کہ جو اس مسئلہ میں مخالفت کرے وہ شاذ ہے اہلسنّت کا مخالف ہے اور اس (مذہب) سے وہ ہی ہٹے جو اہلِ بدعت ہیں اور وہ جس کی طرف توجہ نہ کی جائے گی کیونکہ وہ اُس جماعت سے جُدا ہو گیا کہ جس جماعت کو تحریفِ قرآن و سنّت کا الزام دینا جائز نہیں ہے۔(۲۴۱)

## مذاہب اَربَعہ:

اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک ہی دفعہ میں تین طلاقیں دے دے تو چاروں مذاہب (حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی) میں لازم ہو جائیں گی اور جمہور علماء کا بھی یہی نظریہ ہے۔ علامہ عبدالرحمٰن الجزیری متوفی ۱۳۶۰ھ لکھتے ہیں۔

وَيُحسَبُ عَلَيهِ الطَّلَاقُ البِدعِيُّ سَوَاءً كَانَ وَاحِدٌ أَوْ أَكثَرُ بِاتِّفَاقِ الأَئِمَّةِ الأَربَعَةِ، وَخَالَفَهُم بَعضُ الشَّوَاذِ الَّذِينَ لَايُعوُلُ عَلىٰ آرَائِهِم۔ (۲۴۲)

یعنی، اگر کوئی شخص بدعی طلاق دے تو باتفاق ائمہ اربعہ (امام ابو حنیفہ مالک، شافعی، احمد) اس پر دی ہوئی بدعی طلاق شمار کی جائے گی چاہے ایک طلاق دے یا ایک سے زیادہ (دو یا تین) دے اور اِن کی صرف اُن لوگوں نے مخالفت کی جو جمہور سے الگ، حق سے جُدا ہو گئے کوئی مسلمان ان کی (مخالفِ قرآن و سنّت) آراء کی طرف مائل نہیں ہوگا۔

---

۲۴۱۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (۳)، كتاب النكاح، الرأى فى لزوم الطلاق الثلاث دفعةً واحدةً، ص۶۷۔۶۸

۲۴۲۔ كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، المجلد (٤)، كتاب الطلاق، بحث مايترتّب على الطلاق البدعى من الأحكام، ص ۳۰۸

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

## جمہور علماء کے فتاویٰ:

### (۱) مُحررِ مذہب ابی حنیفہ امام محمد متوفی ۱۸۹ھ کا فتویٰ:

حضرت امام محمد بن حسن شیبانی نے حضرت ابن عباس اور ابو ہریرہ کا تین طلاق کے وقوع کا فتویٰ ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے اسی حدیث کو ہم فتویٰ کیلئے لیتے ہیں اور یہی امام ابو حنیفہ اور عام فقہاء احناف کا قول ہے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں بیک وقت ہی واقع ہو جاتی ہیں۔ (۲۴۳)

### (۲) مُحدِث امام اسحاق بن راھوَیہ متوفی ۲۳۸ھ کا فتویٰ:

قاضی شوکانی متوفی ۱۲۵۰ھ نے لکھا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے شاگردوں کی ایک جماعت اور اسحاق بن راھوَیہ اس طرف گئے کہ جس عورت کو طلاق دی گئی وہ اگر ایسی ہو کہ نکاح کے بعد ان سے ہمبستری ہو چکی ہو تو (اُسے الفاظ متفرقہ کے ساتھ تین طلاقیں دینے کی صورت میں) تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور اگر غیر مدخول بہا ہو (یعنی نکاح کے بعد ہمبستری نہ ہوئی ہو) تو (اس صورت میں) ایک طلاق واقع ہوگی۔ (۲۴۴)

### (۳) مُحدِث امام بخاری متوفی ۲۵۶ھ کا فتویٰ:

امام محمد بن اسماعیل بخاری لکھتے ہیں اہلِ علم نے فرمایا اگر تین طلاقیں (غیر مدخول بہا کو) ایک ہی کلمہ میں دے دی جائیں تو اس سے حُرمَت غلیظہ آ جاتی ہے اور بیوی حرام ہو جاتی ہے۔ (۲۴۵)

---

۲۴۳۔ الموطا للإمام محمد بن الحسن الشيباني، كتاب الطلاق، باب (۱۵) الرجل يطلق إمرأته ثلاثاً قبل أن يدخل بها، ص۱۹۶

۲۴۴۔ نيل الأوطار، كتاب الطلاق، باب ما جاء في طلاق البتة و جمع الثلاث الخ، ص۱۲۲۷

۲۴۵۔ صحيح البخاري، المجلد(۳)، كتاب(۶۸) الطلاق، باب(۷) من قال لإمرأته أنت عليّ حرام، ص۴۱۳

مزید یہ کہ امام بخاری نے ''صحیح البخاری'' کے کتاب الطلاق میں ''من أجاز الطلاق الثلاث '' کے نام سے باب باندھا، اس کے تحت آیہ کریمہ ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ الأية﴾ نقل فرما کر بتا دیا کہ یہ آیت اس کی دلیل ہے کہ ایک مجلس اور متعدد مجالس میں دی گئی تین طلاقیں بہر صورت تین ہی ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں جو مجھ پر ظاہر ہوا وہ یہ ہے کہ امام بخاری کا باب سے مقصد مطلق تین طلاقوں کا وجود اور وقوع ہے چاہے متفرق مجالس اور کلمات سے دی گئی ہوں یا ایک ہی مجلس میں ایک ہی کلمہ سے دی گئی ہوں، تو یہ آیت مانعین کے خلاف دلیل ہے کیونکہ یہ آیت بلا انکار امام بخاری کے دعویٰ پر دلالت کرتی ہے۔

اور اگر امام بخاری کا مقصد اکٹھی تین طلاقوں کا جواز و وقوع ثابت کرتا ہے اور یہی مقصد زیادہ ظاہر ہے، پھر امام صاحب اس آیت سے اس بات کی طرف اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ اس آیت سے تین کو ایک قرار دینے والے اور اجماع کے مخالف لوگ استدلال کرتے ہیں کہ اس آیت کا ظاہر بتاتا ہے کہ ایک مرتبہ تین طلاق دینا مشروع نہیں، مشروع طلاق یہ ہے کہ جو ترتیب آیہ کریمہ میں ہے اس کے مطابق طلاق دی جائے، پس اس کی طرف اشارہ کیا کہ اکٹھی تین طلاق کی ممانعت پر استدلال کرنا غیر منجہ اور نا قابل التفات ہے کیونکہ سیاقِ آیت میں کیفیتِ مذکورہ کے علاوہ طلاق کی ممانعت کا ذکر نہیں، بلکہ اس بات پر اجماع ہے کہ دو بار طلاق دینا نہ شرط اور نہ راجح طریقہ ہے بلکہ سب کا اتفاق ہے کہ دو کی بجائے ایک دینا زیادہ راجح ہے۔ حاصل یہ کہ امام بخاری کا مقصد مخالفین کے اس آیت سے (باطل) استدلال کو دفع کرتا ہے نہ کہ تین کے جواز پر استدلال (۲٤٦)

شارح صحیح بخاری امام شمس الدین محمد بن یوسف کرمانی متوفی ۷۸۶ھ لکھتے ہیں کہ اس باب سے امام بخاری کا مطلب ہے کہ عورت کو ایک ہی مجلس میں ایک دفعہ تین

۲٤٦۔ فتح الباری شرح صحیح البخاری، المجلد (۱۲)، کتاب الطلاق، باب جوّز الطلاق الثلاث، ص۴۵۳، ۴۵۴، ۴۵۵

www.waseemziyai.com

طلاق دینا الخ۔(۲۴۷)

شارح صحیح بخاری امام قسطلانی لکھتے ہیں کہ امام بخاری کے قول کا مطلب ہے، کہ یکبارگی یا جدا جدا تین طلاقیں دینا۔(۲۴۸)

## (۴) امام ابوداؤد متوفی ۲۷۵ھ کا فتوی:

امام ابوداؤد بن سلیمان اشعث کے نزدیک تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں اور اس کے بعد رجوع کا حق نہیں رہتا اسی لئے آپ نے **بَابُ نَسْخِ الْمُرَاجَعَةِ بَعْدَ التَّطْلِيقَاتِ الثَّلَاثِ** میں حدیثِ رُکانہ جس کی ایک روایت ہے کہ حضرت رُکانہ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں اور نبی ﷺ نے انہیں رجوع کا حکم فرمایا اور دوسری روایت ہے کہ انہوں نے تین نہیں بلکہ طلاق البتۃ دی تھی یہ لفظ (البتہ) ایک اور تین کا احتمال رکھتا ہے اور نبی ﷺ نے ان سے نیت معلوم کی اور ایک طلاق کی نیت ہونے کی وجہ سے انہیں رجوع کا حکم فرمایا۔ امام ابوداؤد نے اسی روایت کو اصح کہا ہے اور باب کا نام یہ رکھا کہ "تین طلاق کے بعد مراجعت منسوخ ہونا یعنی رجوع کا حق نہ رہنا۔"(۲۴۹)

## (۵) امام ترمذی متوفی ۲۷۹ھ کا فتویٰ:

امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ کے صحابہ اور ان کے علاوہ عامۃ العلماء کے نزدیک عمل اسی پر ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دے پھر وہ اس کے علاوہ کسی اور سے شادی کرلے اور دوسرا اُسے مقاربت سے قبل طلاق دے دے تو وہ عورت پہلے خاوند کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے نے اس سے مقاربت نہ کی ہو۔(۲۵۰)

---

۲۴۷۔ صحیح البخاری بشرح الکرمانی: ۱۸۲/۷

۲۴۸۔ ارشاد الساری شرح صحیح البخاری: ۱۳۲/۸

۲۴۹۔ سنن أبي داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۱۰) نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث، ص۴۴۸۔۴۴۹، الحدیث:۲۱۹۶

۲۵۰۔ جامع ترمذی، المجلد(۲)، کتاب(۹) النکاح، باب(۹۶) ما جاء فی من یطلق إمرأته ثلاثاً الخ، ص۹۶

www.waseemziyai.com

## (۶) امام ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ کا فتویٰ:

امام قسطلانی نے ''ارشاد الساری شرح صحیح بخاری'' میں بیک وقت دی گئی تین طلاقوں سے وقوع کے بارے میں امام ابوداؤد، امام ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت کو صحیح قرار دیا اور اہلِ تشیع اور اہلِ ظاہر جو تین کو ایک قرار دیتے ہیں ان کی مُذمّت کی ہے جیسا کہ آئندہ صفحات میں ہے تو معلوم ہوا کہ امام ابن ماجہ کا مذہب بھی یہی ہے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔(۲۵۱)

## (۷) علامہ ابوبکر نیشاپوری شافعی متوفی ۳۰۹ھ کا فتویٰ:

امام ابوبکر محمد بن ابراہیم بن منذر نیشاپوری شافعی نے لکھا جس نے ہمبستری سے قبل اپنی بیوی کو تین طلاقیں ایک لفظ کے ساتھ دے دیں تو ایک جماعت نے فرمایا کہ وہ عورت اس کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے، اسی طرح حضرت ابن عباس، ابو ہریرہ، عبداللہ بن عمرو بن العاص، عبداللہ بن عمر، انس بن مالک اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم نے فتویٰ دیا۔

اور حضرت سعید بن المُسیَّب، ابن سیرین، ابن معقل، عِکرِمہ، ابراہیم نخعی، شَعبی، سعید بن جُبیر، حَکم، مالک، ابن ابی لیلیٰ، ثَوری، اوزاعی، شافعی، احمد، ابوثَور اور اصحاب الرائے نے یہی فرمایا۔ اور مروی ہے کہ حضرت علی اور زید رضی اللہ عنہما نے یہی فرمایا اور ابوبکر (نیشاپوری مصنّف) فرماتے ہیں ہم بھی یہی کہتے ہیں۔(۲۵۲)

## (۸) امام ابوجعفر طحاوی حنفی متوفی ۳۲۱ھ کا فتویٰ:

امام طحاوی کے نزدیک بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں، جیسا کہ امام طحاوی کی کتاب ''اختلاف العلماء'' کے حوالے سے آئندہ سطور میں مذکور ہے۔

---

۲۵۱۔ إرشاد الساري، المجلد (۸)، کتاب الطلاق، باب من أجاز الطلاق الخ، ص۱۳۲۔۱۳۳

۲۵۲۔ الإشراف علی مذاهب أهل العلم، المجلد(۱)، کتاب الطلاق، باب (۸)، طلاق الثلاث الخ، ص۱۴۳

www.waseemziyai.com

## (۹) امام ابوبکر جصّاص رازی حنفی متوفی ۳۷۰ھ کا فتویٰ:

امام ابوبکر احمد بن علی جصّاص رازی نقل کرتے ہیں: ہمارے اصحاب احناف نے کہا کہ کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تجھے سنّت طلاق اور وہ عورت ایسی ہے جسے ماہواری آتی ہے تو ہر طُہر میں ایک طلاق واقع ہوگی۔ اور اگر اس کی نیت ہو کہ تینوں ایک ساتھ واقع ہو جائیں تو تینوں ہی واقع ہو جائیں گی۔(۲۵۳)

اور نقل کرتے ہیں کہ کسی شخص نے اپنی اس بیوی سے کہا جس سے ابھی اُس نے مقاربت نہیں کی کہ تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے تو ہمارے اصحاب نے فرمایا کہ وہ غیر مدخول بہا بیوی پہلی طلاق سے بائنہ ہو جائے گی، دوسری دو واقع نہ ہوں گی (اور اگر وہ مدخول بہا ہوتی تو تینوں واقع ہو جاتیں)۔(۲۵۴)

## (۱۰) فقیہ ابو اللیث سمرقندی حنفی متوفی ۳۷۵ھ کا فتویٰ:

امام ابو اللیث نصر بن محمد بن ابراہیم سمرقندی لکھتے ہیں ہشام نے امام محمد سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا کہ جسے اس کی بیوی نے تین بار کہا مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے تو شوہر نے کہا میں نے تجھے طلاق دی تو فرمایا تین طلاقیں ہوئیں، اور لکھتے ہیں کہا تُو طلاق والی ہے سوائے دو طلاق کے تو وہ عورت تین طلاق والی ہے۔(۲۵۵)

## (۱۱) امام قدوری حنفی متوفی ۴۲۸ھ کا فتویٰ:

امام ابو الحسن احمد بن محمد قدوری فرماتے ہیں کہ ایک کلمہ سے تین طلاقیں دینا یا ایک طُہر میں تین طلاقیں دینا بدعت ہے اگر ایسا کیا تو تینوں واقع ہو جائیں گی عورت اس سے

۲۵۳۔ مختصر اختلاف العلماء، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، (۸۲۲)، فیمن قال لامرأته: أنت طالق للسنّة الخ، ص۳۷۸

۲۵۴۔ مختصر اختلاف العلماء، المجلد (۲)، کتاب الطلاق (۹۱۹) فیمن قال لغیر المدخول بها أنت طالق، أنت طالق، أنت طالق، ص ۴۱۱

۲۵۵۔ عیون المسائل فی الفروع الحنفیة، کتاب الطلاق، ص۵۷

www.waseemziyai.com

جُدا ہو جائیگی اوراس طرح طلاق دینے والا گناہ گار ہوگا۔(۲۰۶)

## (۱۲) امام ابوزید الدبوسی حنفی متوفی ۴۳۰ھ کا فتویٰ:

امام ابوزید عبیداللہ بن عمر ابن عیسیٰ الدبوسی الحنفی لکھتے ہیں: اگر مرد نے اپنی بیوی سے جب کہ وہ عورت مدخول بہا ہو کہا کہ تُو تین طلاق والی ہے اور تین طلاق والی ہے ان شاء اللہ تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک تین واقع ہو جائیں گی۔ اور اپنی بیوی سے کہا تو ایک اور تین کے مابین طلاق والی ہے تو دو واقع ہوں گی۔(۲۰۷)

## (۱۳) شارح صحیح بخاری علامہ ابوالحسن متوفی ۴۴۴ھ/ ۴۴۹ھ کا فتویٰ:

علامہ ابوالحسن علی بن خلف بن مالک فرماتے ہیں ایک کلمہ کے ساتھ دی گئی تین طلاقوں کے لازماً واقع ہونے پر ائمہ فتویٰ مُتفق ہیں اور ایسا کرنا ان کے نزدیک سنّت کے خلاف ہے اوراس کا خلاف (یعنی تین سے ایک مراد لینا) شُذوذ (حق سے جُدا ہونا) ہے اور ایسی بات صرف بدعتی ہی کرتا ہے۔(۲۰۸)

## (۱۴) امام ناطفی حنفی متوفی ۴۴۶ھ کا فتویٰ:

امام ابوالعباس احمد بن محمد ناطفی کی ''اَجناس'' کے حوالے سے ابن قاضی سماوہ نقل کرتے ہیں کہ شوہر نے بیوی کو خلوت صحیحہ کے بعد کہا، تجھے ایک طلاق، تجھے دو طلاقیں، تجھے تین طلاقیں تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۰۹)

## (۱۵) شیخ الاسلام قاضی القضاۃ ابوالحسن حنفی متوفی ۴۶۱ھ کا فتویٰ:

امام ابوالحسن علی بن حسین فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تُو تین طلاق والی ہے اوراس کی نیت ایک طلاق کی تھی تو اتنی ہی واقع ہوں گی جتنی اس نے کہیں

۲۰۶۔ مختصر قدوری مع شرحہ اللباب، المجلد(۲) کتاب الطلاق، ص۳۷

۲۰۷۔ کتاب تأسیس النظر، ص۸، ۱۲۔۱۳

۲۰۸۔ شرح صحیح البخاری لإبن بطال، المجلد (۷)، کتاب (۶۸) الطلاق، باب (٤) من أجاز الطلاق الثلاث، ص۳۹۰

۲۰۹۔ جامع الفصولین، المجلد (۱)، الفصل العشرون فی دعوی النکاح الخ، ص۱۹٤

www.waseemziyai.com

یعنی تین واقع ہو جائیں گی۔(۲۶۰)

## (۱۶) شیخ الاسلام ابو اسحاق شیرازی شافعی متوفی ۴۷۶ھ کا فتویٰ:

شیخ الاسلام ابو اسحاق ابراہیم بن علی بن یوسف فیروز آبادی شیرازی شافعی لکھتے ہیں: شوہر نے اگر طلاق کے تین لفظ کہے مثلاً بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، اور طلاق والی ہے، پس تو طلاق والی ہے تو ہر لفظ سے طلاق واقع ہو جائے گی یعنی تینوں طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۶۱)

## (۱۷) امام سرخسی حنفی متوفی ۴۸۳ھ کا فتویٰ:

علامہ شمس الدین محمد بن احمد سرخسی لکھتے ہیں ''کسی شخص نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی سے کہا تجھے تین طلاقیں ہیں وہ ہمارے نزدیک تینوں ہی واقع ہو جائیں گی اور یہی حضرت عمر، ابن عباس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کا قول ہے۔(۲۶۲)

## (۱۸) ابو الولید سلیمان بن خلف الباجی المالکی متوفی ۴۹۴ھ کا فتویٰ:

ابو الولید باجی نے ''المنتقی'' میں لکھا ہے جس شخص نے ایک لفظ سے تین طلاقیں دے دیں تو جتنی طلاقیں اس نے دیں تو اتنی ہی لازم ہو جائیں گی اور یہی جماعتِ فقہاء کا قول ہے اور اس کی دلیل جو ہم رکھتے ہیں وہ اجماعِ صحابہ ہے کیونکہ طلاقِ ثلاثہ کا واقع ہو جانا حضرت عبداللہ بن عمر، عمران بن حصین، عبداللہ بن مسعود، ابن عباس، ابو ہریرۃ اور ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے صحابہ کرام میں سے اس قول میں ان کا کوئی مخالف نہیں۔(۲۶۳)

## (۱۹) امام غزالی شافعی متوفی ۵۰۵ھ کا فتویٰ:

امام حجۃ الاسلام محمد بن محمد غزالی شافعی کے ''فتاویٰ'' میں ہے:

---

۲۶۰۔ النتف فی الفتاوی، کتاب الطلاق، المصفح والمكنى، ص۲۰۳

۲۶۱۔ کتاب التنبیه فی فروع الفقه الشافعی، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، باب عدد الطلاق و الاستثناء فیه، ص۶۵۶

۲۶۲۔ المبسوط للسرخسی، المجلد(۳)، جزء ۶، کتاب الطلاق، باب من طلّق الخ، ص۷۳

۲۶۳۔ الأشفاق علی أحكام الطلاق، الطلاق الثلاث بلفظ واحد، ص۳۹

www.waseemziyai.com

سوال: شوہر نے جب کہا کہ اگر میری بیوی باندی کے ساتھ بازار گئی تو وہ تین طلاق والی ہے اور میری باندی میری بیوی کے ساتھ بازار گئی تو وہ آزاد ہے، پھر دونوں ایک ہی حال میں بازار گئیں تو اس کا حکم کیا ہے؟

جواب: اگر باندی اس کی بیوی کی خدمت میں گئی یا اس کی ہمراہی میں راستہ میں گئی تو دونوں صفتیں حاصل ہوگئیں تو (باندی کی) آزادی اور (بیوی کو) تین طلاقیں واقع ہونا حاصل ہو جائے گا کیونکہ معیّت مرافقت سے عبارت ہے الخ (٢٦٤)

## (۲۰) علامہ ابوبکر شاشی شافعی متوفی ۵۰۷ھ کا فتویٰ:

علامہ ابوبکر محمد بن احمد شاشی لکھتے ہیں: شوہر نے اگر بیوی سے کہا تو تین سنّت طلاق والی ہے اور عورت بغیر جماع کے طُہر میں ہے تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی، ہمارے نزدیک عدد میں نہ سنّت ہے اور نہ بدعت۔ (٢٦٥)

## (۲۱) امام بغوی شافعی متوفی ۵۱۶ھ کا فتویٰ:

امام ابومحمد حسین بن مسعود بغوی فرماتے ہیں اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں تو وہ عورت اس مرد کے لئے حلال نہیں جب تک کسی دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔ (٢٦٦)

## (۲۲) امام ابوالولید ابن رُشد مالکی متوفی ۵۲۰ھ کا فتویٰ:

امام ابوالولید محمد بن احمد بن احمد بن رُشد قرطبی مالکی ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: یہ قول کہ مُطلّقہ ثلاثہ بکلمۂ واحدہ طلاق دینے والے کے لئے جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے حلال نہیں، یہ وہ قول ہے جس پر فقہاءِ اَمصار کا اِجماع ہے اور ان میں سے کسی کا اس میں اختلاف نہیں اور وہ لکھنے والا جس نے یہ لکھا کہ وہ

---

٢٦٤۔ الفتاویٰ للغزالی، الطلاق، (١٣٩)، ص٢٢٦

٢٦٥۔ حلیة العلماء فی معرفة مذهب الفقهاء، المجلد (٢)، کتاب الطلاق، ص٩١٧

٢٦٦۔ تفسیر معالم التنزیل برحاشیه خازن، المجلد(١)، سورة بقرة، ص٢٢٨

www.waseemziyai.com

حلالہ سے قبل حلال ہے اور اس میں لکھتا ہے کہ رجوع کرلے وہ شخص جاہل ہے، ضعیف الدین ہے اس نے وہ کام کیا جو اسے باجماع اہلِ علم جائز نہ تھا، کیونکہ وہ اہلِ اجتہاد سے نہیں اس نے اس کی مخالفت کی جس پر فقہاءِ اَمصار کا اِجماع ہے جیسے امام مالک، شافعی، ابوحنیفہ اور اُن کے اصحاب، اس کا تو فرض یہ ہے کہ وہ اپنے وقت کے علماء کی تقلید کرتا۔ اس کے لئے درست نہیں کہ وہ ان کی دینی رائے سے مخالفت کرے، تو اس پر واجب ہے کہ وہ اس فتنے سے باز آجائے، پس اگر باز نہیں آتا تو اس پر اُسے سزا دی جائے گی اور یہ اس میں جرح ہے جس سے اس کی امامت اور شہادت ساقط ہو جائے گی۔(۲۶۷)

## (۲۳) امام علاؤالدین سمرقندی حنفی متوفی ۵۴۰ھ کا فتویٰ:

امام علاؤالدین محمد بن احمد بن ابی احمد سمرقندی لکھتے ہیں: اگر شوہر نے کہا تو تین سنّت طلاق والی ہے اور اس کی نیت یہ ہے کہ تینوں فی الحال واقع ہو جائیں تو ہمارے نزدیک تینوں اس وقت واقع ہو جائیں گی۔(۲۶۸)

## (۲۴) فقیہ ابوالفتح ظہیرالدین الولوالجی حنفی متوفی ۵۴۰ھ کا فتویٰ:

امام فقیہ ابوالفتح ظہیرالدین عبدالرشید بن ابی حنیفہ ابن عبدالرزاق الولوالجی لکھتے ہیں: ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا تین طلاقیں تجھ پر تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۶۹)

## (۲۵) امام طاہر بن احمد بخاری حنفی متوفی ۵۴۲ھ کا فتویٰ:

آپ لکھتے ہیں کہ امام احمد قلانسی سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا کہ جس نے اپنی بیوی کا ذکر کیا اور کہا اسے ایک طلاق، پھر اس کا ذکر کیا اور کہا اسے دو طلاق اور اسی طرح تیسری تو آپ نے فرمایا کہ اس کی بیوی کو تین طلاقیں واقع ہو گئیں۔(۲۷۰)

---

۲۶۷۔ فتاویٰ ابن رُشد، المجلد (۳)، رقم السوال و الجواب: ۵۰۱، ص۱۳۹۷

۲۶۸۔ تحفة الفقهاء، كتاب الطلاق، ص۳۰۱

۲۶۹۔ الفتاویٰ الولوالجيّة، المجلد (۲)، كتاب الطلاق، الفصل الأول، ص۶

۲۷۰۔ خلاصة الفتاویٰ، المجلد (۲)، كتاب الطلاق، الفصل الأول، الجنس الأول، ص۷۶

www.waseemziyai.com

## (۲۶) امام ابن العربی مالکی متوفی ۵۴۳ھ کا فتویٰ:

امام ابوبکر محمد بن عبداللہ ابن العربی لکھتے ہیں: جس نے دو یا تین طلاقیں دیں تو وہ اسے لازم ہو جاتی ہیں (یعنی واقع ہو جاتی ہیں)۔(۲۷۱)

## (۲۷) امام قاضی عیاض مالکی متوفی ۵۴۴ھ کا فتویٰ:

امام قاضی ابوالفضل عیاض بن موسیٰ مالکی لکھتے ہیں بیک وقت دی گئی تین طلاقیں تمام علماء کے نزدیک لازماً واقع ہو جاتی ہیں۔(۲۷۲)

## (۲۸) امام ناصرالدین سمرقندی حنفی متوفی ۵۵۶ھ کا فتویٰ:

امام ناصرالدین ابی القاسم محمد بن یوسف حسینی سمرقندی لکھتے ہیں: بیوی نے شوہر سے کہا میں تجھے طلاق دیتا ہوں، میں تجھے طلاق دیتا ہوں، میں تجھے طلاق دیتا ہوں، تو اُسے تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۷۳)

## (۲۹) امام سراج الدین الاوسی حنفی متوفی ۵۶۹ھ کا فتویٰ:

امام سراج الدین علی بن عثمان الأوسی حنفی لکھتے ہیں: بیوی سے کہا تجھے سنّت طلاق اور اس کی کوئی نیت نہیں تو ہر طُہر میں ایک طلاق واقع ہو گی اور اگر نیت کی کہ فی الحال واقع ہو جائیں تو اس کی نیت صحیح ہو گی اور لکھتے ہیں: شوہر نے کہا تو طلاق والی پھر سانس ختم ہونے کی وجہ سے خاموش ہو پھر کہا تین، تو تین طلاقیں واقع ہوں گی۔(۲۷٤)

ایک اور جگہ لکھتے ہیں: اگر مرد نے بیوی سے کہا تو ایک طلاق والی ہے نہیں بلکہ دو تو عورت تین طلاق والی ہو جائے گی۔(۲۷۵)

---

۲۷۱۔ أحكام القرآن، المجلد (۱)، سورة البقره، ص۱۹۱

۲۷۲۔ إكمال المعلم بفوائد المسلم، المجلد(۵)، كتاب الطلاق، باب طلاق الثلاث، ص۲۰

۲۷۳۔ الملتقط في الفتاوى الحنفية، كتاب الطلاق، مطلب: تطليق بعد الردة، ص١٤٤

۲۷٤۔ الفتاوى السراجية، كتاب الطلاق، باب طلاق السني، ص٤٢

۲۷۵۔ الفتاوى السراجية، كتاب الطلاق، باب عدد الطلاق، ص٤٣

www.waseemziyai.com

## (۳۰) علامہ عون الدین ابن ہبیرہ حنبلی متوفی ۵۶۰ھ کا فتویٰ:

علامہ عون الدین یحییٰ بن محمد بن ہبیرہ لکھتے ہیں: ائمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ تین طلاقیں ایک کلمہ کے ساتھ یا متعدد کلمات کے ساتھ ایک حالت میں یا ایک طہر میں دی جائیں تو واقع ہو جاتی ہیں اور اس میں کسی نے اختلاف نہیں کیا۔(۲۷۶)

## (۳۱) امام احمد بن محمد بن ابی بکر حنفی متوفی بعد ۵۶۹ھ کا فتویٰ:

امام احمد بن ابی بکر لکھتے ہیں: شوہر نے بیوی سے بلا حرف عطف کہا تجھے ایک طلاق، تجھے ایک طلاق، تجھے ایک طلاق تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۷۷)

## (۳۲) شمس الاسلام ابی حفص عمر نسفی حنفی متوفی ۵۷۳ھ کا فتویٰ:

امام نجم الحق والدین مفتی الجن والانس ابو حفص عمر بن محمد بن احمد بن اسماعیل نسفی حنفی سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے بغیر حرف عطف کے کہا تجھے ایک طلاق، تجھے ایک طلاق، تجھے ایک طلاق تو آپ نے فرمایا، اس نے اگر بعد دخول کے کہا تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۷۸)

## (۳۳) امام علاؤالدین ابوبکر کاسانی حنفی متوفی ۵۸۷ھ کا فتویٰ:

علامہ کاسانی حنفی لکھتے ہیں، اگر شوہر نے بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، طلاق والی ہے، یا کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے یا کہا میں نے تجھے طلاق دے دی ہے، میں نے تجھے طلاق دے دی ہے، یا کہا تو طلاق والی ہے میں نے تجھے طلاق دے دی ہے تو دو طلاقیں واقع ہو جائیں گی جب کہ عورت مدخول بہا ہو(۲۷۹)

(جب دو بار کہا تو دونوں واقع ہو گئیں اور اگر وہ تین بار کہتا تو تینوں واقع ہو جاتیں)

---

۲۷۶۔ الإفصاح عن معانی الصحاح، المجلد (۲)، باب الطلاق، ص ۱۲۱، و مطبعة الكيلانی: ۱۴۸/۲ أيضاً إختلاف الأئمة العلماء، كتاب الطلاق، ص۱۶۷

۲۷۷۔ خزانة الفتاوىٰ، كتاب الطلاق، ورق ۶۲

۲۷۸۔ الفتاوىٰ النسفية، كتاب الطلاق، ورق ۲۴

۲۷۹۔ بدائع الصنائع فی ترتيب الشرائع، المجلد (۴)، كتاب الطلاق، فصل فی شرط النية فی الكتابة، ص۲۲۴

www.waseemziyai.com

## (۳۴) امام قاضی خان حنفی متوفی ۵۹۲ھ کا فتویٰ:

علامہ حسن بن منصور اوز جندی فرماتے ہیں کہ اگر کسی عورت نے اپنے شوہر سے کہا مجھے تین طلاقیں دے اور شوہر نے کہا میں نے ایسا ہی کیا یا کہا میں نے طلاق دی تو تین طلاقیں واقع ہو جائینگی۔ (۲۸۰)

## (۳۵) شیخ الاسلام ابوالحسن مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ کا فتویٰ:

شیخ الاسلام ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی فرماتے ہیں کہ طلاق بدعت یہ ہے، کہ تین طلاقیں ایک کلمہ سے یا تین کلمات سے ایک طُہر میں دینا اگر کسی نے ایسا کیا تو تینوں واقع ہو جائیں گی اور وہ گُناہ گار ہوگا۔ (۲۸۱)

## (۳۶) علامہ فخر الدین رازی شافعی متوفی ۶۰۶ھ کا فتویٰ:

علامہ فخر الدین ابو عبداللہ محمد بن عمر بن حسین قرشی لکھتے ہیں: قرآن میں ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ الآية﴾ کا معنی یہ ہے کہ طلاق رجعی دو بار تک ہے اور تیسری کے بعد رجوع کا حق نہیں اور یہ تفسیر اس کا قول ہے جس نے ایک ساتھ تین طلاقیں دینے کو جائز قرار دیا اور یہی امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مذہب ہے، اور لکھتے ہیں: میرے نزدیک تین طلاقوں کو جمع کرنا مباح ہے مسنون نہیں ہے۔ (۲۸۲)

## (۳۷) امام ابن مازہ بخاری حنفی متوفی ۶۱۶ھ کا فتویٰ:

علامہ محمود بن احمد بن عبدالعزیز بن عمر بن مازہ بخاری لکھتے ہیں: شوہر نے اپنی مدخول بہا بیوی سے کہا تو تین طلاق والی ہے تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ (۲۸۳)

---

۲۸۰۔ فتاویٰ قاضیخان (خانية) على هامش الهندية، المجلد(۱)، كتاب الطلاق، ص۵۵۳

۲۸۱۔ الهداية، المجلد(۱-۲)، كتاب الطلاق، باب الطلاق السنة، ص۲۴۷

۲۸۲۔ التفسير الكبير، الجزء (٦)، سورة البقرة، ص٩٦

۲۸۳۔ المحيط البرهاني، المجلد (۳)، كتاب الطلاق، باب الرابع، ص۳۶۰

www.waseemziyai.com

## (۳۸) قاضی القضاۃ ظہیر الدین حنفی متوفی ۶۱۹ ھ کا فتویٰ:

شیخ امام قاضی القضاۃ مفتی عصر مرجع خلائق استاذ العلماء رُکن الدنیا والدین ظہیر الدین ابو بکر محمد بن احمد بخاری لکھتے ہیں: بیوی نے شوہر سے کہا طلاق تیرے ہاتھ میں ہے تُو دے دے تو شوہر نے کہا میں طلاق دیتا ہوں، میں طلاق دیتا ہوں، میں طلاق دیتا ہوں تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۸۴)

## (۳۹) علامہ ابن قدامہ مقدسی حنبلی متوفی ۶۲۰ ھ کا فتویٰ:

علامہ موفق الدین ابو محمد عبداللہ بن احمد ابن قدامہ لکھتے ہیں: غیر مدخول بہا بیوی کو ایک طلاق بائنہ کر دے گی اور تین حرام۔ اور اگر مدخول بہا ہو تو اُسے جتنی دے گا واقع ہو جائیں گی۔(۲۸۵)

## (۴۰) فقیہ استروشنی حنفی متوفی ۶۳۲ ھ کا فتویٰ:

امام فقیہ محمد بن محمود بن حسین استروشنی لکھتے ہیں جس عورت کو اس کے شوہر نے تین طلاقیں دے دیں وہ اپنے پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں یہاں تک کہ دوسرا شوہر اس سے نکاح کرے اور وہ اس سے دخول (ہمبستری) کرے۔(۲۸۶)

## (۴۱) علامہ یوسف سجستانی حنفی متوفی بعد ۶۳۸ ھ کا فتویٰ:

علامہ یوسف بن ابی سعید بن احمد سجستانی لکھتے ہیں: بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے پھر سانس لینے کے لئے خاموش ہو گیا پھر کہا تین، تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے تو اسے کہا گیا کتنیں، تو کہنے لگا: تین، تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۲۸۷)

---

۲۸۴۔ الفتاویٰ الظهيرية، كتاب الطلاق، ورق ۷۸

۲۸۵۔ عمدة الفقه على مذهب الإمام أحمد، كتاب الطلاق، باب ما يختلف به عدد الطلاق وغيره، ص ۸۴

۲۸۶۔ جامع أحكام الصغار، كتاب الطلاق، ص ۶۷

۲۸۷۔ منية المفتي، كتاب الطلاق، ص ۶۳

www.waseemziyai.com

## (۴۲) امام زین الدین بن ابی بکر عماد الدین حنفی متوفی بعد ۶۵۱ھ کا فتویٰ:

امام ابوالفتح زین الدین بن ابی بکر عماد الدین بن صاحب الہدایہ لکھتے ہیں: اگر عورت نے کہا مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے تو شوہر نے کہا میں نے دی تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی، اور اگر شوہر نے بیوی سے کہا تو اختیار کر، تو اختیار کر، تو اختیار کر، عورت نے کہا میں نے اختیار کیا تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ اگر عورت نے کہا مجھے طلاق دے، مجھے طلاق دے، مجھے طلاق دے تو شوہر نے کہا میں نے کی، میں نے کی، میں نے کی تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی، یہی اصح ہے۔(۲۸۸)

## (۴۳) علامہ شمس الدین سبط ابن الجوزی حنفی متوفی ۶۵۴ھ کا فتویٰ:

علامہ شمس الدین یوسف بن فرغلی ''سنن النسائی'' کی طلاق ثلاثہ والی محمود بن لبید سے مروی حدیث نقل کر کے اس کے تحت لکھتے ہیں کہ امام محمد نے ہمارے مذہب کی مثل پر اجماع حکایت کیا ہے اسی طرح امام کرخی نے اور انہوں نے فرمایا کہ تین طلاق ایک ساتھ واقع کرنے کے مکروہ ہونے پر اہلِ علم میں سے کسی کے اختلاف کو نہیں جانتا۔ بیک وقت تین طلاقیں دینے کو حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ یہ حماقت ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس کوئی ایسا شخص لایا جاتا جس نے اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دی ہوتیں تو آپ اس پر اپنے دُرّے کو بلند فرماتے۔(۲۸۹)

## (۴۴) امام قرطبی متوفی ۶۵۶ھ کا فتویٰ:

امام ابو العباس احمد بن عمر بن ابراہیم قرطبی لکھتے ہیں جمہور سلف اور ائمہ کے نزدیک دی گئی تین طلاقیں لازماً واقع ہو جاتی ہیں اسمیں کوئی فرق نہیں اکٹھی ایک کلمہ سے دی جائیں یا متفرق کلمات سے۔(۲۹۰)

۲۸۸۔ فصول العمادی، کتاب الطلاق، الفصل الثانی و العشرون، ورق ۱۴۹

۲۸۹۔ إيثار الإنصاف فی اٰثار الخلاف، کتاب الطلاق، ص۱۶۸

۲۹۰۔ المفہم لما أشكل من تلخيص كتاب مسلم، المجلد(٤)، کتاب الطلاق، باب إمضاء الطلاق الثلاث من كلمة، ص۲۳۷-۲۳۸

www.waseemziyai.com

## (۴۵) علامہ مختار بن محمود زاہدی حنفی متوفی ۶۵۸ھ کا فتویٰ:

علامہ ابوالرجاء مختار بن محمود بن محمد زاہدی غزمینی لکھتے ہیں، شوہر نے بیوی سے کہا تو مجھ پر حرام ہے، حرام ہے، حرام ہے تو تین طلاقیں ہیں کیونکہ یہ عرف میں بمنزلہ صریح کے ہے حتیٰ کہ بلانیت واقع ہوجائیں گی۔(۲۹۱)

## (۴۶) علامہ قزوینی شافعی متوفی ۶۶۵ھ کا فتویٰ:

علامہ نجم الدین عبدالغفار بن عبدالکریم قزوینی شافعی کی کتاب ''حاوی صغیر'' کی تلخیص ''إرشاد الغاوی'' میں ہے اگر بیوی سے کہا تو تین طلاق والی ہے مگر نصف تو تینوں واقع ہوجائیں گی۔(۲۹۲)

## (۴۷) شارح صحیح مسلم امام نووی شافعی متوفی ۶۷۶ھ کا فتویٰ:

امام یحییٰ بن شرف النووی فرماتے ہیں امام شافعی و مالک وابوحنیفہ، امام احمد بن حنبل اوران کے علاوہ جمہور علماء سلف وخلف کا یہی قول ہے کہ ایک لفظ سے تین طلاقیں دینے سے تینوں واقع ہوجاتی ہیں۔(۲۹۳)

نیز ان کے فتاویٰ میں ہے، مسئلہ: شوہر نے اپنی بیوی کو دخول سے قبل تین طلاقیں دے دیں تو اس کا کیا حکم ہے کیا وہ اس کے لئے حلال ہے کہ اس سے نکاح کرلے؟ تو آپ نے جواب میں فرمایا، وہ عورت اس مرد کے لئے حلال نہیں یہاں تک کہ وہ عورت اس مرد کے غیر سے نکاح کرے اور وہ دوسرا شوہر اس کے اگلے مقام میں وطی کرے اور دوسرا شوہر اس عورت سے طلاق وغیرہ کے ذریعے جدائی کرے اور اس کی عدت گزرے (تو پھر اول کے لئے اس سے نکاح کرنا حلال ہوگا)۔(۲۹۴)

---

۲۹۱۔ القنیۃ المنیۃ، کتاب الطلاق، باب فی الکنایات، ص۱۳٦

۲۹۲۔ إرشاد الغاوی إلی مسالک الحاوی، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، باب تعلیق الطلاق، ص۵۵۵

۲۹۳۔ شرح صحیح مسلم للنووی، المجلد(۵)، الجزء(۱۰)، کتاب(۱۸) الطلاق، باب(۲) طلاق الثلاث، ص۶۰، الحدیث:۱۵(۱۴۷۲)

۲۹۴۔ فتاوی الإمام النووی، کتاب الطلاق، إذا طلق زوجته ثلاثًا، ص۱۹۸

www.waseemziyai.com

## (۴۸) عبید اللہ بن مسعود بن تاج الشریعہ حنفی متوفی ۷۴۰ھ کا فتویٰ:

اگر کسی شخص نے اپنی مدخول بہا بیوی سے یوں کہا تجھے سنّت کے مطابق تین طلاقیں ہیں اور اس نے تمام طلاقوں کے اسی وقت وقوع کا ارادہ کیا تو اس کی نیت صحیح ہوگی اور تین طلاقیں فی الحال واقع ہو جائیں گی۔ (۲۹۵)

## (۴۹) علامہ عبد اللہ بن محمود موصلی حنفی متوفی ۶۸۳ھ کا فتویٰ:

علامہ عبد اللہ بن محمود موصلی حنفی لکھتے ہیں: جب اپنی مدخول بہا بیوی سے کہا تجھے تین سنّت طلاقیں تو ہر طُہر میں ایک طلاق واقع ہوگی اور اگر تینوں طلاقوں کے فی الحال وقوع کی نیت کی تو تینوں واقع ہو جائیں گی۔ (۲۹۶) کیونکہ ہم نے تین طلاقوں کا جملۃً ایک ہی وقت واقع ہونا سنّت سے جان لیا ہے۔ (۲۹۷)

## (۵۰) امام مظفر الدین ابن الساعاتی حنفی متوفی ۶۹۴ھ کا فتویٰ:

امام مظفر الدین احمد بن علی بن ثعلب المعروف با بن الساعاتی حنفی لکھتے ہیں: جب دخول سے قبل تین طلاقیں دیں تو تینوں واقع ہو جائیں گی میں اگر جُدا جُدا دیں پہلی سے ہی وہ بائن ہو جائے گی (کیونکہ بائن ہونے کے بعد وہ محلِّ طلاق نہ رہی اور اگر وہ مدخول بہا ہوتی تو دوسری صورت میں دیگر دو بھی واقع ہو جاتیں)۔ (۲۹۸)

## (۵۱) حافظ الدین ابو البرکات نسفی حنفی متوفی ۷۱۰ھ کا فتویٰ:

تین طلاقیں ایک طُہر میں یا ایک کلمہ سے دینا بدعی طلاق ہے اور اگر کسی نے اپنی مدخول بہا بیوی (جس سے مجامعت یا خلوت صحیحہ ہو چکی ہو) سے کہا تجھے بطور سنّت تین طلاقیں ہیں اور اس نے اگر نیت کر لی کہ تینوں اسی وقت واقع ہوں تو واقع ہو جائیں گی۔ (۲۹۹)

---

۲۹۵۔ شرح الوقایہ (اوّلین)، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، بیان الأقسام الثلاث للطلاق، ص ۷۰

۲۹۶۔ المختار الفتوی، کتاب الطلاق، ص ۱۸۷

۲۹۷۔ کتاب الإختیار لتعلیل المختار، الجزء (۳)، کتاب الطلاق، ص ۱۵٤

۲۹۸۔ مجمع البحرین و ملتقی النیّرین، کتاب الطلاق، فصل: فی طلاق غیر المدخول بها، ص ۵٦۲

۲۹۹۔ کنز الدقائق، کتاب الطلاق، ص ۱۱۳

www.waseemziyai.com

## (۵۳) امام ابو العباس السروجی حنفی متوفی ۷۱۰ھ کا فتویٰ:

امام ابو العباس شمس الدین احمد بن ابراہیم بن عبد الغنی سروجی لکھتے ہیں: شوہر نے اپنی مدخول بہا بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، طلاق والی ہے، طلاق والی ہے، یا کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے یا کہا تو طلاق والی ہے پھر طلاق والی ہے، پھر طلاق والی ہے یا کہا تو طلاق والی ہے اور تو طلاق والی ہے، اور تو طلاق والی ہے تو (تمام صورتوں میں) تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳۰۰)

## (۵۴) امام خازن متوفی ۷۲۵ھ کا فتویٰ:

علامہ علاؤالدین علی الشہیر بالخازن لکھتے ہیں طلاق صریح لفظ ہے جس نے بلا نیت تین طلاقیں دیں تو تینوں واقع ہو جائینگی۔ طلاق شرعی یہ ہے کہ ایک کے بعد دوسری طلاق متفرقاً دی جائے سوائے جمع اور اکٹھی دینے کے۔ یہ تفسیر اس کا قول ہے جس کے نزدیک تین طلاقیں جمع کرنا حرام ہے مگر امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں تین واقع ہو جائیں گی اگرچہ ایسا کرنا حرام ہے۔(۳۰۱)

## (۵۵) امام فخر الدین زیلعی حنفی متوفی ۷۴۳ھ کا فتویٰ:

شوہر نے بیوی سے کو دو طلاقوں کے تین نصف دیئے تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی کیونکہ طلاق کا نصف طلاق ہے، جب اس نے تین جمع کیں تو طلاقیں واقع ہو گئیں۔(۳۰۲)

## (۵۶) امام محمد بن احمد الکاکی حنفی متوفی ۷۴۹ھ کا فتویٰ:

شوہر نے بیوی سے کہا اختیار کر، اختیار کر، اختیار کر، بیوی نے کہا میں نے اُولیٰ یا وُسطیٰ یا اَخیرہ کو اختیار کیا تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔

بیوی سے کہا تجھے تین سنّت طلاق اور اگر اس نے نیت کی کہ سب ابھی واقع ہو

۳۰۰۔ کتاب أدب القضاء، حکم الطلاق المقرون بالتکرار، ص ۲۸۰

۳۰۱۔ تفسیر خازن، المجلد(۱)، البقرة، ص۲۲۸

۳۰۲۔ تبیین الحقائق، کتاب الطلاق، باب الطلاق، ص ۴۷

www.waseemziyai.com

جائیں توفی الحال واقع ہو جائیں گی۔(۳۰۳)

## (۵۷) علامہ امیر کاتب فارابی حنفی متوفی ۷۵۸ھ کا فتویٰ:

علامہ امیر کاتب بن امیر عمر العمید الفارابی صحابہ کرام کے اِجماع کے حُجت ہونے کے بارے میں لکھتے ہیں، اس طرح تین طلاقیں ہیں جب صحابہ کرام نے ایک ساتھ دی ہوئی تین طلاقوں کے وقوع کا حکم کیا اور انہوں نے اس پر اِجماع کرلیا تو ہمارے لئے ان کا خلاف کرنا جائز نہیں کیونکہ صحابہ کا اجماع حُجت ہے اس باب میں آخری بات یہ کہ بیک وقت تین طلاقیں دینا ممنوع ہے اور ممنوع ہونا (یہاں) مشروعیت کو معدوم نہیں کرتا الخ۔(۳۰۴)

## (۵۸) امام سراج الدین غزنوی حنفی متوفی ۷۷۳ھ کا فتویٰ:

مرد نے اپنی بیوی کو جب بیک کلمہ تین طلاقیں دے دیں (اگرچہ تینوں واقع ہو جائیں گی) امام حنیفہ کے نزدیک بدعت اور حرام ہے اور یہی جمہور صحابہ کا قول ہے۔(۳۰۵)

## (۵۳) علامہ ابن کثیر حنبلی متوفی ۷۷۴ھ کا فتویٰ:

علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں اللہ تعالیٰ نے طلاق کو تین تک محدود کر دیا اور ایک اور دو طلاق میں رجوع کو مباح فرمایا اور تین میں کُلّی طور پر بائن فرما دیا۔(۳۰۶)

## (۵۹) علامہ خلیل بن اسحاق مالکی متوفی ۷۷۶ھ کا فتویٰ:

اگر کہا اگر میں نے تجھ سے خلع کیا تو تُو تین طلاق والی ہے، اگر تین کا لفظ نہ کہا (یعنی کہا کہ اگر میں نے تجھ سے خلع کیا تو تُو طلاق والی ہے تو اس دوسری صورت میں) اسے دو طلاقیں لازم ہوں گی (ایک خلع سے دوسری خلع کے ساتھ معلّق)۔(۳۰۷)

۳۰۳۔ عیون المذاهب، کتاب الطلاق، ورق ۶۰

۳۰۴۔ غاية البيان شرح الهداية، کتاب الطلاق، تحت قوله: و طلاق البدعة الخ، ورق ۳۵۲

۳۰۵۔ الغُرّة المنيف فی تحقيق الإمام أبی حنيفة، کتاب الطلاق، ص۱۴۸

۳۰۶۔ تفسیر ابن کثیر، المجلد(۱)، سورة البقرة، ۲۲۹:، ص۴۸۱

۳۰۷۔ المختصر للخليل مع مواهب الجليل، المجلد (۳)، کتاب النكاح، باب فی الخلع، ص۱۳۷

www.waseemziyai.com

اور لکھتے ہیں، شر الطلاق کہنے اور اس کی مثل کہنے اور تُو تین طلاق والی ہے۔ کہنے کی صورت میں فوری تین طلاقیں واقع قرار دی جائیں گی۔ اور تین بدعت طلاقیں یا بعض بدعت طلاقیں اور بعض سنّت طلاقیں کہا تو دونوں صورتوں میں تین طلاقیں ہیں۔ (۳۰۸)

## (۶۰) علامہ صدر الدین شافعی متوفی ۷۸۰ھ کا فتویٰ:

علامہ ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن بن الحسین دمشقی عثمانی شافعی لکھتے ہیں، ائمہ اربعہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تین طلاقوں کو جمع کرنا حرام ہے اور واقع ہو جاتی ہیں۔ (۳۰۹)

## (۶۱) شارح بخاری امام کرمانی متوفی ۷۸۶ھ کا فتویٰ:

فرماتے ہیں اگر آپ اعتراض کریں کہ آیت ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ الآية﴾ اس دعویٰ پر پر کس طرح دلالت کرتی ہے؟ تو جواب میں کہوں گا کہ جب دو (طلاقوں) میں جمع جائز ہے تو تین میں بھی جمع جائز ہو گی (یعنی جب ایک مجلس میں دو طلاق دینے سے واقع ہو جاتی ہیں تو تین دینے سے بھی واقع ہو جائیں گی) یا ''اَلتَّسْرِيْحُ بِالْاِحْسَانِ'' کو اتنا عام لیا جائے کہ اکٹھی ایک ہی مجلس کی تین طلاقوں کو بھی شامل ہو جائے (۳۱۰)

## (۶۲) امام اکمل الدین بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ کا فتویٰ:

تین طلاقیں بیک کلمہ یا ایک طہر میں دینا طلاق بدعت ہے اور ہمارے نزدیک حرام ہے لیکن اگر ایسا کیا تو تینوں ہی واقع ہو جائیں گی اور عورت اس سے جُدا اور حُرمت غلیظہ کے ساتھ حرام ہو جائے گی اور اس طرح طلاق دینے والا گنہگار ہو گا۔ (۳۱۱)

## (۶۳) علامہ عالم بن العلاء انصاری حنفی متوفی ۷۸۶ھ کا فتویٰ:

علامہ عالم بن العلاء انصاری، اندرپتی، دہلوی، ہندی لکھتے ہیں: شوہر نے بیوی

۳۰۸۔ المختصر للخليل: ۱۳۸/۳، فصل فی طلاق السنة

۳۰۹۔ رحمة الأمة فی اختلاف الأئمة، كتاب الطلاق، ص۱۸۸

۳۱۰۔ صحيح البخاری بشرح الكرمانی: ۱۸۲/۷

۳۱۱۔ العناية شرح الهداية، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب الطلاق السنّة، ص۳۲۹

www.waseemziyai.com

سے کہا عدت گزار، عدت گزار، عدت گزار (یہ طلاق سے کنایہ ہے) اور کہا کہ میری کُل سے مراد سے ایک طلاق تھی تو اسے قضاءً سچا نہیں سمجھا جائے گا (یعنی تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی) یا کہا کہ میں نے پہلی سے مراد طلاق لی اور دوسری اور تیسری سے کچھ مراد نہ تھی تو ہمارے علماء ثلاثہ کے نزدیک تینوں واقع ہو جائیں گی۔(۳۱۲)

## (۶۴) شارح عقائد نسفی علامہ تفتازانی متوفی ۷۹۲ھ کا فتویٰ:

کسی شخص نے ایک عورت سے شادی کی اور اُسے ایک ہی کلمہ سے تین طلاقیں دے دیں تو تینوں واقع ہو جائیں گی۔ کسی عورت نے اپنے شوہر سے کہا مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے تو شوہر نے کہا میں نے تجھے طلاق دی تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تجھے دو طلاق اور آدھی طلاق مگر آدھی طلاق تو تین طلاق واقع ہو جائیں گی۔(۳۱۳)

## (۶۵) علامہ ابن ابی العز حنفی متوفی ۷۹۲ھ کا فتویٰ:

علامہ صدر الدین علی بن علی بن ابی العز حنفی لکھتے ہیں، سروجی فرماتے ہیں کہ ایک ساتھ تین طلاقوں کا واقع ہو جانا صحابہ کرام، تابعین عظام اور ان کے بعد کے ائمہ وغیرہم جمہور اہلِ علم کا قول ہے۔(۳۱٤)

## (۶۶) امام ابوبکر بن علی المعروف بالحدادی متوفی ۸۰۰ھ کا فتویٰ:

اگر کسی شخص نے ایک کلمہ سے یا ایک طُہر میں تین طلاقیں دیں تو واقع ہو جائینگی، عورت جُدا ہو جائیگی اور وہ گنہگار ہوگا۔(۳۱٥)

## (۶۷) امام ابن الشحنہ کبیر حنفی متوفی ۸۱۵ھ کا فتویٰ:

امام ابوالولید ابراہیم بن ابی الیمن محمد بن ابی الفضل المعروف با بن الشحنہ الکبیر حنفی

۳۱۲۔ الفتاویٰ التاتارخانیة، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، نوع آخر فی بیان حکم الکنایات، ص۲۳۸

۳۱۳۔ الفتاوی الحنفیة، کتاب الطلاق، ورق: ۳۰۔۳۱

۳۱٤۔ التنبیه علی مشکلات الهدایة، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، ص ۱۲۹۱

۳۱٥۔ الجوهرة النیرة، المجلد(۲)، کتاب الطلاق، ص۳۹

www.waseemziyai.com

لکھتے ہیں، اگر آزاد بیوی کو تین یا اس بیوی کو جو باندی ہو دو طلاقیں دیں تو وہ طلاق دینے والے کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند سے صحیح نکاح کرے اور وہ اس سے ہمبستری کرے پھر اسے طلاق دے یا فوت ہو جائے۔(۳۱۶)

مزید لکھتے ہیں، کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تین طلاقیں تجھ پر تو اس عورت کو تین طلاقیں پڑ جائیں گی کیونکہ مرد نے اس پر تین طلاقیں واقع کیں۔(۳۱۷)

## (۶۸) قدوۃ الامۃ مرجع الفقہاء ابن قاضی سماوہ حنفی متوفی ۸۲۳ھ کا فتویٰ:

شیخ الاسلام امام جلیل محمود بن اسرائیل الشہیر بابن قاضی سماوہ لکھتے ہیں، شوہر نے اپنی بیوی کے ساتھ خلوت صحیحہ کے بعد کہا تجھے ایک طلاق، دو طلاقیں، تین طلاقیں تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳۱۸)

## (۶۹) حافظ الدین ابن البزار حنفی متوفی ۸۲۷ھ کا فتویٰ:

امام حافظ الدین محمد بن محمد بن شہاب ابن البزار کردری لکھتے ہیں: ایک ساتھ تین طلاقیں دینا یا دو طلاقیں ایک طہر میں جمع کرنا ممنوع ہے (اگرچہ واقع ہو جائیں گی)، آپ نے بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع کی متعدد صورتیں ذکر کی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ایک شخص کی عادت تھی کہ جب بھی وہ کوئی بچی دیکھتا تو کہتا تیری ماں کو تین طلاق، پس اس نے اپنی اولاد میں سے کسی کو دیکھا تو اُسے بھی بے سوچے سمجھے ایسے ہی بول دیا تو اس کی بیوی کو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی کیونکہ صریح طلاق ارادہ اور علم پر موقوف نہیں ہوتی۔(۳۱۹)

---

۳۱۶۔ لسان الأحکام، الفصل الرابع عشر فی الطلاق، نوع فی الرجعة، ص۳۲۹

۳۱۷۔ لسان الأحکام فی معرفة الأحکام مع معین الحکام، الفصل الرابع عشر، فی الطلاق نوع فی الصریح و الکنایة، ص۳۲۶

۳۱۸۔ جامع الفصولین، المجلد (۱)، الفصل العشرون فی دعویٰ النکاح و المھر الخ، ص۱۹۴

۳۱۹۔ الفتاوی البزازیة علی ھامش الفتاوی الھندیة، المجلد (٤)، کتاب الطلاق، الأول فی المقدمة، ص۱۷۰۔۱۷۳

www.waseemziyai.com

## (۷۰) علامہ یوسف بن عمر صوفی حنفی متوفی ۸۳۲ھ کا فتویٰ:

بیوی سے کہا تو تین طلاق والی ہے واسطے سنّت کے اور اس کی نیت یہ ہو کہ تینوں ابھی واقع ہو جائیں تو ہمارے نزدیک تینوں فی الحال واقع ہو جائیں گی۔(۳۲۰)

## (۷۱) علامہ ابن المقری شافعی متوفی ۸۳۷ھ کا فتویٰ:

جب بیوی سے کہا تو تین طلاق والی ہے مگر نصف طلاق تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی کیونکہ اس نے آدھی طلاق باقی چھوڑی تو وہ کامل ہوگئی۔ بیوی غیر مدخول بہا سے کہا اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو تُو طلاق والی ہے، اور طلاق والی ہے اور طلاق والی ہے تو گھر میں داخل ہونے کے ساتھ تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳۲۱)

## (۷۲) علامہ ابن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ کا فتویٰ:

شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر لکھتے ہیں: تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں چاہے اکٹھی دی جائیں یا الگ الگ۔ (۳۲۲)

## (۷۳) شیخ الاسلام بدرالدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ کا فتویٰ:

شارح صحیح بخاری علامہ عینی لکھتے ہیں کہ جمہور علماء تابعین اور جو اُن کے بعد ہوئے ان میں امام اوزاعی، امام نخعی، امام ثوری، امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب، امام مالک اور ان کے اصحاب، امام شافعی اور ان کے اصحاب، امام احمد اور ان کے اصحاب، امام اسحاق، امام ابوعبیدہ اور دوسرے کثیر علماء کا یہی مذہب ہے کہ جو شخص اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں دیدے تو تینوں واقع ہو جاتی ہیں لیکن وہ گنہگار رہوگا اور جو اسکی

---

۳۲۰۔ جامع المضمرات و المشكلات، كتاب الطلاق

۳۲۱۔ إخلاص الناوى فى إرشاد الغاوى، المجلد (۲)، كتاب الطلاق، تعليق الطلاق، ص۵۵٦، و باب الاستناء فى الطلاق، ص۵۵۹

۳۲۲۔ فتح البارى شرح صحيح البخارى، المجلد(۱۲)، الجزء(۹)، كتاب(٦۸) الطلاق، باب(٤) من جوّز الطلاق الثلاث، ص۴۵۳

www.waseemziyai.com

مخالفت کرتے ہیں وہ بہت تھوڑے ہیں اور اہلسنّت کے مخالف ہیں۔(۳۲۳)

## (۷۴) محقّق علی الاطلاق امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ کا فتویٰ:

شیخ الاسلام امام کمال الدین محمد بن عبد الواحد المعروف ابن ہمام حنفی لکھتے ہیں جمہور صحابہ وتابعین اور انکے بعد کے آئمۂ المسلمین کا یہی مذہب ہے کہ ایک مجلس میں تین طلاقیں دینے سے تینوں واقع ہوتی ہیں۔(۳۲۴)

## (۷۵) مُفَسِّر ابو حفص ابن عادل حنبلی متوفی ۸۸۰ھ کا فتویٰ:

امام مُفَسِّر ابو حفص عمر بن علی بن ابن عادل دمشقی حنبلی لکھتے ہیں، جب بیوی کو بیک کلمہ تین طلاقیں دیں تو اسے بالاجماع لازم ہوگئیں۔(۳۲۵)

## (۷۶) علامہ خسرو حنفی متوفی ۸۸۵ھ کا فتویٰ:

اگر شرط کو مؤخر کیا اور غیر مدخول بہا بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے طلاق والی ہے تو دونوں واقع ہوجائیں گی اور بیوی مدخول بہا ہو تو تمام صورتوں میں دونوں طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔(۳۲۶)

## (۷۷) علامہ یعقوب پاشا حنفی متوفی ۸۹۱ھ کا فتویٰ:

علامہ یعقوب پاشا بن حضر بک لکھتے ہیں، اگر بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے ایک دو میں اور اس نے اس سے یہ نیت کی کہ تو طلاق والی ہے ایک اور دو تو تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔(۳۲۷)

---

۳۲۳۔ عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، المجلد (۱۴)، کتاب (۶۸) الطلاق، باب (۴) من أجاز الطلاق الثلاث، ص ۲۳۶

۳۲۴۔ فتح القدیر شرح الهدایة، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، ص ۳۳۰

۳۲۵۔ اللباب فی علوم الکتاب، المجلد (۴)، سورة البقرة (الآیة: ۲/۲۲۹)، ص ۱۳۵

۳۲۶۔ غرر الأحکام مع شرح الدرر الحکام، المجلد (۱)، کتاب الطلاق، ص ۳۶۷

۳۲۷۔ یعقوب باشه حاشیة شرح الوقایة، کتاب الطلاق، باب الطلاق الصریح، ص ۱۷۶

www.waseemziyai.com

## (۷۸) امام جلال الدین سیوطی شافعی متوفی ۹۱۱ھ کا فتویٰ:

پہلے یہ تھا کہ جب شوہر بیوی سے کہتا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے اور کوئی نیت نہ کرتا تو ایک طلاق کا حکم دیا جاتا کیونکہ اس سے استیناف کا ارادہ قلیل تھا تو غالب، پر محمول کیا گیا جو کہ تاکید تھا پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اس صیغہ کا استعمال لوگوں میں کثرت سے ہوا اور استیناف کا ارادہ غالب ہو گیا تو اطلاق کے وقت اسے غالب اِلَی الفہم پر عمل کرتے ہوئے تین پر محمول کر دیا گیا (یعنی اب تین طلاق دینے سے تو تین ہی مراد ہوں گی)۔(۳۲۸)

## (۷۹) قاضی جگن گجراتی حنفی متوفی ۹۲۰ھ کا فتویٰ:

بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے اور کہا میں نے پہلی سے مراد طلاق لی اور دوسری اور تیسری سے نہیں تو دیانت میں سچا سمجھا جائے گا قضاء میں نہیں (یعنی قضاءً تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی)۔ جب بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، یا کہا میں نے تجھے طلاق دی، میں نے تجھے طلاق دی، یا کہا تو طلاق والی ہے میں نے تجھے طلاق دی ہے اور کہا کہ (ان تینوں صورتوں میں) پہلی سے مراد میں نے طلاق لی (دوسری سے نہیں) تو اس کے اور اللہ تعالیٰ کے مابین سچا مانا جائے گا اور قضاء سچا نہیں مانا جائے گا (یعنی جتنی طلاقیں دیں اتنی ہی کے وقوع کا فیصلہ کیا جائے گا)۔(۳۲۹)

## (۸۰) علامہ ابن الشحنہ الصغیر الحنفی متوفی ۹۲۱ھ کا فتویٰ:

شیخ الاسلام قاضی القضاۃ علامہ عبد البر بن محمد بن محمد بن محمود ابن الشحنہ الصغیر متوفی ۹۲۱ھ لکھتے ہیں، سوال: اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تجھے ایک سے زیادہ اور دو سے کم طلاقیں ہوں تو کتنی طلاقیں واقع ہونی چاہئیں؟ جواب: تین طلاقیں واقع ہوں گی۔(۳۳۰)

---

۳۲۸۔ الدیباج علی صحیح مسلم، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب طلاق الثلاث، ص ۱۳۵

۳۲۹۔ خزانة الرویات، کتاب الطلاق، باب ما یقع به الطلاق ما لا یقع، ورق ۲۳۷

۳۳۰۔ فتاویٰ معتّی، کتاب الطلاق، ص ۱۱۰، و الذخائر الأشرفیة، کتاب الطلاق، ص ۹۰

www.waseemziyai.com

## (۸۱) علامہ ابراہیم طرابلسی حنفی متوفی ۹۲۲ھ کا فتویٰ:

علامہ ابراہیم بن موسیٰ طرابلسی لکھتے ہیں، شوہر نے بیوی سے کہا تجھے دو طلاقیں دو میں اور اس نے اپنے اس قول سے ضرب کی نیت کی تو دو واقع ہوں گی اور اگر جمع کی نیت تو تین واقع ہوں گی بشرطیکہ بیوی مدخول بہا ہو (یعنی نکاح کے بعد اس سے ہمبستری یا خلوت صیحہ کر چکا ہو)۔(۳۳۱)

## (۸۲) شارح صحیح بخاری امام قسطلانی شافعی متوفی ۹۲۳ھ کا فتویٰ:

امام شہاب الدین احمد بن محمد قسطلانی لکھتے ہیں اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿تَسْرِيْحٌ م بِاِحْسَانٍ﴾ عام ہے بیک وقت تین طلاقوں کو بھی شامل ہے آیت بلا انکار اس پر بھی دلالت کرتی ہے اہلِ تشیع اور بعض اہلِ ظاہر کہتے ہیں اگر کوئی بیک وقت تین طلاقیں دے دے تو ایک واقع ہوتی ہے۔ یہ شاذ (قرآن وسنّت سے جُدا) مذہب ہے جس پر عمل نہیں کیا جائے گا کیونکہ یہ منکر ہے اور صحیح وہ ہے جسے امام ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔(۳۳۲)

## (۸۳) قاضی القضاۃ ابوالسعود العمادی حنفی متوفی ۹۵۱ھ کا فتویٰ:

قاضی القضاۃ ابوالسعود محمد بن محمد العمادی لکھتے ہیں، طلاق شرعی یہ ہے کہ طلاق کے بعد دوسری طلاق متفرق طور پر دو یا تین طلاقوں کو جمع کئے بغیر دی جائے دو یا تین طلاقیں ایک ساتھ جمع کر کے دینا ہمارے نزدیک بدعت ہے (اگرچہ واقع ہو جاتی ہیں)۔ اور لکھتے ہیں اگر دو طلاقوں کے بعد طلاق دی تو وہ عورت اس کے لئے تیسری طلاق کے بعد حلال نہیں یہاں تک کہ دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔(۳۳۳)

---

۳۳۱۔ مواهب الرحمن في مذهب أبي حنيفة النعمان، المجلد (۱)، كتاب الطلاق، باب الطلاق الصريح و الكناية، ص۱۳۶

۳۳۲۔ إرشاد الساري شرح صحيح البخاري، المجلد(۸)، كتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من أجاز الطلاق الثلث، ص۱۳۲-۱۳۳

۳۳۳۔ تفسير أبي السعود، المجلد (۱)، سورة البقرة، ۲/۲۳۰، ص۲۲٦-۲۲۷

www.waseemziyai.com

## (۸۴) امام حلبی حنفی متوفی ۹۵۶ھ کا فتویٰ:

امام ابراہیم بن محمد بن ابراہیم حلبی لکھتے ہیں اگر کسی شخص نے اپنی مدخول بہا بیوی سے کہا تجھے سنّت کے مطابق تین طلاقیں ہیں تو ہر طُہر میں ایک طلاق واقع ہوگی اور اگر اسکی نیت فی الحال تینوں کے وقوع کی ہوگی تو اسکی نیت صحیح ہوگی اور تینوں اسی وقت واقع ہو جائینگی۔ (۳۳۴)

## (۸۵) امام شمس الدین محمد خراسانی قہستانی حنفی متوفی ۹۶۲ھ کا فتویٰ:

آپ لکھتے ہیں کہ حاصل کلام یہ ہے کہ ایک طُہر میں بلا رجعت دو طلاقیں یا تین ایک بار اکٹھا بار دینا بدعت ہے جیسا کہ مدخول بہا کو حالتِ حیض میں دو یا زائد طلاقیں دینا بدعت ہے۔ اور لکھتے ہیں کہ صدرِ اوّل سے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت تک جب کوئی تینوں طلاقیں ایک ساتھ دیتا تو صرف ایک کے واقع ہونے کا حکم دیا جاتا پھر لوگوں کے کثرت سے تین طلاقیں (بلانیت تاکید کے) دینے کی وجہ سے تینوں کی واقع ہونے کا حکم دیا گیا۔ (۳۳۵)

## (۸۶) علامہ شرف الدین حجاوی حنبلی متوفی ۹۶۸ھ کا فتویٰ:

علامہ شرف الدین ابوالنّجا موسیٰ بن احمد بن موسیٰ بن سالم بن عیسیٰ بن سالم حجّاوی مقدسی حنبلی لکھتے ہیں، شوہر نے بیوی سے کہا اگر میں نے تجھ سے بات کی تو تجھے تین طلاق ہے اور اسے دوسری بار دہرایا تو دو بار دہرایا تو دو اور تین بار دہرایا تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ (۳۳۶)

## (۸۷) علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ کا فتویٰ:

بیک وقت دی گئیں تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔ یہ اہلسنّت کا مذہب ہے

---

۳۳۴۔ ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر، جلد(۲)، كتاب الطلاق، ص۷

۳۳۵۔ جامع الرموز، المجلد (۱)، كتاب الطلاق، ص۵۵۶۔۵۵۷

۳۳۶۔ زاد المستقنع، كتاب الطلاق، فصل في تعليقه بالكلام، ص۴۰۲

www.waseemziyai.com

بخلاف روافض کے۔ (۳۳۷)

اور فرماتے ہیں، اگر تعلیق بالطلاق میں جزاء متعدد ہوئی تو وقوع طلاق متعدد ہو جائے گا (یعنی ایک ہی وقت میں جتنی طلاقیں ذکر کیں واقع ہو جائیں گی) جیسا کہ ''خانیہ'' میں ہے۔(۳۳۸)

## (۸۸) امام شعرانی متوفی ۹۷۳ھ کا فتویٰ:

سیدی امام عبدالوہاب الشعرانی لکھتے ہیں یہ ساری بحث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ایک ہی کلمہ سے تین طلاقوں کے وقوع پر علماءِ صحابہ کا اِجماع ہے۔(۳۳۹)

## (۸۹) امام ابن حجر مکی شافعی متوفی ۹۷۴ھ کا فتویٰ:

امام ابن حجر مکی سے سوال ہوا کہ اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کے لئے یہ کہا اگر میں اپنی اس بیماری میں مرگیا تو میری بیوی کو میری زندگی کے آخری حصے میں تین طلاقیں ہیں۔تو جواب میں آپ نے فرمایا تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳٤۰)

## (۹۰) برہان الدین ابراہیم بن ابی بکر اخلاطی کا فتویٰ:

امام برہان الدین ابراہیم بن ابی بکر بن محمد بن حسین اخلاطی حسینی لکھتے ہیں، عورت نے جھگڑے میں شوہر سے کہا میں تیرے ساتھ نہیں ہوں تو مجھے طلاق دے تو شوہر نے کہا میں طلاق دیتا ہوں، میں طلاق دیتا ہوں، میں طلاق دیتا ہوں تو یہ تین طلاقیں واقع ہیں۔(۳٤۱)

## (۹۱) مخدوم محمد جعفر بوبکانی حنفی متوفی ۱۰۰۲ھ کا فتویٰ:

اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تجھے اکثر طلاق ہے تو تین طلاقیں واقع

---

۳۳۷۔ البحر الرائق، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، ص۲٤۳

۳۳۸۔ الأشباہ و النظائر، الفن الثانی، کتاب الطلاق

۳۳۹۔ کشف الغمة عن جمیع الأمة، المجلد(۲)، کتاب الطلاق، فصل فی طلاق البتة وجمع الثلاث الخ، ص۱۲۹

۳٤۰۔ الفتاویٰ الکبریٰ الفقهیه، المجلد(٤)، کتاب النکاح، باب الطلاق، ص۱۳۸

۳٤۱۔ الجواهر الاخلاطی فی علم الفقه، کتاب الطلاق، فصل فی الطلاق الصریح، ورق۶۸

www.waseemziyai.com

ہوجائینگی اسی طرح کسی نے کہا تجھے کثیر طلاق تو بھی تین طلاقیں واقع ہوجائینگی کیونکہ طلاق میں کثیر تین ہیں۔(۳٤۲)

## (۹۲) علامہ رملی شافعی متوفی ۱۰۰۴ھ کا فتویٰ:

علامہ شمس الدین رملی سے سوال کیا گیا اگر کسی شخص نے کہا کہ میں نے اس سال قاہرہ کا سفر نہ کیا تو میری بیوی کو تین طلاقیں ہیں اور وہ اس سال سفر نہ کر سکا تو جواب میں آپ نے فرمایا اس کے اس سال سفر نہ کرنے کی وجہ سے تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔(۳٤۳)

## (۹۳) علامہ سراج الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۱۰۰۵ھ کا فتویٰ:

علامہ سراج الدین عمر بن ابراہیم ابن نجیم لکھتے ہیں، شوہر نے بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے ایک میں دو اس سے شوہر کی نیت ہو کہ ایک اور دو تو اس صورت میں بیوی مدخول بہا ہو تو تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔(۳٤٤)

## (۹۴) شیخ الاسلام محمد بن عبداللہ تُمرتاشی حنفی متوفی ۱۰۰٦ھ کا فتویٰ:

اگر کسی نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی سے کہا تجھے تین طلاقیں ہیں تو تینوں ہی واقع ہوجائیں گی۔(۳٤٥)

اور آپ سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، طلاق والی ہے، طلاق والی ہے اور کہتا کہ میں نے اس سے تکرار کا ارادہ کیا تو کیا اُسے سچا سمجھا جائے گا یا ایک رجعی واقع ہوگی یا نہیں؟ (تو آپ نے جواب میں لکھا کہ) اسے قسم

---

۳٤۲۔ المتانه فی المرمة عن الخزانة، کتاب الطلاق، باب ما یقع به الطلاق و مالا یقع، ص ٤٧٠،

۳٤۳۔ فتاویٰ علامه شمس الدین رملی علی هامش فتاویٰ الکبریٰ، المجلد(٣)، کتاب الطلاق، ص ٢٣١

۳٤٤۔ النهر الفائق، المجلد (٢)، کتاب الطلاق، باب الطلاق الصریح، ص ٢٣٥

۳٤٥۔ تنویر الأبصار مع شرحه الدر مختار، المجلد(٣)، کتاب الطلاق، باب الطلاق غیر المدخول بها، ص ٢٨٤-٢٨٥

www.waseemziyai.com

کے ساتھ سچا سمجھا جائے گا تو اس طرح ایک رجعی ہوگی اور یہ دیانت میں ہے مگر قضاء میں تو اس کی اس قول میں تصدیق نہیں کی جائے گی قاضی اسلام اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہو جانے کا فیصلہ دے گا۔(۳۴۶)

## (۹۵) ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ کا فتویٰ:

علامہ علی بن سلطان محمد القاری المعروف بملا علی قاری لکھتے ہیں جو شخص اپنی بیوی سے کہے تجھے تین طلاقیں ہیں اس میں اختلاف ہے امام مالک، شافعی، ابوحنیفہ، احمد اور سلف وخلف (اگلے و پچھلے علماء وفقہاء) فرماتے ہیں کہ تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور بعض اہلِ ظاہر کہتے ہیں کہ ایک واقع ہوگی۔(۳۴۷)

## (۹۶) علامہ مصطفیٰ ابن خیر الدین حنفی متوفی ۱۰۲۵ھ کا فتویٰ:

علامہ مصطفیٰ بن خیر الدین بن احمد بن علی رملی لکھتے ہیں، شوہر نے شرط کو مُقدّم کرتے ہوئے بیوی سے کہا اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو تُو طلاق والی ہے، اور طلاق والی ہے، اور طلاق والی ہے یا شرط کو مؤخر کرتے ہوئے کہا تو طلاق والی ہے، اور طلاق والی ہے، اور طلاق والی ہے اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو وقوع مُتعدّد ہوگا (یعنی تین طلاقیں واقع ہوں گی) جیسا کہ ''خانیہ'' میں ہے یعنی بالِاجماع تعدُّدِ جزاء کے موجب پر (طلاقیں واقع ہوں گی) اور وقوعِ طلاق کا حکم شرط متحقّق ہونے کی صورت میں مدخول بہا کے بارے میں ہے الخ۔(۳۴۸)

## (۹۷) علامہ ابوالحسن سندھی حنفی متوفی ۱۰۳۸ھ کا فتویٰ:

مُحشّی صِحاحِ سِتّہ علامہ ابوالحسن سندھی لکھتے ہیں، جمہور کے نزدیک علماءِ اسلام اس پر ہیں کہ جب تین طلاقوں کو جمع کرلے تو تینوں ہی واقع ہو جاتی ہیں اور جمہور کے نزدیک

۳۴۶۔ فتاویٰ الإمام الغزی، کتاب الطلاق، ص ۵۲

۳۴۷۔ مرقات، المجلد(٦)، کتاب النکاح، باب الخلع والطلاق، الفصل الثالث، ص ۲۹۳

۳۴۸۔ تنویر الأذھان و الضمائر شرح الأشباہ و النظائر، کتاب الطلاق، ورق ۳۱۔۳۲

www.waseemziyai.com

اس کے خلاف کا اصلاً کوئی اعتبار نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم(۳۴۹)

## (۹۸) شیخ الاسلام محقّق زمانہ نوعی زادہ حنفی متوفی ۱۰۴۴ھ کا فتویٰ:

شیخ عطاء اللہ بن یحییٰ الشہیر نوعی زادہ لکھتے ہیں: اگر مدخول بہا سے کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو دو طلاقیں واقع ہوں گی، پس اگر تکرار کی نیت کی تو دیانۃً سچا سمجھا جائے گا قضاءً نہیں اور اگر یہی مدخول بہا بیوی سے کہا تو ایک واقع ہو گی (کہ وہ ایک سے ہی بائن ہو گی دوسری کے لئے محلِ طلاق نہ رہی)، کسی مرد نے اپنی بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے اور کہا کہ پہلی سے میں نے طلاق مراد لی اور دوسری اور تیسری سے سمجھانا تو دیانۃً سمجھا جائے گا اور قضاءً تین طلاقیں واقع ہوں گی (بشرطیکہ بیوی غیر مدخول بہا نہ ہو)۔(۳۵۰)

## (۹۹) علامہ ابوالسعادات بُہُوتی حنبلی متوفی ۱۰۵۱ھ کا فتویٰ:

علامہ ابوالسعادات منصور بن یونس بن صلاح الدین بن حسن بن احمد بُہُوتی حنبلی لکھتے ہیں: جب بیوی مدخول بہا سے کہا تو طلاق والی ہے اور اس کا دو یا تین بار تکرار کیا تو اتنی ہی طلاقیں واقع ہو جائیں گی، پس اگر دو بار تکرار کیا تو دو اور تین بار تکرار کیا تو تین واقع ہوں گی کیونکہ وہ صریح طلاق کو لایا ہے (اور اگر کہے کہ میں نے تاکید کا ارادہ کیا تھا تو دیانۃً سچا سمجھا جائے گا)۔(۳۵۱)

## (۱۰۰) علامہ مصطفیٰ باری زادہ حنفی ۱۰۶۹ھ کا فتویٰ:

اگر مرد نے اپنی مدخول بہا بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، یا کہا میں نے تجھے طلاق دے دی ہے، میں نے تجھے طلاق دے دی ہے، یا کہا تو طلاق والی ہے، میں نے تجھے طلاق دے دی ہے تو (ہر صورت میں) دو طلاقیں واقع ہو جائیں گی،

۳۴۹۔ حاشیة السِّندی علی السُّنَن للنسائی، الجزء (٦)، کتاب الطلاق، الحدیث: ٣٣٩٨، ص١٤٤

۳۵۰۔ القول الحسن، کتاب الطلاق، ص٢٤

۳۵۱۔ الروض المربع، کتاب الطلاق، باب ما یختلف به فی عدد الطلاق، ص٣٩٣

www.waseemziyai.com

اگر وہ کہے کہ دوسری بار کہنے سے میری مراد اس کو طلاق کی خبر دینا تھا تو اسے اس بات میں قضاءً سچا نہیں سمجھا جائے گا۔ (۳۵۲)

## (۱۰۱) محقق فقیہ شیخ زادہ متوفی ۱۰۷۸ھ کا فتویٰ:

محقق فقیہ عبدالرحمٰن بن محمد بن سلیمان شیخ زادہ لکھتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے تجھے تین طلاقیں ہیں اور ایسا کرنا سخت حرام ہے اور اس طرح طلاق دینے والا گُنہگار ہوگا لیکن اس نے ایسا کرلیا تو اس کی بیوی اس سے جُدا ہو جائے گی۔ (یعنی طلاق مُغلَّظہ واقع ہونے سے جُدا ہو جائے گی)۔ (۳۵۳)

## (۱۰۲) علامہ خیر الدین رملی حنفی متوفی ۱۰۸۱ھ کا فتویٰ:

علامہ خیر الدین بن احمد بن نور الدین علی ایوبی فاروقی رملی کے فتاویٰ میں ہے:
اس شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جس نے اپنی بیوی کو ایک ساتھ ایک ہی لفظ میں تین طلاقیں دے دیں پھر اسے کسی حنبلی نے فتویٰ دیا کہ طلاق واقع نہیں ہوئی، اس طرح وہ شخص مذکور فتویٰ کے سبب اس عورت کے ساتھ کئی سال رہا تو کیا حنبلی مذکور کے فتویٰ پر عمل کیا جائے گا اور اگر اس کے ساتھ قاضی کا فیصلہ بھی متصل ہو تو شرع میں اس کا کیا حال (یعنی حکم) ہے، (تو جواب دیا کہ) فتویٰ مذکورہ کا کوئی اعتبار نہیں اور نہ ہی قاضی کا یہ فیصلہ نافذ ہوگا اور مسلمان حُکّام پر فرض ہے کہ ان دونوں کو جُدا کر دیں۔

اور اسی میں ہے، اس شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جس نے اپنی بیوی کو ایک ساتھ ایک ہی کلمہ میں تین طلاقیں دے دیں تو کیا وہ تینوں واقع ہوں گی یا نہیں، (جواب میں فرمایا) جی ہاں واقع ہو جائیں گی میری مراد ہے کہ فُقہاءِ اسلام میں مشہور عامۃ العلماء کے نزدیک تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ (۳۵۴)

---

۳۵۲۔ حسب المفتی، کتاب الطلاق، فصل فی صریح الطلاق، ورق:۷۸

۳۵۳۔ مجمع الأنهر شرح ملتقی الأبحر، المجلد(۱)، کتاب الطلاق، ص۳۸۲

۳۵۴۔ الفتاویٰ الخیریة علی هامش الفتاوی تنقیح الحامدیة، ۷۳/۱

www.waseemziyai.com

## (۱۰۳) علامہ محمود نقشبندی حنفی متوفی ۱۰۸۵ھ کا فتویٰ:

شیخ خواجہ معین الدین بن خواند محمود ہندی نقشبندی حنفی لکھتے ہیں، عورت نے اپنے شوہر سے طلاق طلب کی تو شوہر نے اُسے کہا، میں نے دی ایک، دو، تین تو بلانیت تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳۵۵)

## (۱۰۴) علامہ محمد علاؤالدین حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ کا فتویٰ:

اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا اگر میں نے تجھے طلاق دی تو، تو طلاق والی ہے اس سے پہلے تین طلاقیں۔ تو بالاجماع تینوں واقع ہو جائیں گی۔(۳۵۶)

## (۱۰۵) قاضی القضاۃ محمد بن الحسینی انقروی حنفی متوفی ۱۰۹۸ھ کا فتویٰ:

شیخ الاسلام قاضی القضاۃ محمد بن حسینی حنفی لکھتے ہیں: ''فوائد شیخ الاسلام نظام الدین'' میں ہے کہ اگر عورت نے کہا کہ مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے، اور مجھے طلاق دے تو مرد نے کہا دیں تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی، اور اگر مرد نے کہا اختیار کر، اختیار کر، اختیار کر تو بیوی نے کہا میں نے اختیار کیا تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور یہ معروف ہے اور ''ذخیرہ'' میں ذکر کیا عورت نے اگر کہا مجھے طلاق دے، مجھے طلاق دے، مجھے طلاق دے، مرد نے کہا میں نے طلاق دی تو اُسے تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ کسی مرد نے اپنی بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے اور کہا پہلی سے مراد میں نے طلاق لی اور دوسری اور تیسری بار سے بیوی کو سمجھانا (کہ میں طلاق دے رہا ہوں) تو مرد کو دیانۃً سچا مانا جائے گا اور قضاءً تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳۵۷)

---

۳۵۵۔ الفتاویٰ النقشبندیہ، کتاب الطلاق، ورق ۹۷

۳۵۶۔ الدر مختار، المجلد(۳)، کتاب الطلاق، ص ۲۲۹

۳۵۷۔ الفتاویٰ الأنقرویۃ، المجلد (۱)، کتاب الطلاق، ص ۷۱

www.waseemziyai.com

## (۱۰۶) علامہ محمد صالح انصاری لاہوری حنفی کا فتویٰ:

بیوی نے کہا مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے اور مجھے طلاق دے شوہر نے کہا میں نے طلاق دی تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی (۳۵۸)

## (۱۰۷) مخدوم حامد اگہی ٹھٹھوی (متوفی گیارہویں صدی ہجری) کا فتویٰ:

مخدوم حامد علیہ الرحمہ سے سوال کیا گیا کہ زید نے اپنی زوجہ فاطمہ سے سندھی زبان میں کہا چڈي، چڈي، چڈي تو اس صورت میں جب کہ اس نے لفظ ''چڈي'' کا تین بار تکرار کیا تو کیا اس کی بیوی کو تین طلاقیں ہوں گی یا ایک بائن۔ تو آپ نے جواب دیا ظاہر ہے کہ علماء ٹھٹھہ کے عُرف میں تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور علماء دربیلہ کے عرف میں ایک بائن واقع ہوگی (کیونکہ اس لفظ میں سندھ کے علماء کے مابین اختلاف ہے بعض نے اِسے کنایات سے شمار کیا اور بعض نے صریح تو جنہوں نے صریح کے حکم میں کہا ان کے نزدیک طلاق مُغلّظہ واقع ہو جائے گی، بہرحال اس پر سب متفق ہیں کہ مدخول بہا کو صریح لفظ سے بیک مجلس تین طلاقیں دی جاتیں تو تینوں ہی واقع ہو جاتی ہیں)۔(۳۵۹)

## (۱۰۸) علامہ محمد عیسیٰ سندھی حنفی کا فتویٰ:

انہوں نے ''حل المشکلات'' میں فرمایا کہ سندھی جب اپنی بیوی سے لفظ ''چڈي'' تین بار کہے تو شرعاً تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔(۳۶۰)

## (۱۰۹) مفتی اَنام مدینہ منورہ سید اسعد مدنی حنفی متوفی ۱۱۱۶ھ کا فتویٰ:

امام سید اسعد مدنی بن ابی بکر آفندی حنفی کے فتاویٰ میں ہے۔ سوال: کسی شخص نے اپنی بیوی کو ایک طلاق رجعی دے دی پھر دوسری پھر تیسری دے دی تو کیا وہ ان تین

---

۳۵۸۔ خزانة العلماء، المجلد (۲)، كتاب الطلاق، باب في إيقاع الطلاق، ورق:۵۹

۳۵۹۔ البياض الهاشمي: ۱۶۵/۲ ق (خ)

۳۶۰۔ البياض الهاشمي (خ) ۱۶۵/۲ ق

www.waseemziyai.com

طلاقوں کے بعد رجوع کرسکتا ہے، ہمیں فتویٰ دیجئے۔ جواب: باجماع المسلمین بلکہ اہلِ اَدیان کے اجماع سے اس صورت میں اُسے رجوع کا حق نہیں ہے۔(۳۶۱)

## (۱۱۰) مخدوم رحمت اللہ ٹھٹھوی حنفی متوفی ۱۱۳۹ھ کا فتویٰ:

مخدوم رحمت اللہ ٹھٹھوی کے ایک مجلس میں لفظ ''چڏي'' تین بار کہنے پر تین طلاق کے فتویٰ کو مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی متوفی ۱۱۷۴ھ نے ''البیاض الہاشمی'' (۱/ ۲۴۹ق) میں نقل کیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ سوال: ایک شخص کا اپنی بیوی سے جھگڑا ہوا اس دورانِ کلام شدّت غضب میں لگاتار تین بار (سندھی زبان میں) کہا: (جس کا ترجمہ یہ ہے) تجھے میں نے چھوڑا، میں نے چھوڑا، میں نے چھوڑا'' تو اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہوں گی یا ایک۔ جواب: اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہوں گی۔ مخدوم رحمت اللہ ٹھٹھوی نے اسی طرح جواب دیا۔(۳۶۲)

## (۱۱۱) امام زرقانی مالکی متوفی ۱۱۴۲ھ کا فتویٰ:

امام محمد بن عبد الباقی زرقانی لکھتے ہیں، جمہور علماء کے نزدیک تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں بلکہ علامہ ابن عبد البر نے کہا اِجماع اس بات کی دلیل ہے کہ اس کا خلاف شاذ (یعنی اللہ اور اس کے رسول کے حکم سے جدا ہونا) ہے جس کی طرف توجہ نہیں کی جائے گی۔(۳۶۳)

## (۱۱۲) شیخ نظام متوفی ۱۱۶۱ھ اور ہند کے مقتدر حنفی علماء کی جماعت کا فتویٰ:

عدد کے اعتبار سے بدعی طلاق یہ ہے تین طلاقیں پاکیزگی کے ایک زمانہ میں کلمہ واحدہ سے دے یا متفرق کلمات سے دے یا دو طلاقیں ایک طُہر میں کلمہ واحدہ سے یا کلماتِ متفرقہ سے دے اگر ایسا کیا تو تینوں طلاقیں واقع ہوجائیں گی اور طلاق دینے

۳۶۱۔ الفتاویٰ الأسعدية، المجلد (۱)، کتاب الطلاق، ص ۷۷

۳۶۲۔ تقديم تمام العناية، ص ۱۳

۳۶۳۔ شرح الزرقانی علی موطا الإمام مالك، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، ص ۱۶۷

www.waseemziyai.com

والا گنہگار ہوگا۔(۳٦٤)

## (۱۱۳)مخدوم ضیاء الدین ٹھٹھوی حنفی متوفی ۱۱۷۱ھ کا فتویٰ:

مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی متوفی ۱۱۷۴ھ کے استاد مخدوم ضیاء الدین ٹھٹھوی اس طرف مائل تھے کہ جب ان سے لفظ ''چدی'' کے بارے میں سوال کیا جاتا تو فتویٰ دیتے جس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر ایک بار یا دو بار کہا تو احتیاطاً تجدید نکاح کا حکم دیا جائے گا اور تین بار کہا تو تین طلاقوں کا فیصلہ دیا جائے گا۔(۳٦۵)

## (۱۱۴)علامہ سید محمد ابوالسعود حنفی مصری متوفی ۱۱۷۲ھ کا فتویٰ:

علامہ ابوالسعود محمد بن علی مصری لکھتے ہیں؟ اگر شوہر نے بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے،تو طلاق والی ہے،تو دو رجعی طلاقیں واقع ہو جائیں گی بشرطیکہ مدخول بہا نہ ہو ورنہ دوسری لغو ہو جائے گی۔(۳٦٦)

## (۱۱۵)مخدوم عبدالحی سندھی حنفی کا فتویٰ:

اہلِ سندھ جب حالت مذاکرۂ طلاق یا حالتِ غضب اپنی بیوی کی طرف ان الفاظ کی اضافت کرتے ہیں تو وہ ان الفاظ سے طلاق ہی مراد لیتے ہیں تو (اس لفظ سے واقع ہونے والی طلاق) رجعی ہوگی اور (ایک ہی مجلس میں تین بار کہنے سے) تین ہی واقع ہو جائیں گی۔ (۳٦۷)

## (۱۱٦)مخدوم یوسف علی ٹھٹھوی حنفی کا فتویٰ:

اس طرح مخدوم یوسف علی ٹھٹھوی نے فتویٰ دیا چنانچہ آپ فرماتے تھے ''چڏي'' اس خطے کے علماء کے ہاں مِن وَجہٍ بائن ہے اور مِن وَجہٍ صریح ہے اور اسی میں احتیاط

---

۳٦٤۔ الفتاوی الهندیة، المجلد(۱)، کتاب الطلاق،الباب الاول،ص۳٤۹

۳٦۵۔ تقدیم تمام العنایة، ص۱۳

۳٦٦۔ تقدیم تمام العنایة، ص۱۵ (بیاض المخدوم عبدالحی سندھی (خ) ق/۷۸)

۳٦۷۔ تقدیم تمام العنایة، ص۱۳۔۱٤ (بیاض مخدوم عبدالحی السندی (خ) ق/۷۸

www.waseemziyai.com

ہے پس اگر شوہر نے ایک بار یا دو بار کہا تو تجدید نکاح کا حکم دیا جائے گا اور اگر تین بار کہا تو تین طلاقوں کے وقوع کا فتویٰ دیا جائے گا۔ (۳۶۸)

## (۱۱۷) شیخ محمد بن بایزید الاجی کا فتویٰ:

ڈاکٹر محمد ادریس سندھی لکھتے ہیں: سندھ کے بعض علماء نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ لفظ ''ڇڏي'' صریح طلاق کے حکم میں ہے، شوہر بیوی کو یہ لفظ ایک بار یا دو بار کہے تو وہ اس سے عدت میں رجوع کا حقدار ہے اور یہی الفاظ ایک مجلس میں تین بار کہے اس طرح کہ تکرار کے ساتھ کہے چدی، چدی، چدی تو طلاق مغلظہ ہوگی اور بیوی اس کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے۔ اور لکھتے ہیں کہ اس مؤقف کے قائلین کے سربراہ فاضل مخدوم ضیاء الدین راہوتی اور شیخ محمد بن بایزید الاجی ہیں۔ (۳۶۹)

## (۱۱۸) مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی حنفی متوفی ۱۱۷۴ھ کا فتویٰ:

اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تجھے اتنی طلاقیں ہیں اور تین کا اشارہ کیا تو تینوں ہی واقع ہو جائیں گی۔ (۳۷۰)

اور لکھتے ہیں، اس صورت میں جب کہ زید اہلِ سندھ سے ہے اس نے اپنی بیوی سے تین بار کہا ''من فلانی ڇڏي، من فلانی ڇڏي، من فلانی ڇڏي'' تو اس صورت میں زید پر کیا لازم آئے گا۔ تو میں نے اس کا جواب یہ دیا کہ اگر زید مذکور نے تین بار میں کسی بار یہ لفظ کہنے میں تین طلاقوں کی نیت کی ہوگی تو اس پر اس کی یہ بیوی بغیر حلالہ کے حلال نہ ہوگی اور تین بار کہنے میں کسی بار بھی تین طلاق کی نیت نہ کی تو طلاق بائن کے وقوع کا حکم دیا جائے گا اور ان کو (دوبارہ میاں بیوی کے طور رہنے کے لئے) تجدیدِ نکاح کرنا ہوگا، حلالہ ان پر واجب نہیں کیونکہ لفظ ''ڇڏي'' کنایہ ہے کنایہ سے واقع ہونے والی طلاق

---

۳۶۸۔ تقدیم تمام العنایة، ص۱۵ (بیاض المخدوم عبدالحی السندی (خ) ق /۷۸)

۳۶۹۔ تقدیم تمام العنایةفی الفرق بین الصریح و الکنایة، ص۸۔ ۱۳

۳۷۰۔ بیاض الفقة، المجلد(۱)، کتاب الطلاق، ص۱۰۷

www.waseemziyai.com

بائن ہے۔(۳۷۱)

## (۱۱۹) شاہ ولی اللہ مُحدِّث دہلوی حنفی متوفی ۱۱۷۶ھ کا فتویٰ:

شاہ ولی اللہ احمد بن عبدالرحیم بن وجیہ الدین دہلوی لکھتے ہیں، پس شوہر نے اگر تین طلاقیں جُدا جُدا دیں (یعنی یوں کہا کہ تجھے طلاق، تجھے طلاق، تجھے طلاق) تو اس کا حکم واضح ہے (کہ تینوں واقع ہو جائیں گی) اور اسی طرح اگر ایک طلاق دی (تو بھی اس کا حکم واضح ہے) پس اگر تین یا تین سے زائد طلاقوں کو ایک کلمہ میں جمع کیا تو اس میں وہ وجہیں متعارض ہیں الخ۔(۳۷۲)

## (۱۲۰) مخدوم میڈ نو نصر پوری سندھی حنفی متوفی ۱۱۸۱ھ کا فتویٰ:

مخدوم میڈ نو نصر پوری کے نزدیک مختار یہ ہے کہ اگر شوہر نے بیوی سے لفظ ''چڈي'' تین بار کہا تو اس کا حکم صریح کا حکم ہے یعنی پھر وہ عورت اس کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔(۳۷۳)

## (۱۲۱) علامہ مصطفیٰ الطائی حنفی متوفی ۱۱۹۲ھ کا فتویٰ:

علامہ مصطفیٰ بن محمد بن یونس بن نعمان الطائی لکھتے ہیں کہ اگر شوہر نے بیوی سے کہا تو طلاق والی ہے ایک میں دو تو اگر اس کی کوئی نیت نہ ہو یا ضرب کا ارادہ کرے تو ایک رجعی طلاق واقع ہوگی اور اگر اس نے اپنے اس قول ''تو طلاق والی ہے، ایک میں دو'' سے یہ نیت کی کہ ایک اور دو یعنی ایک کے ساتھ دو تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی بشرطیکہ وہ عورت مدخول بہا ہو ورنہ ایک واقع ہوگی۔(۳۷۴)

---

۳۷۱۔ تمام العناية فى الفرق بين الصريح و الكناية، ص۲۷۔۲۸

۳۷۲۔ المسوّیٰ شرح الموطا، المجلد (۲)، كتاب الطلاق، باب إن طلق بكلمة واحدة ثلاثاً أو أكثر وقعت الثلاث، ص۱۵٦

۳۷۳۔ البياض الهاشمى (خ) ۲/۱٦۵ق

۳۷٤۔ كنز البيان مختصر توفيق الرحمن، كتاب الطلاق، باب الطلاق الصريح، ص۱۲۷

www.waseemziyai.com

## (۱۲۲) مخدوم پیر محمد ہالائی حنفی (متوفی بارہویں صدی ہجری) کا فتویٰ:

مخدوم پیر محمد ہالائی کے نزدیک مختار یہ ہے کہ اگر شوہر نے بیوی سے لفظ ''چِڈي'' تین بار کہا تو اس کا حکم صریح طلاق کا حکم ہے، یعنی، پھر وہ عورت اس کے لئے حلال نہ ہو گی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔(۳۷۵)

## (۱۲۳) علامہ محمد طاہر سنبل مکی حنفی متوفی ۱۲۱۸ھ کا فتویٰ:

علامہ محمد طاہر مکی حنفی ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں کہ کسی سے کہا اے فلاں تیری خاطر میری بیوی طلاق والی، طلاق والی، طلاق والی تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳۷۶)

## (۱۲۴) قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی متوفی ۱۲۲۵ھ کا فتویٰ:

علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں ''لیکن اس پر سب کا اجماع ہے کہ جس نے اپنی بیوی کو کہا تجھے تین طلاقیں تو بالاجماع تینوں واقع ہو جائیں گی۔'' (۳۷۷)

## (۱۲۵) شاہ عبدالعزیز مُحدِّث دہلوی حنفی متوفی ۱۲۳۹ھ کا فتویٰ:

آپ لکھتے ہیں ''لیکن اگر تین طلاقیں دے دیں۔ خواہ ایک دفعہ تین طلاق دیں خواہ متفرق تین طلاق دیں تو اس صورت میں جائز نہیں کہ وہ اس عورت سے نکاح کرے جب تک حلالہ نہ کیا جائے۔ حلالہ سے مراد یہ ہے کہ وہ عورت دوسرے مرد کے ساتھ نکاح کرے اور اس کا دوسرا شوہر اس عورت کے ساتھ جماع (ہمبستری) کرے اور اس کے بعد طلاق دے تو اس عدت کی مدت گزر جانے کے بعد جائز ہوگا کہ پہلا شوہر اس کے ساتھ نکاح کرے تو یہ بلا حلالہ کے جائز نہیں کہ پہلا شوہر اس کے ساتھ نکاح

۳۷۵۔ البیاض الهاشمی (خ) ۱۶۵/۲ ق

۳۷۶۔ فتاوی العلامة محمد طاهر سنبل المکی، (قرّة العین) کتاب الطلاق، ص ٦٦

۳۷۷۔ تفسیر مظهری، المجلد(۱)، البقرة، ص ۳۰۰

www.waseemziyai.com

کرے''۔ (۳۷۸)

## (۱۲۶) علامہ صاوی مالکی متوفی ۱۲۴۱ھ کا فتویٰ:

لکھتے ہیں کہ اگر تین طلاقیں ثابت ہو جائیں خواہ ایک دم ہوں یا الگ الگ تو عورت (اپنے شوہر پر) حلال نہ رہے گی یہ وہ مسئلہ ہے جس پر سب کا اجماع ہے۔ (۳۷۹)

## (۱۲۷) علامہ عبدالحفیظ عجیمی حنفی متوفی ۱۲۴۶ھ کا فتویٰ:

مفتی مکہ مشرفہ علامہ امام عبدالحفیظ بن درویش عجیمی حنفی سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے سفر کا ارادہ کیا اور اس کی والدہ نے اُسے سفر سے منع کیا تو اس نے اپنی ماں سے کہا کہ میرا جانا ضروری ہے، ماں نے کہا پھر تُو اپنی بیوی کو بھی اپنے ساتھ لیتا جا تو اس نے ماں سے کہا تیرے دل کو خوش کرنے کے لئے وہ طلاق والی ہے، وہ طلاق والی ہے، وہ طلاق والی ہے۔ اور اس نے کہا کہ میں نے اِن میں صرف ایک بار سے اپنی بیوی کو طلاق دینے کا قصد کیا، تو کیا وہ قضاءً اور دیانۃً سچا مانا جائے گا جب تم کہو کہ وہ دیانۃً سچا نہیں سمجھا جائے گا تو کیا کسی قاضی کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ دیانۃً اس کا فیصلہ دے اور اس قاضی کا حکم نافذ ہوگا یا نہیں ہمیں فتویٰ دیجئے (تو آپ نے جواب میں لکھا کہ) تین طلاقیں واقع ہو گئیں اُسے قضاءً سچا نہیں سمجھا جائے گا اور اس کے خلاف کسی قاضی کا فیصلہ نافذ نہیں ہوگا۔ (۳۸۰)

## (۱۲۸) علامہ ابن عابدین شامی حنفی متوفی ۱۲۵۲ھ کا فتویٰ:

علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی لکھتے ہیں جمہور صحابہ وتابعین اور ان کے بعد کے ائمۃ المسلمین کا مذہب یہ ہے کہ بیک وقت دی گئیں تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔ (۳۸۱)

---

۳۷۸۔ فتاویٰ عزیزیہ، باب الفقہ، مسائل طلاق، ص ۵۷۲

۳۷۹۔ تفسیر صاوی، المجلد(۱)، سورہ بقرہ، آیت: ۲۳۰، ص ۱۰۷

۳۸۰۔ قرّۃ العین بفتاوی علماء الحرمین، فتاوی العلامۃ العجیمی الحنفی، کتاب الطلاق، ص ۴۸

۳۸۱۔ رد المحتار علی الدر المختار، المجلد(۳)، کتاب الطلاق، مطلب طلاق الدور، ص ۲۳۳

www.waseemziyai.com

## (۱۲۹) علامہ سید عبدالغنی المیدانی حنفی متوفی ۱۲۶۸ھ کا فتویٰ:

اگر کسی شخص نے ایک کلمہ سے یا ایک طُہر میں تین طلاقیں دیں تو واقع ہو جائیں گی عورت جُدا ہو جائے گی اور وہ گُنہگار ہو گا۔(۳۸۲)

## (۱۳۰) شاہ محمد مسعود مُحدِّث دہلوی حنفی متوفی ۱۳۰۹ھ کا فتویٰ:

آپ نے ان الفاظ ''میں نے تیری بیٹی کو تین طلاقیں دیں'' کے جواب میں لکھا بصورت مرقومہ تین طلاقیں مُغلّظہ واقع ہوئیں۔(۳۸۳)

## (۱۳۱) علامہ گل محمد حنفی (متوفی بعد ۱۳۲۷ھ) کا فتویٰ:

علامہ گل محمد بن غلام محمد ''فتاویٰ نور الہدیٰ'' کے حواشی میں لکھتے ہیں: بیوی نے شوہر سے کہا ''من برتو سہ طلاقم'' تو شوہر نے کہا اس طرح، تو طلاق واقع نہ ہو گی بخلاف اس کے کہ اس نے کہا اسی طرح ہے (تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی)۔(۳۸٤)

## (۱۳۲) مخدوم عبدالغفور ہمایونی حنفی متوفی ۱۳۲۶ھ کا فتویٰ:

اگر کسی شخص نے غیر مدخول بہا بیوی (یعنی جس کے ساتھ ہمبستری یا خلوت صحیحہ نہ کی ہو) کو ایک یا دو طلاقیں دیں تو اس سے دوبارہ نکاح کر سکتا ہے اور اگر تین طلاقیں دیں لیکن جدا جدا جیسے کہا تجھے طلاق ہے تجھے طلاق ہے تجھے طلاق ہے تو پھر بھی وہ اس عورت سے بغیر حلالہ نکاح کر سکتا ہے اور اس طرح کہا تجھے تین طلاقیں ہیں تو اسے بغیر حلالہ شرعیہ نکاح کرنا جائز نہیں۔(۳۸۵)

## (۱۳۳) علامہ محمد نظام الدین ملتانی وزیر آبادی حنفی کا فتویٰ:

سوال: غیر مُقلِّد کہتے ہیں اگر کوئی شخص بحالتِ غضب اپنی منکوحہ موطوءہ ایک جلسہ

۳۸۲۔ اللباب، المجلد(۲) کتاب الطلاق، ص۳۷

۳۸۳۔ فتاوی مسعودی، باب(۳)، معاملات بین الزوجین، ص۳۵۳

۳۸٤۔ فتاوی جامع الفوائد، کتاب الطلاق، ص١١٦

۳۸۵۔ فتاوی ھمایونی، المجلد(۱)، کتاب الطلاق والعدۃ، ص١٤٦-١٤٧

www.waseemziyai.com

میں یک بارگی تین طلاق دے دے تو ایک ہی واقع ہوگی، چنانچہ صحاح ستہ وغیرہ میں ہے، اور علماء حنفی غلطی پر ہیں یہ کیونکر ہے؟

جواب: علماءِ احناف سلف وخلف وآئمہ اربعہ وغیرہ کے نزدیک ایک دفعہ ایک جلسہ میں تین طلاق دینے سے تین ہی واقع ہوجاتی ہیں اس میں کسی اہلِ سنّت وجماعت کو شک واختلاف نہیں الخ (۳۸۶)

## (۱۳۴) مُجدّدِ دین وملّت امام احمد رضا حنفی متوفی ۱۳۴۰ھ کا فتویٰ:

''ایک جلسہ میں تین طلاقیں ہوجانے پر جمہور صحابہ وتابعین وائمہ اربعہ رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا اِجماع ہے۔'' (۳۸۷)

## (۱۳۵) مولانا محمد عبداللہ مدرّس مدرسہ محسنہ ڈھاکہ کا فتویٰ:

سوال: ایک شخص نے اپنی زوجہ کو طلاق دیا اور تین مرتبہ لفظ طلاق ذکر کیا اور وہ شخص کہتا ہے مجھ کو تین طلاقیں دینے کی نیت نہیں تھی تو اس صورت میں حکم شرع کیا ہے؟۔

جواب: صورت مذکورہ میں قضاءً تین طلاقیں ثابت ہوں گی الخ (۳۸۸)

## (۱۳۶) استاذ الاساتذہ علامہ محمد قاسم یاسینی حنفی متوفی ۱۳۴۹ھ کا فتویٰ:

آپ سے سوال ہوا کہ ایک شخص نے کہا اگر وہ اس گھر میں داخل ہوا تو اس کی بیوی کو طلاق ہے، اس کلمہ کا اس نے چند بار تکرار کیا، اب وہ اس گھر میں داخل ہوا تو کتنی طلاقیں واقع ہوں گی؟ (آپ نے) نے جواب میں لکھا کہ ظاہر ہے کہ اس شخص کی بیوی پر تین طلاقیں پڑیں گی۔ (۳۸۹)

## (۱۳۷) علامہ ابوالمصطفیٰ غلام احمد ملکانی حنفی متوفی ۱۳۵۴ھ کا فتویٰ:

سوال: اگر کسی شخص نے اپنی (مدخول بہا) بیوی سے تین بار کہا تجھے طلاق ہے،

---

۳۸۶۔ سلطان الفقہ المعروف فتاوی نظامیہ، الجزء (۲)، ص۱۵۶

۳۸۷۔ الفتاویٰ الرضویۃ، المجلد(۵)، الجزء (۵)، کتاب الطلاق، مسئلہ(۳۰)، ص۲۹

۳۸۸۔ مخزن الفتاویٰ، سوال ۲۹، ص۱۷

۳۸۹۔ الفتاویٰ القاسمیۃ، المجلد (۱)، کتاب الطلاق، ص۸۳

www.waseemziyai.com

تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے، تو اس صورت کتنی طلاقیں واقع ہوں گی؟

جواب: اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔(۳۹۰)

## (۱۳۸) صدر الشریعہ محمد امجد علی حنفی متوفی ۱۳۶۷ھ کا فتویٰ:

صدر الشریعہ محمد امجد علی اعظمی لکھتے ہیں ''جب اس نے اپنی عورت کو تین طلاق دے دیں تو تینوں واقع ہو گئیں خواہ یوں کہے کہ تجھ کو تین طلاقیں دیں یا یوں کہ لفظ طلاق تین مرتبہ ذکر کیا ہو۔'' (۳۹۱)

## (۱۳۹) صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین حنفی متوفی ۱۳۶۷ھ کا فتویٰ:

صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی لکھتے ہیں کہ ''تین طلاقوں کے بعد عورت شوہر پر بحرمتِ مغلّظہ حرام ہو جاتی ہیں اب نہ اس سے رجوع کر سکتا ہے نہ دوبارہ نکاح جب تک کہ حلالہ نہ ہو۔'' (۳۹۲)

## (۱۴۰) مفتی محمد اجمل قادری حنفی متوفی ۱۳۸۳ھ کا فتویٰ:

صدر الافاضل کے شاگرد رشید مفتی محمد اجمل قادری لکھتے ہیں کہ جمہور صحابہ و تابعین وائمہ مسلمین امام نخعی، امام سفیان ثوری، امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد اور اکثر سلف وخلف رضوان اللہ علیہم اجمعین کا یہی مسلک ہے کہ جس نے ایک مجلس میں ایک ساتھ تین طلاقیں دیں تو وہ تین ہی شمار ہوں گی اگرچہ وہ گنہگار ہوگا۔(۳۹۳)

## (۱۴۱) مفتی مظہر اللہ دہلوی حنفی متوفی ۱۳۸۶ھ کا فتویٰ:

مفتی مظہر اللہ دہلوی سے سوال کیا گیا کہ زید نے اپنی بیوی سے کہا میں نے تجھے طلاق دی، طلاق دی، طلاق دی، کیا شرعاً طلاق واقع ہوگئی؟

---

۳۹۰۔ مجموعة الفتاویٰ للملکانی، المجلد(۲)، کتاب الطلاق، ص۱۱۷

۳۹۱۔ الفتاویٰ الأمجدية، المجلد(۲)، کتاب الطلاق، ص۱۷۷

۳۹۲۔ تفسیر خزائن العرفان، البقرة، آیت ۲۲۹، ص ۴۲

۳۹۳۔ الفتاویٰ الأجملية، المجلد (۳)، کتاب الطلاق، باب طلاق المغلّظة، ص۱۳۲

www.waseemziyai.com

جواب: صورت مذکورہ میں طلاق مُغلَّظہ واقع ہوگئی اب بلا حلالہ یہ آپس میں نکاح بھی نہیں کر سکتے ۔(۳۹٤)

## (۱۴۲) مفتی اعظم سندھ محمد عبداللہ نعیمی حنفی متوفی ۱۴۰۲ھ کا فتویٰ:

مفتی اعظم سندھ مفتی محمد عبداللہ نعیمی سے سوال ہوا کہ زید نے اپنی (مدخول بہا) زوجہ کو ایک مجلس میں تین باریوں کہا میں تجھے طلاق دیتا ہوں تو آپ نے جواب میں لکھا بلا شبہ باجماع جمیع صحابہ و تابعین وباجماع ائمہ اربعہ (امام اعظم، امام شافعی، امام مالک، امام احمد) صورت مسئولہ میں تین طلاقیں واقع ہوں گی اور بغیر حلالہ شرعیہ مرد پر حلال نہ ہوگی ۔(۳۹۵)

## (۱۴۳) فقیہ محمد نوراللہ نعیمی حنفی متوفی ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳ء کا فتویٰ:

فقیہ محمد نوراللہ نعیمی لکھتے ہیں کہ جمہور صحابہ کرام اور ائمہ عظام کا اجماع ہے کہ ایک ہی لفظ میں تین طلاقیں دے دے، تب بھی واقع ہوتی ہیں ۔(۳۹٦)

## (۱۴۴) مفتی اعظم پاکستان محمد وقارالدین حنفی متوفی ۱۴۱۳ھ کا فتوی:

مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد وقارالدین لکھتے ہیں ''ائمہ اربعہ یعنی امام اعظم ابو حنیفہ، امام مالک، امام احمد بن حنبل، امام شافعی رضی اللہ عنہم کے نزدیک تین طلاق ایک ہی مجلس میں دینے سے بھی تین طلاق واقع ہوتی ہیں ۔''(۳۹۷)

## (۱۴۵) مفتی جلال الدین امجدی حنفی متوفی ۱۴۲۲ھ کا فتویٰ:

خلاصہ یہ ہے کہ جمہور صحابہ کرام، تابعین عظام اور ائمہ اسلام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا اس بات پر اجماع ہے کہ مجلس واحد میں دی ہوئی تین طلاقیں تین ہی واقع

---

۳۹٤۔ فتاویٰ مظھری، تیسرا باب، معاملات بین الزوجین، سوال نمبر ۱۰۱، ص۱۸۳

۳۹۵۔ فتاویٰ مجددیہ نعیمیہ، المجلد(۱)، معاملات بین زوجین، طلاق، ص۲۳۳

۳۹٦۔ فتاویٰ نوریہ، المجلد (۲)، کتاب النکاح، طلاق کے مسائل، ص۳٤۸

۳۹۷۔ وقار الفتاویٰ، المجلد(۳)، کتاب الطلاق، طلاق ثلاثہ کا بیان

www.waseemziyai.com

ہوں گی۔(۳۹۸)

## (۱۴۶) مفتی اقتدار احمد نعیمی حنفی کا فتویٰ:

مفتی اقتدار احمد خان نعیمی سے سوال کیا گیا کہ زید نے خانگی فسادات کی بنا پر کہا کہ آج کے بعد قسم کھاتا ہوں کہ اگر میں اپنے سسرال کے گھر پھر گیا تو میری بیوی کو طلاق، طلاق، طلاق، طلاق، تقریباً آٹھ دس مرتبہ کہا۔ تو اس کے جواب میں لکھا کہ قانونِ شریعت کے مطابق زید کی طرف سے اس کی بیوی کو تین طلاق مُغلّظہ پڑ گئی ہیں۔(۳۹۹)

## (۱۴۷) مفتی محمد عبدالحی قادری حنفی کا فتویٰ:

زید نے کہا ''میں نے اپنی بیوی کو طلاق دی دی دی تو کون سی طلاق واقع ہوئی؟
الجواب: لفظ دی کے تکرار سے طلاق مُغلّظہ واقع ہوجاتی ہے۔(۴۰۰)

## (۱۴۸) مفتی محمد ابرار احمد امجدی حنفی کا فتویٰ:

غُصّہ میں آکر کہا کہ ایک شادی آپ نے چھڑوا دیا تھا اس کو میں چھوڑ دیتا ہوں، میں نے چھوڑ دیا، میں طلاق دیتا ہوں دو تین مرتبہ کہا پھر کہا قرآن کی قسم میں طلاق دیتا ہوں، الجواب: صورت مسئولہ میں تین طلاقیں پڑ گئیں اور بیوی نکاح سے نکل گئی اب بغیر حلالہ اس عورت کا نکاح لڑکا مذکور سے نہیں ہوسکتا۔(۴۰۱)

## (۱۴۹) مفتی اشتیاق احمد رضوی مصباحی حنفی کا فتویٰ:

لکھتے ہیں کہ جب سائل نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی تو اس کی بیوی ہمیشہ کے لئے اس پر حرام ہوگئی، اب بغیر حلالہ وہ اس سے میاں بیوی جیسا تعلق ہرگز نہیں کر

---

۳۹۸۔ فتاویٰ فیض الرسول، المجلد (۲)، کتاب الطلاق، ص ۱۲۲

۳۹۹۔ فتاویٰ نعیمیہ، المجلد (۱)، کتاب الطلاق، سسرالی گھر جانے پر بیوی کی طلاق کو معلّق کرنے کا بیان، ص ۳۹۲

۴۰۰۔ فتاویٰ فقیہ مِلّت، جلد دوم، کتاب الطلاق، ص ۱۸

۴۰۱۔ فتاویٰ فقیہ مِلّت، جلد دوم، کتاب الطلاق، ص ۱۰۔۱۱

www.waseemziyai.com

سکتا۔(۴۰۲)

## (۱۵۰)مفتی محمد ہارون رشید قادری گجراتی حنفی کا فتویٰ:

ایک سوال میں تین طلاقیں لکھ کر رجسٹری کرنے کا ذکر ہے تو اس کے جواب میں لکھتے ہیں کہ صورت مسئولہ میں اگر چہ رجسٹری واپس کر دی پھر بھی زید کی بیوی کو تین طلاق لکھنے کے وقت ہی تین طلاقیں واقع ہو گئیں۔(۴۰۳)

## (۱۵۱)مفتی محمد عماد الدین قادری حنفی کا فتویٰ:

سوال: زید نے اپنی بیوی سے کہا میں نے تجھے طلاق دی پھر تھوڑے وقفہ سے دوبارہ بغیر اضافت کہا طلاق، طلاق تو اس صورت میں کونسی طلاق واقع ہوئی؟۔ جواب: اگر واقع میں ایسا ہی ہے تو زید کی بیوی پر تین طلاق کے وقوع کا حکم ہوگا(۴۰۴)

## (۱۵۲)مفتی محمد اویس امجدی حنفی کا فتویٰ:

مدخولہ بیوی پر متفرق طور پر تین طلاقیں پڑنے کا ثبوت قرآن مجید سے یہ ہے کہ ائمہ کرام لُغت وفقہ کا اس بات پر اِجماع ہے کہ "فا" تعقیب مع الوصل کے لئے آتا ہے ......لہٰذا مطلب یہ ہوگا کہ جب تم دو طلاق دو اور اس سے متصلاً تیسری طلاق دو تو تینوں کا وقوع ہو جائے گا اور مدخولہ بیوی پر طلاق مُغلَّظہ واقع ہو جائے گی۔(۴۰۵)

## (۱۵۳)مفتی محمد سمیر الدین مصباحی حنفی کا فتویٰ:

لفظ طلاق کے ساتھ دی دی کے تکرار سے تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔(۴۰۶)

## (۱۵۴)مفتی عبد الحمید مصباحی حنفی کا فتویٰ:

جیسا کہ آج کل عام طور پر لوگ بیک وقت زبانی یا تحریری تین طلاقیں دے کر

---

۴۰۲۔ فتاویٰ فقیہ مِلّت، جلد دوم، کتاب الطلاق، ص۲۲

۴۰۳۔ فتاویٰ فقیہ مِلّت، جلد دوم، کتاب الطلاق، ص۳۰

۴۰۴۔ فتاویٰ فقیہ مِلّت ، جلد دوم، کتاب الطلاق، ص۳۱

۴۰۵۔ فتاویٰ فقیہ مِلّت، جلد دوم، کتاب الطلاق، ص۳۲۔۳۳

۴۰۶ فتاویٰ مرکزی تربیت اِفتاء، دوم، ص۴۲۔۴۳

www.waseemziyai.com

گنہگار ہوتے ہیں، اور ان پر توبہ لازم ہوتا ہے مگر طلاق پڑ جاتی ہے۔(۴۰۷)

## (۱۵۵) مفتی عبدالواحد حنفی کا فتویٰ:

مفتی عبدالواحد قادری لکھتے ہیں کہ جمہور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مذہب یہی ہے کہ تین طلاقیں خواہ ایک مجلس میں دی جائیں یا تین مجلسوں میں واقع ہیں۔(۴۰۸)

## سعودی علماء کے فتاویٰ:

ان کے فتاویٰ کو دیکھا جائے تو اکثر نے بیک مجلس یا بیک کلمہ تین طلاقیں دینے کی صورت میں جمہور کے مطابق تین طلاق کے وقوع کا فتویٰ دیا ہے جب کہ چند ایک نے ابن تیمیہ کی پیروی کرتے ہوئے ایک طلاق کا فتویٰ بھی دیا ہے، چند علماء کے فتاویٰ جو نظر سے گزرے یہاں نقل کئے جاتے ہیں:

## (۱) شیخ عبداللہ بن سلیمان بن منیع کا فتویٰ:

سعودی ادارہ ''اللّجنة الدّائمة للبحوث العلمية و الإفتاء'' کے ایک رکن شیخ عبداللہ کا فتویٰ مندرجہ ذیل ہے:

سوال: میں نے اپنی بیوی (ر،ف) کو تنگی کے سبب طلاق دی، اور میں نے اُسے چار طلاقیں دیتے ہوئے کہا: ''طلاق والی، پھر طلاق والی، پھر طلاق والی'' اور میں نے کہا تو مجھ پر دوسرے مرد کے بعد حرام ہے، اور میں جاہل ہوں، حُدودِ طلاق کو نہیں پہچانتا اور اس نے مجھے اس پر مجبور کیا۔

جواب: جب سائل نے نکاح کے بعد اپنی بیوی سے ہمبستری نہیں کی ہے تو اس پر صرف پہلی طلاق واقع ہوئی (کہ غیر مدخول بہا پہلی طلاق سے بائنہ ہوگئی اور دیگر طلاقوں کی محل نہ رہی) اور اس پر کوئی عِدّت نہیں۔ اگر وہ عورت دوبارہ اسے شوہر بنانا پسند کرے تو نئے عقد و نکاح کے ساتھ اس کے لئے حلال ہے۔ اور اگر شوہر نکاح کے بعد

۴۰۷ فتاویٰ مرکز تربیت إفتاء، پنجم، ص۵۸

۴۰۸۔ فتاویٰ یورپ، کتاب النکاح، ص ۴۳۰

www.waseemziyai.com

اس سے ہمبستری کر چکا تھا تو اس کی یہ طلاقیں اُسے بینونۃ کُبریٰ (یعنی طلاق مغلّظہ) کے ساتھ بائنہ کر دیں گی، اس مرد کے لئے دوبارہ حلال نہ ہوگی سوائے دوسرے شوہر کے۔

## (۲) شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن غدیان کا فتویٰ:

سعودی ادارہ ''اللّجنة الدّائمة للبحوث العلمية و الإفتاء'' کے ایک رُکن شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن کے نزدیک اس سوال کا وہی جواب ہے جو شیخ عبداللہ بن سلیمان کا ہے۔

## (۳) شیخ عبدالرزاق عفیفی کا فتویٰ:

سعودی ادارہ ''اللّجنة الدّائمة للبحوث العلمية و الإفتاء'' کے نائب الرئیس شیخ عبدالرزاق کے نزدیک اس سوال کا وہی جواب ہے جو شیخ عبداللہ بن سلیمان کا ہے۔(۴۰۹)

## (۴) شیخ بکر بن عبداللہ ابوزید کا فتویٰ:

سعودی ادارہ اللّجنة الدائمه للبحوث العلميه و الافتاء کے ایک رُکن شیخ بکر کا فتویٰ مندرجہ ذیل ہے:

سوال: میں نے امام ابوحنیفہ النعمان کے مذہب پر شادی کی اور میں نے اب تک تین بار طلاق دے دی ہے، کیا میرے لئے جائز ہے کہ میں کسی اور مذہب پر اپنی اسی بیوی کے ساتھ نئے مہر کے ساتھ نیا عقد نکاح کر لوں سوائے مُحلِّل (یعنی حلالہ کرنے والے) کے، مجھے کسی نے خبر دی ہے کہ یہ کلام (یعنی تین طلاق کے بعد بلا حلالہ دوبارہ نکاح) ابواسحاق کی رائے ہے؟

جواب: جس نے اپنی بیوی کو تین متفرق طلاقیں دے دیں (مثلاً کہا تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے) تو وہ اس سے بینونۃ کُبریٰ کے ساتھ جُدا ہو جاتی ہے اور اس کے لئے حلال نہیں ہوتی جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے۔(۴۱۰)

---

۴۰۹۔ فتاویٰ اللّجنة الدائمة للبحوث العلمية و الإفتاء، المجلد (۲۰)، الطلاق ، الفتوی رقم: ۳۲۰۰، ص۱۳۷۔۱۳۸

۴۱۰۔ فتاویٰ اللّجنة الدائمة للبحوث العلمية و الإفتاء، المجلد (۲۰)، الطلاق ، الفتوی رقم: ۳۲۰۰، ص۱۶۴۔۱۶۵

www.waseemziyai.com

## (۵) شیخ صالح الفوزان کا فتویٰ:

سعودی ادارہ ''اللّجنة الدّائمة للبحوث العلمية و الإفتاء'' کے ایک رُکن شیخ صالح بن فوزان کا فتویٰ بھی وہی ہے جو شیخ بکر کا ہے۔

## (٦) شیخ عبدالعزیز آل شیخ کا فتویٰ:

سعودی ادارہ ''اللّجنة الدّائمة للبحوث العلمية و الإفتاء'' کے رکن شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ آل شیخ کا فتویٰ بھی وہی ہے جو شیخ بکر بن عبداللہ کا ہے۔

## (۷) شیخ عبدالعزیز بن باز کا فتویٰ:

سعودی ادارہ ''اللّجنة الدائمة للبحوث العلمية و الافتاء'' کے مفتی اور سربراہ شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز کے فتاویٰ کو دیکھا جائے تو کہیں تو اس نے ابن تیمیہ کا اتباع کرتے ہوئے کہ کہیں ایک مجلس دی گئی تین طلاقوں کو ایک قرار دیا اور کہیں تین کو تین قرار دیا، شیخ ابن باز کے مجموعہ فتاویٰ کے مطالعہ سے معلوم یہ ہوا کہ اگر کوئی شخص متفرق تین طلاقیں ایک مجلس میں دے دیتا اور اس کا تکرار سے ارادہ تاکید یا افہام کا ہوتا تو ایک طلاق کے وقوع کا حکم دیا، حالانکہ یہ بھی باطل ہے کیونکہ خیرالقرون میں حضرات صحابہ کرام علیہم الرضوان کے دَور میں ہی اس بات پر اِجماع ہو گیا تھا کہ کوئی شخص تین طلاقیں دے کر کہے ''میں نے طلاق تو ایک دی ہے باقی دو بار تاکید کے طور پر کہا ہے'' تو اس کا اعتبار نہ کیا جائے بلکہ تین طلاقوں کے وقوع کا حکم دیا جائے گا۔ اِس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت میں صحابہ کا اِجماع ہوا۔ اور پھر صحابہ کرام بیک مجلس دی گئی تین طلاقوں کے بارے میں تین طلاقیں واقع ہو جانے کا فتویٰ دیا کرتے، چاہے طلاقیں بیک کلمہ دی گئی ہوں یا نہ۔ اب فتنوں اور خرافات کے ان حالات میں ان کو ایسے کہاں نظر آ گئے جو خیرالقرون میں ہی مفقود ہو رہے تھے، پھر صحابہ کرام علیہم الرضوان کے اِجماع کی ان کے نزدیک کوئی وقعت نہیں اور ان کے اِجماع کے خلاف فتویٰ دے کر ان

www.waseemziyai.com

لوگوں نے ثابت کر دیا کہ ان کے نزدیک صحابہ کرام کا اس پر اتفاق معاذ اللہ! غلط تھا، ان کا فیصلہ درست نہ تھا۔ اور اگر یہ ارادہ نہ ہوتا تو تین طلاقوں کے وقوع کا فتویٰ دیا ہے بہرحال ائمہ اربعہ میں کسی ایک کا مُقلِّد تو یہ بھی نہ تھا جیسا کہ اس کے مجموعہ فتاویٰ کے مطالعہ سے ظاہر ہے کہ کسی فتویٰ میں کسی مذہب کی کُتُب اور اس مذہب کے فقہاء کا تذکرہ نہیں ملتا اگر ملتا بھی ہے تو کسی ایک کا نہیں اس کے مؤقف کی تائید میں اگر کسی مذہب کے فقہاء کے اقوال ہوں تو اپنی تائید میں نقل کرتا ہے۔ اس حال میں وہ کسی نہ کسی صورت بیک مجلس بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے تین ہونے کا قائل ہے مگر ہمارے ہاں کے غیر مُقلِّد تو کسی بھی صورت بیک مجلس دی گئی تین طلاقوں کے تین ہونے کے قائل نہیں، چنانچہ اس کے فتاویٰ میں سے تین طلاقوں کے تین ہونے پر ایک فتویٰ نقل کیا جاتا ہے۔

(تاریخ ۸/۴/۱۳۹۱ھ) شوہر نے اعتراف کیا کہ اس نے اپنی بیوی سے حالتِ غضب میں کہا وہ طلاق والی ہے، وہ طلاق والی ہے، وہ طلاق والی ہے طلاق بتۃ (تو جواب میں لکھتا ہے) اس بناء پر جو میں دیکھتا ہوں کہ اس شخص کی بیوی بیونۃ کُبریٰ (طلاق مُغلَّظہ) کے ساتھ اُس سے جُدا ہو گئی اس کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے۔ کیونکہ اس نے الفاظ مُتعدّدہ کے ساتھ تین طلاقوں کو مکمل کر دیا اور ان کو اپنے قول طلاق بتۃ کے ساتھ مؤکد کر دیا(۴۱۱)

## (۸) شیخ ابراہیم خضری کا فتویٰ:

سوال: میری دوست کا شوہر بہت غصے میں تھا اور اس نے تین بار کہا ''میں نے تجھے طلاق دی'' اور اس وقت اس نے اپنی بیوی سے کہا ''فقط تو مجھ سے محبت رکھتی ہے تو لوٹ آ''۔ میری دوست سخت غُصّے میں ہے اُسے سمجھ میں نہیں آ رہا کہ وہ کیا کرے کیا طلاق قائم ہے، میں وضاحت کے ساتھ جواب کی اُمید رکھتی ہوں۔

۴۱۱۔ مجموعہ فتاویٰ و مقالات متنوّعة لابن باز، المجلد (۲۲) کتاب الطلاق، حکم من طلّق بقوله: هی طالق، هی طالق طلاق البتة، برقم:۷۸، ص۱۳۶۔۱۳۷

www.waseemziyai.com

جواب: الحمد للہ، غُصّے والے کی طلاق جب کہ اسے نہ پتا ہو کہ وہ کیا کہہ رہا ہے، اور وہ پاگلوں کی طرح ہو جائے تو واقع نہیں ہوتی، مگر جب کہ اسے معلوم ہو کہ کیا کہہ رہا ہے تو طلاق واقع ہے پس جب اُسے تین بار طلاق دے دی تو وہ عورت اس کے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے۔(٤١٢)

## دیگر عرب علماء کے چند فتاویٰ:

### (۱) علامہ عبدالحمید طهماز کا فتویٰ:

علامہ عبدالحمید محمود طهماز لکھتے ہیں کہ طلاق بدعت یہ ہے کہ شوہر ایک ہی کلمہ سے تین طلاقیں یا ایک طہر میں تین طلاقیں دے دے، پس جب اس نے ایسا کیا تو طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور وہ گنہگار ہوگا۔ اور لکھتے ہیں کہ یہاں ذکر کرنا مناسب ہے کہ جمہور علماء اور ائمہ مذاہبِ اَربعہ اس پر ہیں کہ ایک کلمہ سے دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں حتیٰ کہ بعض نے تین طلاقوں کے لازم ہونے کا جزم کیا اس میں کوئی اختلاف نہیں(٤١٣)

### (۲) شیخ محمد امین بن محمد المختار کا فتویٰ:

شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں کہ ہمارے شیخ محمد امین بن محمد المختار نے ''اَضواء البیان'' میں اللہ تعالیٰ کے فرمان ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ﴾الآیۃ کے تحت طلاق ثلاثہ کے وقوع پر بہترین بحث کی ہے یعنی تین طلاق کے وقوع اور مخالفین کے جوابات ذکر کئے ہیں)۔(٤١٤)

### (۳) شیخ محمد حبیب اللہ کا فتویٰ:

شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں کہ شیخ حبیب اللہ نے ''فتح المنعم بشرح

٤١٢۔ موسوعة الأحكام و الفتاوى الشرعية، مبطل النكاح، طلّقها غاضباً ثلاث مرّاة، ص٩٥٢۔٩٥٣

أيضاً فتاوىٰ العلماء فى عشرة النساء، طلّقها غاضباً ثلاث مرّات، ص٢١٢

٤١٣۔ الفقه الحنفى فى ثوبه الجديد، المجلد (٢)، أقسام الطلاق، ص١٦٥۔١٦٦

٤١٤۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (٣)، كتاب النكاح، ص٧٧

www.waseemziyai.com

زاد المسلم‘‘ میں حدیث شریف ’’لَعَلَّكَ تُرِيدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِي إِلَى رِفَاعَةَ‘‘ کے تحت (تین طلاقوں کے وقوع کو) نقل کیا ہے۔(٤١٥)

## (۴) شیخ محمد الخضر بن مایابا کا فتویٰ:

شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں کہ شیخ محمد الخضر نے بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے لازم ہو جانے میں ایک مستقل رسالہ تحریر کیا ہے۔(٤١٦)

## (۵) شیخ احمد بن احمد المختار کا فتویٰ:

شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں کہ شیخ احمد نے اپنی کتاب ’’مواہب الجلیل‘‘ میں بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع و نفاذ پر قرآن و سنّت سے دلائل ذکر کئے ہیں اور مخالفین کے مستدلات کے جوابات دیئے ہیں۔(٤١٧)

## مصری علماء کا فتویٰ:

موجودہ دور میں مصری علماء کی اکثریت کا حال بھی تقریباً سعودی علماء جیسا ہوتا جا رہا ہے کہ کسی ایک امام کی تقلید ضروری نہیں سمجھی جاتی پھر بھی ان کا حال دیگر سے مختلف ہے۔ ہم اس مقام پر مصر کے دو علماء کے فتاویٰ نقل کرتے ہیں جو اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ صحابہ کرام اور تابعین و تبع تابعین اور اکثر مجتہدین بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع کے قائل ہیں۔

## (۱) شیخ محمود محمد شلتوت مصری کا فتویٰ:

کلیہ شریعت کے بڑے عالم شیخ محمود محمد شلتوت اور استاد کلیہ شریعت مصر شیخ محمد علی السائیس لکھتے ہیں کہ بیک وقت ایک کلمہ سے تین طلاقوں کے وقوع کے مسئلہ میں علماء کے مذاہب ہیں، ائمہ اربعہ اور جمہور صحابہ اور تابعین اس پر ہیں کہ ایک کلمہ سے دی گئی

٤١٥۔ مواهب الجليل: ٧٧/٣

٤١٦۔ مواهب الجليل: ٧٧/٣

٤١٧۔ مواهب الجليل: ٦٧/٣۔٧٧

www.waseemziyai.com

تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔(۴۱۸)

## (۲) شیخ محمد علی السایس مصری کا فتویٰ:

کلیہ شریعت کے استاد شیخ محمد علی السایس اور شیخ محمود محمد شلتوت لکھتے ہیں، اگر (بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع پر) اجماع تو فقہاء کرام نے فرمایا، صحابہ کرام اور تابعین عظام اور تبع تابعین میں سے اکثر مجتہدین اِس پر ہیں کہ اکٹھی تینوں واقع ہو جاتی ہیں اوران مجتہدین پر کسی نے بھی انکار نہ کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں پر تین طلاقوں کے جاری ہونے کا خطاب فرمایا جنہوں نے تین طلاقوں کے وقوع کا حلف اٹھایا ہو، تو ان میں اصحاب رسول ﷺ تھے اوران میں وہ تھے جو جانتے تھے کہ نبی ﷺ کا اپنی (ظاہری) حیات میں عمل کس پر تھا تو ان تمام صحابہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اس معاملہ میں موافقت کی، کسی ایک نے بھی انکار نہ کیا۔(۴۱۹)

## اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کا مؤقف:

## بیک وقت تین بار طلاق کو جرم قرار دیا جائے:

اسلامی نظریاتی کونسل نے سفارش کی ہے کہ بیک وقت تین بار طلاق دینا (یعنی طلاق بدعی کو) جرم قرار دیا جائے۔

وزارتِ قانون کی جانب سے عائلی قوانین سے متعلق شرعی حدود کے تعین کی غرض سے سوالات کے جواب میں اسلامی نظریاتی کونسل نے قرار دیا کہ شریعت میں جن اُمور کو جائز قرار دیا گیا ہے ان میں طلاق ناپسندیدہ ترین ہے اگر مصالحتی کوششوں کے باوجود نباہ کو کوئی صورت نہ ہو تو طلاق دے کر علیحدگی اختیار کی جاسکتی ہے شرعی احکام سے ناواقفیت کے سبب لوگ طلاق کا طریقہ نہیں جانتے اور اشتعال میں آکر طلاقِ بدعت کا

۴۱۸۔ مقارنة المذاهب فى الفقه، الطلاق البدعى، ص ۸۰

۴۱۹۔ مقارنة المذاهب فى الفقه، الطلاق البدعى، ص ۸۲

www.waseemziyai.com

ارتکاب کرتے ہیں اور پھر پچھتاتے ہیں، ایک ہی موقع پر ایک سے زائد بار طلاق دینے سے قانونی اور شرعی دشواریاں زیادہ پیچیدہ ہوجاتی ہیں، ہر شہری کو علم ہونا چاہیے کہ طلاق احسن دے کر علیحدگی اختیار کرنا شرعاً پسندیدہ ہے، اس میں طلاقِ بدعت جیسے مسائل پیدا نہیں ہوتے لہٰذا طلاق بدعی کو قابلِ سزا جرم قرار دیا جائے الخ (۴۲۰)

## دائرۃ الأوقاف دبئی کا فتویٰ:

''ادارۃ الافتاء دبئی'' کے فتاویٰ کا مجموعہ ''فتاویٰ شرعیہ'' کے نام سے شائع ہوا اس میں ہے:

إِنَّ قَوْلَ الرَّجُلِ لِزَوْجَتِهِ: أَنْتِ طَالِقٌ بِثَلَاثٍ وَّسَبْعٍ وَّمِائَةِ طَلْقَةٍ، طَلَاقٌ صَرِيْحٌ تَبِيْنُ بِهِ الزَّوْجَةُ بَيْنُوْنَةَ الْكُبْرىٰ وَتُبِيْنُ بِالثَّلَاثِ وَهُوَ مُعْتَدٌّ فِيْمَا زَادَ عَلىٰ ذٰلِكَ أُثِمَ بِهِ وَسَوَاءٌ قَالَ ذٰلِكَ فِيْ جَلْسَةٍ وَاحِدَةٍ أَوْ جَلَسَاتٍ مُتَفَرِّقَةٍ لَا فَرْقَ فِيْ ذٰلِكَ (إِلىٰ) وَبِنَاءً عَلَيْهِ فَإِنَّ الْمَرْأَةَ قَدْ بَانَتْ مِنْهُ بَيْنُوْنَةَ كُبْرىٰ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ فَإِذَا تَزَوَّجَهَا آخَرُ وَدَخَلَ بِهَا ثُمَّ طَلَّقَهَا فَلِزَوْجِهَا أَنْ يَتَقَدَّمَ لَهَا كَأَحَدِ الْخِطَابِ۔ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ۔(۴۲۱)

یعنی، مرد کا اپنی بیوی سے یہ کہنا کہ تجھے ایک سو تہتر طلاقیں ہیں یہ صریح طلاق ہے جس سے عورت اپنے شوہر سے حُرمتِ غلیظہ کے ساتھ جُدا ہو جائے گی اور تین طلاقوں کے ساتھ بائن ہوگی اور جو اس نے تین سے زیادہ طلاقیں دیں اس میں اس نے حد سے تجاوز کیا اور اس پر وہ گُناہ گار ہوگا۔ خواہ وہ تین طلاقیں ایک ہی مجلس میں دی گئی ہوں یا متفرق مجلسوں میں، اس میں کوئی فرق نہیں

۴۲۰۔ روزنامہ ایکسپریس کراچی، پیر ۷ جمادی الثانی ۱۴۲۲ھ-۲۷ اگست ۲۰۰۱ء، ص ۱-۷

۴۲۱۔ فتاوی شرعیہ، المجلد (۱) کتاب الطلاق، حکم الطلاق بثلاث وأکثر، ص ۱۹۵-۱۹۶

www.waseemziyai.com

(یعنی ایک مجلس میں دی گئی طلاقوں اور متفرق مجالس میں دی گئی طلاقوں میں واقع ہونے کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں) اس بناء پر وہ عورت اپنے شوہر سے حُرمتِ غلیظہ کے ساتھ جُدا ہوگئی اس مرد کے لیے حلال نہیں ہوگی جب تک کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کرے اور وہ دوسرا شوہر اس سے ہمبستری نہ کرے پھر طلاق دے تو پہلے شوہر کے لئے جائز ہے کہ اسے پیغامِ نکاح دے۔

اسی میں ہے:

إِنَّ قَوْلَ الرَّجُلِ لِزَوْجَةٍ أَنْتِ طَالِقٌ الْأُولٰى وَ الثَّانِيَةَ وَ الثَّالِثَةَ تُبِيْنُ بِهِ امْرَأَتُهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ بَيْنُوْنَةً كُبْرىٰ لَا تَحِلُّ لَهُ بَعْدَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ لِأَنَّ هٰذَا اللَّفْظَ صَرِيْحٌ فِي الطَّلَاقِ وَ الْعَدَدِ۔ (۴۲۲)

یعنی، شوہر کا اپنی بیوی سے یہ کہنا کہ تجھے طلاق ہے ایک دو اور تین اِن الفاظ سے اُس مرد کی بیوی اس سے حُرمتِ غلیظہ کے ساتھ جُدا ہو جائے گی اس کے بعد اس مرد کیلئے حلال نہ رہے گی جب تک وہ عورت کسی دوسرے شوہر کے پاس نہ رہے کیونکہ یہ الفاظ طلاق اور عدد میں صریح ہیں۔

''ادارۃ الافتاء دبئ'' کے دونوں فتاویٰ سے بھی معلوم ہوا کہ تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں چاہے وہ ایک مجلس میں دی جائیں یا مختلف مجالس میں، ایک وقت میں دی جائیں یا مختلف اوقات میں، ایک طُہر میں دی جائیں یا مختلف طُہروں میں اور اکٹھی دی جائیں یا علیحدہ علیحدہ۔ ہر صورت میں واقع ہو جائیں گی اور عورت اپنے شوہر پر حرام ہو جائے گی بغیر حلالہ شرعیہ کے حلال نہ ہوگی۔ اس کے بعد اگر کوئی شخص تین طلاقوں کو ایک سمجھ کر رجوع کرے تو یہ رجوع نہ ہوگا اور اس کا اس عورت کے ساتھ رہن سہن زنا ہوگا

۴۲۲۔ فتاوی شرعیه، المجلد(۱)، کتاب الطلاق، الطلاق البائن بینونة الکبری ص۱۹۷

www.waseemziyai.com

جیسا کہ ''فتاوی شرعیہ'' میں ہے:

مُرَاجَعَتُهُ لَهَا مِنْ غَيْرِ أَنْ تَنْكِحَ زَوجاً غَيْرَهُ فَهِيَ مُرَاجَعَةٌ بَاطِلَةٌ وَ مُعَاشَرَتُهَا بِهٰذَا الْمُرَاجَعَةِ الْبَاطِلَةِ تُعْتَبَرُ زِناً۔ (٤٢٣)

یعنی، عورت کے کسی دوسرے شوہر کے پاس رہنے (یعنی حلالہ شرعیہ) سے قبل مرد کا اس عورت سے رجوع کرنا یہ مُراجعت باطلہ ہے اور مُراجعت باطلہ کے بعد مرد کی اس عورت کے ساتھ مُعاشرت زنا شمار کی جائے گی۔

## وزارتِ اوقاف کویت کا فتویٰ:

''وزارۃ اوقاف والشئون الاسلامیہ کویت'' کی طرف احکام شرعیہ کا ایک مجموعہ پینتالیس جلدوں میں ''الموسوعۃ الفقہیۃ'' کے نام سے شائع ہوا، اس میں ہے کہ جمہور فقہاء اِس طرف گئے ہیں کہ شوہر کی طلاق ہمیشہ رجعی ہوتی ہے تین حالتوں کے سوا کسی حالت میں بائن نہیں ہوتی۔ پہلی حالت یہ ہے شوہر ہمبستری سے قبل طلاق دے تو وہ بائن واقع ہوگی۔ دوسری حالت یہ کہ شوہر مال کے عوض طلاق دے تو وہ بائن ہوگی۔ تیسری حالت یہ کہ شوہر تین طلاقیں دے دے اور تین طلاقوں سے بینونۃ کبریٰ (مغلّظہ) کا واقع ہونا نصِ قرآنی ﴿فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ م بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ کی وجہ سے ضروری ہے۔(٤٢٤)

## غیر مُقلّدوں کے فتاویٰ:

### (۱) ابن حزم ظاہری متوفی ۴۵۶ھ کا فتویٰ:

غیر مُقلّدین کے جدِّ امجد ابن حزم نے لکھا:

٤٢٣۔ فتاوی شرعیہ، المجلد(١)، کتاب الطلاق، الطلاق البائن بینونۃ الکبری، ص١٩٦

٤٢٤۔ الموسوعۃ الفقهية، المجلد (٢٩)، طلاق، ما يقع بالصريح و الكنائي من الطلاق، ص٢٨

www.waseemziyai.com

ثم وجدنا من حجّة من قال: إن الطلاق الثلاث مجموعةً سنّةً لا بدعةً، قول الله تعالىٰ: ﴿ فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ م بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ ﴾ فهذا يقع على الثلاث مجموعةً و مفرّقةً و لا يجوز أن مُخصَّص بهذه الأية بعض ذلك دون بعض بغير نصّ (٤٢٥)

یعنی، پھر ہم نے اُن لوگوں کی جو بیک وقت اکٹھی تین طلاقوں کو بدعت نہیں کہتے بلکہ سنّت سمجھتے ہیں یہ دلیل پائی کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ''پھر اگر تیسری طلاق اسے دی تو اب وہ عورت اسے حلال نہ ہو گی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے'' یہ (مضمون یا حکم) ان تین طلاقوں پر بھی صادق آتا ہے جو اکٹھی ہوں اور ان پر بھی جو (تین طلاقیں) متفرق طور پر جُدا جُدا دی گئی ہوں بغیر کسی نص کے اس آیت کے حکم کو تین متفرق اور جُدا جُدا طلاقوں کے ساتھ مخصوص کر دینا اور اکٹھی تین کو شامل نہ کرنا صحیح نہیں۔

## (۲) علامہ ابن القیم متوفی ۷۵۱ھ کا فتویٰ:

ابن تیمیہ کے شاگرد شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر المعروف بابن القیم الجوزیہ لکھتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام اور ان کے پیشوا امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جب دیکھا کہ لوگوں نے طلاق کا معاملہ میں یکبارگی تین طلاقیں دے کر حماقت کا ثبوت دینا شروع کر دیا ہے اور خدا خوفی چھوڑ دی ہے اور اپنے اوپر حکم کو ملتبس کرنے لگے گئے اور اس طریقے کو چھوڑ کر جو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے مشروع کیا تھا دوسرے طریقے سے طلاقیں دینے لگ گئے۔ تو اللہ تعالیٰ نے خلیفہ راشد (یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ) اور ان کے ساتھ صحابہ کرام کی زبان پر شرع اور تقدیر کی رو سے یہ حکم جاری کر دیا کہ جو چیز لوگوں

٤٢٥۔ المحلّى فی شرح المُجلّى، كتاب (٨٣) الطلاق، مسئلة (١٩٥٠)، من الطلاق من أراد طلاق امرأة، ص١٧٥٦

www.waseemziyai.com

نے اپنے اوپر لازم کر رکھی ہے اس کا اجراء اور نفاذ کر دیا اور جو طوق انہوں نے اپنے گلے میں ڈالا ہے (یعنی بیک وقت تین طلاقیں بیوی کو اپنے اوپر حرام کر لیا ہے) اسے باقی رکھا جائے، یہ شرع و تقدیر کے رازوں سے ایک راز ہے جو اِس زمانہ کے لوگوں کی عقل میں نہیں آتا پھر ائمہ اسلام آئے جو صحابہ کرام کے آثار سے ملے جو آئمہ صحابہ کرام کے مسلک پر چلنے والے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی رضا کے چاہنے والے تھے۔(٤٢٦)

## (۳) قاضی شوکانی متوفی ۱۲۵۰ھ کا فتویٰ:

قَدِ اخۡتَلَفَ أَهۡلُ الۡعِلۡمِ فِيۡ إِرۡسَالِ الثَّلَاثِ دَفۡعَةً وَاحِدَةً هَلۡ يَقَعُ ثَلَاثًا أَوۡ وَاحِدَةً فَقَطۡ فَذَهَبَ إِلَى الۡأَوَّلِ الۡجُمۡهُوۡرُ، وَذَهَبَ إِلَى الثَّانِيۡ مَنۡ عَدَاهُمۡ وَهُوَ الۡحَقُّ۔ (٤٢٧)

یعنی، اہلِ علم کا بیک وقت تین طلاقیں دینے میں اختلاف ہے تین واقع ہوں گی یا ایک پس جمہور اہلِ علم (یعنی جمہور صحابہ، تابعین، ائمہ مجتہدین، فقہا اور علماء اسلام) کے نزدیک تینوں واقع ہو جائیں گی اور جمہور کے علاوہ دیگر کا مذہب ہے کہ ایک واقع ہوگی اور وہ حق ہے۔

اور بیک کلمہ یا ایک طہر میں تین طلاقیں دینا بدعت ہے اسی طرح حالت حیض میں طلاق دینا بدعت ہے، اور قاضی شوکانی نے حدیث ابن عمر کے تحت لکھا:

و قد تمسّك بذلك من قال بأن الطلاق البدعي يقع، و هم الجمهور (٤٢٨)

یعنی، اس حدیث سے ان فقہاء نے دلیل پکڑی ہے جو کہتے ہیں کہ طلاق بدعی واقع ہو جاتی ہے اور اس طرح کہنے والے جمہور ہیں۔

٤٢٦۔ أعلام الموقعين عن ربّ العالمين، المجلد (٣)، وجه تغيير الفتوى بتغيير الأزمنة و الأحوال، ص٣٨

٤٢٧۔ فتح القدير الجامع بين فني الرواية والدراية في علم التفسير، المجلد(١)، البقرة آيت: ٢٣٠

٤٢٨۔ نيل الأوطار، كتاب الطلاق، باب النهي عن الطلاق في الحيض، ص١٢٢٢

www.waseemziyai.com

اور لکھتے ہیں: جاننا چاہئے کہ تین طلاقوں میں اختلاف واقع ہوا جب کہ ایک ہی وقت میں واقع ہوں، کیا تینوں طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور طلاق کے پیچھے طلاق ہوتی ہے یا نہیں؟ تو جمہور تابعین، اور کثیر صحابہ اور آئمہ مذاہب اربعہ اور اہلِ بیت اطہار کی ایک بڑی جماعت جن میں امیر المؤمنین حضرت علی المرتضٰی بھی ہیں اور امام یحیٰی اس طرف گئے کہ طلاق کے پیچھے طلاق آتی ہے (یعنی کسی نے بیوی سے کہا تجھے طلاق، تجھے طلاق، تجھے طلاق تو تینوں واقع ہو جائیں گی)۔(۴۲۹)

تعجب ہے قاضی شوکانی پر کہ اس نے خود لکھا کہ جمہور علماء کے نزدیک تین واقع ہو جائیں گی پھر بھی جمہور کے مذہب کو حق قرار نہیں دیا حالانکہ حق وہی ہے جو جمہور صحابہ و تابعین اور بعد کے علماء کا مذہب ہے۔

## قاضی شوکانی غیر مُقلِّد تھا:

قاضی شوکانی کے شاگرد حسین بن محسن سبعی نے اپنے استاد کے مذہب کے بارے میں لکھا کہ شوکانی نے امام زید کے مذہب پر تفقہ حاصل کی اور اس پر کتابیں لکھیں اور فتاویٰ دیئے اور یہاں تک کہ بڑا مقام حاصل کیا اور حدیث کا علم حاصل کیا اور اپنے زمانے میں سب پر فوقیت حاصل کر لی یہاں تک کہ تقلید چھوڑ دی۔ (یعنی غیر مُقلِّد ہو گیا)۔(۴۳۰)

## (۴) حافظ عبداللہ روپڑی (غیر مُقلِّد) کا فتویٰ:

غیر مُقلِّد حافظ عبداللہ نے ایک روایت کا جواب دیتے ہوئے لکھا: کیونکہ ''أنت طالق ثلاثا'' میں غیر موطوءَ (جس سے صحبت نہ ہوئی ہو) پر بھی تین طلاقیں پڑتی ہیں(۴۳۱)
اس طرح ایک حدیث کے متعلق ''قاضی شوکانی'' پر رد کرتے ہوئے لکھا ابوداؤد

---

۴۲۹۔ نیل الأوطار، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی من طلّق البتة و جمع الثلاث الخ، ص۱۲۲۷

۴۳۰۔ فتح القدیر، المجلد(۱)، ترجمة الإمام الشوکانی،مذهبه و عقدیته ،ص۶

۴۳۱۔ رسالہ ایک مجلس کی تین طلاقیں، ضمیمہ تنظیم اہلحدیث روپڑ، ص۶، بحوالہ عمدة الأثاث فی حکم الطلاق الثلاث، ص۹۵

www.waseemziyai.com

کی حدیث کا مطلب یہ ٹھیک نہیں بلکہ ابوداؤد کی حدیث کا مطلب یہ بیان کرنا چاہئے کہ جب ''أنت طالق، أنت طالق، أنت طالق'' تین دفعہ الگ الگ کہے تو غیر موطوءۃ (جس سے صحبت نہ ہوئی ہو) کی بابت تین ایک ہی ہوتی ہے، کیونکہ غیر موطوءۃ پہلی دفعہ ''أنت طالق'' کہنے سے جُدا ہو جاتی ہے تو اس کے بعد ''أنت طالق'' کہنا بیکار ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ جو ''منتقی'' اور ابوداؤد سے نقل کیا ہے (کہ غیر موطوءۃ پر تین واقع ہو جائیں گی)، ''أنت طالق ثلاثاً'' پر محمول ہے، یعنی جب جُدا جُدا ''أنت طالق'' نہ کہے بلکہ ایک ہی دفعہ ''أنت طالق ثلاثاً'' کہہ دے تو اس وقت خواہ غیر موطوءۃ کو اس پر تین ہی واقع ہوں گی، پس اس صورت میں نسائی کا باب میں متفرق کی قید لگانا بالکل درست ہوگا(٤٣٢)

## (٥) مفتی محمد یٰسین شاہ (غیر مُقلِّد) کا فتویٰ:

غیر مُقلِّدوں کا حال بھی عجیب ہے کہ تین طلاقوں کے وقوع کے تو منکر ہیں اور اگر کوئی شخص بیوی کو بیک وقت ہزار طلاقیں دے دے تو تین کے وقوع کا اقرار کرتے ہیں، اقرار ہی نہیں کرتے بلکہ اسے اتفاقی مسئلہ بھی بتاتے ہیں چنانچہ ان کے مفتی اعظم اور ان کے پیر سید مفتی محمد یٰسین شاہ نے لکھا کہ ''جیسے کہ اتفاقی مسئلہ اگر کوئی شخص کہے اپنی بیوی کو کہ تجھے ہزار طلاق ہے صرف اتنی ہی واقع ہوں گی جتنے کی وہ مالک ہے باقی لغو ہوتی ہیں'' (٤٣٣)

ان کے پیر نے لکھا کہ ''اتنی ہی واقع ہوں گی جتنی کی وہ مالک ہے'' تو آزاد عورت کی تین طلاقیں ہوتی ہیں لہٰذا نتیجہ یہ نکلا کہ تین واقع ہوں گی اور باقی نوسوستانوے لغو یعنی بیکار ہوں گی، نادانی کی انتہاء ہے کہ ہزار طلاقیں دینے سے تین واقع ہو گئیں اور تین دینے سے ایک واقع ہوگی۔

٤٣٢۔ طلاق الثلاث، ایک سوال کا جواب، ص٥٢ (بحوالہ ضمیمہ /٦، بحوالہ عمدۃ الاثاث)

٤٣٣۔ طلاق ثلاثہ، بحث مرتان، ص١٤

www.waseemziyai.com

ان لوگوں کی تضاد بیانی مشہور ہے اس کا ایک ثبوت یہ ہے کہ آپ نے ان کے پیر کی ایک عبارت پڑھی کہ جس میں ہزار طلاقیں دینے کے وقوع کا ذکر ہے۔ دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: وضاحت مسئلہ تین طلاق بیک وقت ایک ہی شمار ہوں گی چاہے کوئی کھرب دے دے(٤٣٤)

اب کیا کہیں گے ان کے بارے میں ان کی کون سی بات کا اعتبار کیا جائے۔

## (٦) ڈاکٹر ابو جابر دامانوی (غیر مُقلِّد) کا فتوی:

ڈاکٹر ابو جابر عبداللہ دامانوی بھی انہی لوگوں میں سے ہیں جو تقلید کے قائل نہیں ہیں اور تین کو ایک قرار دینے والے ہیں، انہوں نے بھی ایک مقام پر کہا کہ ''جیسے یہ اتفاق ہے اگر کوئی کہے تجھے ہزار طلاق صرف اتنی ہی واقع ہوں گی جتنی کا وہ مالک ہے باقی لغو ہو جاتی ہیں'' (٤٣٥)

اور بیوی اگر آزاد ہے تو شوہر کو تین طلاق کا حق ہے جب بھی تین دے دے گا تو وہ عورت اس پر حرام ہو جائے گی اور اگر ہزار طلاقیں دے تو بھی تین واقع ہوں گی باقی لغو ہو جائیں گی۔

## (٧) غیر مُقلِّد مولوی عبدالجبار غزنوی کا فتویٰ:

مفتی غلام سرور قادری نے لکھا: مولوی عبدالجبار غیر مُقلِّد غزنوی ''حاشیہ ہندی'' میں لکھتے ہیں کہ جمہور علماء دین کے نزدیک (تین طلاق) ایک بار دینے سے واقع ہو جاتی ہیں۔(٤٣٦)

## (٨) غیر مُقلِّد مصنِّف محمد اقبال کیلانی کا فتویٰ:

حالتِ حیض میں طلاق دینا، ایک کلمہ سے تین طلاقیں دے دینا، اسی طرح ایک طہر

٤٣٤۔ رسالہ طلاق ثلاثہ، ص ٢٥

٤٣٥۔ رسالہ حکم طلاق الثلاث، مصنفہ ڈاکٹر دامانوی، ص ١٣

٤٣٦۔ تحقیقات أسلمیۃ حاشیۃ سلطان الفقہ، الجز (٢)، ص ١٥٩

www.waseemziyai.com

میں تین طلاقیں دینا غیر مسنون ہے، چنانچہ لکھتے ہیں: غیر مسنون طلاق سنّت کے مطابق نہ ہونے کے باوجود واقع ہو جاتی ہے لیکن طلاق دینے والا گُناہ کا مرتکب ہوتا ہے(۴۳۷)

## (۹) نام نہاد اہلحدیث (غیر مقلدین) کے شیخ الحدیث کا فتویٰ:

## صحابہ سے لے کر سات سو سال تک تین کو ایک شمار کرنا ثابت نہیں:

اہلحدیث (غیر مُقلدین) کے شیخ الحدیث مولوی شرف الدین دہلوی نے لکھا:

''اصل بات یہ ہے، کہ صحابہ وتابعین وتبع تابعین سے لے کر سات سو سال تک کے سلف صالحین، صحابہ وتابعین ومُحدِّثین سے تو تین طلاق کا ایک مجلس میں واحد شمار ہونا تو ثابت نہیں مَنِ ادَّعیٰ فَعلَیْهِ الْبَیَانُ بِالْبُرْهَانِ وَ دُوْنَهُ خَرْطُ الْقَتَادِ (یعنی جو تین طلاق کے ایک ہونے کا دعویٰ کرے اس پر لازم ہے کہ دلائل سے بیان کریں ونہ یہ دعویٰ خرط قتاد ہے) ملاحظہ ہو مؤطا امام مالک، صحیح بخاری، سنن ابی داؤد، سنن النسائی، جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ وشرح مسلم امام نووی و فتح الباری وتفسیر ابن کثیر وتفسیر ابن جریر و کتاب الاعتبار للامام الحازمی فی بیان الناسخ والمنسوخ من الآ ثار اس میں امام حازمی نے ابن عباس (رضی اللہ عنہما) کی مسلم کی اس حدیث کو منسوخ بتایا ہے، اور تفسیر ابن کثیر میں بھی ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ الآیۃ کے تحت ابن عباس سے جو صحیح مسلم کی حدیث تین طلاق کے ایک ہونے کا راوی ہے، دوسری حدیث نقل کی ہے، جو سنن ابی داؤد میں بَابُ نَسْخِ الْمُرَاجَعَةِ بَعْدَ التَّطْلِیْقَاتِ الثَّلاثِ بسند خود نقل کی ہے۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ الرَّجُلَ كَانَ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فَهُوَ أَحَقُّ بِرَجْعَتِهَا وَإِنْ طَلَّقَهَا ثَلٰثاً فَنُسِخَ ذٰلِكَ فَقَالَ ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ م بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ﴾ انتہی (یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ کوئی شخص جب اپنی بیوی کو طلاق دے دیتا تو وہ اس سے رجوع کرنے کا زیادہ حقدار ہوتا تھا اگرچہ وہ اسے تین طلاقیں دے دیتا پھر یہ حکم منسوخ

۴۳۷۔ طلاق کے مسائل، مصنّفہ کیلانی، انواع الطلاق، طلاق بدعی، ص ۷۵

www.waseemziyai.com

ہو گیا اور فرمایا ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ م بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ﴾ (۴۳۸)

امام نسائی نے بھی اسی طرح ص ۱۰۱، جلد ۲ میں باب منعقد کیا ہے، اور یہی حدیث لائے ہیں، اور دونوں اماموں نے اس پر سکوت کیا ہے، اور ان دونوں کے نزدیک یہ حدیث صحیح اور حجت ہے جب ہی تو لائے ہیں، اور باب منعقد کیا ہے، اور ابن کثیر نے بھی سند ابی داؤد، ونسائی، وابن ابی حاتم، وتفسیر ابن جریر، وتفسیر عبد الحمید، ومستدرک حاکم وَ قَالَ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ، وَالتِّرْمِذِيُّ مُرْسَلاً وَ مُسْنَداً نقل کر کے کہا ہے کہ ابن جریر نے ابن عباس (رضی اللہ عنہما) کی اس حدیث کو آیت مذکورہ کی تفسیر بتا کر اسی کو پسند کیا ہے، یعنی یہ کہ پہلے جو تین طلاق کے بعد رجوع کر لیا کرتے تھے وہ اس حدیث سے منسوخ ہے۔ پس یہ حدیث مذکور محدث ابن کثیر وابن جریر دونوں کے نزدیک صحیح ہے، جیسے کہ مستدرک حاکم نے صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ لکھا ہے اور قابل اعتماد ہے۔

اور امام فخر الدین رازی کی تحقیق بھی یہی ہے، اور امام ابو بکر محمد بن موسیٰ بن عثمان حازمی نے ''کتاب الاعتبار'' میں اپنی سند سے نقل کر کے لکھا ہے:

فَاسْتَقْبَلَ النَّاسَ الطَّلَاقَ جَدِيْداً مِنْ يَوْمَئِذٍ مَنْ كَانَ مِنْهُمْ طَلَّقَ أَوْ لَمْ يُطَلِّقْ حَتّٰى وَقَعَ الْإِجْمَاعُ نُسِخَ الْحُكْمُ الْأَوَّلُ وَدَلَّ ظَاهِرُ الْكِتَابِ عَلٰى نَقِيْضِيْهِ وَجَائَتِ السُّنَّةُ مُفَسِّرَةٌ لِّلْكِتَابِ مُبَيِّنَةً رَفْعَ الْحُكْمِ الْأَوَّلِ الخ، ص ۱۸۳

یعنی، پھر اس دن سے جس نے طلاق دی تھی یا نہ دی تھی سب لوگ اس نئے حکم کی طرف متوجہ ہو گئے حتی کہ پہلے حکم کے منسوخ ہونے پر اجماع واقع ہو گیا اور کتاب کے ظاہر نے اس کے دونوں نقیضوں میں دلالت کی تو سنت، کتاب کے لئے مفسرہ ومبینہ بن کر

۴۳۸۔ عون المعبود، المجلد (۳)، الجزء (۶)، کتاب الطلاق، باب (۱۰) نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث، ص ۱۸۹!

www.waseemziyai.com

آئی اور پہلا حکم اٹھ گیا۔

اور خود ابن قیم نے ''زاد المعاد'' مصری ص ۲۵۴ جلد ۲ میں لکھا ہے: تَفسِیرُ الصَّحَابِيِّ حُجَّةٌ وَقَالَ الحَاکِمُ: هُوَعِندَنَا مَرفُوعٌ انتهیٰ (صحابی کی تفسیر حجت ہے اور امام حاکم نے فرمایا وہ ہمارے نزدیک مرفوع ہے) اور جب مسلم کی ابن عباس کی حدیث مذکور اجماع کے خلاف ہوئی، تو خود ابن تیمیہ کے قول سے بھی اس پر عمل نہ ہونا چاہیے۔ اس لئے کہ ''فتاویٰ ابن تیمیہ'' جلد دوم ص ۳۵۹ میں ہے کہ وَالخَبَرُ الوَاحِدُ إِذَا خَالَفَ المَشهُورَ المُستَفِیضَ کَانَ شَاذّاً وَقَد یَکُونُ مَنسُوخاً انتهیٰ وَهٰذَا کَذٰلِكَ فَافهَم وَتَدَبَّر۔ (یعنی خبر واحد جب مشہور حدیث کے مخالف ہو تو شاذ ہوگی یا منسوخ اور یہ تین طلاق کو ایک قرار دینے والی مسلم شریف کی حدیث بھی اسی طرح ہے پس تو سمجھ لے اور غور و فکر کر)۔

اور ''سنن ابی داؤد'' کی نسخ کی حدیث کی سند میں راوی علی بن حسین اور حسین بن واقد پر جو ابن قیم نے اعتراض یا کلام کیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ علی بن حسین کو ''تقریب التہذیب'' میں صدوق وہم لکھا ہے۔ وہم کے باعث ابو حاتم نے اس کی تضعیف کی ہے، مگر امام نسائی جو بڑے متشدد ہیں۔ انہوں نے اور دوسرے مُحدّثین نے کہا ہے لَیسَ بِهِ بَأسٌ (یعنی، اس کی روایت لینے میں کوئی حرج نہیں) اور وہم سے کون بشر خالی ہے، لہٰذا یہ کوئی جرح نہیں، راوی معتبر ہے خصوصاً جب کہ مُحدّثین مذکور نے حدیث کو صحیح تسلیم کیا ہے، اور حسین بن واقد کو ''تقریب'' میں ثِقَةٌ لَهُ أَوهَامٌ (یعنی، ثقہ ہے اور اس کے لئے وہم ہیں) لکھا ہے، اور یہ روای رواۃ صحیح مسلم سے ہے، اور یحییٰ بن معین وغیرہ مُحدّثین نے اس کو ثقہ بتایا ہے، ملاحظہ ہو ''میزان الاعتدال''، باقی رجال دونوں کے ثقات ہیں، لہٰذا یہ حدیث حسن صحیح ہے، قابلِ عمل و حجت ہے اور خود راوی ابن عباس (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کا فتویٰ بھی اس کی صحت کا مؤید ہے۔ ملاحظہ ہو ''مؤطا امام

www.waseemziyai.com

مالک'' وغیرہ۔

اور یہ لغو اعتراض کہ یہ ابن عباس کا سہو ہے، تو اس کا جواب یہ ہے، کہ اگر ابن عباس کو سہو ہو گیا تھا تو پھر ان کی مسلم کی حدیث میں بھی سہو ہے۔ فلا حُجَّةَ فيه (یعنی، پس اس میں کوئی حجت نہیں) اور امام رازی نے ''تفسیر کبیر'' میں آیت مذکورہ کی تفسیر میں بحث کر کے جو اپنی تحقیق لکھی تھی، وہ یہ ہے کہ آیت ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ سے پہلے آیت ﴿وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ (الی قوله) وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْا اِصْلَاحًا﴾ (الاية) ہے اسکے بعد ہے ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ (الاية) اس سے ثابت ہوا کہ پہلی آیت مُجْمَلٌ مُفْتَقِرٌ إِلَى الْمُبِيِّنِ (یعنی، مجمل، مبین کی طرف محتاج) یا كَالْعَامِ مُفْتَقِراً إِلَى الْمُخَصِّصِ (یعنی، عام کی مثل مخصّص کی طرف محتاج) تھی کہ بعول مطلقین کو بعد طلاق حقِ استرداد یعنی، رجوع ثابت تھا۔ عام اس سے کہ ایک طلاق کے بعد ہو یا دو کے یا تین کے۔ پس آیت ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ نے واضح کر دیا کہ مطلق کو رجوع ایک یا دو طلاق کے بعد ہے اسکے بعد نہیں پھر آگے جامع ترمذی کی حدیث سے منع ثابت کیا ہے، اور بعض اصحاب، ''تفسیر کبیر'' سے اپنے مطابق قول کے بعد هذا هو الأقيس .الخ کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں اور یہ نہیں سوچتے کہ اس قول کو امام صاحب نے دوسرے سے نقل کر کے اس کا رد کیا ہے۔ ملاحظہ ہو ص ۲۴۸ ج ۲

اور وجوہ کلام میں سے وجہ

**ھفتم:** یہ ہے، کہ محدّثین نے مسلم کی حدیث مذکور کو شاذ بھی بتایا ہے۔

**ھشتم:** یہ کہ اس میں اضطراب بھی بتایا ہے۔ تفصیل ''شرح صحیح مسلم نووی''، ''فتح الباری'' وغیرہ مطولات میں ہے۔

**نہم:** کہ ابن عباس کی مسلم کی حدیث مذکورہ مرفوع نہیں۔ یہ بعض صحابہ کا فعل ہے جن کو

www.waseemziyai.com

نسخ کا علم نہ تھا۔ کَمَا فِی الْوَجْهِ الثَّالِثِ وَالرَّابِعِ۔

دھم: یہ کہ مسلم کی یہ حدیث امام حازمی و تفسیر ابن جریر و ابن کثیر کی تحقیق سے ثابت ہے کہ یہ حدیث بظاہرہ کتاب و سنّت صحیح و اجماعِ صحابہ (رضی اللہ عنہم) وغیرہ ائمہ (رحمہم اللہ) مُحدّثین کے خلاف ہے لہٰذا حجت نہیں ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ مجیب مرحوم نے جو لکھا ہے کہ تین طلاق مجلس واحد کی، مُحدِّثین کے نزدیک ایک کے حکم میں ہے۔

## تین کو ایک قرار دینا یہ مسلک صحابہ و تابعین و تبع تابعین کا نہیں:

یہ مسلک صحابہ، تابعین و تبع تابعین وغیرہ آئمہ محدِّثین و متقدمین کا نہیں ہے یہ مسلک سات سو سال کے بعد مُحدِّثین کا ہے۔ جو شیخ الاسلام ابن تیمیہ کے فتویٰ کے پابند اور ان کے مُعتقِد ہیں۔

## تین کو ایک قرار دینے کا فتوی ابن تیمیہ کی ایجاد ہے:

یہ فتویٰ شیخ الاسلام (ابن تیمیہ) نے ساتویں صدی ہجری کے اخیر یا اوائل آٹھویں میں دیا تھا تو اس وقت کے علمائے اسلام نے ان کی سخت مخالف کی تھی۔

نواب صدیق حسن خاں مرحوم نے ''اتحاف النبلاء'' میں جہاں شیخ الاسلام (ابن تیمیہ) کے منفردات مسائل لکھے ہیں۔ اس فہرست میں طلاقِ ثلاثہ کا مسئلہ بھی لکھا ہے، اور لکھا ہے کہ جب شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے تین طلاق کی ایک مجلس میں ایک طلاق ہونے کا فتویٰ دیا، تو بہت شور ہوا، شیخ الاسلام ابن تیمیہ اور ان کے شاگرد ابن قیم پر مصائب برپا ہوئے، ان کو اونٹ پر سوار کر کے دُرّے (کوڑے) مار مار کر شہر میں پھرا کر توہین کی گئی اور قید کئے گئے الخ (ابوسعید شرف الدین الدہلوی)(۴۳۹)

---

۴۳۹۔ فتاویٰ ثنائیہ، المجلد (۲)، باب (۸)، کتاب النکاح، ص ۲۱۷ تا ۲۲۰

www.waseemziyai.com

## تین کو ایک قرار دینا اہلِ ظاہر اور اہلِ تشیع کا مذہب ہے:

علامہ صدر الدین علی بن علی بن ابی العز حنفی متوفی ۷۹۲ھ لکھتے ہیں: کہ پھر سروجی نے بیان فرمایا کہ ابن رشد نے ''القواعد'' میں اور صفاقسی (ابو محمد عبد الواحد بن ابی الحسن المشہور بابن التین متوفی ۶۱۱ھ تحقیق علی التنبیہ) نے ''شرح البخاری'' (۴۴۰) میں فرمایا کہ اہلِ ظاہر اور ایک جماعت جو شیعہ ہیں اس طرف گئے کہ تین طلاقوں کا حکم ایک طلاق ہے اور لفظ تین کا کوئی اثر نہیں (۴۴۱)

## ابن تیمیہ کی گواہی:

یہی ابن تیمیہ اور اس کا شاگرد اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ کثیر صحابہ، تابعین اور ائمہ اربعہ تین کو تین قرار دیتے تھے چنانچہ ابن تیمیہ نے ایک طُہر میں ایک لفظ یا متعدد الفاظ کے ساتھ تین طلاق کے بارے میں متقدمین و متأخرین کے تین نظریات ذکر کئے ہیں، اور لکھا کہ پہلا قول کہ یہ طلاق مباح اور لازم ہے یہ امام شافعی کا قول ہے، امام احمد کا یہی قول ہے۔ دوسرا قول یہ کہ یہ طلاق حرام اور لازم ہے یہ امام مالک اور امام ابو حنیفہ کا قول ہے، امام احمد کا بھی ایک قول یہی ہے، یہ قول متقدمین میں بکثرت صحابہ اور تابعین سے منقول ہے، الخ (۴۴۲)

ابن تیمیہ کے شاگرد ابن قیم نے بھی اس مسئلہ میں مذاہب کا ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ بیک وقت تین طلاقوں کے وقوع کے بارے میں چار مذاہب ہیں، پہلا مذہب یہ کہ تینوں طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں، یہ قول ائمہ اربعہ (امام ابو حنیفہ، مالک، شافعی، احمد بن حنبل علیہم الرحمہ) جمہور تابعین اور بکثرت صحابہ (رضی اللہ عنہم) کا ہے الخ۔ (۴۴۳)

---

۴۴۰۔ له شرح مشهور على صحيح البخارى سمّاه المنجد الفصيح فى شرح البخارى الصحيح

۴۴۱۔ التنبيه على مشكلات الهداية، المجلد (٣)، كتاب الطلاق، باب طلاق السنّة، ص ١٢٩١، ١٢٩٢

۴۴۲۔ مجموع الفتاوى: ٧٠٩/٣٣

۴۴۳۔ زاد المعاد: ٥٤/٤

www.waseemziyai.com

## مخالفین کے باطل مُستدِلّات اوران کے جوابات:

### پہلا باطل استدلال:

مخالفین سورۂ بقرہ کی آیت ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ﴾ (الایة) اور ﴿ فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ﴾ (٤٤٤) سے استدلال کر کے بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کو ایک بتاتے ہیں۔

اس کے بارے میں شارح بخاری علامہ سید محمود احمد رضوی متوفی ۱۴۲۰ھ لکھتے ہیں:

ابن تیمیہ اور ان کے ہم نوا قرآن مجید سورۂ بقرہ کی آیت ۲۳۱/۲۲۹ سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ قرآن مجید میں ایسے طریقے سے طلاق دینے کی ہدایت کی ہے کہ عدّت گزرنے سے پہلے رجوع کا حق باقی رہے اور بیک وقت تین طلاقیں دینا قرآن کے خلاف ہے اس لئے تین طلاقوں کو ایک قرار دیا جائے۔

مختصر جواب یہ ہے کہ قرآن نے طلاق دینے کا احسن طریقہ بیان کیا ہے اور قرآن کی کسی آیت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں نافذ نہ ہوں گی۔ نیز قرآن مجید نے بہت سے کاموں کو کرنے سے منع فرمایا ہے جس کا یہ مطلب، ہر گز نہیں ہے کہ اس فعل کو کرلیا جائے تو فعل ہی باطل ہو جائے گا یا اس کا وجود و عدم برابر ہو جائیں گے۔

قرآن نے زنا اور چوری کرنے سے منع کیا ہے لیکن اگر کوئی شخص چوری یا زنا کرلے تو اس کی متعلق یہ کہنا صحیح نہیں ہے وہ فعل وقوع پذیر ہی نہیں ہوا۔ دیکھئے اذانِ جمعہ کے وقت خرید و فروخت کی، تو شرعاً نفس بیع منعقد ہو جائے گی۔ ایسے ہی بیک وقت دی گئی تین طلاقیں دینا باوجود ممنوع ہونے کے واقع ہو جائیں گی۔ (٤٤٥)

---

٤٤٤۔ البقرة: ۲/۲۲۹،۲۳۱

٤٤٥۔ سندھ ہائیکورٹ کے جج کا فیصلہ اور طلاق ثلاثہ، مغالطہ یا غلط استدلال، ص۸،

www.waseemziyai.com

مفتی احمد یار خان نعیمی متوفی ۱۳۹۱ھ لکھتے ہیں:

اس آیت کا ہرگز مطلب نہیں کہ ایک دم تین طلاقیں ایک ہی ہوں بلکہ مقصد یہ ہے کہ طلاق رجعی دو طلاقیں ہیں۔ ﴿اَلطَّلَاقُ﴾ میں الف لام عہدی ہے پھر فرمایا جو کوئی دو سے زیادہ یعنی تین دے تو بغیر حلالہ اسے عورت حلال نہیں۔ تفسیر احمدی و صاوی و جلالین میں ہے ﴿اَلطَّلَاقُ﴾ أی التطليق الذی يراجع بعده ﴿مَرَّتٰنِ﴾۔ دوسرے یہ کہ اگر مان لیا جائے ﴿مَرَّتٰنِ﴾ سے تین طلاقوں کی علیحدگی مراد ہے تو یہ کہنا کہ تجھے طلاق ہے طلاق ہے اس میں بھی طلاقوں کی لفظی علیحدگی ہے اور یہ کہنا تجھے تین طلاقیں ہیں اس میں عددی علیحدگی ہے کیونکہ علیحدگی کے بعد کیسے عدد بنے گا؟ آیت کا یہ مطلب کہاں سے نکالا گیا کہ طلاقوں کے درمیان ایک حیض کا فاصلہ ہونا شرط ہے ربّ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿فَارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ﴾ آسمان کو بار بار دیکھو اس کا یہ مطلب نہیں کہ مہینہ میں ایک ہی بار دیکھ لیا کرو۔ تیسرے یہ کہ تمہاری تفسیر سے بھی آیت کا یہ مطلب بنے گا کہ طلاقیں الگ الگ ہونی چاہئیں۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ بیشک ایک دم طلاقیں دینا سخت منع ہے الگ الگ ہی دینا ضروری ہے۔ مگر سوال تو یہ ہے کہ جو کوئی حماقت سے ایک دم تین طلاقیں دے دے تو واقع ہو جائیں گی یا نہیں اس سے آیت ساکت ہے۔(٤٤٦)

اور دوسری بات یہ کہ انہوں نے کہا کہ ﴿مَرَّتٰنِ﴾ کا معنی صرف مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ (یعنی ایک کے بعد دوسری دفعہ) کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، یہ لفظ اس کے سوا کسی اور معنی میں مستعمل نہیں اور اس کے تحقُّق کے لئے تعدُّدِ مجلس ضروری ہے یعنی ایک ہی مجلس میں کوئی کام دو مرتبہ کیا جائے تو اُسے ﴿مَرَّتٰنِ﴾ نہیں کہا جاتا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کلمہ (یعنی مَرَّتٰنِ) جس طرح ''مَرَّةً بعد مرّةٍ'' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اس طرح ''ضعف'' (یعنی دہرے اور دوگنے) کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے چنانچہ قرآن کریم میں ہے: ﴿اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ﴾ تو

٤٤٦۔ جاء الحق، حصه(١)، ضميمه، رساله طلاق الخ، ص ٤٦١

www.waseemziyai.com

اس کی تفسیر میں ہے کہ أی یعطون ثوابهم ضعفین (۴۴۷) کہ ان کو دہرا اور دوگنا ثواب دیا جائے گا۔

اور خود غیر مُقلِد وں کے دادا علامہ ابن حزم متوفی ۴۵۶ھ نے لکھا ہے کہ و أمّا قولهم معنی قوله: ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ أن معناه بمرّة بعد مرّةٍ فخطاء، بل هذه الآیة کقوله تعالیٰ ﴿نُؤْتِهَا اَجْرَهَا مَرَّتَیْنِ﴾ أی مضاعفاً معًا (۴۴۸)

یعنی، ان (تین طلاقوں) کو ایک قرار دینے والوں) کا کہنا ہے کہ ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ کا معنی ایک دفعہ کے بعد دوسری دفعہ ہے کا (یہ) خطا اور غلط ہے بلکہ اس کا معنی اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿نُؤْتِهَا اَجْرَهَا مَرَّتَیْنِ﴾ کی طرح ہے، یعنی اس کا معنی دو چند اکٹھا ہے۔

اور حدیث شریف میں بھی "مَرَّتَانِ" کا کلمہ "ضعف" کے معنی میں استعمال ہوا ہے چنانچہ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ سے مروی حدیث جو "حدیثِ ہرقل" کے نام سے مشہور ہے جس میں نبی ﷺ نے ایمان لانے پر دہرے اجر کی خوشخبری سنا دی، حدیث شریف کے الفاظ یہ ہیں:

یُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَیْنِ (۴۴۹)

یعنی، اللہ تعالیٰ آپ کو دہرا اجر عطا فرمائے گا۔

اس کے تحت شارح صحیح بخاری حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

و هو موافق لقوله تعالیٰ: ﴿اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ اَجْرَهُمْ مَرَّتَیْنِ﴾ الآیة، و اعطاؤه الأجر مرّتین لکونه مؤمناً بنبیّه ثم امن بمحمد و یحتمل تضعیف الأجر له من جهة إسلامه و من جهة أن إسلامه یکون سبباً لدخول إتباعه، و سیأتی التصریح بذلك فی موضعه من حدیث الشعبی من کتاب العلم إن شاء الله (۴۵۰)

۴۴۷۔ تفسیر ابن عباس، القصص:۴۵

۴۴۸۔ المُحَلّی فی شرح المجلّی، کتاب (۸۳) الطلاق، مسألة (۱۹۵۰) من الطلاق، ص۱۷۵۵

۴۴۹۔ صحیح البخاری، المجلد(۱)، کتاب (۱) بدء الوحی، باب (۶)، ص۸، الحدیث:۷

۴۵۰۔ فتح الباری شرح صحیح البخاری، المجلد (۲)، کتاب بدء الوحی، باب (۶)، ص۵۲، الحدیث:۷

www.waseemziyai.com

یعنی، حدیث شریف کے کلمات ''یُؤتِكَ اللّٰهُ أجرَكَ مَرَّتَينِ الخ''
اللہ تعالیٰ کے فرمان ﴿اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ یُؤۡتَوۡنَ اَجۡرَهُمۡ مَّرَّتَیۡنِ﴾ کے موافق ہے اوران کو دُہرا اَجر ملنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ ان کا اپنے نبی پر ایمان تھا پھر حضور ﷺ پر ایمان لائے اور یہ بھی احتمال ہے کہ دُہرا اَجر اس لئے کہ یہ خود ایمان لائے اوراس کا اسلام لانا اس کے پیروکاروں کے اسلام لانے کے سبب ہو گا، عنقریب اس کی تصریح ان شاء اللہ تعالیٰ اپنی جگہ پر کتاب العلم میں حدیث شعبی کے ضمن میں آئے گی۔

اسی طرح شارح صحیح بخاری علامہ کرمانی متوفی ۷۸٦ھ لکھتے ہیں:

"مرتين" أى مرّة للإيمان بينهم و مرّة للإيمان بنبينا ﷺ (٤٥١)

یعنی، دُہرا اَجر ایک اجر اُن کا اپنے نبی پر ایمان لانا اور دوسرا اَجر کہ وہ ہمارے نبی ﷺ پر ایمان لائے۔

اور شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

إما أنه يؤتى الأجر مرّتين: مرّة لإيمانهم بعيسىٰ عليه السلام، مرّة لإيمانه بمحمد ﷺ، فهو موافق لقوله تعالىٰ: ﴿اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ یُؤۡتَوۡنَ اَجۡرَهُمۡ مَّرَّتَیۡنِ﴾(القصص:٥٤) الآية (٤٥٢)

یعنی، مگر ان کو دہرا اجر دیا جانا ایک باراُن کا عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانا، اور دوسری بار حضور ﷺ پر ایمان لانا، پس یہ فرمان ''یُؤتِكَ اللّٰهُ الخ'' اللہ تعالیٰ کے فرمان ﴿اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ یُؤۡتَوۡنَ اَجۡرَهُمۡ مَّرَّتَیۡنِ﴾ کے موافق ہے۔

اور غیر مُقلِد مولوی وحیدالزماں نے حدیث شریف میں وارد ''یُؤتِكَ اللّٰهُ أجرَكَ

٤٥١۔ صحيح البخاري بشرح الكرماني، المجلد (١)، باب كان بدء الوحي، ص٦٢

٤٥٢۔ عمدة القاري شرح صحيح البخاري، المجلد (١)، كتاب (١) بدء الوحي، باب (٦)، ص١٥٧، الحديث:٧

www.waseemziyai.com

مَرَّتَیْنِ الخ'' کے معنی لکھتے ہوئے لکھا کہ اللہ تجھ کو دُہرا ثواب دے گا۔ ایک اپنے پیغمبر پر ایمان لانے کا، ایک مجھ پر ایمان لانے کا(۴۵۳)

لہٰذا ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ کا معنی یہ ہوگا کہ رجعی طلاق دو بار تک ہے اور یہ اکٹھی دو طلاقوں کو بھی شامل ہے اور اس سے مراد ایک دفعہ کے بعد دوسری دفعہ ہی نہیں ہے بلکہ اکٹھی دو طلاقیں دے دیں تو بھی دونوں واقع ہو جائیں گی اور رجعی ہوں گی بشرطیکہ اس سے قبل کوئی طلاق نہ دی ہو۔

## دوسرا باطل استدلال:

امام عمر بن علی دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ نے از محمد بن احمد بن یزید کوفی و ابوبکر بن احمد بن ابی الدرداء، از احمد بن موسیٰ بن اسحاق، از احمد بن صبیح الاسدی، از ظریف بن ناصح، از معاویہ، از عمار الدھنی نقل کیا ہے کہ ابو الزبیر نے کہا:

سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً وَهِيَ حَائِضٌ، فَقَالَ: أَتَعْرِفُ ابْنَ عُمَرَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: طَلَّقْتُ امْرَأَتِي ثَلَاثاً عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَهِيَ حَائِضٌ، فَرَدَّهَا رَسُوْلُ ﷺ إِلَى السُّنَّةِ۔ (۴۵۴)

یعنی، میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جس نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں تین طلاقیں دی ہوں تو آپ نے فرمایا کیا تو ابن عمر کو پہچانتا ہے؟ میں نے کہا! ہاں، آپ نے فرمایا میں نے عہدِ رسالت میں اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں تین طلاقیں دے دی تھیں، تو رسول اللہ ﷺ نے اسے سنّت کی طرف لوٹا دیا۔

مندرجہ بالا حدیث میں اس بات کا بالکل ذکر نہیں کہ تین طلاقوں کو ایک قرار دیا

---

۴۵۳۔ تیسیر الباری، المجلد (۱)، کتاب بدء الوحی، ص ۸۲

۴۵۴۔ سنن الدارقطنی، المجلد(۲)، الجزء(۴)، کتاب الطلاق، ص ۵، الحدیث: ۳۸۵۷

www.waseemziyai.com

گیا اس میں تو یہ ہے کہ حالتِ حیض میں طلاق دی تھی تو رسول اللہ ﷺ نے اسے سنّت کی طرف لوٹایا کیونکہ حالتِ حیض میں طلاق دینا بدعت ہے اور سنّت یہ ہے کہ عورت کو اس طُہر میں طلاق دی جائے جس میں مقاربت نہ کی ہو تو حضرت ابن عمر کو بھی رجوع کا حکم دیا گیا اور رجوع صرف ایک یا دو طلاق کے بعد ہو سکتا ہے تین کے بعد رجوع نہیں ہوتا کیونکہ قرآنی تعلیمات یہ ہیں رجعی طلاق دو بار تک ہے پھر اگر تیسری طلاق دے دی تو وہ عورت اس مرد کے لئے حلال نہ رہے گی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔

اس کے علاوہ یہ روایت قابل استدلال نہیں ہے کیونکہ امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ فرماتے ہیں اس حدیث کے تمام راوی شیعہ ہیں اور محفوظ یہ ہے کہ حضرت ابن عمر نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں صرف ایک طلاق دی تھی۔(۴۵۵)

اور امام ابن سیرین نے بھی ایک طلاق کی روایات کو ہی صحیح قرار دیا ہے تین طلاق کی روایت کو تسلیم نہیں کیا جیسا کہ امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ نے تین مختلف اسناد سے روایت کیا کہ ابن سیرین نے فرمایا مجھ سے ایک ثقہ آدمی بیس سال تک یہ حدیث بیان کرتا رہا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حالتِ حیض میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں اور آپ کو اِن سے رجوع کرنے کا حکم دیا گیا، میں اس راوی پر بدگمانی تو نہیں کرتا مگر مجھے اس حدیث میں اشکال تھا حتی کہ میری ملاقات ابو غلاب یونس بن جبیر باہلی سے ہوئی جو بہت ہی مستند شخص تھے:

فَحَدَّثَنِی، أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ فَحَدَّثَهُ، أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَةً۔(۴۵۶)

یعنی، انہوں نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر سے پوچھا تو آپ نے بتایا کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی تھی۔

---

۴۵۵۔ سنن الدار قطني، المجلد(۲)، الجزء(٤)، كتاب الطلاق، ص٦، حديث:۳۸۵۷

۴۵٦۔ صحيح مسلم، كتاب(۱۸) الطلاق، باب(۱) تحريم الطلاق الحائض الخ، ص۵۵۸، الحديث:۵۰۷۔(۱٤۷۱)

www.waseemziyai.com

اور امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ نے ابن سیرین کا واقعہ ذکر کیا کہ ابو غلاب یونس بن جبیر باہلی نے یہ حدیث بیان کی کہ

أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ فَحَدَّثَهُ أَنَّهُ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً وَهِيَ حَائِضٌ، فَأَمَرَ أَنْ يُرَاجِعَهَا۔ (۴۵۷)

یعنی، انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا تو آپ نے بتایا کہ میں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی تھی، تو اس سے رجوع کرنے کا حکم ہوا۔

لہٰذا ثابت ہوا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نسبت یہ کہنا درست نہیں کہ انہوں نے حالتِ حیض میں تین طلاق دیں اور ان کو رجوع کا حکم ہوا۔

کیونکہ آپ نے ایک طلاق ہی دی تھی جیسا کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے چنانچہ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ از حسن بن علی، از عبدالرزاق، از معمر، از ایوب، از ابن سیرین، از یونس بن جبیر روایت کرتے ہیں:

أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ: كَمْ طَلَّقْتَ امْرَأَتَكَ؟ فَقَالَ: وَاحِدَةً۔ (۴۵۸)

یعنی، یونس بن جبیر نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ آپ نے اپنی بیوی کو کتنی طلاقیں دی تھیں؟ تو انہوں نے فرمایا: میں نے ایک طلاق دی تھی۔

اور امام علی بن عمر دار قطنی متوفی ۳۸۵ھ نے محمد بن یحییٰ بن مرداس کے واسطے سے امام ابوداؤد سے یہی حدیث روایت کی ہے۔ (۴۵۹)

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ از قتیبہ، از لیث، از نافع روایت کرتے ہیں:

أَنَّ ابْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا طَلَّقَ امْرَأَةً لَهُ، وَهِيَ

۴۵۷۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، جزء(۴)، کتاب الطلاق، ص۷، الحدیث:۳۸۶۲،

۴۵۸۔ سنن أبی داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۴) فی طلاق السنّۃ، ص۴۴۱، الحدیث:۲۱۸۳

۴۵۹۔ سنن الدار قطنی، المجلد(۲)، الجزء(۴)، کتاب الطلاق، ص۷، الحدیث:۳۸۶۳

www.waseemziyai.com

حَائِضٌ تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً الخ۔ (٤٦٠)

یعنی، بے شک حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی تھی۔

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ از یحیٰ وقتیبہ وابن رمح (قتیبہ نے کہا ہم سے لیث نے حدیث بیان کی اور دوسرے دونوں نے کہا ہمیں لیث بن سعد نے خبر دی)، از نافع روایت کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے:

أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً الخ۔ (٤٦١)

یعنی، کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی تھی۔

امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ھ، ابوالقاسم عبداللہ محمد عبدالعزیز، از ابوالجہم العلاء بن موسیٰ، از لیث بن سعد، از نافع روایت کرتے ہیں:

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ هِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً الخ۔(٤٦٢)

یعنی، بے شک حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی تھی۔

امام دارقطنی نے مزید پانچ اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے کہ عہدِ رسالت میں حضرت ابن عمر نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی تھی۔

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں کہ

أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً وَاحِدَةً الخ۔ (٤٦٣)

---

٤٦٠۔ صحیح البخاری، المجلد(٣)، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤٤) ﴿وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ﴾، ص٤٣٢، الحدیث:٥٣٣٢

٤٦١۔ صحیح مسلم، کتاب(١) الطلاق، ص٥٥٧، الحدیث:١(١٤٧١)

٤٦٢۔ سنن الدار قطنی، المجلد(٢)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، ص١٨، الحدیث:٣٩٢١

٤٦٣۔ السنن الکبریٰ للبیہقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع والطلاق، باب(١١) ماجاء فی الطلاق السنّة وطلاق البدعة، ص٥٣٠، الحدیث:١٤٩٠٨

www.waseemziyai.com

یعنی، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی تھی۔

امام بیہقی روایت کرتے ہیں کہ عبید اللہ بن عمر کہتے ہیں:

فَقُلْتُ لِنَافِعٍ: مَا صُنِعَتِ التَّطْلِيقَةُ، قَالَ: وَاحِدَةٌ اعْتُدَّتْ بِهَا۔(٤٦٤)

یعنی، تو میں نے حضرت نافع سے پوچھا اس طلاق کا کیا ہوا؟ تو آپ نے فرمایا: ایک تھی شمار کی گئی۔

مندرجہ بالا روایات میں صراحۃً ایک کا لفظ موجود ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک طلاق دی تھی۔ اور اگر کوئی تین کا دعویٰ کرتا ہے تو وہ اسی طرح بسند صحیح ایسی روایات پیش کرے جن میں صراحۃً تین کا ذکر ہو جیسا کہ ہم نے پیش کی ہیں۔

اور اگر کوئی کہے کہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما ہے کہ "أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فِي الْحَيْضِ ثَلَاثًا، فَاحْتَسَبَ بِوَاحِدَةٍ" کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں تین طلاقیں دیں پس ایک شمار کیا۔

تو اس کے جواب میں مُدرّس حرم مکی شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں: ہمارے شیخ نے فرمایا کہ اس حدیث سے استدلال کا ساقط ہونا مخفی نہیں ہے، کیونکہ صحیح یہ ہے کہ انہوں نے صرف ایک طلاق دی تھی جیسا کہ مسلم وغیرہ کی روایات صحیحہ میں آیا ہے، اور امام قرطبی نے اپنی تفسیر میں فرمایا کہ محفوظ یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں ایک طلاق دی، اسی طرح صالح بن کیسان، موسیٰ بن عقبہ، اسماعیل بن اُمیہ، لیث بن سعد، ابن ابی ذہب، ابن جریج، جابر، اسماعیل بن ابراہیم بن عقبہ (سب کے سب) نے نافع سے روایت کیا کہ حضرت نافع نے فرمایا کہ آپ نے ایک طلاق دی تھی، اسی طرح امام زہری نے عن سالم، عن ابیہ و یونس والشعبی والحسن

٤٦٤۔ السنن الکبریٰ للبیھقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع و الطلاق، باب(١١) ماجاء فی الطلاق السنّة وطلاق البدعة، ص٥٣٠، الحدیث:١٤٩٠٧

www.waseemziyai.com

روایت کیا اھ۔ ہمارے شیخ نے فرمایا کہ حدیث ابن عمر سے استدلال کا ساقط ہونا ظہور کی انتہاء میں ہے۔(مواهب الجليل: ٣/٧١/٧٢)

## تیسرا باطل استدلال:

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ نے ذکر کیا ہے۔ طاؤس بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:

كَانَ الطَّلَاقُ عَلىٰ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ا وَأَبِىْ بَكْرٍ وَسِنَتَيْنِ مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ طَلَاقُ الثَّلَاثِ وَاحِدَةً،

یعنی، عہدِ رسالت، حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت اور حضرت عمر فاروق کی خلافت کے ابتدائی دو سالوں میں جو شخص بیک وقت تین طلاقیں دیتا اس کو ایک طلاق شمار کیا جاتا۔

اس سے اگلی روایت میں ہے:

أَنَّ أَبَا الصَّهْبَاءِ قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ: أَتَعْلَمُ إِنَّمَا كَانَتِ الثَّلَاثُ تُجْعَلُ وَاحِدَةً عَلىٰ عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ وَأَبِىْ بَكْرٍ، وَثَلَاثاً مِنْ إِمَارَةِ عُمَرَ؟ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نَعَمْ۔ (٤٦٥)

یعنی، طاؤس بیان کرتے ہیں کہ ابو الصہبا نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا آپ کو علم ہے کہ عہدِ رسالت ﷺ میں، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی تین سالوں میں تین طلاقوں کو ایک قرار دیا جاتا تھا تو حضرت ابن عباس نے فرمایا، ہاں!

## فہم مُحدِّثین اور فہم غیر مُقلِّدین میں فرق:

اس حدیث سے غیر مُقلِّدین نے جو سمجھا وہ فہم مُحدِّثین کا غیر ہے ہر عقل مند اِن

٤٦٥۔ صحيح مسلم، كتاب(١٨) الطلاق، باب(٢) طلاق الثلاث، ص ٥٦٠، الحديث:١٥-١٦(١٤٧٢)

www.waseemziyai.com

کے مقابلے میں فہم ائمہ حدیث کو ہی ترجیح دے گا چنانچہ مُدرّس احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں:

ا۔ امام نسائی نے اپنی جلالتِ قدر، رسوخِ قدم، شدّتِ فہم کی بنا پر حدیث مذکور سے صرف یہی سمجھا کہ اس میں ''طلاق الثلاث'' سے مراد شوہر کا یہ قول ہے کہ ''تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے'' اور اسی لئے انہوں نے اس حدیث کے لئے باب کا عنوان باندھتے ہوئے فرمایا: ''**باب طلاق الثلاث المتفرقة قبل الدخول بالزوجة**'' بیوی سے ہمبستری کرنے سے قبل اُسے تین متفرق (جُدا جُدا) طلاقیں دینے کے بیان میں باب۔ پھر فرمایا خبر دی ہمیں ابوداؤد سلیمان بن سیف نے، وہ فرماتے ہیں حدیث بیان کی ہمیں ابو عاصم نے از ابن جریج از ابن طاؤس، از طاؤس کہ ابوالصہباء حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے اور کہا: اے ابن عباس! کیا آپ نہیں جانتے کہ تین رسول اللہ ﷺ کے عہد میں......الحدیث

۲۔ اسی طرح فہم ابن سریج کہ ان سے ابن حجر نے ''فتح الباری'' میں نقل کیا کہ یہ تکرارِ لفظ میں وارد ہے جیسا کہ شوہر کہے: ''تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے، تو طلاق والی ہے''، اور پہلے لوگوں کے سینوں کی سلامتی کے سبب ان سے یہ قبول کیا جاتا تھا کہ انہوں نے (ایک کے بعد دوسری بار کہنے سے) تاکید کا ارادہ کیا ہے، پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں لوگ زیادہ ہو گئے اور ان میں دھوکہ دہی کی مثل ایسی صفات بڑھنے لگیں جو ان سے تاکید کے دعویٰ کو قبول کرنے سے مانع تھیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لفظ کو تکرار کے ظاہر پر محمول فرما دیا پس اُسے ان پر جاری فرما دیا اھ۔ حافظ ابن حجر نے فرمایا: یہی وہ جواب ہے جسے امام قرطبی نے پسند فرمایا الخ۔

www.waseemziyai.com

ہمارے شیخ نے ''الأضواء'' میں فرمایا: بہر حال اس دعویٰ کا جزم کہ طاؤس کی مذکور حدیث کا معنی ایک لفظ کے ساتھ تین طلاقیں ہے، یہ ایسا دعویٰ ہے جو دلیل سے، خالی ہے جیسا کہ تم نے دیکھا، تو اسے نبی ﷺ کی طرف منسوب کرنے میں اللہ تعالیٰ سے، ڈرنا چاہیئے اھ(٤٦٦)

اور علماءِ حدیث وفقہ نے اس حدیث کے متعدد جوابات دیئے ہیں۔

## اس روایت سے استدلال ساقط ہے:

اور مُدرّس حرم مکی احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں: جمہور نے اس حدیثِ ابن عباس کے بہت سے جوابات دیئے جو ان میں سے اہم ہیں اُن میں سے ایک یہ ہے کہ تین طلاقیں جو اس حدیث میں مذکور ہیں جنہیں ایک قرار دیا جاتا تھا، اس حدیث کی روایات میں کوئی تصریح نہیں کہ وہ لفظِ واحد کے ساتھ واقع ہے، اور لفظ ''طلاق الثلاث'' سے لغۃً، عقلاً اور شرعاً کسی طرح بھی یہ لازم نہیں آتا کہ وہ لفظِ واحد کے ساتھ ہو، اور جب حدیث شریف میں لفظِ واحد کے ساتھ تین طلاق کا ہونا متعین نہ ہوا تو محلِ نزاع میں اس سے استدلال اصلاً ساقط ہو گیا۔(٤٦٧)

**پہلی بات:** غیر مُقلّدین کے جدّ اعلیٰ علامہ ابن حزم نے اس حدیث شریف کے بارے میں خود لکھا کہ

> فليس شيء منه أنه عليه الصلاة و السلام هو الذى جعلها واحدةً أو ردّها إلى الواحدة، و لا أنه عليه الصلاة و السلام علم بذلك فأقرّه، و لا حُجّة إلا فيما صحّ أنه عليه الصلاة و السلام قاله، أو فعله، أو علمه فلم ينكره (٤٦٨)

یعنی، اس حدیث میں کوئی چیز ایسی نہیں جو اس بات پر دلالت کرتی

٤٦٦۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (٣)، كتاب النكاح، ص٧٣-٧٤

٤٦٧۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (٣)، كتاب النكاح، ص٧٣

٤٦٨۔ المحلّى لابن حزم، كتاب (٨٣) الطلاق، مسئلة (١٩٥٠) من الطلاق الخ، ص١٧٥٥

www.waseemziyai.com

ہو کہ آپ ﷺ نے تین طلاقوں کو ایک کیا تھا یا ان کو ایک کی طرف
لوٹایا تھا اور نہ اس میں یہ چیز موجود ہے کہ آپ ﷺ کو اس کا علم ہوا
اور آپ نے اسے برقرار رکھا اور حُجّت تو صرف اُس چیز میں ہے جو
آپ ﷺ نے فرمائی ہو یا کوئی کام کیا ہو یا آپ ﷺ کو اس کا علم ہوا
ہو پھر بھی آپ نے انکار نہ فرمایا ہو۔

دوسری بات: اگر پھر بھی کوئی غیر مُقلِد یہ کہے کہ نہیں یہ حدیث بیک وقت دی گئی تین طلاقوں سے ایک طلاق کے واقع ہونے کی دلیل ہے تو اُنہیں جواب دیا جائے گا کہ

## ''صحیح مسلم کی روایت غیر صحیح ہے''

### پہلی وجہ: قرآن اور احادیثِ صحیحہ کے خلاف ہونا:

قرآن مجید سے ثابت ہے کہ ایک مجلس میں دی گئی تین طلاقیں نافذ ہو جاتی ہیں۔ ''صحیح بخاری'' اور ''صحیح مسلم'' کی متفق علیہ حضرت عویمر کی حدیث جسے صحاح سِتہ کے دیگر ائمہ نے بھی روایت کیا ہے اس کے علاوہ دیگر احادیثِ صحیحہ اور صحابہ و تابعین کے فتاویٰ سے ثابت ہے کہ بیک وقت دی گئی تین طلاقیں نافذ ہو جاتی ہیں۔

اور ''صحیح مسلم'' کی حضرت ابن عباس سے روایت چونکہ قرآن و احادیثِ صحیحہ اور صحابہ کے فتاویٰ کی صراحت کے خلاف ہے اسلئے یہ روایت شاذ اور معلّل ہے اور قابلِ استدلال نہیں ہے۔

امام ابو سلیمان حمد بن محمد خطّابی بُستی متوفی ۳۸۸ھ لکھتے ہیں، مجھے حسن بن یحییٰ نے ابن المنذر سے حدیث بیان کی اور اس حدیث کو روایت کیا پھر از ابن عبد الحکم، از ابن وہب، از سفیان ثوری، از عمرو بن مرہ، از سعید بن جبیر حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ آپ نے اس شخص سے فرمایا جس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں تھیں کہ وہ تجھ پر حرام ہو گئی، ابن منذر نے فرمایا یہ جائز نہیں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے متعلق یہ

گمان کیا جائے کہ وہ نبی ﷺ سے کسی شئ کو یاد کریں اور فتویٰ اس کے خلاف دیں (٤٦٩)

شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں "یہ روایت شاذ ہے پس تحقیق بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع کی روایات بیان کیں پھر ابن منذر سے نقل کیا کہ حضرت ابن عباس کے متعلق یہ گمان نہیں کیا جاسکتا کہ وہ نبی کریم ﷺ سے کوئی بات یاد کریں اور فتویٰ اس کے خلاف دیں، پس ترجیح کی طرف لوٹنا متعین ہوگا، اور ایک قول سے بہتر اکثر کے اقوال کو لینا ہے جبکہ اس ایک نے اکثر کی مخالفت کی ہو، اور ابن عربی نے کہا: اس حدیث کی صحت میں اختلاف ہے، تو ایسی حدیث کو اِجماعِ صحابہ پر مُقدّم کیسے کیا جاسکتا ہے؟ اور فرماتے ہیں: حالانکہ یہ امام نسائی کی روایت کردہ محمود بن لبید کی حدیث کے معارض ہے جس میں تصریح ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو اکٹھی تین طلاقیں دیں تو نبی ﷺ نے رد نہیں فرمایا بلکہ تین طلاقوں کو نافذ فرمایا۔" (٤٧٠)

### دوسری وجہ:

مُدرّس حرم مکی شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی اس حدیث کے جوابات میں سے ایک جواب یہ ہے کہ اس حدیث کے سیاق کا ظاہر اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ اسے اجل و معظم لوگ روایت کرتے، اس مسئلہ کی مثل مسائل میں عادت یہ ہے کہ حکم پھیل جائے اور منتشر ہو جائے اور یہاں حالت یہ ہے کہ اس حدیث کو روایت کرنے میں ایک راوی سے ایک منفرد ہے، اور یہ بات معلوم ہے کہ اصول میں ثابت ہے کہ خبر واحد کی جب یہ حالت ہو کہ اس کے نقل کرنے کے دواعی کثرت سے ہوں پھر بھی اسے ایک کے سوا دوسرا نقل نہ کرے، تو یہ

---

٤٦٩۔ معالم السنن شرح سنن أبي داؤد، المجلد (٢)، الجزء (٣)، كتاب الطلاق، باب نسخ المراجعة الخ، ص٢٠٤۔٢٠٥

٤٧٠۔ فتح الباري، المجلد(١٢)، الجزء(٩)، القسم الثاني، كتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من جوّز الطلاق الثلاث، ص٤٥٥، الحديث:٥٢٦١

www.waseemziyai.com

بات اس روایت کی عدم صحت پر دلالت کرتی ہے۔

اور ''جمع الجوامع'' میں اس پر عطف کرتے ہوئے کہا کہ جس میں روایت کی عدم صحت پر جزم کیا جاتا ہے، وہ اس معاملہ میں ایک کا نقل کرنا ہے (یعنی خبر واحد) جس معاملہ کی نقل کے دواعی متوافر ہوں (یعنی جب معاملہ ایسا ہو جس میں حکم کے بیان کرنے کے دواعی بہت زیادہ ہوں اس معاملہ میں حکم کو صرف ایک دو روایت کریں تو یہ اس خبر کے صحیح نہ ہونے کی دلیل ہوا کرتی ہے، اور یہ خبر بھی انہی میں سے ایک ہے)۔

اور اسی وجہ سے امام قرطبی نے ''المفہم'' میں فرمایا، یہ وہ وجہ ہے جو اس روایت (یعنی طاؤس کی حضرت ابن عباس سے روایت) کے ظاہر پر عمل کرنے سے رُکنے کا تقاضا کرتی ہے اگرچہ قطعی طور پر اس کے بطلان کا تقاضا نہیں کرتی۔(٤٧١)

## تیسری وجہ: راوی کے عمل یا فتویٰ کا اسکی روایت کے خلاف ہونا:

اس روایت کے شاذ و معلّل ہونے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما خود فتویٰ دیا کرتے تھے کہ ایک مجلس میں دی گئی تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں جیسا کہ حضرت ابن عباس کے متعدد فتاویٰ سے ظاہر ہے جو کہ ذکر کیے گئے ہیں۔ لہٰذا حضرت ابن عباس کی یہ روایت ان کے فتاویٰ کے خلاف ہے۔

شارح صحیح مسلم امام ابو العباس احمد بن عمر بن ابراہیم قرطبی متوفی ٦٥٦ھ فرماتے ہیں اگر ہم تسلیم کرلیں یہ حدیث مرفوع ہے تب بھی یہ حدیث حُجت نہیں، کیونکہ حضرت ابن عباس حدیث کے راوی ہیں اور انہوں نے اپنے عمل اور فتاویٰ سے اس روایت کی مخالفت کی ہے اور آپ کا اس طرح کرنا اُس ناسخ پر دال ہے جو ان کے نزدیک ثابت ہے یا شرعی مانع ہے جس نے انہیں اُس پر عمل کرنے سے روک دیا اور حضرت ابن عباس کی علمی جلالت، ورع و حفظ کی بنا پر ان سے یہ متصوّر نہیں کہ جسے وہ روایت کریں جان بوجھ کر یا غلطی سے اس پر عمل ترک کر دیں۔(٤٧١ب)

٤٧١۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (٣)، كتاب النكاح، ص٧٦

٤٧١ب۔ المفهم، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب إمضاء الطلاق الثلاث، ص ٢٤٠، الحديث:١٥٤١

www.waseemziyai.com

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ لکھتے ہیں یہ حدیث ان احادیث میں سے ہے جن میں امام بخاری اور امام مسلم کا اختلاف ہے، امام مسلم نے اس کو روایت کیا ہے، اور امام بخاری نے اس کو ترک کر دیا، اور میرا گمان ہے کہ امام بخاری نے اس حدیث کو اس لئے ترک کیا کہ یہ حدیث حضرت ابن عباس کی باقی روایات کے مخالف ہے۔(۴۷۲)

''تحقیق عبد القادر عطا علی السنن الکبریٰ'' میں ہے امام ذہبی نے ''الکاشف'' میں فرمایا امام نسائی نے کہا ابو الصہباء ضعیف ہے اسی بنا پر یہ احتمال ہے کہ امام بخاری نے ابو الصہباء کی وجہ سے اس حدیث کو ترک کر دیا۔(۴۷۳)

جب صحابی کا عمل یا فتویٰ اس کی روایت کے خلاف ہو تو اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس روایت کی نسبت صحابی کی طرف صحیح نہیں، یا پھر اس روایت میں کوئی تاویل ہے چنانچہ علامہ عبد العزیز پرہاروی متوفی ۱۲۳۹ھ لکھتے ہیں: راوی کا عمل جب حدیث کے خلاف ہو تو اس حدیث کی صحت میں طعن کا موجب ہے اس حدیث کے منسوخ ہونے پر دلیل ہے یا پھر اس حدیث میں تاویل ہے اور اس کا ظاہری معنی مراد نہیں۔(۴۷۴)

## طاؤس کی یہ روایت اس کا وہم ہے یا غلطی:

حضرت ابن عباس سے مذکورہ روایت ایسی ہے جسے اگر درست تسلیم کر لیا جائے تو راوی کے عمل وفتویٰ کا اس کی روایت کے خلاف ہونا لازم آتا ہے لہٰذا قوی ترین بات یہ ہے کہ یہ طاؤس کا وہم ہے۔

امام ابو العباس احمد قرطبی متوفی ۶۵۶ھ نے لکھا کہ ابو عمر بن عبد البر نے ایک کلمہ

۴۷۲۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۵) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص۵۵۱، الحدیث:۱٤۹۷٤

۴۷۳۔ تحقیق عبد القادر عطا علی السنن الکبریٰ، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۵) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص۵۵۱، الحدیث:۱٤۹۷٤

۴۷٤۔ النبراس شرح العقائد، معرفة أحوال الأدلّة، ص۲۳

www.waseemziyai.com

سے تین طلاق کے لزوم کے متعدد فتاویٰ حضرت ابن عباس سے نقل کرنے کے بعد فرمایا، حضرت ابن عباس کے لائق نہیں کہ وہ اپنی رائے سے رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کریں اور طاؤس کی روایت وہم ہے، غلط ہے۔(٤٧٥)

شارح صحیح بخاری علامہ ابوالحسن علی بن خلف لکھتے ہیں ائمہ نے حضرت ابن عباس سے جو جماعتِ صحابہ کے موافق روایت کیا ہے وہ روایتِ طاؤس کے وہم ہونے کی دلیل ہے حضرت ابن عباس اپنی رائے سے صحابہ کرام کی مخالفت نہیں کر سکتے۔(٤٧٦)

''تحقیق عبدالقادر عطا'' میں ہے صاحبِ استذکار نے ذکر کیا یہ روایت وہم اور غلط ہے۔(٤٧٧)

طاؤس کی روایت کے وہم وغلط ہونے پر واضح قرینہ یہ ہے کہ خود طاؤس کا فتویٰ بھی اپنی روایت کے خلاف ہے۔ طاؤس یہ کہا کرتے اگر شوہر اپنی غیر مدخول بہا بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں تین لفظوں کے ساتھ (یعنی جُدا جُدا) دے دے تو ایک واقع ہوگی اس کی وجہ وہی ہے جو پہلے بیان کی گئی غیر مدخول بہا ایک طلاق سے بائن ہو جاتی ہے اور محلِ طلاق نہیں رہتی جو دوسری اور تیسری طلاق واقع ہو سکے۔ طاؤس مدخول بہا کو دی گئی تین طلاقوں کو ایک قرار نہیں دیتے چنانچہ امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ وَّعَطَاءٍ أَنَّهُمَا قَالَا: إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً قَبْلَ أَنْ يَّدْخُلَ بِهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ۔ (٤٧٨)

یعنی، لیث بیان کرتے ہیں کہ طاؤس اور عطاء دونوں نے کہا جب

---

٤٧٥۔ المفهم، المجلد(٤)، كتاب(١٦) الطلاق، باب(٣) إمضاء الطلاق الثلاث، ص ٢٤٠، الحديث: ١٥٤١

٤٧٦۔ شرح البخارى لابن بطال، المجلد(٧)، كتاب الطلاق، باب(٥) من أجاز الطلاق الثلاث، ص ٣٩٢

٤٧٧۔ تحقيق عبد القادر عطا على السنن الكبرى، المجلد(٧)، كتاب الخلع والطلاق، باب(١٥) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص ٥٥١، الحديث: ١٤٩٧٤

٤٧٨۔ مصنَّف ابن أبي شيبة، المجلد(٤)، كتاب(١١) الطلاق، باب(٢٠) ماقالوا: إذا طلّق امرأته الخ، ص ٢١، الحديث: ١

www.waseemziyai.com

کوئی شخص اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل تین طلاقیں الگ الگ دے دے تو وہ ایک ہوگی۔

اس سے معلوم ہوا کہ طاؤس مطلقاً تین طلاقوں کو ایک نہیں کہتے اس لئے طاؤس کی وہ روایت جسے امام مسلم نے روایت کیا وہم سے خالی نہیں۔

کُتُبِ احادیث میں ہے کہ طاؤس کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اس فتویٰ کا علم ہوا کہ آپ تین طلاقوں کو تین قرار دیتے ہیں تو انہیں بڑا تعجب ہوا، چنانچہ امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی متوفی ۲۱۱ھ معمر سے اور وہ ایوب سے روایت کرتے ہیں، ایوب نے فرمایا، حکم بن عتبہ مکہ مکرمہ میں امام زُہری کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں بھی ان کے ساتھ تھا، پھر امام زُہری سے اس باکرہ کا مسئلہ پوچھا جسے تین طلاقیں دے دی گئی ہوں؟ تو امام زُہری نے فرمایا کہ یہی سوال حضرت ابن عباس، ابوہریرہ اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے پوچھا گیا: فَكُلُّهُم قَالَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ تو سب نے مُتفقہ طور پر یہی جواب ارشاد فرمایا کہ وہ عورت اُسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے، راوی ایوب فرماتے ہیں پھر حکم بن عتبہ وہاں سے نکلے اور میں بھی ان کے ساتھ تھا اور وہ طاؤس کے پاس آئے جب کہ وہ مسجد میں تھے تو ان سے اسی مسئلہ میں حضرت ابن عباس کا قول دریافت کیا تو انہوں نے حکم کو حضرت ابن عباس کا قول بتایا، تو حکم نے طاؤس کو امام زُہری کا قول بتایا۔ راوی (ایوب) فرماتے ہیں میں نے طاؤس کو دیکھا کہ وہ (تینوں صحابہ کا مُتفقہ قول سُن کر) متعجب ہوئے اور اپنے دونوں ہاتھوں کو بلند کیا اور فرمایا بخدا (پہلے) ابن عباس رضی اللہ عنہما اسے ایک قرار دیا کرتے تھے۔(۴۷۹)

اس سے معلوم ہوا کہ طاؤس کو حضرت ابن عباس کے حوالے سے پہلے غلط فہمی تھی تبھی تو انہوں نے حضرت ابن عباس، ابوہریرہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کے فتویٰ کو سُن کر

۴۷۹۔ المصنّف لعبد الرزاق، المجلد (٦)، كتاب (١٧) الطلاق، باب (١٧) طلاق البكر، ص ٢٦٣، الحديث: ١١١٢٢

www.waseemziyai.com

کر ان کو تعجب ہوا۔ اور یہ نہیں ہوسکتا کہ طاؤس کو حضرت ابن عباس اور دیگر صحابہ کا صحیح مؤقف معلوم ہو جائے پھر بھی وہ ان کا غیر صحیح مؤقف بیان کرتے رہیں، لہٰذا صحیح مسلم کی روایت وہم سے خالی نہیں ہے۔

کسی صحیح حدیث سے یہ ثابت نہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہو کہ تین طلاقوں کو ایک قرار دیا جائے۔ اور اگر ''صحیح مسلم'' کی مذکور روایت پیش کی جائے تو اس کے بارے میں عرض یہ ہے کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس میں آپ ﷺ کے کسی فرمان کا ذکر نہیں ہے۔ دوسری بات یہ کہ اس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ روایت ثابت اور صحیح نہیں ہے، طاؤس کا وہم ہے خود غیر مُقلِّدوں کے مشہور عالم قاضی شوکانی نے اس کا اعتراف کیا ہے کہ امام احمد بن حنبل نے فرمایا حضرت ابن عباس کے تمام شاگردوں نے حضرت ابن عباس سے طاؤس کے برخلاف روایت کیا ہے۔ سعید بن جبیر، مجاہد اور نافع نے حضرت ابن عباس سے اس کے برخلاف روایت کیا ہے۔ (۴۸۰)

اور پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جیسی جلیل القدر ہستی پر عہدِ رسالت کے معمول کی مخالفت کا الزام اور تمام صحابہ پر تہمت لگانے سے کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ ایک معقول وجہ طاؤس کے وہم کی بنیاد پر اس روایت سے استدلال کو ترک کر دیا جائے۔

### یہ حدیث مضطرب ہے:

اس حدیث کے غیر صحیح اور غیر معتبر ہونے کی ایک اور وجہ یہ بھی ہے جیسا کہ شارح صحیح مسلم امام ابو العباس احمد بن عمر قرطبی متوفی ۶۵۶ھ (۴۸۱) اور ان کے حوالے سے شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ (۴۸۲) لکھتے ہیں ''یہ حدیث

۴۸۰۔ نیل الأوطار، کتاب الطلاق، باب ما جاء فی طلاق البتة وجمع الثلاث الخ، ص۱۲۲۸

۴۸۱۔ المفهم، المجلد(٤)، کتاب(١٦) الطلاق، باب(٣) إمضاء الطلاق الثلاث الخ، ص٢٤١، الحدیث:١٥٤١

۴۸۲۔ فتح الباری، المجلد(١٢)، الجزء(٩)، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من جوّز الطلاق الثلاث، ص٤٥٦، الحدیث:٥٢٦١

www.waseemziyai.com

مضطرب ہے اضطراب اس حدیث کے راوی ابو الصہباء سے بھی ہے اور طاؤس سے بھی۔اور کثرتِ اختلاف و کثرتِ تناقض سے ثقاہت اٹھ جاتی ہے الخ۔''

## یہ حدیث منسوخ ہے:

امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جن لوگوں سے خطاب فرمایا یہ وہ لوگ تھے عہدِ رسالت میں جو مسئلہ گذر چکا تھا اس سے بخوبی واقف تھے۔ان میں سے کسی نے انکار نہ کیا اور نہ ہی کسی نے اس کو کسی دلیل سے باطل کیا تو یہ اس کے (یعنی بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کو ایک سمجھنے کے) منسوخ ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہوگئی۔(۴۸۳)

شارح صحیح بخاری علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ امام طحاوی کی مذکورہ بالا عبارت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں اگر تم کہو حدیث کے منسوخ ہونے کی کیا وجہ ہے؟ حالانکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ منسوخ نہیں کرسکتے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی چیز کیسے منسوخ ہوسکتی؟ تو جواب یہ ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صحابہ کے سامنے یہ مسئلہ پیش کیا تو کسی صحابی سے انکار واقع نہ ہونے سے یہ مسئلہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اِجماعی ہوگیا اور صحابہ کرام کا اجماع حُجّت ہونے میں خبر مشہور سے بھی زیادہ قوی ہے اگر تُو کہے نسخ پر اجماع ان کی اپنی طرف سے ہے تو جواب یہ ہے کہ ممکن ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لئے کوئی ایسی نص ظاہر ہوئی ہو جس نے نسخ کو واجب کیا ہو اور وہ نصّ ہماری طرف نقل نہ کی گئی ہو اس لئے کہ امام طحاوی نے حضرت ابن عباس سے بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کی جو حدیثیں روایت کی ہیں وہ اس حدیث (یعنی ابو الصہباء کی روایت) کے منسوخ ہونے کی شہادت دیتی ہیں۔(۴۸۴)

---

۴۸۳۔ شرح معانی الآثار، المجلد(۲)، الجزء(۳)، کتاب(۸) الطلاق، باب(۲) الرجل طلّق امرأته ثلاثاً، ص۵٦، الحدیث:٤٤٦٥

۴۸٤۔ عمدة القاری شرح صحیح البخاری، المجلد(١٤)، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من أجاز الطلاق الثلاث، ص٢٣٦

www.waseemziyai.com

قاضی ثناء اللہ پانی پتی متوفی ۱۲۵۵ھ لکھتے ہیں حضرت ابن عباس سے (بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع کی) جو روایات ذکر کی جاتی ہیں، یہ اس امر کی دلیل ہے کہ ابو الصہباء والی روایت منسوخ ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سامنے تین طلاقوں کا حکم جاری فرمانا اور اس پر عمل درآمد ہونا ان کے نزدیک ثبوتِ ناسخ پر دلالت کرتا ہے۔ اگرچہ یہ مسئلہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت میں پوشیدہ رہا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جو روایات کی ہیں خود اس کے خلاف ان کا فتویٰ صحیح طور پر ثابت ہے۔(۴۸۵)

اور شارح مسلم امام ابوذکریا یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ لکھتے ہیں اگر یہ کہا جائے کہ صحابہ جس حدیث کے منسوخ ہونے پر جمع ہو جائیں تو ان سے قبول نہیں کیا جائیگا۔ ہم کہتے ہیں وہی قبول کیا جائے گا اسلئے کہ اُن کا اِجماع ہی حدیث کے منسوخ ہونے کی دلیل ہے۔ اور یہ خیال کرنا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنی طرف سے ہی بغیر کسی قوی دلیل کے حدیث کو منسوخ کرتے تھے تو معاذ اللہ! (اللہ کی پناہ) کیونکہ وہ اس سے معصوم ہیں کہ اُن کا اِجماع خطاء پر ہو۔(۴۸۶)

شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں: امام مسلم کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے طاؤس کی حدیث کے علماء کرام نے جو جوابات دیئے ان میں سے ایک جواب یہ ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے، اور بعض صحابہ نسخ پر مطلع نہ ہوئے مگر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں (یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت میں وہ اس نسخ پر مطلع ہوئے)۔

اور اس حدیث کے لئے نسخ کے دعویٰ میں کوئی اشکال نہیں، اور اس سے بڑی دلیل نہیں کہ صحابہ کرام نے اس پر اِجماع کیا، صحابہ کرام علیہم الرضوان کا اِجماع اس کی

۴۸۵۔ تفسیر مظهری، المجلد(۱)، سورة البقرة، ص ۳۰۲

۴۸۶۔ شرح مسلم للنووی، المجلد(۵)، الجزء(۱۰)، کتاب(۱۸) الطلاق، باب(۲) طلاق الثلاث، ص ۶۱، الحدیث: ۱۵-۱۶(۱۴۷۲)

www.waseemziyai.com

دلیل ہے وہ ناسخ پر مطلع ہوئے جس کو وہ نہ جانتے تھے، پس حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دادی کی میراث کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی قضاء نہ پہنچی یہاں تک کہ انہیں حضرت مغیرہ بن شعبہ اور محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہما نے خبر دی، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جنین کی دِیت کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی قضاء کا علم نہ تھا یہاں تک کہ انہیں ان دونوں نے خبر دی، اور انہیں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے ''ہجر'' کے مجوسیوں سے جزیہ لیا اور اس کا ان کے پاس علم نہ تھا، یہ کثیر واقعات میں سے تھوڑے ہیں۔

تین طلاق کے بعد رجوع کے منسوخ ہونے پر مخالف کا تعجب ختم نہ ہو، اس دعویٰ سے کہ نسخ خلافتِ عمر کے ابتدائی سالوں کے بعد ظاہر ہوا اور یہ اس وقت ہوا جب ان میں سے کسی نے بھی اس کا انکار نہیں کیا، (بلکہ یہ) اس کا اقرار ہے کہ نکاحِ مُتعہ میں بھی اس کی مثل وارد ہے، پس بے شک امام مسلم نے اپنی ''صحیح'' میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ مُتعہ عہدِ نبی ﷺ، اور عہدِ ابی بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت کے ابتدائی ایام میں کیا جاتا تھا، حضرت جابر نے فرمایا، ''پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں اس سے روک دیا پس ہم رُک گئے''۔

ہمارے شیخ نے ''الأضواء'' میں فرمایا کہ یہ (یعنی مُتعہ کا معاملہ) بالکل اسی کی مثل جو طلاق ثلاثہ میں واقع ہوا، ایک عجیب بات ہے کہ (بزعم خود) انصاف پسند دونوں (یعنی تین طلاقوں سے رجوع کے منسوخ ہونے اور جوازِ متعہ کے کُلی منسوخ ہونے) میں سے ایک میں امکانِ نسخ قبول کرلے اور دوسرے میں نسخ کے محال ہونے کا دعویٰ کرے باوجود اس کے کہ امام مسلم نے دونوں کو جلیل القدر صحابی سے روایت کیا کہ یہ امر زمانۂ نبوی وابی بکر وخلافتِ عمر کے ابتدائی سالوں میں کیا جاتا تھا، یہ اس مسئلہ میں سے جس کا تعلق خُروج سے ہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو متغیر کردیا، ہمارے شیخ فرماتے

www.waseemziyai.com

ہیں جو مُتعہ کے نسخ کو جائز قرار دے اور تین طلاقوں کو ایک قرار دینے کے منسوخ ہونے کو محال جانے تو اُسے کہا جائے گا کیا ہے کہ تیرا بائع تجارت کرے اور میرا بائع تجارت نہ کرے، اگر کہے کہ مُتعہ کے نسخ کی نص صحت کے ساتھ ثابت ہے تو ہم کہیں گے تم نے تین طلاق دے دینے کے بعد مراجعت کے منسوخ ہونے کی روایات دیکھی ہیں اھ۔ (یعنی وہ بھی صحت کے ساتھ ثابت ہیں)

میں کہتا ہوں تین طلاق دے دینے کے بعد رجعت کے منسوخ ہونے پر سب سے زیادہ دلالت کرنے والی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کی اس زمانے میں کثرت تھی، انہوں نے اپنے وافر علم، دین پر غیرت، شدّتِ تقویٰ کے باوجود بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انکار نہیں کیا، وہ تو اللہ تعالیٰ کے دین کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے تھے بلکہ یہی قول ان کی کثرت سے ثابت ہے، جیسے حضرت ابن عباس، عمر، ابن عمر اور بے شمار (صحابہ وتابعین) ملخصاً۔(۴۸۷)

مُدرِس حرم مکی شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی مزید لکھتے ہیں کہ ہمارے شیخ نے فرمایا کہ وہ ناسخ جس نے تین طلاقیں دے دینے کے بعد رجوع کو منسوخ کر دیا، بعض علماء نے فرمایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ﴿اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾ جیسا کہ غیر محل میں مبنی آیا ہے، اور اس ناسخ کی مثل ناسخ کو کثیر لوگوں کا خلافتِ فاروقی تک نہ جاننے کو نہ عقلاً کوئی مانع ہے اور نہ عادۃً جیسا کہ جوازِ مُتعہ کے نسخ کو خلافتِ فاروقی تک کثیر لوگوں نے نہ جانا، باوجود اس کے کہ نبی ﷺ نے اس کے منسوخ ہونے اور قیامت تک حرام ہونے کی تصریح فتح مکہ اور خطبۂ حجۃ الوداع میں فرمائی جیسا کہ ''صحیح مسلم'' کی روایت میں آیا۔(۴۸۸)

اگر کوئی یہ کہے کہ اس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی رائے سے منسوخ کیا ہے تو شارح

۴۸۷۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (۳)، كتاب النكاح، ص۷۴۔۷۵

۴۸۸۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (۳)، كتاب النكاح، ص۷۵۔۷۶

www.waseemziyai.com

صحیح مسلم امام حافظ ابوالفضل عیاض بن موسیٰ متوفی ۵۴۲ھ،(۴۸۹) علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ (۴۹۰)اورشارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ (۴۹۱) فرماتے ہیں، یہ نہایت غلط اور قبیح گمان ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی رائے سے کبھی بھی منسوخ نہیں کر سکتے تھے۔ اگر وہ اس طرح کرتے حالانکہ اُن کی ذات اس تُہمت سے بری ہے تو صحابہ کرام بھی اس کے انکار کی طرف سبقت کرتے۔

### ایک غلط فہمی:

امام شافعی فرماتے ہیں کہ اگر یہ کہا جائے کہ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک شے تھی تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے وہی بات کہہ دی جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کی تو اس کے جواب میں ہم کہیں گے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نکاحِ مُتعہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مخالفت کرتے تھے اور ایک دینار کو دو دیناروں کے بدلے فروخت کرنے میں اور اُمہاتِ اولاد کی بیع کے معاملے وغیرہ میں، تو وہی ابن عباس رضی اللہ عنہما ایسے امر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی موافقت کیسے کر سکتے ہیں جس امر کے خلاف نبی ﷺ سے مروی ہو۔(۴۹۲)

تو معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کا تین طلاقوں کو ایک قرار دینا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی نہیں اگر مروی ہے تو ان کے نزدیک بھی منسوخ ہے، اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ اس امر میں بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مخالفت ضرور کرتے، حالانکہ آپ فتویٰ تین طلاقوں کے وقوع کا ہی دیا کرتے تھے جو اس بات کی دلیل ہے کہ آپ اس امر میں

۴۸۹۔ إکمال المعلم، المجلد(٥)، کتاب(١٨) الطلاق، باب(٢) طلاق الثلاث، ص ٢٠، الحدیث:١٥-١٦-١٧ (١٤٧٢)

۴۹۰۔ شرح مسلم للنووی، المجلد(٥)، الجزء(١٠)، کتاب(١٨) الطلاق، باب(٢) طلاق الثلاث، ص ٦١، الحدیث:١٥-١٦(١٤٧٢)

۴۹۱۔ فتح الباری شرح صحیح البخاری، المجلد(١٢)، الجزء(٩) القسم الثانی، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من جوّز الطلاق الثلاث، ص ٤٥٥، الحدیث:٥٢٦١

۴۹۲۔ مواھب الجلیل: ٧٤/٣

www.waseemziyai.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خلاف کرنے والے نہ تھے۔

### یہ حدیث حُجت نہیں ہے:

''تحقیق عبدالقادر عطا'' میں ہے اگر یہ روایت حضرت ابن عباس سے مروی ہو تب بھی اُن صحابہ پر حُجت نہیں جو حضرت ابن عباس سے بڑے اور ان سے زیادہ علم والے ہیں (کیونکہ ان کے نزدیک بیک وقت دی گئی تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں) اور وہ حضرت عمر، عثمان، علی، ابن مسعود اور ابن عمر وغیرہم ﷺ ہیں۔(٤٩٣)

### اس روایت کو علماء نے قبول نہیں کیا:

حافظ علاؤالدین بن علی بن عثمان ماردینی ترکمانی متوفی ۷۴۵ھ لکھتے ہیں کہ علامہ ابن عبدالبر نے فرمایا کہ طاؤس کی یہ روایت وہم اور غلط ہے۔ علماء میں سے کسی نے اس کو قبول نہیں کیا۔ حضرت ابن عباس سے طاؤس کی یہ روایت اس لئے صحیح نہیں کہ ثقہ راویوں نے حضرت ابن عباس سے اس کے خلاف روایت کیا ہے(٤٩٤)

مُدرّس حرم مکی شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس حدیث کے جوابات دیئے گئے ان میں سے ایک یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے طاؤس کی روایت اس کے مخالف ہے جو حضرت ابن عباس کے اصحاب حفّاظ نے آپ سے روایت کیا ہے پس تحقیق بیک دی گئی تین طلاقوں کے لازم ہونے کو حضرت ابن عباس سے (آپ کے شاگرد) حضرت سعید بن جبیر، عطا بن ابی رباح، مجاہد، عکرمہ، عمرو بن دینار، مالک بن الحارث، محمد بن ایاس بن البکیر اور معاویہ ابن ابی عیاش انصاری نے روایت کیا جیسا کہ اسے امام بیہقی نے ''السنن الکبریٰ'' میں اور امام قرطبی وغیرہما نے نقل کیا۔ امام بیہقی نے فرمایا کہ امام بخاری نے اس حدیث کو

---

٤٩٣۔ تحقيق عبد القادر عطا على السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد(٧)، كتاب الخلع و الطلاق، باب(١٥) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص ٥٥١، الحديث: ١٤٩٧٤

٤٩٤۔ الجوهر النقي على هامش السنن الكبرى للبيهقي: ٧/٣٣٧۔٣٣٨

www.waseemziyai.com

اس لئے روایت نہیں کیا کہ یہ ان حضرات کی حضرت ابن عباس سے روایت ہے، اور اثرم فرماتے ہیں کہ میں نے ابوعبداللہ سے حدیثِ ابن عباس کہ ''رسول اللہ ﷺ کے ظاہری زمانہ مبارکہ اور عہدِ ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما میں تین طلاقیں ایک طلاق تھی'' کے بارے میں پوچھا کہ اس (روایت پر) عمل کو کس چیز کے ساتھ ترک کرو گے؟ فرمایا: لوگوں کی حضرت ابن عباس سے مذکورہ روایت کے خلاف روایت سے (۴۹۵)

## طاؤس کی روایت کا صحیح محمل:

### پہلا احتمال:

اگر اس حدیث کو منسوخ نہ مانا جائے تو یہ حدیث غیر مدخول بہا (یعنی وہ عورت جس سے نکاح کے بعد مقاربت یا خلوت صحیحہ نہ ہوئی ہو) کے بارے میں ہے چنانچہ امام ابوداؤد سلیمان ابن اشعث متوفی ۲۵۷ھ روایت کرتے ہیں ابوالصہباء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا، کیا آپ کو معلوم نہیں جب کوئی شخص اپنی بیوی کو مقاربت سے قبل تین طلاقیں دے دیتا تو عہدِ رسالت، عہدِ صدیق اور عہدِ فاروقی کے شروع زمانہ میں ان تین طلاقوں کو ایک ہی قرار دیا جاتا تھا:

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَلٰی، كَانَ الرَّجُلُ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً قَبْلَ أَنْ يَّدْخُلَ بِهَا جَعَلُوْهَا وَاحِدَةً عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَأَبِيْ بَكْرٍ وَّ صَدْراً مِّنْ إِمَارَةِ عُمَرَ۔ (۴۹٦)

یعنی، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ہاں! جب کوئی شخص اپنی بیوی کی مقاربت سے قبل تین طلاقیں دیتا تو رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت میں اور

۴۹۵۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (۳)، كتاب النكاح، ص۷٦

۴۹٦۔ سنن أبي داؤد، المجلد(۲)، كتاب(۷) الطلاق، باب(۱۰) نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث، ص۴۵۰، الحديث: ۲۱۹۹

www.waseemziyai.com

حضرت عمر کی خلافت کے شروع میں تین کو ایک قرار دیتے تھے۔

اس حدیث شریف نے ''مسلم شریف'' کی حدیث کی وضاحت وشرح کردی کہ جب غیر مدخول بہا کو اس طرح طلاق دی جاتی تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے تو اس صورت میں ایک طلاق قرار دی جاتی تھی۔ اسلئے کہ وہ پہلی طلاق سے نکاح سے باہر ہو جاتی۔ جب نکاح ہی نہ رہتا تو بقیہ طلاقیں کس پر پڑتیں۔ یہ حکم آج بھی جاری ہے ہاں اگر تین طلاقیں اس طرح دی جائیں تجھے تین طلاقیں ہیں تو غیر مدخول بہا پر بھی تینوں ہی واقع ہو جائیں گی جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تینوں کے نفاذ کا حکم فرمایا۔

تو طاؤس کی یہ روایت اس غیر مدخول بہا (یعنی وہ عورت جس سے نکاح کے بعد ہمبستری یا خلوت صحیحہ نہ ہوئی ہو) کے بارے میں ہے جسے تین طلاقیں جُدا جُدا دی گئی ہوں تو وہ عورت پہلی طلاق سے ہی بائن ہو جاتی ہے اور باقی دو لغو ہو جاتی ہیں اس کی دلیل یہ ہے کہ امام ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ نے عنوان ''دوسرا باطل استدلال'' کے تحت ذکر کردہ دوسری حدیث روایت کی اور اس باب کا عنوان یہ بنایا کہ:

بَابُ طَلَاقِ الثَّلَاثِ الْمُتَفَرِّقَةِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِالزَّوْجَةِ (۴۹۷)

یعنی، بیوی کو مقاربت سے قبل متفرق طور پر تین طلاقیں دینے کا بیان

اور شارح صحیح مسلم امام قاضی ابو الفضل عیاض بن موسیٰ متوفی ۵۴۴ھ لکھتے ہیں ''امام ابو داؤد کی ابو الصہباء سے روایت غیر مدخول بہا کے بارے میں ہے یہ تابعین اور حضرت ابن عباس کے تلامذہ کی ایک بڑی جماعت کا مذہب ہے اور انہوں نے روایت کیا ہے کہ تین طلاقیں (جبکہ جُدا جُدا دی جائیں) غیر مدخول بہا پر واقع نہیں ہوتیں کیونکہ وہ غیر مدخول بہا ہونے کی وجہ سے ایک طلاق سے ہی بائن ہو جاتی ہے''۔ (۴۹۸)

---

۴۹۷۔ السنن الکبریٰ للنسائی، المجلد (۳)، کتاب (۴۴) الطلاق، باب (۹) طلاق الثلاث المتفرّقة الخ، ص ۳۵۱، الحدیث: ۱/۵۵۹۹

۴۹۸۔ إکمال المعلم، المجلد (۵)، کتاب (۱۸) الطلاق، باب (۲) طلاق الثلاث، ص ۲۱، الحدیث: ۱۵-۱۶-۱۷ (۱۴۷۲)

www.waseemziyai.com

شارح صحیح بخاری امام بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

فَأَجَابَ قَوْمٌ عَنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ الْمُتَقَدِّمِ أَنَّهُ فِيْ غَيْرِ مَدْخُوْلٍ بِهَا۔(۴۹۹)

یعنی، حضرت ابن عباس کی جو حدیث بیان ہو چکی ہے علماء کی ایک جماعت نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ یہ حدیث غیر مدخول بہا عورت کے بارے میں ہے

شارح صحیح مسلم امام ابو العباس احمد بن عمر قرطبی متوفی ۶۵۶ھ لکھتے ہیں ''علماء نے اس حدیث کو غیر مدخول بہا کے بارے میں قرار دیا ہے کیونکہ وہ (جُدا جُدا طلاق کے الفاظ کہنے کی صورت میں) ایک طلاق سے بائن ہو جاتی ہے جیسا کہ اس پر حدیثِ ابی داؤد، دال (دلالت کرتی) ہے''۔(۵۰۰)

اور غیر مُقلِّد مولوی حافظ عبد اللہ روپڑی نے لکھا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی مسلم والی حدیث کا ظاہر اگرچہ اسی کو چاہتا ہے کہ ایک مجلس کی تین طلاقیں ایک ہی ہوں لیکن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ اس کے خلاف ہے، وہ تین کو تین ہی کہتے ہیں جیسے ''ابو داؤد'' ۲۹۹/ ج۱، اور ''منتقی'' ۲۳۷، وغیرہ میں ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ اس کے خلاف ہونا قوی شبہ ڈالتا ہے کہ یہ حدیث اپنے ظاہر پر نہیں، شاید اس سے غیر مطوءَ (وہ عورت جس سے نکاح کے بعد ہمبستری نہیں ہوئی) مراد ہو جس کو یوں طلاق دی گئی ہو أَنْتِ طَالِقٌ، أَنْتِ طَالِقٌ، أَنْتِ طَالِقٌ (۵۰۱)

---

۴۹۹۔ عمدة القاری شرح بخاری، المجلد(۱۴)، کتاب(۶۸) الطلاق، باب(۴) من أجاز الطلاق الثلاث، ص۲۳۶

۵۵۰۔ المفهم، المجلد(۴)، کتاب(۱۶) الطلاق، باب(۳) إمضاء الطلاق الثلاث من کلمة، ص۲۴۳، الحدیث:۱۵۴۱

۵۰۱۔ رسالہ ایک ہی مجلس میں تین طلاقیں، ضمیمہ تنظیم أهلحدیث روپڑ/۳، بحوالہ عمدة الأثات، ص۹۲

www.waseemziyai.com

دوسرا احتمال:

شارح صحیح بخاری امام شہاب الدین احمد قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ لکھتے ہیں ''حدیث ابن عباس کے ان الفاظ کَانَ الطَّلَاقُ الثَّلَاثُ وَاحِدَةً (تین طلاق ایک تھی) سے مراد یہ ہے کہ لوگ عہدِ رسالت میں ایک طلاق دیا کرتے تھے اور جب عہدِ فاروقی آیا تو تین طلاقیں دینے لگے حاصل کلام یہ ہے کہ عہدِ فاروقی میں تین طلاقیں دی جانے لگیں جو اس سے قبل ایک دی جاتی تھی وہ لوگ اصلاً تین طلاق دینے میں جلدی نہیں کرتے تھے، اور تین طلاق کا استعمال نادر تھا مگر عہدِ فاروقی میں تین کا استعمال کثرت سے ہونے لگا اور اس حدیث کے لفظ أَمْضَاهُ عَلَيْهِمْ (اسے ان پر جاری کردیا) کا معنی یہ ہے کہ اس میں وقوعِ طلاق کا حکم نافذ فرمایا جو پہلے بھی نافذ تھا۔'' (۵۰۲)

تیسرا احتمال:

اگر اس حدیث کو منسوخ نہ مانا جائے تو اس میں ایک احتمال یہ بھی ہے شارحِ صحیح مسلم امام یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ فرماتے ہیں ''عہدِ رسالت اور خلافتِ صدیقی میں جو کوئی بغیر نیتِ تاکید واستیناف (یعنی از سرنو) کے اپنی بیوی سے کہتا تجھے طلاق، تجھے طلاق، تجھے طلاق، تو ازسرنو کا ارادہ قلیل ہونے کی وجہ سے اس کو غالب پر جو تاکید تھا اس پر محمول کیا جاتا (یعنی ایک طلاق قرار دیا جاتا)، مگر زمانۂ فاروقی میں لوگ کثرت سے اس طرح تین طلاقیں دینے لگے اور تین کا ارادہ غالب ہوا تو غالب کا اعتبار کرتے ہوئے تین طلاق دینے سے تین طلاقوں کے وقوع کا حکم لگایا گیا۔'' (۵۰۳)

شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں یہ حدیث خاص صورت میں وارد ہوئی ابن سریج وغیرہ نے کہا یہ حدیث تکرارِ لفظ میں وارد ہے جیسے مرد

۵۰۲۔ إرشاد الساری شرح صحیح البخاری، المجلد(۸)، کتاب الطلاق، باب من أجاز الطلاق الثلاث، ص۱۳۳

۵۰۳۔ شرح صحیح مسلم للنووی، المجلد(۵)، الجزء(۱۰)، کتاب(۱۸) الطلاق، باب(۲) طلاق الثلاث، ص ۶۱، الحدیث:۱۵-۱۶(۱۴۷۲)

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

کہے تجھے طلاق، تجھے طلاق، تجھے طلاق پہلے جب لوگوں کے سینے سلامت تھے۔ تو ان سے یہ بات قبول کرلی جاتی کہ انہوں نے تاکید کا ارادہ کیا ہے جب عہدِ فاروقی میں لوگ زیادہ ہوگئے اور ان میں دھوکہ وغیرہ جیسی باتیں بڑھ گئیں جو قبولِ تاکید کو مانع ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لفظ کو ظاہر تکرار پر محمول کردیا اور لوگوں پر جاری کردیا۔ امام نووی نے فرمایا کہ تمام جوابات میں یہ جواب صحیح تر ہے۔ علامہ قرطبی نے اسی جواب کو پسند فرمایا، اسی بات کی طرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان الفاظ سے اشارہ فرمایا کہ ''لوگوں نے اس امر میں جلدی کی جس میں انہیں رخصت دی گئی تھی۔'' (٥٠٤)

شارح صحیح مسلم امام یحییٰ بن شرف نووی متوفی ٦٧٦ھ لکھتے ہیں ''کہا گیا کہ حضرت ابن عباس کی اس روایت سے مراد یہ ہے کہ زمانۂ اول میں معتاد ایک طلاق تھی (یعنی لوگوں کی عادت ایک طلاق دینے کی تھی) پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت میں لوگ تین طلاقیں دینے لگ گئے تو آپ نے تین ہی نافذ فرمادیں اس بناء پر یہ روایت لوگوں کی عادت کے اختلاف کی خبر ہے نہ کہ ایک مسئلے میں تغییر کی خبر۔ (٥٠٥)

لہٰذا صورت مسئولہ بدلنے سے یہ حکم بدل گیا جیسے قرآن میں آٹھ مصارف زکوٰۃ بیان ہوئے مؤلّفۃُ القلوب (کُفّار مائل باسلام) کو بھی زکوٰۃ دینے کی اجازت دی گئی مگر زمانۂ فاروقی میں صحابہ کرام کا اِجماع ہوگیا کہ مصارفِ زکوٰۃ صرف سات ہیں مؤلّفۃُ القلوب خارج، جب مؤلّفۃُ القلوب کو زکوٰۃ دینے کی اجازت دی گئی تھی اس وقت مسلمانوں کی جماعت تھوڑی اور کمزور تھی اس لئے کُفّار کو زکوٰۃ دے کر اسلام کی طرف مائل کیا جاتا۔ اس عہد میں نہ قِلّت رہی نہ کمزوری۔ لہٰذا ان کو زکوٰۃ دینا بند کردیا گیا۔ وجہ بدلنے سے حکم بدلا، نسخ نہیں کیا گیا۔ اب تک زید فقیر تھا اسے زکوٰۃ لینے کا حکم دیا گیا اب غنی ہوگیا تو زکوٰۃ دینے کا حکم ہوگیا۔ کپڑا ناپاک تھا اس سے نماز ناجائز قرار دی، اب

٥٠٤۔ فتح الباری شرح صحیح البخاری، المجلد(١٢)، الجزء(٩)، القسم الثانی، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من جوّز الطلاق الثلاث، ص٤٥٦

٥٠٥۔ شرح مسلم للنووی، المجلد(٥)، الجزء(١٠)، کتاب(١٨) الطلاق، باب(٢) طلاق الثلاث، ص٦١، الحدیث:١٥-١٦(١٤٧٢)

پاک ہو گیا تو اس سے نماز جائز ہو گئی۔ آج کل خاص طور پر ہمارے بلاد (ملکوں) میں کوئی طلاق کی تاکید کو جانتا تک نہیں ہے۔ تین ہی کی نیت سے تین طلاقیں دیتے ہیں تعجب ہے صورت مسئلہ کچھ اور ہے لوگ حکم کچھ اور لگا دیتے ہیں۔(۵۰۶)

**ایک اعتراض:** امیر المؤمنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ پر ایک اعتراض بھی کیا جاتا ہے کہ آپ کا یہ حکم سیاسی تھا اور آپ نے رسول اللہ ﷺ کی سنّت کو بدل دیا۔

**جواب:** اس کا جواب ہم انہی کے مشہور غیر مُقلِّد عالم مولوی محمد ابراہیم سیالکوٹی کی زبانی دیتے ہیں، چنانچہ لکھتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نسبت یہ تصوّر دلانا کہ انہوں نے معاذ اللہ! آنحضرت ﷺ کی سنّت کو بدل ڈالا بہت بڑی جرأت ہے۔ واللہ! اس عبارت کو نقل کرتے وقت ہمارا دل دہل گیا اور حیرانی ہو گئی کہ ایک شخص جو خود مسئلہ کی حقیقت نہیں سمجھتا وہ خلیفۂ رسول ﷺ کی نسبت یہ خیال رکھتا ہو کہ وہ سنّت کے بدلنے میں اس قدر جری تھا۔ استغفر اللہ، استغفر اللہ، اس حکم کے سیاسی سمجھنے میں سخت ٹھوکر کھائی ہے اور پیچ در پیچ غلطیوں کے سلسلے میں پڑ گئے ہیں۔ یہ کہنا کہ خلیفہ کے بعد اس کے بحال رہنے یا نہ رہنے میں اختلاف ہوا سراسر غلط اور ایجادِ بندہ ہے۔ مُحدِّثین کی طرف یہ بات منسوب کرنا کہ وہ اسے سیاسی حکم کہتے تھے بالکل غلط ہے اور یہ ایجادِ بندہ ہے۔ جو گروہ اس حکم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی موافقت کرتا ہے وہ یہ نہیں کہتا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ حکم محض سیاسی تھا اور نہ یہ کہتا ہے کہ وہ سیاسی حکم اب بھی بحال رہنا چاہئے بلکہ وہ تو اسے اس لئے مانتا ہے کہ اس کے نزدیک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ حکم قرآن وحدیث سے ماخوذ ہے۔ جناب نے جو یہ فرمایا کہ مُحدِّثین اس کو سیاسی حکم کہتے ہیں اس جگہ مُحدِّثین سے ہم جمیع مُحدِّثین لیں جو بجا ہے تو ہم دریافت کرتے ہیں کہ حضرت امام ابو حنیفہ، حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی، حضرت امام احمد اور ان کے مثل دیگر ائمہ مُحدِّثین رحمہم اللہ تعالیٰ جن کے اسماء گرامی لکھنے میں خوفِ طوالت ہے مُحدِّثین کی فہرست میں شامل

۵۰۶۔ تمامه في ضميمة جاء الحق، (حصه(۱)، رساله طلاق، ص ۴۶۳

www.waseemziyai.com

ہیں یا نہیں؟ اگر شامل ہیں تو یہ بات کلیتہً تو درست نہ ہوئی کہ مُحدِّثین اس کو سیاسی حکم کہتے ہیں کیونکہ سب ائمہ مذکورین صورتِ زیرِ سوال میں تین طلاق پڑنے کے قائل ہیں۔ اور وہ اس کے دلائل شرعیہ بیان کرتے ہیں، کیا جناب مہربانی فرما کر ان بزرگان دین کی تصریحات بتانے کی تکلیف گوارا کریں گے جہاں انہوں نے اس حکم فاروقی کو محض ایک سیاسی حکم قرار دیا ہو اور مذہبی نہ سمجھا ہو اور پھر اسے بحال رکھا ہو۔ ہمیں بار بار اپنے قصورِ علم کا اعتراف کرتے ہوئے کہنا پڑتا ہے کہ ہمیں ایسی کوئی تحریر نہ ملی جس میں مذکور ہو کہ ائمہ عظام رحمہم اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس حکم کو محض ایک سیاسی حکم سمجھا۔ اور اگر لفظ مُحدِّثین سے جناب کی مراد بعض مُحدِّثین ہوں تو اس صورت میں ہم گزارش کریں گے کہ جناب اس کے حوالے کی بھی تکلیف گوارہ کر کے اور ہم پر احسان کر کے ثوابِ دارین حاصل کریں کہ وہ کونسے مُحدِّثین ہیں جنہوں نے آپ کی طرح اسے سیاسی مداخلت فی الدین سمجھا ہو بقول آپ کے جائز مداخلت ہو اور اگر مُحدِّثین سے آپ کی اپنی ذات گرامی اور اس زمانے کے دیگر علماءِ اہلحدیث مراد ہیں تو بے ادبی معاف! مجھے آپ کو اور ان کو مُحدِّثین کہنے میں تأمل ہے، دَورہ میں صحاح سِتّہ کی سطروں پر نظر گزار دینے سے مُحدِّث نہیں بن سکتے۔ آخر میں ہم پھر دہراتے ہیں کہ متقدّمین میں سے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا ''موطا''، پھر امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی ''کتاب الأم'' پھر متأخرین میں سے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ کی ''ازالۃ الخفا'' ملاحظہ فرمایئے، جن کے بعد اس وقت تک ہندوستان میں تو ایسا شخص پیدا نہیں ہوا کہ اس کو امام کہہ سکیں اور دوسرے ممالک کا حال خدا جانے۔ ان سب کُتُب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی موافقت دلائل شرعیہ سے کی گئی ہے(۵۰۷)

ایک سوال: کیا حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیک وقت دی

۵۰۷۔ طلاق ثلاث، ایک سوال ایک جواب، ص ۷۱۔۷۲۔۷۳ (بحوالہ اخبار الحدیث ۱۵ نومبر ۱۹۲۹ء، بحوالہ ازھار مربوعہ بحوالہ عمدۃ الأثاث/۹۷۔۹۸)

www.waseemziyai.com

گئی تین طلاقوں کو ایک قرار دینے کے فیصلے کیا کرتے تھے، اگر کیا کرتے تھے تو یہ کسی حدیث سے ثابت ہے؟

جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ کسی صحیح حدیث میں بھی اس کا تذکرہ نہیں ہے کہ حضور ﷺ یا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تین طلاق کو ایک قرار دیا ہو چنانچہ مشہور غیر مُقلّد مولوی ابوسعید شرف الدین دہلوی نے ''مسلم شریف'' کی مذکورہ بالا روایت کے بارے میں لکھا کہ اس (سے) استدلال میں بچند وجوہ کلام ہے۔ اول یہ کہ اس میں مجلسِ واحد کا ذکر ہی نہیں۔ عام اس سے کہ مجلس ایک ہو یا تین بلکہ اطہار ثلاثہ ہوں یا نہ، اور جس روایت ''مسند احمد'' میں مجلس واحد کا ذکر ہے وہ صحیح نہیں، اس کی سند بروایت عکرمہ بن عمران بن حصین ہے (جب کہ اصل روایت میں داؤد بن حصین ہیں) جس کو محدِّثین حافظ ابن حجر وغیرہ نے لکھا کہ ایسی روایت خصوصاً صحیح نہیں ہوتی، ملاحظہ ہو ''تقریب التہذیب'' ...... سوم یہ کہ اس میں یہ تفصیل نہیں کہ یہ تین طلاق والے مقدِمات رسول اللہ ﷺ اور شیخین رضی اللہ عنہما کے سامنے پیش ہو کر فیصلہ ہوتا تھا اور یہ روایت کسی میں نہیں ہے إِذْ لَيْسَ فَلَيْسَ (جب کسی حدیث کی کتاب میں نہیں ہے تو یقیناً ایسی کوئی روایت نہیں ہے)۔ چہارم یہ کہ حدیث ''صحیح مسلم'' کی ایسی ہے جیسے دوسری حدیث ''صحیح مسلم'' کی حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ہے:

قَالَ عَطَاءٌ: قَدِمَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مُعْتَمِرًا، فَجِئْنَا فِيْ مَنْزِلِهٖ، فَسَأَلَهُ الْقَوْمُ عَنْ أَشْيَاءِ، ثُمَّ ذَكَرُوا الْمُتْعَةَ، فَقَالَ: نَعَمْ: اسْتَمْتَعْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ أَبِيْ بَكْرٍ وَ عُمَرَ انتهى، و فى رواية أخرىٰ بعده: ثُمَّ نَهَانَا عُمَرُ فَلَمْ نَعُدْ لَهُمَا

یعنی، لوگوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ''متعة النساء'' کے بارے میں پوچھا تو آپ نے جواب دیا کہ ہم آپ ﷺ اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے زمانے میں مُتعہ کیا کرتے تھے، اور ایک

www.waseemziyai.com

روایت میں ہے کہ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں منع فرمایا اور
پھر ہم اس طرح رُک گئے۔

پس جو جواب حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ''متعۃ النساء'' کے جواز وعدم جواز کا ہے وہی حدیث ابن عباس کا اگر یہ (یعنی تین طلاق کو ایک قرر دینا) جائز ہے تو پھر ''متعۃ النساء'' بھی جائز ہے و لا یقول به المُحدِّثون (یعنی، اور مُحدِّثین اس ''متعۃ النساء'' کے جواز کا قول نہیں کرتے)۔(۵۰۸)

**ایک اشکال**: غیر مُقلِّد کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے اس فیصلے پر ندامت ہوئی تھی اور وہ دلیل کے طور پر **"اغاثة اللهفان"** (۳۳۶/۱) سے یہ روایت پیش کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود فرماتے ہیں: مَا نَدِمْتُ عَلٰى شَيْءٍ نَدَامَتِيْ عَلٰى ثَلَاثٍ أنْ لَا أكُوْنَ حَرَّمْتُ الطَّلَاقَ الخ یعنی، میں ان تین چیزوں کے علاوہ کسی اور پر اتنا نادم نہیں ہوا کہ جتنا ان تین باتوں پر نادم ہوا ہوں، ایک یہ کہ میں طلاق کو حرام نہ کرتا الخ

**جواب**: یہ روایت قابلِ استدلال نہیں کیونکہ اس کی سند میں ایک راوی ''خالد بن یزید بن عبدالرحمٰن بن اُبی مالک'' ہے، جمہور مُحدِّثین نے اس کی تضعیف کی ہے چانچہ امام یحییٰ نے اس راوی کے متعلق فرمایا: لیس بشیء، امام نسائی نے فرمایا کہ وہ ثقہ نہیں، امام دارقطنی نے فرمایا: وہ ضعیف ہے، امام ابو داوٗد نے اسے ضعیف کہا اور ایک مرتبہ متروک الحدیث فرمایا اور امام یعقوب بن سفیان نے فرمایا کہ وہ ضعیف ہے اور مُحدِّث ابن جارود، امام ساجی، اور حافظ عقیلی نے بھی انہیں ضعفاء میں ذکر کیا جیسا کہ علامہ ابن حجر عسقلانی نے ''**تہذیب التهذيب**'' (۵۰۹) میں نقل کیا ہے۔

## حدیث ابن عباس سے عدم تمسّک:

علامہ عبدالحمید محمود طہماز لکھتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا تین طلاقوں

۵۰۸۔ فتاویٰ ثنائیہ، المجلد (۲)، کتاب النکاح، باب ھفتم، ص۲۱۶۔۲۱۷

۵۰۹۔ تهذيب التهذيب، المجلد(۲)، حرف الخاء، خالد بن يزيد، ص۸۰۔۸۱

www.waseemziyai.com

کے وقوع کا فتویٰ صحت کے ساتھ ثابت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ علماءِ دین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی اس حدیث سے تمسّک سے اِعراض کرتے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کی مختلف تاویلیں کی ہیں الخ(۵۱۰)

ایک بے بنیاد الزام: ان کے جھوٹوں میں سے ایک بڑا جھوٹ یہ بھی ہے کہ لکھتے ہیں کہ حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کی تجویز کردہ سزا (کہ تین طلاقیں تین ہی قرار پائیں گی) لوگوں کے لئے کچھ دنوں تک متواتر رہی پھر صحابہ کرام کی ایک جماعت نے حضرت عمر کے اس حکم سے خُروج سے احتراز کیا، مگر دوسرے گروہ نے اس حکم کو تعزیر وزجر ہی سمجھا، چنانچہ طلاق دینے والے کی حالت کو سامنے رکھ کر کبھی انہوں نے ایک طُہر کی تین طلاقوں کو لازم کر دیا، کبھی اُسے ایک قرار دیا الخ(۵۱۱)

یہ حضرت عمر اور صحابہ کرام علیہم الرضوان پر الزام اور دین متین پر صریح افتراء ہے اور اگر ایسا ہی ہے جیسا کہ موصوف نے لکھا تو یہ تصریح کیوں نہیں کی کہ کس صحابی یا تابعی نے یہ خبر دی کہ اس حکم کے ساتھ ایسا معاملہ ہوا اور پھر اس گروہ میں کون سے صحابہ شامل تھے، جنہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم سے خروج سے احتراز کیا اور کون سے صحابہ اس گروہ میں شامل ہیں کہ جنہوں نے اس حکم کو تعزیر و زجر ہی سمجھا پھر دونوں گروہوں کے فتاویٰ کہاں ہیں اور اگر فتاویٰ ہیں تو پھر یہ بات کہاں سے ثابت ہوئی کہ یہ فتاویٰ اس حکم کے بعد کے ہیں وغیر ذالك۔

## طلاقِ ثلاثہ اور مُتعہ کی تحریم:

اس حدیث (یعنی حدیث ابن عباس) کے بارے میں حافظ ابن حجر نے ''فتح الباری'' میں جو لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ بالجملہ جو اس (یعنی بیک وقت دی گئی تین طلاقوں کے وقوع کے) مسئلہ میں واقع ہوا ہے اس کی مثل ہے جو مُتعہ کے مسئلہ میں واقع

---

۵۱۰۔ الفقه الحنفی فی ثوبه الجدید، المجلد (۲)، أقسام الطلاق، ص۱٦۷

۵۱۱۔ رسالہ تین طلاق، مصنّفہ مفتی محمد یسین (غیر مُقلّد)، ص۱۹

www.waseemziyai.com

ہوا یعنی دونوں برابر ہیں، پس راجح دونوں مسئلوں میں اس اجماع کی بنا پر جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں منعقد ہوا، تحریم مُتعہ اور تین طلاقوں کا وقوع ہے، اور یہ محفوظ نہیں کہ کسی نے دونوں مسئلوں میں سے کسی ایک مسئلہ کی بھی مخالفت کی ہو اور ان حضرات کے اِجماع نے وجودِ ناسخ پر دلالت کی اگرچہ یہ ناسخ اس سے قبل ان میں سے بعض پر مخفی رہا، حتی کہ یہ ناسخ سب کے لئے عہدِ فاروقی میں ظاہر ہوا، پس اس اِجماع کے بعد اس کی مخالفت کرنے والا اِجماعِ صحابہ کو پھینکنے والا ہے اور جس نے صحابہ کرام کے اس اتفاق کے بعد نیا اختلاف پیدا کیا ہم اس کا اعتبار نہیں کرتے۔(۵۱۲)

## چوتھا باطل استدلال:

امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ روایت کرتے ہیں:

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنِیُ أَبِیُ ثَنَا سَعُدِ بُنِ إِبُرَاهِیُمَ ثَنَا أَبِیُ عَنُ مُحَمَّدِ بُنِ إِسُحَاقِ حَدَّثَنِیُ دَاوُدُ بُنُ الُحُصَیُنِ عَنُ عِکُرَمَةَ مَوُلٰی ابُنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابُنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَلَّقَ رُکَانَةُ بُنُ عَبُدِ یَزِیُدٍ أَخُوُ بَنِیُ مُطَّلِبِ امُرَأَتَهُ ثَلَاثاً فِیُ مَجُلِسٍ وَاحِدٍ فَحَزَنَ عَلَیُهَا شَدِیُداً قَالَ: فَسَأَلَهُ رَسُوُلُ اللّٰهِ ﷺ: "کَیُفَ طَلَّقَهَا؟"، قَالَ: طَلَّقَهَا ثَلَاثاً فِیُ مَجُلِسٍ وَاحِدٍ، قَالَ: نَعَمُ، قَالَ: "إِنَّمَا تِلُكَ وَاحِدَةٌ فَارُجِعُهَا إِنُ شِئُتَ"، قَالَ: فَرَجَعَهَا۔ (۵۱۳)

یعنی، عبداللہ، از سعد بن ابراہیم، از ابراہیم، از محمد ابن اسحاق، از داؤد بن الحصین، از عکرمہ از ابن عباس اور حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ رُکانہ بن عبد یزید نے اپنی بیوی کو ایک مجلس میں تین طلاقیں دے دیں تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے پوچھا کہ کتنی طلاقیں دیں

۵۱۲۔ مواهب الجليل: ۷۷/۳

۵۱۳۔ المسند للإمام أحمد بن حنبل، المجلد(۱)، مسند ابن عباس، ص۲۶۸

www.waseemziyai.com

انہوں نے کہا ایک مجلس میں تین طلاقیں تو آپ نے فرمایا وہ صرف ایک طلاق ہے اگر چاہے تو رجوع کر لے اور انہوں نے رجوع کرلیا۔

## مسند امام احمد کی روایت سے استدلال کا ابطال:

اس روایت سے استدلال باطل ہے:

پہلی وجہ: اس روایت کو جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ، اور سنن ابی داؤد کی روایت پر ترجیح دینا عدل وانصاف سے سخت بعید ہے کیونکہ ان میں صحیح سند کے ساتھ مروی ہے کہ حضرت رکانہ نے اپنی بیوی کو ''طلاق البتۃ'' دی تھی نہ کہ تین طلاقیں اور اہلِ علم سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ ''مسند امام احمد'' میں صرف احادیثِ صحیحہ کو جمع کرنے کا التزام نہیں کیا گیا۔ اس میں ضعیف، اَحسن اور صحیح ہر قسم کی احادیث ہیں اس کے برعکس جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ اور سنن ابی داؤد میں صرف صحیح احادیث کو جمع کرنے کا التزام کیا گیا ہے اسی لئے ''مسند امام احمد'' کو صحاح میں شمار نہیں کیا جاتا ہے۔

دوسری وجہ: امام ابو داؤد نے تینوں روایات یزید بن رُکانہ سے روایت کی ہیں، اسی طرح امام ترمذی، امام ابن ماجہ اور امام دارمی نے بھی یہ حدیث حضرت رُکانہ کے بیٹے یزید سے روایت کی ہے جبکہ امام احمد نے حضرت رکانہ کے بیٹے یا آپ کے گھر کے کسی بھی فرد سے روایت نہیں کی تو یہ بالکل معقول اور انصاف کی بات ہے کہ حضرت رُکانہ کے گھر کا واقعہ وہی درست ہوگا جو انکے بیٹے نے بیان کیا اور انکے بیٹے کی روایت کے خلاف اگر کسی غیر متعلق شخص نے کوئی واقعہ بیان کیا ہے تو وہ درست قرار نہیں دیا جاسکتا۔

تیسری وجہ: یہ روایت صحیح نہیں ہے کیونکہ علامہ ابن جوزی نے لکھا کہ اسکی سند کا ایک

www.waseemziyai.com

راوی ابن اسحاق مجروح ہے اور داؤد اس سے بھی زیادہ ضعیف ہے اور ابن حبان نے کہا اسکی روایت سے اجتناب واجب ہے، داؤد بن الحصین کے بارے میں علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں کہ علی بن مدینی نے کہا داؤد نے جو احادیث عکرمہ سے روایت کی ہیں وہ منکر ہیں اور ابن عینیہ نے کہا کہ ہم داؤد کی احادیث سے اجتناب کرتے ہیں، ابو حاتم نے کہا ابو داؤد قوی نہیں ہے اور عکرمہ سے اسکی احادیث منکر ہیں۔ (۵۱٤)

اور امام ابوبکر جصاص رازی نے ''احکام القرآن'' میں ''مسند امام احمد'' کی اس روایت کے بارے میں یہ قول نقل کیا ہے کہ یہ حدیث منکر ہے اور امام ابن ہمام نے بھی ''فتح القدیر'' میں اس حدیث کو منکر قرار دیا ہے اور ابو داؤد، ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت کو صحیح کہا ہے۔

اس روایت کے ایک راوی محمد بن اسحاق کے بارے میں حافظ جمال الدین ابو الحجاج المزی متوفی ۷۴۲ھ لکھتے ہیں کہ ''امام نسائی نے فرمایا یہ قوی نہیں ہے، ابو الحسن میمونی نے کہا میں نے یحیٰی بن معین سے سُنا کہ محمد بن اسحاق ضعیف ہے، ابو داؤد نے کہا یہ لوگوں کی کُتُب احادیث لیکر اپنی کتاب میں داخل کرتا تھا، مالک نے کہا ابن اسحاق ''دجّال من الدجّالہ'' اور حافظ ابوبکر نے کہا ابن اسحاق کی روایات سے حُجت پکڑنے میں بے شمار علماء متعدّد اسباب کی وجہ سے رُکے ہیں اُن اسباب میں سے اسکا شیعہ ہونا، فرقہ قدریہ کی طرف منسوب ہونا اور مدلس ہونا ہے۔'' (۵۱۵)

## حضرت رُکانہ کے تین طلاق دینے کے متعلق ''سنن ابی داؤد'' کی ایک شاذ روایت:

ابو داؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ روایت کرتے ہیں کہ:

۵۱٤۔ تهذيب التهذيب، المجلد(۳)، من اسمه داؤد، ص٤

۵۱۵۔ تهذيب الكمال فی أسماء الرجال، المجلد(١٦)، باب الجيم، ص٧٦ تا ٨٠

www.waseemziyai.com

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نا ابْنُ جَرِيْجٍ أَخْبَرَنِي بَعْضُ بَنِي أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى النَّبِيِّ ﷺ عَنْ عِكْرَمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ (إلىٰ) قَالَ إِنِّي طَلَّقْتُهَا ثَلَاثًا يَارَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: قَدْ عَلِمْتُ رَاجِعْهَا وَتَلَا ﴿يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ﴾۔(۵۱۶)

یعنی، از احمد بن صالح، از عبدالرزاق، از ابن جریج، اور وہ کہتے ہیں کہ مجھے بعض بنی ابی رافع نے خبر دی، از عکرمہ، از ابن عباس کہ عبد یزید ابو رکانہ نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رجوع کرلو تو انہوں نے رسول اللہ کی بارگاہ میں عرض کی یارسول اللہ میں نے اُسے تین طلاقیں دی ہیں، آپ نے فرمایا میں جانتا ہوں تم اس سے رجوع کرلو اور آپ ﷺ نے قرآن کی آیت ﴿یاأَیُّهَا النَّبِیُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ﴾ (الایة) تلاوت فرمائی۔

## یہ روایت ضعیف ہے:

پہلی وجہ: اس روایت سے استدلال صحیح نہیں کیونکہ سند میں ابو رافع کی اولاد یں کہا گیا، راوی کا نام نہیں لیا گیا۔ اور مجہول راوی کی روایت دلیل نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ امام ابوسلیمان احمد بن محمد خطّابی بُستی متوفی ۳۸۸ھ اس روایت کے تحت لکھتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں مقال ہے کیونکہ ابن جریج نے اس حدیث کو بعض بنو رافع سے روایت کیا ہے اور اس سے سُنا نہیں ہے اور مجہول سے حُجت قائم نہیں ہوتی (۵۱۷)

دوسری وجہ: اگر یہ کہا جائے کہ "مستدرک" کی بعض روایت میں بنو ابی رافع کی تعیین محمد بن عبداللہ بن ابی رافع سے کردی گئی ہے۔ تو عرض یہ ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی

۵۱۶۔ سنن أبی داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۱۰) نسخ المراجعة الخ، ص۴۴۸، الحدیث:۲۱۹۶

۵۱۷۔ معالم السنن شرح أبی داؤد، المجلد (۲)، الجزء (۳)، کتاب الطلاق، باب نسخ المراجعة الخ، ص۲۰۳

www.waseemziyai.com

متوفی ۸۵۲ھ اس کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ”امام بخاری نے کہا یہ منکر الحدیث ہے، ابن معین نے کہا یہ لیس بشیٔ (کچھ بھی نہیں)، ابو حاتم نے کہا یہ ضعیف الحدیث، منکر الحدیث اور ذاہب الحدیث ہے، ابن عدی نے اسے شیعہ شمار کیا ہے، برقانی نے امام دار قطنی سے روایت کیا ہے کہ یہ متروک الحدیث ہے۔“ (۵۱۸)

## اس روایت سے استدلال کا ساقط ہونا:

مُدرّس حرم مکی شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں ہمارے شیخ نے فرمایا کہ اس حدیث سے استدلال ظاہر السقوط ہے کیونکہ ابن جریج نے اس حدیث کی سند میں فرمایا کہ مجھے بعض بن ابی رافع نے خبر دی، اور یہ مجہول سے روایت ہے معلوم نہیں کہ وہ کون ہے تو اس کا ساقط ہونا ظاہر ہے جیسا کہ تو نے دیکھا۔ (۵۱۹)

## یہ روایت حِلّت وحُرمت میں نا قابل استدلال ہے:

کیونکہ اس روایت کی سند اس پائے کی نہیں جس سے حلال وحرام میں استدلال کیا جاسکے اس لئے کہ اس روایت سے وہ چیز حلال ہورہی ہے جو قرآن مجید اور احادیثِ صحیحہ کی صراحت سے حرام ہو چکی ہو اور ائمہ اربعہ اور جمہور کا جس کے حرام ہونے پر اتفاق ہے۔

اور امام ابو جعفر طحاوی متوفی ۳۲۱ھ لکھتے ہیں اور ان سے امام ابو بکر جصّاص رازی نقل کرتے ہیں کہ یہ روایت (جس میں حضرت رُکانہ کے تین طلاق دینے کا ذکر ہے) منکر ہے اور یہ روایت اس روایت کے مخالف ہے جو اس سے اَولیٰ ہے (۳۷۰) لہٰذا اس روایت سے استدل درست نہیں۔

## اس روایت میں احتمال:

امام ابو سلیمان محمد بن محمد بن ابراہیم خطّابی بُستی متوفی ۳۸۸ھ لکھتے ہیں کہ حدیثِ

۵۱۸۔ تهذيب التهذيب، المجلد(۹)، ص ۳۲۱

۵۱۹۔ مواهب الجليل من أدلّة الخليل، المجلد (۳)، كتاب النكاح، ص ۷۲

۵۲۰۔ مختصر اختلاف العلماء، المجلد (۲)، كتاب الطلاق (۹۷۹)، فيمن طلّق ثلاثاً، ص ۴۶۳

www.waseemziyai.com

ابن جریج کو راوی نے بغیر لفظ کے معنی کے ساتھ روایت کیا اور وہ اس لئے کہ فقہاء نے ''بتہ'' میں اختلاف کیا تو ان کے بعض نے کہا یہ تین طلاقیں ہیں اور بعض نے کہا کہ ایک طلاق، اور راوی گویا کہ ''بتہ'' کو تین طلاقیں قرار دینے والوں کے مذہب پر چلا تو اس نے یہ حکایت کر دیا کہ حضرت رُکانہ نے فرمایا کہ میں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، راوی کی مُراد اِس سے ''بتہ'' ہے کہ جس کا حکم اس کے نزدیک تین کا حکم ہے واللہ تعالیٰ أعلم۔ (۵۲۱)

اور شارح صحیح بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں امام ابوداؤد نے اس روایت کو ترجیح دی ہے کہ حضرت رُکانہ نے اپنی بیوی کو ''طلاق البتۃ'' دی تھی اور یہ تعلیل قوی ہے کہ بعض راویوں نے ''البتۃ'' کو تین پر محمول کر دیا۔ پس یہ وہ نکتہ ہے جس سے حضرت ابن عباس سے رُکانہ کی تین طلاق والی روایت سے استدلال موقوف ہوگا۔ (۵۲۲)

مُدرّس حرمِ مکی شیخ احمد بن احمد مختار جکنی شنقیطی لکھتے ہیں کہ محل نزاع میں اس روایت میں اگر کوئی دلالت ہو تو میں اس کے ساتھ اس کو مِلا دوں گا کہ امام ابوداؤد نے اسے ترجیح دی ہے کہ رُکانہ نے اپنی بیوی کو طلاق بتہ دی تھی جیسا کہ امام ابوداؤد نے اسے آلِ رُکانہ کے طریق سے روایت کیا ہے، اسی وجہ سے ممکن ہے کہ اس کے کسی راوی نے ''بتہ'' کو ''تین'' پر محمول کر دیا ہو، پس کہہ دیا ہو کہ انہوں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، علامہ ابن حجر نے فرمایا کہ اسی نکتہ سے حدیثِ ابن عباس (یعنی حدیث ابن اسحاق از داؤد بن الحصین، از عکرمہ، از ابن عباس) سے استدلال موقوف ہوتا ہے۔ (۵۲۳)

---

۵۲۱۔ معالم السنن شرح أبی داؤد، المجلد (۲)، الجزء (۳)، کتاب الطلاق، باب نسخ المراجعة الخ، ص۲۰٤

۵۲۲۔ فتح الباری، المجلد (۱۲)، الجزء (۹)، القسم الثانی، کتاب (٦٨) الطلاق، باب (٤) من جوّز الطلاق الثلاث، ص٤٥٤، الحدیث: ٥٢٦١

۵۲۳۔ مواهب الجلیل من أدلّة الخلیل، المجلد (۳)، کتاب النکاح، ص ۷۱

www.waseemziyai.com

## حضرت رُکانہ کے متعلق صحیح روایت:

حضرت رکانہ کے واقعہ کو صحیح سند کے ساتھ ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی نے روایت کیا ہے۔ امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث متوفی ۲۷۵ھ (۵۲۴) نے اس کو مختلف تین سندوں کے ساتھ بیان کیا ہے اور علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ (۵۲۵) نے ''سنن ابی داؤد'' کے حوالے سے روایت نقل کی ہے اور امام ابوداؤد کے الفاظ یہ ہیں:

أَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِ يَزِيْدِ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ سُهَيْمِيَّةَ الْبَتَّةَ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ ﷺ بِذٰلِكَ، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتَّ إِلَّا وَاحِدَةً"؟، قَالَ رُكَانَةُ: وَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً، فَرَدَّهَا إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ، فَطَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ فِيْ زَمَانِ عُمَرَ، وَالثَّالِثَةَ فِيْ زَمَانِ عُثْمَانَ۔

یعنی، بیشک رُکانہ بن عبد یزید نے اپنی بیوی سہیمیہ کو ''طلاق البتۃ'' دی نبی کریم ﷺ کو اس بارے میں بتایا گیا اور حضرت رُکانہ نے قسم کھا کر کہا کہ میرا ایک ہی طلاق کا ارادہ تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے پھر حلفیہ پوچھا کہ کیا تمہارا ایک ہی کا ارادہ تھا......؟ تو حضرت رُکانہ نے کہا کہ قسم بخدا میں نے نہیں ارادہ کیا مگر ایک کا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے انکی بیوی کو ان کی طرف پھیر دیا۔ پھر حضرت رُکانہ نے حضرت عمر کے دَورِ خلافت میں دوسری طلاق دی اور حضرت عثمان کے دور میں تیسری طلاق دی۔

امام ابوداؤد نے اسی رُکانہ کی حدیث کے بارے میں بَابُ بَقِيَّةِ نَسْخِ الْمُرَاجَعَةِ بَعْدَ التَّطْلِيْقَاتِ الثَّلَاثِ میں لکھا کہ أَنَّ

۵۲۴۔ سنن أبي داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۱۴) فی البتۃ، ص ۵۵ ٤، الحدیث: ۲۲۰٦

۵۲۵۔ جامع المسانید و السنن، المجلد (۳۲)، مسند ابن عباس، ص ۱۱۱، الحدیث: ۲۸٤۵

رُكَانَةَ إِنَّمَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ أَلْبَتَّةَ فَجَعَلَهَا النَّبِيُّ ﷺ وَاحِدَةً۔ (٥٢٦)

یعنی، بے شک حضرت رُکانہ نے اپنی بیوی کو طلاق البتۃ دی تو نبی کریم ﷺ نے اس کو ایک قرار دیا۔

## حضرت رُکانہ سے متعلق صحیح حدیث کی تقویت:

طلاق البتۃ والی حدیث کی تائید دیگر صحیح روایات سے ہوتی ہے جنہیں امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ نے ''جامع ترمذی'' (٥٢٧) میں اور امام محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ نے ''سنن ابن ماجہ'' (٥٢٨) میں، امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۵ھ نے ''سنن دارمی'' (٥٢٩) میں، امام محمد بن حبان بن احمد بُستی متوفی ۳۵۴ھ نے اپنی ''صحیح'' میں اور ان سے امام علاؤ الدین علی بن بلبان فارسی متوفی ۷۳۹ھ ''الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان'' (٥٣٠) میں، اور حافظ نورالدین علی بن ابی بکر ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ نے ''موارد الظمآن'' (٥٣١) روایت کیا ہے۔

اگر یہ کہا جائے کہ تین طلاق والی حدیث ''سنن ابی داؤد'' میں بھی موجود ہے تو پھر یہ بھی مخفی نہیں ہوگا کہ امام ابوداؤد نے تین طلاق کی حدیث ذکر کرنے کے بعد ''طلاق البتۃ'' والی حدیث بھی ذکر کی ہے اور اسے ہی اَصح (صحیح تر) قرار دیا ہے۔ اسی طرح امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ھ نے بھی دونوں روایتوں میں ''طلاق البتۃ'' والی روایت کو اَصح کہا ہے (٥٣٢) اور امام ابوداؤد لکھتے ہیں:

---

٥٢٦۔ سنن أبي داؤد، المجلد(٢)، كتاب(٧) الطلاق، باب(١٠) نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث، ص٤٤٩، الحديث:٢١٩٦

٥٢٧۔ جامع الترمذي، المجلد(٢)، أبواب(١١) الطلاق واللعان، باب(٢) ماجاء في الرجل طلّق امرأته البتة، ص٢٣٢، ٢٣٣، الحديث:١١٧٧

٥٢٨۔ سنن ابن ماجة، كتاب(١٠) الطلاق، باب(١٩) طلاق البتة، ص٢٥١، الحديث:٢٠٥١

٥٢٩۔ سنن الدارمي، المجلد(٢)، كتاب الطلاق، باب في الطلاق البتة، ص١٣٥

٥٣٠۔ الإحسان بترتيب صحيح ابن حبّان، المجلد(٤)، الجزء(٦)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، ص٢٣٥، الحديث:٤٢٦

٥٣١۔ موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبّان، كتاب الطلاق، ص٣٢١

٥٣٢۔ السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد(٧)، كتاب الطلاق، باب(١٥) من جعل الثلاث واحدةً الخ، ص٥٥٥، الحديث:١٤٩٨٦

www.waseemziyai.com

هٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ جَرِيْجٍ أَنَّ رُكَانَةَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا لِأَنَّهُمْ أَهْلُ بَيْتِهِ وَهُمْ أَعْلَمُ بِهِ۔(۵۳۳)

یعنی، یہ ''طلاق البتۃ'' والی حدیث ابن جریج کی روایت کی بنسبت صحیح ہے جس میں ہے کہ حضرت رُکانہ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی تھیں کیونکہ طلاق البتۃ والی روایت حضرت رُکانہ کے اہلِ بیت سے ہے اور وہ اپنے گھر کے واقعات دوسروں کی نسبت زیادہ جاننے والے تھے۔

اور امام ابوسلیمان محمد بن محمد خطّابی بُستی متوفی ۳۸۸ھ لکھتے ہیں: امام ابوداؤد نے فرمایا یہ روایت اَولیٰ ہے کیونکہ وہ اس شخص کا بیٹا اور اس کے گھر والے ہیں اور وہ اس واقعہ کو دوسروں کی نسبت زیادہ جانتے ہیں(۵۳۴)

امام ابوداؤد نے ''طلاق البتۃ'' کی تینوں احادیث یزید بن رُکانہ سے روایت کی ہیں اسی طرح امام ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے بھی۔ اس کے برعکس طلاقِ ثلاثہ کی روایت ''مسند امام احمد'' میں ہو یا ''سنن ابوداؤد'' میں وہ ابن جریج سے ہے۔ لہٰذا عین انصاف یہی ہے کہ حضرت رُکانہ کے گھر کا واقعہ وہی درست ہوگا جو ان کے اپنے بیٹے نے بیان کیا اور ان کے برخلاف کوئی دوسرا اگر کوئی واقعہ بیان کرے اسے درست قرار نہیں دیا جاسکتا۔

امام ابن ماجہ نے لکھا:

سَمِعْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ الطَّنَافِسِيَّ يَقُوْلُ: مَا أَشْرَفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ۔ (۵۳۵)

یعنی، میں نے سُنا کہ ابوالحسن علی بن محمد طنافسی نے فرمایا ''طلاق البتۃ'' والی حدیث اَشرف الاسناد ہے۔

۵۳۳۔ سنن أبی داؤد، المجلد(۲)، کتاب(۷) الطلاق، باب(۱٤) فی البتہ، ص٤٥٦، الحدیث:۲۲۰۸

۵۳٤۔ معالم السنن شرح سنن أبی داؤد، المجلد (۲)، الجزء (۳)، کتاب الطلاق، باب نسخ المراجعة الخ، ص۲۰٤

۵۳۵۔ سنن ابن ماجة، المجلد(۲)، کتاب(۱۰) الطلاق، باب(۱) طلاق البتة، الحدیث:۲۰۵۱

www.waseemziyai.com

امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ھ حضرت رُکانہ کی تین طلاق دینے والی روایت کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

"وَهٰذَا الْإِسْنَادُ لَا تَقُوْمُ بِهِ الْحُجَّةُ مَعَ ثَمَانِيَةٍ رَوَوْا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فُتْيَاهُ يُخَالِفُ ذٰلِكَ وَمَعَ رِوَايَةِ أَوْلَادِ رُكَانَةَ أَنَّهُ طَلَاقُ رُكَانَةَ كَانَ وَاحِدَةً۔ (۵۳۶)

یعنی، تین طلاق والی سب روایات ضعیف ہیں ان سے حُجت قائم نہیں ہوگی حضرت ابن عباس کے فتاویٰ کی آٹھ روایات اس کے خلاف ہیں پھر اولادِ رُکانہ سے بھی ''طلاق البتہ'' کی روایت ہے لہٰذا طلاق ثلاثہ والی روایت معتبر نہیں۔

شارح مسلم شیخ الاسلام محی الدین یحییٰ بن شرف النووی متوفی ۶۷۶ھ لکھتے ہیں:

وَأَمَّا الرِّوَايَةُ الَّتِي رَوَاهَا الْمُخَالِفُوْنَ أَنَّ الرُّكَانَةَ طَلَّقَ ثَلَاثاً فَجَعَلَهَا وَاحِدَةً فَرِوَايَةٌ ضَعِيفَةٌ عَنْ قَوْمٍ مَّجْهُوْلِيْنَ، وَإِنَّمَا الصَّحِيْحُ مِنْهَا مَا قَدَّمْنَا أَنَّهُ طَلَّقَهَا أَلْبَتَّةَ، وَلَفْظُ أَلْبَتَّةَ مُحْتَمِلٌ لِلْوَاحِدَةِ وَلِلثَّلَاثِ، وَلَعَلَّ صَاحِبَ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ الضَّعِيفَةِ اعْتَقَدَ أَنَّ لَفْظَ أَلْبَتَّةَ يَقْتَضِي الثَّلَاثَ فَرَوَاهُ بِالْمَعْنَى الَّذِيْ فَهِمَهُ وَغَلَطَ فِيْ ذٰلِكَ۔ (۵۳۷)

یعنی، بہرحال وہ روایت جس کو مخالفین نے روایت کیا ہے کہ رُکانہ نے تین طلاقیں دی تھیں اور اس کو ایک قرار دیا گیا پس یہ روایت کمزور ہے کیونکہ راوی مجہول (یعنی غیر معروف) ہیں اور صحیح (روایت) وہ ہے جو ہم نے پہلے لکھی کہ حضرت رُکانہ نے اپنی

---

۵۳۶۔ سنن الکبریٰ، المجلد(۷)، کتاب الخلع والطلاق، باب(۱۵) من جعل الثلاث الخ، ص۵۵۵، الحدیث:۱۴۹۸۷

۵۳۷۔ شرح صحیح مسلم للنووی، المجلد(۵)، الجزء(۱۰)، کتاب(۱۸) الطلاق، باب(۲) طلاق الثلاث، ص۶۱، الحدیث:۱۶(۱۴۷۲)

www.waseemziyai.com

بیوی کو طلاق ''البتۃ'' دی تھی۔ اور لفظ ''البتۃ'' میں ایک اور تین کا احتمال ہے شاید روایتِ ضعیفہ کے راوی نے یہ سمجھ لیا کہ لفظ ''البتۃ'' تین پر بولا جاتا ہے۔ پس اپنی سمجھ میں آنے والے معنی کی یہ روایت کردی اور اس میں غلطی کی۔

اور محقق علی الاطلاق امام کمال الدین محمد بن عبدالواحد المعروف بابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں ''رُکانہ کی (تین طلاق والی) حدیث منکر ہے اور صحیح روایت وہ ہے، جو ابو داؤد، ترمذی اور ابن ماجہ میں ہے کہ رُکانہ نے اپنی بیوی کو ''طلاق البتۃ'' دی تھی۔'' (۵۳۸)

اور شارح صحیح مسلم امام قاضی ابوالفضل عیاض بن موسیٰ متوفی ۵۴۴ھ لکھتے ہیں اور مگر حدیثِ رُکانہ صحیح یہ ہے کہ حضرت رُکانہ نے اپنی بیوی کو ''طلاق البتۃ'' دی پھر بارگاہِ رسالت ﷺ میں آئے اور عرض کی میں نے صرف ایک طلاق کا ارادہ کیا تھا آپ ﷺ نے پوچھا تم نے کیا ارادہ کیا؟ حضرت رکانہ نے عرض کی ایک کا، تو آپ نے پھر حلفیہ پوچھا تو انہوں نے کہا واللہ (بخدا) تو حضور ﷺ نے فرمایا اتنی ہی طلاقیں واقع ہوئیں جن کا تو نے ارادہ کیا:

فَلَوْ كَانَتِ الثَّلَاثُ لَا تَقَعُ، لَمْ يَكُنْ لِتَحْلِيفِهِ مَعْنىً، وَهٰذَا الرِّوَايَةُ أَصَحُّ مِنْ رِوَايَتِهِمْ، أَنَّ رُكَانَةَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً، لِأَنَّ رُوَاتَهَا أَهْلُ بَيْتِ رُكَانَةَ وَهُمْ أَعْلَمُ بِقِصَّةِ صَاحِبِهِمْ۔ (۵۳۹)

یعنی، پس اگر تین طلاقیں واقع نہ ہوتیں تو حضور ﷺ کے حضرت رکانہ سے حلف اٹھوانے کا کوئی مطلب نہیں اور یہ (''طلاق البتۃ'' والی) روایت ان کی روایت سے اَصَح (صحیح تر) ہے، اُن کی روایت ہے کہ حضرت رُکانہ نے تین طلاقیں دیں، کیونکہ ''طلاق

---

۵۳۸۔ فتح القدیر شرح الهداية، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، ص ۲۳۱

۵۳۹۔ إكمال المعلم، المجلد(۵)، كتاب(۱۸) الطلاق، باب(۲) طلاق الثلاث، ص ۲۰

www.waseemziyai.com

البتہ'' کے راوی حضرت رُکانہ کے گھر والے ہیں اور وہ اپنے صاحب (یعنی حضرت رُکانہ) کے قصے کو زیادہ جانتے ہیں۔

حضرت علامہ علی بن سلطان المعروف بملا علی قاری متوفی ۱۰۴۱ھ لکھتے ہیں پس یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اگر حضرت رُکانہ تین طلاقوں کا ارادہ کر لیتے تو تینوں ہی واقع ہو جاتیں:

وَإِلَّا فَلَمْ يَكُنْ لِتَحْلِيفِهِ مَعْنىً۔(۵۴۰)

یعنی، ورنہ حلف لینے کا کوئی مطلب نہیں۔

علامہ محمود آلوسی بغدادی متوفی ۱۲۷۰ھ لکھتے ہیں ''اس ایک لفظ سے تین طلاق کے وقوع کی صحت کا ارادہ کیا جاتا ہے کیونکہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اگر حضرت رُکانہ ایک سے زیادہ کی نیت کرتے تو واقع ہو جاتیں ورنہ حلف لینے کا کوئی فائدہ نہیں'' (۵۴۱)

## عدالت وضبط کے اعتبار سے حضرت رُکانہ سے متعلق ''طلاق البتہ'' والی احادیث:

امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ کی روایت کردہ حدیث کی سند۔ ہے کہ انہوں نے یہ حدیث ہناد، از قبیصہ، از جریر بن حازم، از زبیر بن سعید، از عبداللہ بن علی بن یزید بن رُکانہ سے روایت کی ہے۔

اب ہم اس حدیث کی سند کے تمام روات کی عدالت وضبط لکھتے ہیں۔

**ھناد**: یہ اس حدیث کے پہلے راوی ہیں، انکے بارے میں علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۶ھ لکھتے ہیں، امام احمد بن حنبل نے کہا تم ہناد کو لازم رکھو۔ ابو حاتم نے کہا کہ وہ سچے ہیں، قتیبہ نے کہا کہ وکیع ہناد سے زیادہ کسی کی تعظیم نہیں کرتے تھے، امام نسائی نے کہا کہ وہ ثقہ ہیں، امام ابن حبان نے بھی ان کا ثقات میں ذکر

---

۵۴۰۔ مرقات، المجلد(۶)، کتاب النکاح، باب الخلع والطلاق، الفصل الثالث، ص۲۹۳

۵۴۱۔ تفسیر روح المعانی، المجلد(۱)، الجز(۲)، البقرة، بحث فی ﴿الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ﴾، ص۱۳۹

www.waseemziyai.com

کیا ہے۔(۵۴۲)

**قبیصہ**: یہ اس حدیث کے دوسرے راوی ہیں، حافظ ابن حجر متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں، حافظ ابوزرعہ سے قبیصہ اور ابونعیم کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا دونوں میں قبیصہ افضل ہیں۔ ابن ابی حاتم کہتے ہیں میں نے اپنے والد سے قبیصہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا وہ بہت سچے ہیں، اسحاق بن یسار نے کہا میں نے اپنے شیوخ میں سے قبیصہ سے بڑھ کر کوئی حافظ نہیں دیکھا، ابن خراش نے کہا وہ سچے ہیں، امام نسائی نے کہا ان سے روایت میں کوئی حرج نہیں، اور امام ابن حبان نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے، احمد بن مسلم نے کہا ہناد جب ان کا ذکر کرتے تو کہتے وہ صالح ہیں۔(۵۴۳)

**جریر بن حازم**: یہ اس حدیث کے تیسرے راوی ہیں، حافظ ابن حجر متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں کہ موسیٰ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا حماد جتنی تعظیم ان کی کرتے تھے کسی اور کی نہیں کرتے، عثمان دارمی نے ابن معین سے نقل کیا کہ ثقہ ہیں، دوری کہتے ہیں میں نے یحییٰ سے پوچھا کہ جریر بن حازم اور ابوالاشہب میں سے کس کی روایت بہتر ہے انہوں نے کہا کہ جریر کی روایت اَحسن اور اَسند ہے، ابوحاتم نے کہا یہ بہت سچے ہیں اور عجلی بصری نے کہا یہ ثقہ ہیں۔(۵۴۴)

**زبیر بن سعید**: یہ اس حدیث کے چوتھے راوی ہیں، ان کے متعلق حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں کہ دوری نے ابن معین سے نقل کیا کہ یہ ثقہ ہیں، دارقطنی نے کہا یہ معتبر ہیں اور امام بن حبان نے ان کا ثقات میں ذکر کیا ہے۔(۵۴۵)

**عبد اللہ بن علی بن یزید بن رُکانہ**: یہ اس حدیث کے پانچویں راوی ہیں اور یہ

---

۵۴۲۔ تہذیب التہذیب، المجلد(۹)، حرف الھا، ھناد بن السری، ص۷۸

۵۴۳۔ تہذیب التہذیب، المجلد(٦)، حرف القاف، قبیصہ، ص۴۷۹

۵۴۴۔ تہذیب التہذیب، المجلد(۲)، حرف الجیم، جریر بن حازم، ص۳٦-۳۷

۵۴۵۔ تہذیب التہذیب، المجلد(۳)، حرف الزاء، زبیر، ص۱۳۹-۱۴۰

www.waseemziyai.com

خود حضرت رُکانہ کے اہلِ بیت میں سے ہیں حافظ ابن حجر عسقلانی نے لکھا کہ کہ ابن حبان نے اسے ثقات میں ذکر کیا ہے۔(٥٤٦)

## ابن ماجہ کی روایت:

امام ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ کی روایت کی سند یہ ہے

از ابوبکر بن شیبہ وعلی بن محمد از وکیع از جریر بن حازم الخ

**أبو بكر بن أبي شيبه :** علامہ ابن حجر متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں اِن سے امام بخاری، مسلم، ابوداؤد، ابن ماجہ، امام احمد بن حنبل نے حدیثیں روایت کی ہیں اور یحییٰ حمانی نے کہا ابن ابی شیبہ کی اولاد اہلِ علم ہے اور احمد نے کہا ابوبکر سچے ہیں اور مجھے عثمان سے زیادہ محبوب ہیں، عجلی نے کہا وہ ثقہ اور حافظ الحدیث ہیں، ابوحاتم اور ابن خراش نے کہا وہ ثقہ ہیں، محمد بن عمر نے ان کے بارے میں ابن معین سے ابوبکر کے شریک سے سماع کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا ابوبکر ہمارے نزدیک سچے ہیں اگر وہ شریک سے بھی کسی بڑے سے سماع کا دعویٰ کریں تو وہ سچے ہیں، عمر بن علی نے کہا میں نے ابوبکر سے بڑا حافظ الحدیث نہیں دیکھا، ابن خراش نے کہا میں نے ابوزرعہ رازی کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ میں نے ابوبکر بن ابی شیبہ سے بڑا حافظ نہیں دیکھا اور ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے الخ (٥٤٧)

**على بن محمد :** حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں ان سے امام ابن ماجہ، نسائی، ابوزرعہ، ابوحاتم وغیرہم نے حدیثیں روایت کی ہیں، ابوحاتم نے کہا وہ ثقہ اور سچے ہیں اور میرے لئے فضل وصلاح میں ابوبکر بن ابی شیبہ سے زیادہ محبوب ہیں اور ابن حبان نے انہیں ثقات میں ذکر کیا ہے۔(٥٤٨)

**وكيع ابن الجراح:** عبداللہ بن احمد اپنے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا

---

٥٤٦۔ تهذيب التهذيب، المجلد(٤)، حرف العين، عبد الله بن علی، ص ٤٠٤

٥٤٧۔ تهذيب التهذيب، المجلد(٤)، حرف العين، عبد الله، ص ٤٦٤ تا ٤٦٦

٥٤٨۔ تهذيب التهذيب، المجلد(٥)، حرف العين، علی بن محمد، ص ٧٣٧ تا ٧٣٨

www.waseemziyai.com

میں نے وکیع سے بڑا حافظ اور علم کو محفوظ کرنے والا نہیں دیکھا اور وہ حافظ تھے اور عبدالرحمٰن بن مہدی سے زیادہ بڑے حافظ تھے، صالح بن احمد کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا آپ کے نزدیک اَثبت کون ہے وکیع یا عزیز تو انہوں نے فرمایا دونوں، پھر پوچھا زیادہ صالح کون ہے فرمایا دونوں صالح ہیں اگر وکیع بادشاہوں سے اختلاط نہ رکھتا تو میں نے ان سے زیادہ علم محفوظ کرنے والے کو نہیں دیکھا، بشر بن موسیٰ نے احمد سے بیان کیا کہ انہوں نے کہا میں نے حفظ اور اسناد و ابواب اور خشوع و وَرع میں وکیع کی مثل کوئی نہیں دیکھا، احمد بن سہل نے کہا وکیع اپنے وقت کے امام المسلمین تھے اور حنبل نے احمد سے روایت کیا کہ وکیع بڑے فقیہ تھے، نعیم بن محمد طوسی نے کہا میں نے احمد کو یہ فرماتے سُنا کہ وکیع کی تصنیفات کو لازم پکڑو، حسین بن حبان نے ابن معین سے بیان کیا کہ میں نے وکیع سے افضل کسی کو نہیں دیکھا، محمد بن نعیم بلخی فرماتے ہیں کہ میں نے ابن معین سے سُنا کہ اللہ کی قسم میں نے سوائے وکیع کے کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھا جو اللہ کے لئے حدیثیں بیان کرتا ہو ان سے بڑا حافظ کسی کو نہیں دیکھا اور وہ اپنے زمانے میں ایسے تھے جیسے اَوزاعی اپنے زمانے میں تھے (الخ)۔(۵۴۹)

## امام دارمی کی روایت:

امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی متوفی ۲۵۵ھ کی روایت کردہ حدیث کی سند یہ ہے کہ از سلیمان بن حرب از جریر بن حازم الخ

**سلیمان بن حرب**: علامہ ابن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں اس سے امام بخاری اور ابو داؤد وغیرہم نے حدیثیں روایت کی ہیں۔ ابو حاتم نے کہا وہ ائمہ حدیث میں سے ایک امام ہیں، یحییٰ بن اکثم نے کہا وہ ثقہ اور حافظِ حدیث ہیں، یعقوب بن شیبہ نے کہا وہ ثقہ ہے اور صاحبِ حفظ ہیں، امام نسائی نے کہا وہ ثقہ اور مامون ہیں اور

۵۴۹۔ تهذيب التهذيب، المجلد(۹)، حرف الواو، وكيع، ص ۱۴۰ تا ۱۴۳

www.waseemziyai.com

ابن فراشی نے کہا وہ ثقہ ہے۔(۵۵۰)

## غیر مُقلِّدوں کی گستاخی:

قارئین کرام آپ نے متعدّد احادیثِ نبویہ اور صحابہ کرام کے کثیر فتاویٰ اور اسی طرح تابعین عظام کے فتاویٰ پڑھے کہ سب سے ایک ہی بات ثابت ہے کہ ایک وقت میں دی گئی تین طلاقیں تین شمار کی گئیں علاوہ ابوداؤد کی روایات میں ایک غیر صحیح روایت کے اور غیر مدخول بہا کو الفاظ متفرقہ کے ساتھ تین طلاقیں دیئے جانے کے متعلق روایات کے۔ اور غیر مُقلِّد قرآن وسنّت پر افتراء کر کے دین متین میں بگاڑ پیدا کرنے اور مسلمانوں کو حرام کاری پر لگانے کے علاوہ صحابہ کرام وتابعین عظام علیہم الرضوان، ائمہ مجتہدین اور ہزاروں لاکھوں علماء کی شان میں گستاخی کے بھی مرتکب ہیں چنانچہ ان کے پیر مفتی محمد یٰسین لکھتے ہیں: وضاحت مسئلہ ''تین طلاقیں بیک وقت ایک ہی شمار ہوں گی چاہے کئی کھرب دے دے جو لوگ تین طلاق کو تین شمار کرتے ہیں وہ قرآن وحدیث کے منکر ہیں، ایسے لوگ انسانیت اور شریعت کے بھی دشمن ہونے کے علاوہ حضور (ﷺ) کے نافرمان گمراہ ہیں، کیونکہ رسول اللہ (ﷺ) کا یہی فتویٰ ہے کہ تین طلاق بیک مجالس ایک ہی شمار ہوگی، اسی پر صحابہ کرام نے عمل کیا، انہوں نے یہ فتویٰ آپ (ﷺ) کے دست مبارک سے اخذ کیا اس کے خلاف کوئی فتویٰ منقول نہیں''۔(۵۵۱)

## حرام کاری کو رواج دینا:

غیر مُقلِّد چاہتے ہیں کہ حرام کاری رائج ہو کیونکہ آزاد عورت کی طلاقیں تین ہیں اور تین طلاقوں کے بعد عورت مرد پر نصِ قطعی ﴿فَاِنۡ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنۡۢ بَعۡدُ حَتّٰى تَنۡكِحَ زَوۡجًا غَيۡرَهٗ﴾(۵۵۲) سے حرام ہو جاتی ہے پھر بے حلالہ شرعیہ کے دوبارہ

---

۵۵۰۔ تهذيب التهذيب، المجلد(۳)، حرف السين، من إسمه سليمان، ص٤٦٥ تا ٤٦٦

۵۵۱۔ رساله طلاق ثلاثه، مصنّفه محمد يٰسين (غير مُقلِّد)، ص۲۵، (فتاویٰ رسول الله (ﷺ)

۵۵۲۔ البقرة: ۲/۲۳۰

www.waseemziyai.com

اس مرد کے لئے حلال نہیں ہوتی، یہ لوگ ایک مجلس میں یا ایک کلمہ سے دی گئی تین طلاقوں کے بعد بھی عورت کو اس کے شوہر پر حرام قرار نہیں دیتے بلکہ کہتے ہیں کہ متعدد مجالس میں دی گئی تین طلاقوں کے بعد بھی عورت اپنے شوہر پر حرام نہیں، چنانچہ ان کے پیر لکھتے ہیں: میں محمد یٰسین کہتا ہے (ہوں) اگر آدمی ایک دفعہ کے بجائے ایک ماہ تک بھی طلاقیں دیتا رہے تب بھی بلا حلالہ نکاح جائز ہے(۵۵۳)

دوسرے مقام پر لکھا: میں کہتا ہوں تین طلاق کی بجائے اگر تیس دن تک طلاق دیتا رہے تو بھی ایک ہی طلاق رجعی ہوگی چاہے ان کی تعداد ہزاروں بھی ہوئے بلا نکاح عورت کو اپنی طرف لُٹا سکتا ہے۔(۵۵٤)

یہ حرام کاری نہیں کو رواج دینا نہیں تو اور کیا ہے؟

## جمہور اسلاف اور ائمہ کا اتفاق:

جب کہ جمہور اسلاف اور ائمہ فتوی سب کے سب تین طلاق کو تین قرار دیتے ہیں، چنانچہ امام ابوعبداللہ محمد بن احمد انصاری قرطبی لکھتے ہے:

قال علماؤنا: واتفق أئمة الفتوى على لزوم إيقاع الطلاق الثلاث في كلمة واحدة، و هو قول جمهور السلف، ...... و المشهور عن الحجاج بن أرطاة و جمهور السلف و الأئمة أنه لازم واقع ثلاثاً و لا فرق بين أن يوقع ثلاثًا مجتمعةً في كلمة أو متفرّقة في كلماتٍ (٥٥٥)

یعنی، ہمارے علماء نے فرمایا کہ ائمہ فتوی کا اس پر اتفاق ہے کہ ایک کلمہ سے دی تئ تین طلاقیں تینوں لازم ہو جاتی ہیں اور یہی جمہور

---

۵۵۳۔ رسالہ طلاق ثلاثہ، مصنّفہ محمد یٰسین (غیر مُقلِّد)، ص ۳۱

۵۵٤۔ رسالہ طلاق ثلاثہ، مصنّفہ محمد یٰسین (غیر مُقلِّد)، ص ۳۵

۵۵۵۔ الجامع لأحکام القرآن، المجلد (۲)، الجزء (۳)، سورۃ البقرہ: ۲/۲۲۹، ص ۱۲۹

www.waseemziyai.com

سلف کا قول ہے......اور حجاج بن ارطاۃ اور جمہور اسلاف اور ائمہ اس پر ہیں کہ دی ہوئی تین طلاقیں لازماً واقع ہو جاتی ہیں اور اس میں کوئی فرق نہیں کہ تین ایک ساتھ ایک کلمہ سے واقع کرے یا کلمات متفرقہ سے۔

لہٰذا قرآن وحدیث صحابہ وتابعین جمہور علماء کے فتاویٰ سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہوگئی اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو بیک وقت تین طلاقیں دے گا تو تینوں ہی بیک وقت واقع ہو جائیں گی اور بغیر حلالہ شرعیہ کے وہ عورت اس مرد پر حلال نہ ہوگی ہاں اگر عورت غیر مدخول بہا ہو اور طلاقیں جُدا جُدا دی جائیں تو ایک واقع ہوگئی اور وہ عورت ایک سے ہی بائن ہو جائے گی دوبارہ صرف نکاح کرنے سے اپنے شوہر کے واسطے حلال ہو جائے گی اور شوہر کو آئندہ بقیہ کا اختیار رہے گا (یعنی، ایک طلاق دی پھر اُسے صرف دو کا اختیار ہے جب بھی دو طلاقیں دے گا عورت اس پر حرام ہو جائے گی اور بلا حلالہ شرعیہ حلال نہ ہوگی)۔

## جہالت اور افتراء:

اور جو لوگ تین طلاقوں کو مطلقاً ایک قرار دیتے ہیں وہ اللہ ورسول کے حرام کردہ کو حلال کرتے ہیں جیسا کہ شارح صحیح مسلم امام ابوالعباس احمد بن عمر قرطبی متوفی ٦٥٦ ھ لکھتے ہیں ہم نے حدیث ابن عباس پر طویل کلام کیا کیونکہ بہت سے جاہل اس کی وجہ سے دھوکہ میں پڑ گئے اور انہوں نے اللہ تعالیٰ نے جسے حرام فرمایا تھا اسے حلال کرلیا تو اللہ تعالیٰ اور اس کے کلام اور رسول پر افتراء کیا۔

﴿وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللهِ کَذِباً﴾ وعدل عن سبیله(٥٥٦)

---

٥٥٦۔ المفهم، المجلد(١)، كتاب (٩٦) الطلاق، باب (٣) إمضاء الطلاق الثلاث، ص ٢٤٥

www.waseemziyai.com

یعنی، ''اس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے'' اور اس کے رستے سے پھر جائے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

www.waseemziyai.com

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی (رجسٹرڈ)

www.waseemziyai.com

# حلالہ کے متعلق چند فتاویٰ

www.waseemziyai.com

# حلالہ کی شرعی حیثیت

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نکاح بشرطِ حلالہ کرنا کیسا ہے؟ بینوا بالبرھان و توجروا عندالرحمن

باسمه تعالی و تقدس

الجواب:

نکاح بشرطِ تحلیل (یعنی، حلالہ سے مشروط نکاح) مکروہ تحریمی ہے کیونکہ ایسے نکاح کے بارے میں حدیث شریف میں لعنت آئی ہے۔

امام ابو عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ روایت کرتے ہیں حضرت ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ

لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ۔(۱)

یعنی، رسول اللہ ﷺ نے حلالہ کرنے والے پر اور جس کے لئے حلالہ کیا گیا ہے، دونوں پر لعنت فرمائی۔

انہی سے روایت ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر بیان کرتے ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : "أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِالتَّيْسِ الْمُسْتَعَارِ"؟، قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: "هُوَ الْمُحَلِّلُ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ"۔ (۲)

یعنی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تمہیں مانگا ہوا بکرا بتاؤں، صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ، کیوں نہیں، تو آپ نے فرمایا وہ

---

۱۔ سنن ابن ماجة، المجلد(۲)، کتاب(۹)النکاح، باب(۳۳) المحلّل والمحلّل له، ص ٤٦٠۔٤٦١، الحدیث:١٩٣٤، ١٩٣٥

۲۔ سنن ابن ماجة، المجلد(۲)، کتاب(۹)النکاح، باب(۳۳) المحلّل والمحلّل له، ص ٤٦١، الحدیث:١٩٣٦

حلالہ کرنے والا ہے اور اللہ تعالیٰ نے حلالہ کرنے والے اور حلالہ کروانے والے، دونوں پر لعنت فرمائی ہے۔

## ایک اعتراض:

یہ کہا جاتا ہے کہ مروجہ حلالہ سے عورت پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں ہوتی اور دلیل حدیث شریف ''لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ وَ الْمُحَلَّلَ لَهٗ'' پیش کی جاتی ہے تو ہم کہتے ہیں یہی حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ عورت پہلے شوہر کے لے حلال ہو جاتی ہے، چنانچہ علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی متوفی ۷۱۰ھ لکھتے ہیں: مُحَلِّل وہ ہوتا ہے جو حِلّ کو ثابت کر دے جیسے مُحَرِّم وہ ہوتا ہے جو حُرمت کو ثابت کرے تو گویا شوہر ثانی حلّ کو ثابت کرنے والا ہو گیا تو حِلّ کا ثبوت ہو جائے گا۔(۳)

اور علامہ علاؤ الدین عبدالعزیز بن احمد بخاری متوفی ۷۴۹ھ لکھتے ہیں: اور حدیث شریف نے شوہر ثانی کو حلال کرنے والا ثابت کر دیا تو اس پر عمل واجب ہوا۔(٤)

اور علامہ محمد بن محمد بن احمد کاکی متوفی ۷۴۹ھ لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف علیہما الرحمہ فرماتے ہیں کہ دوسرا شوہر نبی ﷺ کے فرمان ''لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ...... الحدیث'' کی دلالت سے عورت کو پہلے شوہر کے لئے حلال کرنے والا ہے لہٰذا وہ حِلّ کو ثابت کرنے والا ہے۔(٥)

لہٰذا جو حدیث مخالفین پیش کرتے ہیں وہی ہمارے موقف کی دلیل ہے۔ نبی ﷺ اُسے حلال کرنے والا، حِلّ کو ثابت کرنے والا فرما رہے ہیں اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ وہ حلّ کو ثابت کرنے والا نہیں ہے۔

## دوسرا اعتراض:

کہا جاتا ہے کہ مروجہ حلالہ قرآن کے بھی خلاف ہے اس لئے اس طرح کے نکاح

۳۔ كشف الأسرار شرح المصنّف على المنار، المجلد (١)، بيان الخاص، ص٣٥

٤۔ كشف الأسرار عن أصول فخر الاسلام البزدوي، المجلد (١)، باب معرفة أحكام الخصوص، ص١٣٦

٥۔ جامع الأسرار في شرح المنار للنسفي، المجلد(١)، ص١٣٦

www.waseemziyai.com

سے عورت شوہر اول کے لئے حلال نہ ہوگی، تو اس کے جواب میں ہم کہتے ہیں کہ یہ تو تمہاری بات ہے جب کہ مستند علماء کا قول یہ ہے کہ کتاب اللہ دوسرے شوہر کے محلِّل ہونے کی نفی نہیں کرتی، چنانچہ امام علاؤ الدین عبدالعزیز بن احمد بخاری حنفی متوفی ۷۳۰ھ لکھتے ہیں، کیونکہ کتاب اللہ نے زوج ثانی کو غایت ہونا ثابت کیا ہے اور اس کے محلِّل (شوہر اول کے لئے حلال کرنے والا) ہونے کی نفی نہیں کی۔(٦)

لہٰذا حلالہ قرآن کریم کے خلاف بھی نہیں اگرچہ حدیث شریف "لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ ...... الحديث" کی بناء پر نکاح بشرط حلالہ کو علماء کرام نے مکروہ تحریمی قرار دیا ہے۔

## کس صورت میں حلالہ مکروہ تحریمی ہے؟

مُحقق علی الاطلاق امام ابن ھمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں، مرد اگر عورت سے اس طرح نکاح کرے کہ میں تجھ سے اس لئے نکاح کرتا ہوں تاکہ میں تجھے پہلے کے لئے حلال کردوں یا یہی بات عورت بوقت نکاح کہے:

فَهُوَ مَكْرُوْهٌ كَرَاهَةَ التَّحْرِيْمِ الْمُنْتَهِضَةُ سَبَباً لِّلْعِقَابِ لِقَوْلِهِ ﷺ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ"۔ (٧)

یعنی، تو وہ مکروہ تحریمی ہے جو عقاب کا سبب ہے کیونکہ نبی ﷺ کا فرمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حلالہ کرنے والے اور جس کے لئے حلالہ کیا جائے دونوں پر لعنت فرمائی ہے۔

صدر الشریعہ محمد امجد علی متوفی ۱۳۶۷ھ لکھتے ہیں: "نکاح بشرط تحلیل جس کے بارے میں حدیث شریف میں لعنت آئی ہے وہ یہ ہے کہ عقد نکاح یعنی ایجاب وقبول میں حلالہ کی شرط لگائی جائے اور یہ نکاح مکروہ تحریمی ہے۔ زوج اوّل وثانی اور عورت تینوں گنہگار ہوں گے"۔(٨)

---

٦۔ كشف الأسرار عن أصول فخر الإسلام البزدوی، المجلد (١)، باب معرفة أحكام الخصوص، ص١٣٤

٧۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص٣٥

٨۔ بہار شریعت، حصہ (٨)، طلاق کا بیان، حلالہ کے مسائل، ص٥٦

www.waseemziyai.com

### حدیث شریف کا مطلب:

اور مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد وقار الدین متوفی ۱۴۱۳ھ لکھتے ہیں ''اس حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص صرف اس مقصد سے نکاح کرے کہ ایک دن بعد طلاق دے دے گا یا صرف پہلے کے لئے حلال کرنا مقصود تھا، اس کا یہ فعل اور پہلا شوہر جس نے اس شرط کے ساتھ حلالہ کروایا دونوں پر لعنت ہے''۔(۹)

## کس صورت میں حلالہ مکروہ نہیں؟

علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

وَفِی "الْإِسْبِيجَابِی": لَوْ تَزَوَّجَهَا بِنِيَّةِ التَّحْلِيلِ مِنْ غَيْرِ شَرْطٍ حَلَّتْ لِلْأَوَّلِ، وَلَا يُكْرَهُ، وَالنِّيَّةُ لَيْسَتْ بِشَیْءٍ۔ (۱۰)

یعنی، اور ''اسبیجابی'' میں ہے اگر مرد نے اس عورت سے بلا شرط، حلالہ کی نیت سے شادی کی تو سابق شوہر کے لئے حلال ہو جائے گی اور یہ مکروہ بھی نہ ہوگا اور نیت کچھ چیز نہیں۔

اور بوقتِ عقد تحلیل کو شرط نہ کیا جائے صرف نیت میں ہو تو مکروہ نہیں چنانچہ امام ابن ھمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

أَمَّا لَوْ نَوَيَاهُ وَلَمْ يَقُولَاهُ فَلَا عِبْرَةَ بِهِ۔(۱۱)

یعنی، اگر دونوں کی حلالہ کی نیت تھی اور انہوں نے بوقت عقد نکاح حلالہ کا ذکر نہ کیا تو اس نیت کا کوئی اعتبار نہیں۔

### کسی کے گھر کو تباہی سے بچانا:

اگر کوئی شخص خالص کسی کے گھر کو بربادی وتباہی سے بچانے کے لئے اس کے گھر

---

۹۔ وقار الفتاویٰ، جلد(۳)، کتاب الطلاق، حلالہ کا بیان، حلالہ کی چند صورتیں، ص ۲۲۰

۱۰۔ البناية شرح الهداية، المجلد(٥)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحل به المطلقة، ص ٤٨١

۱۱۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحل به المطلقة، ص ٣٥

www.waseemziyai.com

کو بسانے کے ارادے سے حلالہ کرتا ہے تو ثواب کا حقدار ہے، چنانچہ شارح صحیح بخاری علامہ بدالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

وَقَالَ بَعْضُ مَشَايِخِنَا: لَوْتَزَوَّجَهَا لِيُحَلِّلَهَا لِلْأَوَّلِ، وَهُوَ مُثَابٌ مَأْجُوْرٌ فِيْ ذٰلِكَ۔ (۱۲)

یعنی، اور ہمارے بعض مشائخ نے فرمایا: وہ مرد اگر کسی عورت سے صرف اس لئے نکاح کرتا ہے کہ وہ عورت کو اول کے لئے حلال کردے تو اسے اس میں اجر و ثواب ملے گا۔

اور امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

وَيَكُوْنُ الرَّجُلُ مَأْجُوْراً لِقَصْدِهِ الْإِصْلَاحَ۔ (۱۳)

یعنی، مرد کو کسی کا گھر بسانے کے قصد کی وجہ سے اجر ملے گا۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

## حلالہ کے لئے ہمبستری شرط ہے

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ حلالہ کے لئے صرف نکاح کافی ہے یا ہمبستری ضروری ہے؟ بینوا بالبرھان وتوجروا عندالرحمن

باسمہ تعالی وتقدس

الجواب:

۱۲۔ البنایۃ شرح الھدایۃ، المجلد(۵)، کتاب الطلاق، باب الرجعۃ، فصل: فیما تحلّ بہ المطلّقۃ، ص ۴۸۱

۱۳۔ فتح القدیر شرح الھدایۃ، المجلد(۳)، کتاب الطلاق، باب الرجعۃ، فصل: فیما تحلّ بہ المطلّقۃ، ص ۳۵

www.waseemziyai.com

حلالہ کے لئے صرف نکاح کافی نہیں، اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

﴿فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ (١٤)

ترجمہ: وہ عورت اسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے۔ (کنزالایمان)

## پہلی دلیل:

اس آیہ کریمہ میں ''تَنْكِحَ'' یعنی، لفظ نکاح مذکور ہے اور یہاں نکاح بمعنی جماع ہے۔ کیونکہ فرمان ہے نکاح کرے دوسرے شوہر سے، اور دوسرا شخص شوہر جبھی ہوگا کہ اس سے صحیح عقد کرے اور عقد کے معنی تو لفظِ زَوج کے اِطلاق سے حاصل ہو گئے لہذا آیہ کریمہ کا مطلب یہی ہوگا کہ تین طلاقوں کے بعد وہ عورت اپنے شوہر پر حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے شخص سے نکاح کے بعد دوسرا شوہر اس سے جماع نہ کرے۔

اگر لفظ ''تَنْكِحَ'' سے بھی عقدِ نکاح ہی مراد لیا جائے تو کلام میں صرف تاکید ہوگی کیونکہ عقد کے معنی لفظ ''زوج'' سے بھی حاصل ہو رہے ہیں حالانکہ کلام کو تاسیس پر محمول کرنا راجح ہے لِأَنَّ الْإِفَادَةَ خَيْرٌ مِنَ الْإِعَادَةِ۔ (افادہ اعادہ سے بہتر)

اور امام ابوالحسن علی بن محمد بن الحسن بن عبدالکریم بزدوی حنفی متوفی ۴۸۲ھ لکھتے ہیں:

أَنَّ النِّكَاحَ يُذْكَرُ وَ يُرَادُ بِهِ الْوَطْءُ وَهُوَ أَصْلُهُ (١٥)

یعنی، نکاح کبھی ذکر کیا جاتا ہے اور اس سے وطی (ہمبستری) مراد لی جاتی ہے اور یہ اس کی (لُغت میں) اصل ہے۔

اس لئے آیہ کریمہ میں مذکور ''تَنْكِحَ'' سے جماع اور ''زَوْجاً'' سے عقدِ نکاح مراد ہوں گے۔ اور معنی یہ ہوں گے تین طلاق کے بعد وہ عورت اپنے سابق شوہر کو حلال نہیں جب تک دوسرے شخص سے بعد عقدِ صحیح مُقاربت (ہمبستری) نہ کرے۔

---

١٤۔ البقرة:٢٣١/٢

١٥۔ أصول فخر الإسلام البزدوی مع شرحه كشف الأسرار، المجلد (١)، باب معرفة أحكام الخصوص، ص١٣٣

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

عربی لُغت کے امام علامہ ابو جعفر احمد بن محمد بن اسماعیل ابن النحاس متوفی ۳۳۸ھ اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَہٗ﴾ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

و بَیَّنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ أَنَّ النِّکَاحَ ھَا ھُنَا الْجِمَاعُ وَ کَذٰلِكَ أَصْلُهٗ فِی اللُّغَةِ (١٦)

یعنی، رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمادیا کہ یہاں نکاح (بمعنی) جماع ہے اور اسی طرح لُغت میں اس کی اصل ہے۔

لہٰذا حلالہ میں زَوج ثانی کا جِماع کرنا شرط ہے کیونکہ قرآن نے سابق شوہر کے لئے مُطلَّقہ ثلاثہ کے حلال ہونے کے لئے "حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجًا غَیْرَہٗ" کی شرط لگائی ہے اور حضور ﷺ نے واضح اور صریح الفاظ میں نکاح کا معنی و مطلب قُربت و جِماع قرار دیا ہے کیونکہ جب حضرت رفاعہ قرظی کی بیوی تمیمہ جسے رفاعہ نے تین طلاقیں دی تھیں پھر انہوں نے حضرت عبدالرحمٰن بن زبیر سے نکاح کرلیا تھا اور وہ وظیفۂ زوجیت ادا کرنے کے قابل نہ نکلے تو وہ اپنے سابق شوہر سے نکاح کرنا چاہتی تھیں انہیں حضور ﷺ نے فرمایا تم اپنے سابق شوہر رفاعہ قرظی سے اس وقت تک نکاح نہیں کرسکتیں جب تک، تم اور تمہارے شوہر وظیفۂ زوجیت کی لذت نہ پالو۔

## دوسری دلیل:

اب بھی اگر کوئی کہے جماع کا شرط ہونا آیت کریمہ سے ثابت نہیں تو اسے کہا جائے گا کہ زَوج ثانی کا مُقاربت کرنا احادیث مشہورہ سے ثابت ہے جن سے زیادتی علی الکتاب جائز ہے، چنانچہ حافظ الدین ابوالبرکات عبداللہ بن احمد نسفی متوفی ۷۱۰ھ لکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَہٗ﴾ سے نہیں تو حدیثِ عُسیلہ سے (١٧)

اور امام ابوالحسن علی بن محمد بن الحسین بزدوی متوفی ۴۸۲ھ لکھتے ہیں، پس حلالہ

---

١٦۔ إعراب القران، المجلد (١)، شرح إعراب، سورة البقرہ (٢/ ٢٣٠)، ص ١١٥

١٧۔ المنار مع شرحه جامع الأسرار، المجلد (١)، ص ١٣٧

کے لئے دخول کا شرط ہونا خبر مشہور کی زیادت سے ثابت ہوا اور اس کی مثل سے زیادۃ علی الکتاب کا احتمال ہوتا ہے۔(۱۸)

اور امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ روایت کرتے ہیں کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

أَنَّ رَجُلاً طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلاَثاً، فَتَزَوَّجَتْ فَطَلَّقَ، فَسُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ أَتَحِلُّ لِلأَوَّلِ؟ قَالَ: "لَا، حَتّٰى يَذُوقَ عُسَيْلَتَهَا كَمَا ذَاقَ الأَوَّلُ"۔(۱۹)

یعنی، ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں اس عورت نے کہیں اور شادی کر لی اس نے بھی طلاق دے دی۔ پھر رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کیا وہ عورت اپنے پہلے شوہر کے لئے حلال ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں، جب تک دوسرا شوہر پہلے شوہر کی طرح اس کی مٹھاس نہ چکھ لے (یعنی مقاربت نہ کر لے)۔

اور امام بخاری نے اسی باب میں یہ بھی روایت کیا ہے کہ

أَنَّ امْرَأَةَ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ جَائَتْ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّ رِفَاعَةَ طَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِيْ، وَأَنِّيْ نَكَحْتُ بَعْدَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزُّبَيْرِ الْقُرَظِيَّ، وَإِنَّمَا مَعَهُ مِثْلُ الْهُدْبَةِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "لَعَلَّكِ تُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِيْ إِلٰى رِفَاعَةَ؟ لَا، حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ وَتَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ" (۲۰)

یعنی، رفاعہ قرظی کی بیوی حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی

۱۸۔ أصول فخر الإسلام البزدوی مع شرحه كشف الأسرار: ۱۳۷/۱

۱۹۔ صحیح البخاری، المجلد(۳)، كتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من أجاز طلاق الثلاث، الحديث: ٥٢٦١، ص ٤١٣

۲۰۔ صحیح البخاری، المجلد(۳)، كتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من أجاز طلاق الثلاث، ص ٤١٢، الحديث: ٥٢٦٠

www.waseemziyai.com

اور حضور ﷺ سے اس نے عرض کی کہ میں رفاعہ کی زوجیت میں تھی، انہوں نے مجھے تین طلاقیں دے دیں، عِدّت گذرنے کے بعد میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر قرظی سے نکاح کرلیا اور ان کے پاس تو صرف کپڑے کی مانند ہے (یعنی ان میں وطی کی صلاحیت نہیں ہے) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، شاید تو دوبارہ رفاعہ کی زوجیت میں آنا چاہتی ہے، نہیں آسکتی، یہاں تک کہ تو اس سے لطف اندوز ہو اور وہ تجھ سے لطف اندوز ہوں۔ (یعنی دوسرا شوہر تجھ سے ہمبستری کرے)۔

امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ (۲۱) روایت کرتے ہیں اور ان سے علامہ ابن کثیر (۲۲) نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ:

سُئِلَ النَّبِیُّ ﷺ عَنِ الرَّجُلِ یُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا، فَیَتَزَوَّجُهَا آخَرُ، فَیُغْلِقُ الْبَابَ، وَ یُرْخِی السِّتْرَ، ثُمَّ یُطَلِّقُهَا قَبْلَ أَنْ یَدْخُلَ بِهَا، هَلْ تَحِلُّ لِلْأَوَّلِ؟ فَقَالَ: لَا ، حَتّٰی یَذُوقَ الْعُسَیْلَةَ

یعنی، حضور ﷺ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی، پھر اس عورت سے دوسرے مرد نے نکاح کیا، پھر اندر لے جا کر دروازہ بند کیا، پردہ گرایا پھر ہمبستری کرنے سے قبل طلاق دے دی تو کیا وہ عورت پہلے شوہر کے حلال ہوگئی؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا، نہیں، یہاں تک کہ دوسرا شوہر عُسیلہ کو چکھے (یعنی ہمبستری کرے)۔

اور احادیث مبارکہ میں وارد لفظ ''عُسیلہ'' سے مراد ''جماع'' ہے، چنانچہ امام احمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ (۲۳) روایت کرتے ہیں اور ان سے حافظ نور الدین ہیثمی متوفی

۲۱۔ المسند، المجلد (۲)، مسند عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، ص۲۵

۲۲۔ جامع المسانید و السنن، المجلد (۲۸)، مسند عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، رزین بن سلیمان الأحمری عنه، ص۱۰۵، الحدیث:۱۸۹

۲۳۔ المسند، المجلد (٦)، مسند السیدة عائشة رضی اللہ عنہا، ص٦٢

www.waseemziyai.com

۸۰۷ھ (۲٤) نقل کرتے ہیں:

عن عائشة: أَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: الْعُسَیْلَةُ هِیَ الْجِمَاعُ

یعنی، اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ''عُسیلہ'' سے مراد جماع (ہمبستری) ہے۔

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ نے ہمبستری کی شرط ہونے کی حدیث کو مختلف نو اسناد کے ساتھ ''صحیح مسلم'' (۲۵) میں...... اور امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ نے ''جامع ترمذی'' (۲٦) میں...... اور امام ابو عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ نے دو مختلف سندوں کے ساتھ ''سنن ابن ماجہ'' (۲۷) میں...... اور امام ابو عبدالرحمٰن بن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ نے پانچ مختلف اسناد کے ساتھ ''سنن نسائی'' (۲۸) میں...... اور امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ نے ''المؤطا'' (۲۹) میں روایت کیا ہے۔

ان کے علاوہ امام ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی، امام علی بن عمر دار قطنی، امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی اور دیگر مُحدّثین نے اپنی اپنی مؤلّفات میں اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ فرماتے ہیں اس باب میں حضرت ابن عمر، انس، رمیصاء، غمیصا، اور ابو ہریرہ کی روایات بھی ہیں اور حدیثِ عائشہ حَسَن صحیح ہے۔

شارح صحیح بخاری علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں یہ حدیث ائمہ ستّہ

---

۲٤۔ مجمع الزوائد، المجلد (٤)، کتاب (۱۸) الطلاق، باب (۱۳) متی تحلّ المبتوتة؟ ص٤٤٥، الحدیث:۷۷۹۸

۲۵۔ صحیح مسلم، کتاب النکاح، باب(۱۷) لا تحلّ المطلّقة ثلاثاً الخ ،ص۵۳۷، الحدیث:۱٤۳۳

۲٦۔ جامع الترمذی، المجلد(۲)، کتاب(۹) النکاح، باب(۲٦) ماجاء فی من یطلق امرأته ثلاثا الخ، ص۱۹۵۔۱۹٦، الحدیث:۱۱۱۸

۲۷۔ سنن ابن ماجة، المجلد(۲)، کتاب(۹) النکاح، باب(۳۲) الرجل یطلّق امرأته ثلاثاً الخ، ص٤۵۹۔٤٦۰، الحدیث:۱۹۳۲۔۱۹۳۳

۲۸۔ سنن النسائی، المجلد(۳)، الجزء(٦)، کتاب(۲۷) الطلاق، باب(۱۲) احلال المطلّقة ثلثاً و النکاح الذی یحلّها به، ص۱۲۸۔۱٤۹، الحدیث:۳٤۰۸ تا ۳٤۱۲

۲۹۔ المؤطا، کتاب الطلاق، باب (۱٦) المرأة یطلّقها زوجها الخ، ص۱۹٦، الحدیث:۵۸۲

www.waseemziyai.com

نے اپنی کُتُب میں حضرت عائشہ سے روایت کی ہے اور یہ حدیث روایاتِ مختلفہ کے ساتھ روایت کی گئی ہے مُحدِّثین کی ایک جماعت نے سوائے ابوداؤد کے امام زہری از عروہ از عائشہ صدیقہ روایت کیا ہے۔ ملخصاً (۳۰)

یہ حدیث عِبَارَۃُ النَّصّ سے جماع کے شرط ہونے پر دلالت کرتی ہے اور عِبَارَۃُ النَّصّ سے مراد ہے کہ لفظ معنی پر دلالت کرے اور کلام کو اسی معنی پر دلالت کرنے کے لئے لایا گیا ہو۔

یعنی، رسول اللہ ﷺ نے اس بات کے بتانے کے لئے یہ کلام فرمایا کہ دوسرے شوہر کا محض عقدِ نکاح کر لینا پہلے شوہر کی خاطر حلال ہونے کے لئے کافی نہیں بلکہ دوسرے شوہر کے لئے شرط ہوگی کہ وہ عورت سے جماع کرے۔ حدیث شریف میں دونوں کے ایک دوسرے کے شہد چکھنے کا ذکر ہے جس سے مراد جماع و مُقاربت ہے۔ لہٰذا حلالہ کے لئے جماع کا شرط ہونا مشہور حدیث سے عِبَارَۃُ النَّص کے ذریعے ثابت ہے۔

چنانچہ علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ لکھتے ہیں:

فَكَانَ الْحَدِيْثُ عِبَارَةٌ فِيْ اشْتِرَاطِ وَطْئِهِ لِلتَّحْلِيْلِ (۳۱)

یعنی، پس یہ حدیث حلالہ کے لئے ہمبستری کے شرط ہونے کے لئے ''عِبَارَۃُ النَّصِّ'' ہے۔

اور علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں:

فَإِنَّهُ عِبَارَةٌ فِي اشْتِرَاطِ وَطْئِهِ فِي التَّحْلِيْلِ لِكَوْنِهِ مَسُوْقاً لَهُ (۳۲)

یعنی، یہ حدیث حلالہ میں ہمبستری کے شرط ہونے میں ''عِبَارَۃُ النَّص'' ہے کیونکہ اسے اِسی کے بیان میں لایا گیا۔

اگر محض عقدِ نکاح سابق شوہر کے لئے حلال ہونے کو کافی ہوتا تو رسول اللہ ﷺ

۳۰۔ البنایہ، المجلد(٥)، کتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فیما تحل به مطلقة الخ، ص٤٧٦

۳۱۔ فتح الغفار بشرح المنار، حکم الخاص، ص۲۸

۳۲۔ نسمات الأسحار علی إفاضة الأنوار شرح المنار، بحث الخاص، ص ۲۱

www.waseemziyai.com

تمیمہ بنت وہب کو رفاعہ قرظی سے نکاح کی اجازت دے دیتے اور نکاح کی اجازت شوہر ثانی کے جماع کے ساتھ مشروط نہ فرماتے۔

نوٹ: رفاعہ میں اختلاف ہے، کہا گیا کہ وہ رفاعہ بن شموال ہیں اور کہا گیا رفاعہ بن وہب اسی طرح ان کی بیوی کے نام میں بھی اختلاف ہے، پس ان کے نام میں چند اقوال ہیں سھیمہ، تمیمہ، رمصیاء، غمیصاء۔(۳۳)

اور امام ترمذی یہ بھی فرماتے ہیں:

وَالْعَمَلُ عَلیٰ هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِیِّ ﷺ وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثاً فَتَزَوَّجَتْ زَوْجاً غَيْرَهُ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا أَنَّهَا لَاتَحِلُّ لِلزَّوْجِ الْأَوَّلِ إِذَا لَمْ يَكُنْ جَامَعَ الزَّوْجُ الْآخَرُ۔(٣٤)

یعنی، علماء صحابہ وغیرھم کا عمل اسی پر ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دے تو وہ عورت پہلے شوہر کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے شوہر نے جماع نہ کیا ہو۔

امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ فرماتے ہیں:

لَا تَحِلُّ الْمُطَلَّقَةُ ثَلٰثاً لِمُطَلِّقِهَا حَتّٰی تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَيَطَأَهَا ثُمَّ يُفَارِقَهَا، وَ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا۔(٣٥)

یعنی، مطلّقہ ثلاثہ، طلاق دینے والے کے لئے اس وقت حلال ہوگی جب وہ عورت کسی دوسرے شخص سے نکاح کرے اور وہ اس سے وطی (جماع) کرے وہ پھر اُسے طلاق دے اور عدّت گذارے ورنہ حلال نہ ہوگی۔

---

۳۳۔ البنایة شرح الهدایه، المجلد (٥) كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فیما تحلّ به المطلّقة الخ ص ٤٧٧

٣٤۔ جامع الترمذی، المجلد(٢)، كتاب(٩) النكاح، باب(٢٦) ما جاء فی من يطلق امرأته ثلاثاً الخ، ص١٩٦، الحديث:١١١٨

٣٥۔ صحيح مسلم، كتاب(١٦) النكاح، باب(١٧) لاتحلّ الخ، ص٣

www.waseemziyai.com

## تیسری دلیل:

جماع کے شرط ہونے کی ثبوت قرآن و حدیث میں موجود ہے، چنانچہ امام علاؤ الدین عبدالعزیز بن احمد بخاری ۷۳۰ھ لکھتے ہیں:

فَإِنَّ الْمُتَقَدِّمِينَ اتَّفَقُوا عَلٰى أَنَّهُ ثَابِتٌ بِالْحَدِيثِ وَ إِثْبَاتُهُ بِالْكِتَابِ تَخْرِيجُ بَعْضِ الْمُتَأَخِّرِينَ (۳۶)

یعنی، پس بے شک مُتقدمین علماء اس پر متفق ہیں کہ حلالہ میں دُخول حدیث سے ثابت ہے اور اس کا کتاب اللہ سے اثبات بعض متأخرین علماء کی تخریج ہے۔

پھر بھی کوئی نہ مانے تو اُسے کہا جائے گا کہ جماع کا شرط ہونا آیت سے ثابت ہے اور اس کی دلیل پوری اُمتِ مُسلمہ کا اجماع ہے کہ پوری اُمّت کا اس پر اجماع ہے کہ جماع کے معنی آیہ کریمہ سے ثابت ہیں، چنانچہ امام ابو جعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ لکھتے ہیں:

فَإِنْ قَالَ: فَإِنَّ ذِكْرَ الْجِمَاعِ غَيْرُ مَوْجُودٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ، فَمَا الدَّلَالَةُ عَلٰى مَعْنَاهُ مَا قُلْتَ؟ قِيلَ: الدَّلَالَةُ عَلٰى ذٰلِكَ إِجْمَاعُ الْأُمَّةِ جَمِيعاً عَلٰى أَنَّ ذٰلِكَ مَعْنَاهُ (۳۷)

یعنی، پس اگر کہا کہ بے شک جماع کا ذکر کتاب اللہ میں موجود نہیں ہے تو جو معنی تم نے بتائے اس پر کیا دلیل ہے؟ تو جواب میں کہا جائے گا کہ اس پر دلیل پوری اُمّتِ مُسلمہ کا اِجماع ہے کہ آیت کے یہی معنی ہیں۔

اور امام ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم بزدوی متوفی ۴۸۲ھ لکھتے ہیں:

۳۶۔ کشف الأسرار عن أصول فخر الإسلام البزدوی، المجلد (۱)، باب معرفة أحكام الخصوص، ص۱۳۷

۳۷۔ جامع البيان فی تفسير القرآن، المجلد (۲)، سورة البقرة، تحت قوله تعالىٰ: ﴿فَلَا تَحِلُّ لَهُ﴾ الآية، ص۲۹۱

www.waseemziyai.com

وَ ثَبَتَ شَرْطُ الدُّخُوْلِ بِهٖ بِالْاِجْمَاعِ وَ مِنْ صِفَتِهِ التَّحْلِيْلُ (۳۸)

یعنی، حلالہ میں دُخول کا شرط ہونا اِجماع سے ثابت ہے اور اس کی صفت سے تحلیل ہے۔

مزید یہ کہ شوہر اول کے ساتھ دوبارہ نکاح کے لئے حلالہ کی شرط شوہر کو زجر و توبیخ کرنے کے لئے رکھی گئی ہے اور حلالہ میں اگر صرف نکاح کافی ہو تو مقصود حاصل نہ ہوگا، چنانچہ علامہ نظام الدین الحسن بن محمد بن حسین نیشا پوری لکھتے ہیں کہ عورت کے حلال ہونے کو اس شرط کے ساتھ مقید کرنے سے مقصود شوہر کو طلاق سے زجر کرنا ہے:

وَ مَعْلُوْمٌ أَنَّ هٰذَا الزَّجْرَ إِنَّمَا يَحْصُلُ بِتَوْقِيْتِ الْحِلِّ عَلَى الدُّخُوْلِ، فَأَمَّا مُجَرَّدُ الْعَقْدِ فَلَيْسَ فِيْهِ زِيَادَةُ نَفْرَةٍ فَلَا يَصْلَحُ جَعْلُهٗ مَانِعاً وَ زَاجِراً (۳۹)

یعنی، اور یہ معلوم ہے کہ یہ زجر اسی وقت حاصل ہوگا جب اول کے لئے عورت کے حلال ہونے کو شوہر ثانی کے دُخول کرنے کے ساتھ مقید کیا جائے۔ باقی رہا خالی عقدِ نکاح تو اس میں نفرت کی زیادتی نہیں ہے اس لئے وہ زاجر اور مانع بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

لہٰذا قرآن و حدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ مُطلّقہ ثلاثہ کے شوہر اول پر حلال ہونے کے لئے شوہر ثانی کا صرف عقدِ نکاح کرنا کافی نہیں بلکہ بعد نکاح صحیح، جماع بھی شرط ہے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

۳۸۔ أصول فخر الإسلام البزدوي مع شرحه كشف الأسرار: ۱/۱۳۷

۳۹۔ تفسير غرائب القرآن على هامش جامع البيان، المجلد (۲)، سورة البقرة، ص۳٦٦

www.waseemziyai.com

# حلالہ کے لئے اِنزال شرط نہیں

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ حلالہ کے لئے صرف دخول شرط ہے یا اِنزال بھی ضروری ہے؟ بینوا و توجروا عنداللّٰہ

باسمہ تعالی وتقدس

الجواب:

حلالہ کے لئے دُخول ضروری ہے اِنزال ضروری نہیں،

حدیث شریف میں ہے، ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں اور اس عورت نے عِدّت گذارنے کے بعد دوسرے شخص سے نکاح کرلیا پھر اس نے بھی طلاق دی تو اس عورت نے پہلے خاوند سے نکاح کرنا چاہا تو اس عورت کے بارے میں حضور ﷺ سے پوچھا گیا:

أَتَحِلُّ لِلْاَوَّلِ؟ قَالَ: "لَا، حَتّٰی یَذُوْقَ عُسَیْلَتَھَا کَمَا ذَاقَ الْاَوَّلُ"
یعنی، کیا وہ عورت پہلے شوہر کے لئے حلال ہے......؟ آپ نے فرمایا نہیں، جب تک دوسرا شوہر پہلے شوہر کی طرح اس کی مٹھاس نہ چکھ لے۔

دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا:

لَا، حَتّٰی یَذُوْقَ عُسَیْلَتَكِ وَ تَذُوْقِیَ عُسَیْلَتَهٗ (۴۰)
یعنی، تو اس کی زوجیت میں نہیں آسکتی یہاں تک کہ وہ تجھ سے لطف اندوز ہو اور تُو اُس سے۔

## اِنزال شرط نہ ہونے کی وجہ:

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ حلالہ کے لئے اِنزال شرط نہیں کیونکہ اِنزال

۴۰۔ صحیح البخاری، المجلد(۳)، کتاب(۶۸) الطلاق، باب(۴) من أجاز الطلاق الثلاث، ص ۴۱۲، ۴۱۳، الحدیث: ۵۲۶۰۔۵۲۶۱

www.waseemziyai.com

کمالِ دُخول یا مبالغہ فی الدُّخول ہے اور نصِ مُطلَق ہے اس میں کمال یا مبالغہ کی قید لگانا درست نہیں کیونکہ اس پر کوئی دلیل نہیں ہے۔

چنانچہ شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ نے لکھا، اس کا حاصل یہ ہے کہ کوئی قید بلا دلیل ثابت نہیں ہوتی اور اس قید (یعنی کمال کی قید) پر کوئی دلیل نہیں۔ اور دلیل تو اِنزال کے عدم لُزوم (یعنی لازم نہ ہونے) پر دلالت کرتی ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے لفظ ''عُسَيلَة'' فرمایا جو ''عَسلَة'' کی تصغیر ہے۔ اور مرد کے جماع کی مٹھاس کو پہنچنے سے کنایہ ہے اور مٹھاس دُخول سے حاصل ہو جاتی ہے تو یہ دخول کی لذت اِنزال جو کمالِ لذت ہے کی تصغیر ہوگئی۔ اور لذتِ جماع کے ساتھ اِنزال سے قبل ہی حاصل ہو جاتی ہے۔ اِنزال سے تو لذت زائل ہوتی ہے اور رغبت ختم ہو جاتی ہے۔ اس لئے اِنزال شرط نہیں ہے۔(٤١)

لٰہذا حلالہ کے لئے دُخول شرط ہے اِنزال شرط نہیں۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# حلالہ مشروط ہونے میں مدخول بہا اور غیر مدخول بہا میں کوئی فرق نہیں

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ مُطلَّقہ ثلاثہ مدخول بہا تو اپنے شوہر پر بلا حلالہ شرعیہ حلال نہیں ہوتی۔ غیر مدخول بہا بلا حلالہ شرعیہ حلال ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا و توجروا

٤١۔ البنایۃ شرح الھدایۃ، المجلد(٥)، کتاب الطلاق، باب الرجعۃ، فصل: فیما تحلّ به المطلّقۃ، ص ٤٧٨

www.waseemziyai.com

باسمہ تعالیٰ وتقدس

الجواب:

عورت کو مُجامعت کے بعد تین طلاقیں کسی طرح بھی دی گئی ہوں یا مجامعت سے قبل بیک لفظ تین طلاقیں دی گئی ہوں یعنی مُطلّقہ ثلاثہ مدخول بہا ہو یا غیر مدخول بہا دونوں کے شوہر اول سے نکاح کا جواز حلالہ شرعیہ سے مشروط ہے اور حلالہ میں شوہر ثانی کا جماع کرنا شرط ہے۔

محقق علی الاطلاق امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

لَافَرْقَ فِیْ ذٰلِکَ بَیْنَ کَوْنِ الْمُطَلَّقَةِ مَدْخُوْلاً بِهَا أَوْ غَیْرَ مَدْخُوْلٍ بِهَا لِصَرِیْحِ إِطْلَاقِ النَّصِّ۔ (۴۲)

یعنی، صریح اِطلاق نص کی بناء پر مُطلّقہ ثلاثہ کے نکاح کا جواز حلالہ سے مشروط ہونے میں مدخول بہا اور غیر مدخول بہا میں کوئی فرق نہیں۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# قریب البلوغ کا حلالہ کرنا

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مُراہق کا مُطلّقہ ثلاثہ سے بعد نکاح جماع کرنا حلالہ کے لئے کافی ہوگا یا نہیں۔ نیز شرعاً مُراہق کسے کہتے ہیں؟ بینوا توجروا

باسمہ تعالیٰ وتقدس

الجواب:

۴۲۔ فتح القدیر شرح الهدایة، المجلد(٤)، کتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فیما تحل به المطلقة ص ۳۱

www.waseemziyai.com

مراہق کی تفسیر میں مُحقّق علی الاطلاق امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

وفسّر الصبی المُراهق فی الجامع فقال: غلام لم یبلغ و مثله یجامع، وفی "المنافع": المُراهق الدانی من البلوغ، وقیل: الذی تتحرك آلته و یشتهی الجماع، و فی "فوائد شمس الأئمة": أنه مقدّر بعشر سنین۔ (۴۳)

یعنی، مُراہق بچے کے بارے میں امام محمد نے فرمایا: مُراہِق اس لڑکے کو کہتے ہیں جو بالغ نہ ہوا ہو اور اُس جیسا لڑکا جماع کر سکے اور ''منافع'' میں ہے مُراہق قریب البلوغ کو کہتے ہیں اور کہا گیا ہے کہ مراہق اس لڑکے کو کہتے ہیں جس کا عُضوِ تناسل متحرک ہوتا ہو اور جماع کی خواہش رکھتا ہو اور ''فوائد شمس الائمہ'' میں ہے کہ اس کی مقدار دس سال ہے۔

مُراہق حلالہ میں بالغ کی مثل ہوتا ہے کیونکہ تحلیل میں نکاح صحیح کے ساتھ دُخول شرط ہے اور وہ (دُخول) اس سے پایا جاتا ہے اِنزال شرط نہیں کہ وہ تو کمال اور مبالغہ فی الدُّخول ہے۔

شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

والشرط أن تتحرك آلة المُراهق ویشتهی الجماع وإنما شرط ذلك لأنه علیه السلام شرط الذوق من الطرفین۔ (۴۴)

یعنی، حلالہ میں مُراہق کی شرط یہ ہے کہ اس کا عُضوِ تناسل متحرک ہوتا ہو اور جماع کی خواہش رکھتا ہو اور یہ شرط صرف اس لئے لگائی گئی کہ نبی ﷺ نے حدیثِ عُسَیلہ میں طرفین کا لُطف اندوز ہونا شرط کیا ہے۔

۴۳۔ فتح القدیر شرح الهدایة، المجلد(۴)، کتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فیما تحل به المطلقة، ص۳۴

۴۴۔ البنایة شرح الهدایة، المجلد(۵)، کتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فیما تحل به المطلقة، ص۴۷۹

www.waseemziyai.com

## مُراہِق کے نکاح سے آزادی کی صورت:

لہٰذا مُطلَّقہ ثلاثہ سے نکاحِ صحیح کے ساتھ جماع سے وہ عورت سابق شوہر کے لئے حلال ہو جائے گی مگر وہ عورت سابق شوہر سے نکاح اس وقت کر سکتی ہے جب وہ بچہ (مُراہِق) کسی کا غلام ہو اور مالک اُسے اُس عورت کو ہبہ کر دے یا اگر وہ آزاد ہے تو وہ فوت ہو جائے۔ کیونکہ بچے کی دی ہوئی طلاق واقع نہیں ہوتی، شارح صحیح بخاری علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

فلا يقع طلاق الصبی لقوله عليه السلام: "كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ اِلَّا طَلَاقُ الصَّبِيِّ وَالْمَجْنُوْن وَالْمَعْتُوْهِ"۔ (٤٥)

یعنی، بچے کی طلاق واقع نہیں ہوتی کیونکہ نبی ﷺ کا فرمان ہے، "ہر طلاق جائز ہے سوائے بچے، مجنون اور بوہرے کی طلاق کے"۔

## بچے کی طلاق واقع نہ ہونے کی وجہ:

ان کی طلاق جائز نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ لیاقت کا دار و مدار تو عقلِ ممیّز پر ہے جب تک عقلِ ممیّز نہ ہو آدمی طلاق کے لائق نہیں حالانکہ بچہ اور معتوہ عدیم العقل ہیں۔ ورنہ اس کے بالغ ہونے کا انتظار کرنا ہوگا کہ وہ بالغ ہو کر طلاق دے۔

چنانچہ امام ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب نسائی متوفی ۳۰۳ھ نے باب مَتىٰ يَقَعُ طَلَاقُ الصَّبِيِّ؟ (یعنی بچے کی طلاق کب واقع ہوگی؟) کے تحت بنی قریظہ سے روایت ذکر کی ہے:

أَنَّهُمْ عُرِضُوْا عَلىٰ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَوْمَ قُرَيْظَةَ فَمَنْ كَانَ مُحْتَلِماً أَوْ نَبَتَتْ عَانَتُهُ قُتِلَ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مُحْتَلِماً أَوْ لَمْ يَنْبُتْ عَانَتُهُ تُرِكَ۔ (٤٦)

---

٤٥۔ عینی شرح الکنز، المجلد(١)، کتاب الطلاق، ص ١٤٠

٤٦۔ سنن النسائی، المجلد(٣)، الجزء(٤)، کتاب(٢٧) الطلاق، باب(٢٠) متی یقع طلاق الصبیّ؟، ص ١٥٥، الحدیث: ٣٤٢٦

www.waseemziyai.com

یعنی، وہ یوم قریظہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کئے گئے ان میں جو بالغ تھا اسے قتل کر دیا گیا اور جو نابالغ تھا اسے چھوڑ دیا گیا۔

امام نسائی کا اس روایت کو باب مَتىٰ يَقَعُ طَلَاقُ الصَّبِيِّ ؟ میں ذکر کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ نابالغ کی طلاق واقع نہیں ہوتی۔

اور بچے کی طلاق بالغ ہونے کے بعد واقع ہوگی، چنانچہ امام نسائی نے اسی باب میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ آپ فرماتے ہیں یوم اُحد میں بارگاہِ رسالت ﷺ میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے مجھے غزوۂ اُحد میں شرکت کی اجازت نہ دی اور اس وقت میری عمر چودہ سال تھی۔ پھر میں یوم خندق میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے مجھے غزوۂ خندق میں شریک ہونے کی اجازت دے دی اور اس وقت میری عمر پندرہ سال تھی۔(٤٧)

امام نسائی کا اس روایت کو مذکور باب میں ذکر کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ بچہ بالغ ہونے پر ہی طلاق کا اہل ہوتا ہے اور بلوغت کی کوئی علامت ظاہر نہ ہونے کی صورت میں اس کی حد پندرہ (١٥) سال ہے۔

لہٰذا امر اہق کا، مُطلَّقہ ثلاثہ سے بعد نکاح صحیح کے، جماع کرنا حلالہ کے لئے کافی ہوگا۔ مگر اس میں طلاق کی اہلیت نہ ہونے کی وجہ سے بلوغ سے قبل اس کی طلاق واقع نہ ہوگی۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

---

٤٧۔ سنن النسائی، المجلد(٣)، کتاب(٢٧) الطلاق، باب(٢٠) متی یقع طلاق الصبیّ؟، ص١٥٦، الحدیث:٣٤٢٨

www.waseemziyai.com

# نکاح بشرط حلالہ

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہم احناف کے نزدیک بشرطِ تحلیل کیا گیا نکاح منعقد ہو جاتا ہے اور مخالفین کہتے ہیں کہ حلالہ کے لئے کیا گیا نکاح اصلاً نہیں ہوتا کیونکہ نبی کریم ﷺ نے حلالہ کرنے اور حلالہ کرانے والے دونوں پر لعنت فرمائی ہے۔ نیز کہتے ہیں کہ اگر حلالہ کا نکاح جائز ہوتا تو ان پر لعنت نہ کی جاتی۔ مفصّل جواب دے کر عنداللہ ماجور ہوں۔

باسمه تعالیٰ وتقدس

الجواب:

حدیث شریف میں ہے:

أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ۔ (٤٨)

یعنی، بے شک نبی ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے حلالہ کرنے والے اور جس کے لئے حلالہ کیا گیا، دونوں پر لعنت فرمائی ہے۔

## اس حدیث سے نکاح بشرطِ حلالہ کا باطل ہونا ثابت نہیں ہوتا:

اس حدیث سے نکاح بشرطِ التحلیل (یعنی حلالہ کی شرط کے ساتھ نکاح کرنے) کا مکروہ ہونا ثابت ہوتا ہے نہ کہ نکاح کا باطل ہونا۔ اور جو لوگ اس حدیث کے ذریعہ نکاحِ حلالہ کا باطل ہونا ثابت کرتے ہیں ان کے جواب میں امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

أما الاعتراض فمنشؤه عدم معرفة إصطلاح أصحابنا وذلك أنهم لايطلقون إسم الحرام إلا على منع ثبت بقطعيّ فإذا ثبت بظنّيّ سمّوه مكروهاً وهو مع ذلك سبب للعقاب۔ (٤٩)

---

٤٨۔ سنن أبی داود، المجلد(٢)، كتاب(٦) النكاح، باب(١٦) فی التحليل، ص ٣٨٨، الحديث:٢٠٧٦

٤٩۔ فتح القديرشرح الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص٣٤

www.waseemziyai.com

یعنی ،مگر اعتراض کی وجہ یہ ہے کہ انہیں ہمارے اصحاب کی اصطلاح کی معرفت نہیں، اصطلاح یہ ہے کہ ہمارے اصحاب لفظِ حرام کا اِطلاق صرف اسی فعل پر کرتے ہیں کہ جس سے منع دلیل قطعی سے ثابت ہو اور جس فعل سے منع دلیل ظنّی سے ثابت ہو اسے مکروہ کہتے ہیں باوجود اس کے کہ وہ عِقاب کا سبب ہے۔

دلیل:

یہ حدیث خبرِ واحد ہے اور خبرِ واحد ظَن کا فائدہ دیتی ہے لہذا مذکور دلیل ظنّی دلیل ہے قطعی نہیں ہے اس لئے اس دلیل کی بناء پر عقد باطل نہیں ہوگا کیونکہ شرط سے عقد باطل نہیں ہوتا بلکہ شرط خود باطل ہو جائے گی۔

امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں:

أن شرط التحليل يبطل و يصح النكاح۔

یعنی ،شرطِ تحلیل باطل ہو جائے گی اور نکاح صحیح ہو جائے گا۔

## عقود کی دو قسمیں:

آگے لکھتے ہیں:

لاشكّ أنه شرط فى النكاح لايقتضيه العقد والعقود فى مثله على قسمين منها مايفسد العقد كالبيع ونحوه ومنها ما يبطل فيه الشرط ويصح هو فيجب بطلان هذا۔ (۵۰)

یعنی ،اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ایک ایسی شرط ہے کہ عقدِ نکاح جس کا مقتضی نہیں ہے اور عقود کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو شرط سے فاسد ہو جاتے ہیں جیسے تجارت وغیرہ اور دوسرے وہ جن میں شرط

۵۰۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل:فيما تحلّ به المطلّقة، ص ۳۵

www.waseemziyai.com

باطل ہو جاتی ہے اور عقد صحیح ہو جاتا ہے (جیسے نکاح وغیرہ) پس اس شرط کا بطلان بھی واجب ہے۔

لہٰذا شرطِ تحلیل، عقدِ نکاح کے عدم انعقاد (یعنی منعقد نہ ہونے) میں مؤثر نہ ہو گی اور نکاح صحیح ہو جائے گا۔

## حدیث شریف صحتِ نکاح پر دلیل ہے:

علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ (۵۱) اور امام ابن ہمام متوفی ۶۸۱ھ (۵۲) لکھتے ہیں:

ولكن يقال: لما سمّاه محلّلادلّ على صحة النّكاح، لأنّ المحلّل هو المُثبت للحلّ، فلو كان فاسداً لما سمّاه مُحلّلاً۔

یعنی، اور لیکن کہا گیا کہ نبی کریم ﷺ کا ایسا نکاح کرنے والے کو مُحَلِّلَ (سابقہ شوہر کے لئے عورت کے نکاح کو حلال کرنے والا) فرمانا، صحتِ نکاح کی دلیل ہے کیونکہ مُحلِّل، حِل کو ثابت کرنے والا ہوتا ہے۔ پس اگر بشرط تحلیل کیا گیا نکاح فاسد ہوتا ہے تو آپ ﷺ اسے مُحَلِّل نہ فرماتے۔

ظاہر ہے کہ بشرط تحلیل نکاح کرنے والا مُحَلِّل (سابقہ شوہر کے لئے عورت کو حلال کرنے والا) اسی وقت ہوگا جب اس کا نکاح صحیح ہو جائے کیونکہ تحلیل کے لئے وطی (ہمبستری) بنکاحِ صحیح شرط ہے اگر نکاح صحیح نہ ہو تو اس کی وطی عورت کو سابق شوہر کے لئے حلال نہیں کرے گی اور وہ مُحَلِّل نہیں ہو سکتا۔ جب اُسے مُحَلِّل فرمایا گیا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ایسا نکاح صحیح ہے اگرچہ مکروہ تحریمی ہے اور حلالہ کرنے والا، کروانے والا اور عورت تینوں گنہگار ہوں گے۔

---

۵۱۔ البناية شرح الهداية، المجلد(٥)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص ٤٨١

۵۲۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص ٣٤

www.waseemziyai.com

### لعنت کی وجہ:

اور یہ بات کہ ایسے نکاح سے حصولِ تحلیل کے باوجود لعنت کیوں کی گئی......؟ تو اس کے جواب میں شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ فرماتے ہیں:

لأن إلتماس ذلك هتك للمروئة و إعارة التَّيس فى الوطء لغرض الغير رذيلة، فإنه أنما يطأها ليعرضها لوطء الغير، وهو قلّة حمية، ولهذا قال عليه السلام: "هُوَ التَّيسُ الْمُسْتَعَارُ" (۵۳)

یعنی، کیونکہ اس کی طلب مروت کی ہتک (رسوائی) ہے اور وطی میں نَر کو دوسرے کی غرض سے مانگ کر لینا رذیل ہے کیونکہ وہ اس عورت سے صرف اس لئے وطی (ہمبستری) کرتا ہے تا کہ وہ اسے دوسرے کی وطی کے لئے حلال کر کے پیش کرے اور یہ قلّتِ غیرت ہے۔اسی لئے نبی ﷺ نے اسے ''تَیسُ الْمُستَعَارُ'' (یعنی مانگا ہوا بکرا) فرمایا ہے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ النعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# حلالہ اور مُتعہ میں فرق

**الاستفتاء**: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کہتا ہے اہلِ تشیع مُتعہ کو جائز قرار دیتے ہیں اور اہلسنّت حضرات حلالہ کو جائز کہتے ہیں؟ گویا دونوں ایک طرح سے وقتی نکاح کو جائز قرار دیتے ہیں۔ برائے کرم حلالہ اور

۵۳۔ البنایة شرح الهدایة، المجلد(۵)، کتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل:فیما تحل به المطلقة، ص ۴۸۱

www.waseemziyai.com

متعہ کی تعریف کرتے ہوئے فرق بیان کر کے عنداللہ ماجور ہوں۔

باسمه تعالى وتقدس

الجواب:

## نکاح کے اصطلاحی معنی:

حلالہ شرعاً نکاح ہی ہے اور شریعت مطہرہ میں نکاح اس مخصوص عقد کا نام ہے جو بالقصد مفیدِ ملکِ متعہ ہو یعنی اس کے ذریعہ مرد کا عورت سے نفع حاصل کرنا جائز ہو جائے۔

شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

العقد الشرعی الذی یوجب حلّ المرأة بنفسه۔ (٥٤)

یعنی، نکاح ایک شرعی عقد ہے جو بنفسہ عورت کے حلال ہونے کو واجب کرتا ہے۔

## نکاح کی ایک شرط یہ بھی ہے:

پھر نکاح کی شرائط میں سے ہے کہ یہ عقد نکاح دو عاقل بالغ گواہوں کے سامنے ہو اگر نکاح دو مسلمانوں کا ہو تو گواہوں کا مسلمان ہونا ضروری ہے کیونکہ اللہ تبارک وتعالی کا فرمان ہے:

﴿ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكَافِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلاً ﴾ (٥٥)

ترجمہ: اور اللہ کافروں کو مسلمانوں پر کوئی راہ نہ دے گا۔ (کنزالایمان)

اور عورت، جس سے نکاح کیا جا رہا ہے وہ محرمات میں سے نہ ہو اور غیر مسلم یا غیر کتابیہ نہ ہو وغیرہ۔

٥٤۔ البناية شرح الهداية، المجلد(٥)، كتاب النكاح، ص٦

٥٥۔ النساء: ٤/١٤١

www.waseemziyai.com

## اور حلالہ جب نکاح ہی ہے تو اسے حلالہ کیوں کہتے ہیں؟

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ نکاح مُطلَّقہ ثلاثہ کو جو اپنے شوہر پر حرام ہوتی ہے، سابقہ شوہر کے واسطے حلال کر دیتا ہے۔ اسی لئے اس نکاح کو حلالہ کہا جاتا ہے۔

## مُتعہ کسے کہتے ہیں؟

اور متعہ کے متعلق علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ لکھتے ہیں:

هو أن يقول لإمرأة أتمتّع بلكِ كذا مدة بكذا من المال۔(٥٦)

یعنی، مُتعہ کسی عورت کو یہ کہنا ہے کہ میں تجھ سے اتنے مال کے بدلے اتنی مدّت کے لئے مُتعہ کرتا ہوں۔

امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ لکھتے ہیں مُتعہ کسی عورت کو یہ کہنا ہے کہ میں تجھ سے اتنی مُدّت مثلاً دس دن یا چند دنوں کے لئے جسمانی نفع حاصل کرتا ہوں یا یوں کہنا کہ مجھے اپنے آپ سے چند دنوں کے لئے جسمانی نفع حاصل کرنے دے یا مدّت ذکر نہ کرے۔

## نکاح مؤقّت اور مُتعہ میں فرق:

اور پھر نکاح مؤقّت اور مُتعہ میں فرق بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں شیخ الاسلام نے فرمایا نکاح مؤقّت اور مُتعہ میں فرق یہ ہے کہ نکاح مؤقّت میں لفظ نکاح اور شادی ذکر کیا جاتا ہے اور مُتعہ میں، میں مُتعہ کرتا ہوں، یا مُتعہ طلب کرتا ہوں، یعنی ہر وہ لفظ ذکر کیا جاتا ہے جو مُتعہ کے مادّہ پر مشتمل ہو، اور ہر وہ لفظ بولا جاتا ہے جس سے مُتعہ میں گواہوں کا لازم نہ ہونا اور تعیین مدّت ظاہر ہو، اور نکاح مؤقّت میں گواہ ہوتے ہیں اور مدّت مقرر ہوتی ہے۔(٥٧)

شارح صحیح مسلم امام یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ لکھتے ہیں کہ قاضی عیاض

---

٥٦۔ الهداية، المجلد(١۔٢)، الجزء(١)، كتاب النكاح، فصل:في بيان المحرمات، ص٢١٢

٥٧۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٣)، كتاب النكاح، فصل: في بيان المحرمات، ص٥

www.waseemziyai.com

نے فرمایا کہ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مُتعہ ایک مُدّت کے لئے عقد ہوتا ہے جس میں وراثت جاری نہیں ہوتی اور بغیر طلاق کے انقطاع ہو جاتا ہے۔(۵۸)

## فقہ جعفریہ کی روشنی میں مُتعہ:

اور فقہ جعفریہ کی روشنی میں جس عورت سے نفسانی خواہش پوری کرنی مقصود ہو اس سے مُتعہ کر لیا جائے اور مُتعہ کا رُکن یہ ہے کہ عورت سے مُدّت اور وقت کا تعیُّن کیا جائے کہ کتنے پیسوں کے عوض وہ عورت کتنی مدّت کے لئے اپنا جسم حوالے کرے گی۔ وقت پورا ہو جانے کے بعد مُتعہ از خود ختم ہو جاتا ہے، طلاق کی ضرورت نہیں رہتی۔ ممتوعہ (مُتعہ کی گئی) عورت کے لئے مسلمان یا اہلِ کتاب ہونا ضروری نہیں۔ مجوسی عورت سے بھی مُتعہ کیا جا سکتا ہے۔ عقدِ مُتعہ کے لئے گواہوں کی ضرورت نہیں ہے۔ اور نہ ہی ممتوعہ عورتوں میں تعداد کی کوئی حدّ ہے۔ حتیٰ کہ بیک وقت سو عورتوں سے بھی مُتعہ کیا جا سکتا ہے۔ ممتوعہ (مُتعہ کی گئی) عورت وراثت کی حقدار نہیں ہوتی۔ نہ ہی مُتعہ کرنے والا اس کا وارث ہوتا ہے۔

جمیع اُمّتِ مُسلمہ کے نزدیک مُتعہ حرام ہے اور اہلِ تشیع کے ہاں جائز بلکہ ثواب ہے۔

## مُتعہ اور نکاح میں فرق یہ ہے:

۱۔ اہلِ تشیع کے ہاں مُتعہ کے رُکن، مُدّت کا تعیُّن اور اُجرت کا تعیُّن ہیں،

چنانچہ شیعہ مصنِّف ابوجعفر محمد بن طوسی نے لکھا ''زرارہ نے بیان کیا کہ ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا مُتعہ صرف دو چیزوں سے منعقد ہوتا ہے مُدّت کا تعیُّن اور اُجرت کا تعیُّن ہو''۔(۵۹)

---

۵۸۔ شرح صحیح مسلم للنووی، المجلد(۵)،الجزء(۹)، کتاب(۱۶) النکاح، باب(۳) نکاح المتعة الخ، ص۱۵۵، الحدیث:۱۱(۱۳۰۴)

۵۹۔ تهذیب الأحکام، المجلد(۷)، ص۴۶۲

www.waseemziyai.com

جبکہ نکاح کے رُکن ایجاب وقبول ہیں۔جیسا کہ کُتُبِ فقہ میں مذکور ہے: ینعقد بإیجاب و قبول یعنی،نکاح ایجاب اور قبول سے منعقد ہوجاتا ہے۔

۲۔ ان کے ہاں مُتعہ کا انعقاد لفظِ مُتعہ اور ہر اس لفظ سے بھی ہوتا ہے جو مادّۂ مُتعہ کو شامل ہو۔جیسا کہ ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی نے روایت کیا کہ ''ابوعمر کہتے ہیں میں نے ہشام بن سالم سے مُتعہ کا طریقہ پوچھا انہوں نے کہا تم یوں کہو اے اللہ کی بندی! میں اتنے پیسوں کے عوض اتنے دنوں کے لئے تم سے مُتعہ کرتا ہوں''۔(٦٠)

جبکہ نکاح کا انعقاد صرف لفظِ نکاح،لفظِ تزویج اور ان الفاظ سے درست ہوتا ہے، جو فی الحال تملیکِ عین کے لئے موضوع ہوں (یعنی فی الحال عین چیز کے مالک ہونے کے لئے رکھے گئے ہو) کما فی کُتُبِ الفقه

۳۔ مُتعہ میں عورت کا مسلمان یا کتابیہ ہونا ضروری نہیں جیسا کہ ابوجعفر طوسی نے لکھا کہ ''منصور بن صقیل سے روایت ہے کہ ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ''مجوسی (آتش پرست) عورت سے مُتعہ کرنے میں کوئی حرج نہیں''۔(٦١)

جبکہ نکاح کے لئے عورت کا مسلمان یا کتابیہ ہونا ضروری ہے کہ مشرکہ عورت سے نکاح نہیں ہوتا ارشاد باری تعالی ہے:

﴿ وَلَا تَنكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ﴾ (٦٢)

ترجمہ: شرک والی عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک مسلمان نہ ہو جائیں۔ (کنزالایمان)

۴۔ عقدِ مُتعہ مُدّت پوری ہونے پر خود بخود ختم ہوجاتا ہے طلاق کی ضرورت نہیں ہوتی جیسا کہ ابوجعفر نے لکھا کہ ''محمد بن اسماعیل کہتے ہیں میں نے ابوالحسن رضا

---

٦٠۔ الفروع فی الکافی، المجلد(٥)، ص٤٥٥

٦١۔ الاستبصار، المجلد(٣)، ص١٤٤

٦٢۔ البقرة:٢٢١/٢

www.waseemziyai.com

علیہ السلام سے پوچھا کیا اس سے بغیر طلاق علیحدگی ہو جاتی ہے؟ تو انہوں نے کہا ہاں''۔(٦٣)

جبکہ نکاح کا معاملہ ایسا نہیں ہے۔ شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ٨٥٥ھ لکھتے ہیں:

والنكاح لا ينعقد إلّا مؤبّداً۔ (٦٤)

یعنی، نکاح نہیں منعقد ہوتا مگر ہمیشہ کے لئے۔

اس لئے وہ خود بخود ختم نہیں ہوتا جب تک وہ اسباب نہ پائے جائیں جنہیں شریعت مطہرہ نے نکاح ختم کرنے کے لئے مقرر کیا ہے جیسے طلاق اور وفات وغیرہما۔

٥۔ عقدِ مُتعہ کے لئے گواہوں کی ضرورت نہیں ہوتی جیسا کہ امام ابن ہمام حنفی نے ''فتح القدیر'' میں لکھا جس کا بیان مندرجہ بالا سطور میں گذرا جبکہ نکاح میں دو گواہوں کا ہونا شرط ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

لَانِكَاحَ إِلَّا بِشُهُودٍ (٦٥)

یعنی، گواہوں کے بغیر نکاح نہیں۔

اور حدیث شریف میں ہے:

اَلْبَغَايَا اللَّاتِيْ يَنْكِحْنَ أَنْفُسَهُنَّ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ۔ (٦٦)

یعنی، زانیہ عورتیں وہ ہیں جو اپنا نکاح بغیر گواہوں کے کریں۔

٦۔ مُتعہ میں عورتوں کی کوئی حدّ نہیں حتی کہ بیک وقت ستّر یا اس سے زیادہ عورتوں سے بھی مُتعہ کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ابوجعفر طوسی نے لکھا ''زرارہ کہتے ہیں ابو عبداللہ علیہ السلام سے پوچھا گیا کیا مُتعہ چار عورتوں سے کیا جا سکتا ہے؟ انہوں

---

٦٣۔ الإستبصار، المجلد(٣)، ص١٥١

٦٤۔ البناية شرح الهداية، المجلد(٥)، كتاب النكاح، ص١١

٦٥۔ الهداية، المجلد(١۔٢)، الجزء(١)، كتاب النكاح، ص٢٠٦

٦٦۔ جامع ترمذي، المجلد(٢)، كتاب(٩) النكاح، باب(١٥) ماجاء لا نكاح إلّا ببينة، ص١٨٤، الحديث:١١٠٣

www.waseemziyai.com

نے کہا کہ مُتعہ اُجرت کے عوض ہوتا ہے خواہ ہزار عورتوں سے کرلو'۔(٦٧)

جبکہ نکاح میں بیک وقت صرف چار عورتیں رہ سکتی ہیں۔قرآن مجید میں ہے:

﴿ فَانْكِحُوْا مَاطَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ﴾ (٦٨)

ترجمہ: تو نکاح میں لاؤ جو عورتیں تمہیں خوش آئیں، دو دو تین تین اور چار چار۔ (کنز الایمان)

۷۔ مُتعہ میں فریقین ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے جیسا کہ ابو جعفر طوسی نے لکھا کہ ''مُتعہ میں فریقین کے درمیان میراث نہیں ہوتی''۔(٦٩)

جبکہ نکاح میں فریقین ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہیں۔فرمان الٰہی ہے:

﴿ وَلَكُمْ نِصْفُ مَاتَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ج فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ ﴾ (٧٠)

ترجمہ: اور تمہاری بیبیاں جو چھوڑ جائیں اس میں سے تمہیں آدھا ہے اگر ان کی اولاد نہ ہو پھر اگر ان کی اولاد ہو تو ان کے ترکہ میں سے تمہیں چوتھائی ہے۔(کنز الایمان)

اور فرمایا:

﴿ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ﴾ (٧١)

ترجمہ: اور تمہارے ترکہ میں عورتوں کا چوتھائی ہے اگر تمہارے اولاد نہ ہو پھر اگر تمہارے اولاد ہو تو ان کا تمہارے ترکہ میں سے

٦٧۔ الإستبصار، المجلد(٣)، ص١٤٧

٦٨۔ النساء:٤/٣

٦٩۔ الإستبصار، المجلد(٣)، ص١٤٧

٧٠۔ النساء:٤/١٢

٧١۔ النساء:٤/١٢

www.waseemziyai.com

آٹھواں۔ (کنزالایمان)

۸۔ عقدِ مُتعہ ایک معیّن مُدّت کے لئے ہوتا ہے اور اس میں اضافہ کا اختیار رہتا ہے جیسا کہ ابو جعفر قمی نے لکھا کہ "محمد بن نعمان نے بیان کیا کہ ابو عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا تم عورت سے کہو کہ عقد ایک معیّن مُدّت تک ہے۔ پھر اگر میں نے چاہا تو اس مُدّت میں اضافہ کرونگا اور تم بھی اضافہ کر دینا"۔(۷۲)

جبکہ نکاح ایک ایسا عقد ہے جو دوام (ہیشگی) کے لئے وضع کیا گیا ہے ارشاد باری تعالی ہے:

﴿ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ فَاِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا﴾ (۷۳)

ترجمہ: اور ان سے اچھا برتاؤ کرو پھر اگر وہ تمہیں پسند نہ آئیں تو قریب ہے کہ کوئی چیز تمہیں نہ پسند ہو اور اللہ اس میں بہت بھلائی رکھے۔ (کنزالایمان)

پھر اگر چہ وہ نکاح کے فوراً بعد ہی ختم کر دیا جائے جیسے طلاق وغیرہ سے یا کسی وجہ سے ختم ہو جائے جیسے وفات سے۔

۹۔ مُتعہ والی عورت خرچہ کا حق نہیں رکھتی جیسا کہ خمینی نے مُتعہ کے احکام میں لکھا کہ "مُتعہ والی عورت اگر چہ حاملہ ہو جائے خرچہ کا حق نہیں رکھتی"۔(۷٤)

جبکہ منکوحہ نفقہ کا حق رکھتی ہے، چنانچہ قرآن میں ہے:

﴿ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰهُ اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰهَا ؕ﴾ (۷۵)

۷۲۔ من لا یحضرہ الفقیہ، المجلد(۳)، ص۲۹٤

۷۳۔ النساء:٤/١٩

۷٤۔ توضیح المسائل، ص۳۲۹

۷۵۔ الطلاق:٦٥/٧

www.waseemziyai.com

ترجمہ: مقدور والا اپنے مقدور کے قابل نفقہ دے اور جس پر اس کا رزق تنگ ہو گیا وہ اس میں سے نفقہ دے جو اسے اللہ نے دیا اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں رکھتا مگر اسی قابل جتنا اسے دیا۔ (کنز الایمان)

اور حاملہ ہو تو بھی اس کو نفقہ دینے کا حکم ہے خواہ اس کو طلاق رجعی دی گئی ہو یا بائن۔ قرآن میں ہے:

﴿وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾ (۷۶)

ترجمہ: اور اگر حمل والیاں ہوں تو انہیں نان نفقہ دو یہاں تک کہ ان کے بچہ پیدا ہو۔ (کنز الایمان)

۱۰۔ مُتعہ میں جُدائی کی صورت میں عدّت نہیں ہوتی، ابو جعفر کلینی نے لکھا کہ ''ابو عمر کہتے ہیں میں نے ہشام بن سالم سے مُتعہ کا طریقہ پوچھا تو انہوں نے (مُتعہ کا طریقہ بیان کرتے ہوئے) کہا اس میں عِدّت نہیں ہے''۔(۷۷)

جبکہ نکاح کے بعد طلاق وغیرہ سے جُدائی کی صورت میں مدخول بہا پر عِدّت لازم آتی ہے جیسا کہ قرآن میں ہے:

﴿وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ﴾ (۷۸)

ترجمہ: اور طلاق والیاں اپنی جانوں کو روکے رہیں تین حیض تک۔ (کنز الایمان)

اور غیر مدخول بہا پر عِدّت نہیں ہوتی جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے:

﴿ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا﴾ (۷۹)

۷۶۔ الطلاق:۶/۶۵

۷۷۔ الفروع فی الکافی، المجلد(۵)، ص۴۵۶

۷۸۔ البقرۃ:۲۲۸/۲

۷۹۔ الأحزاب:۴۹/۳۳

www.waseemziyai.com

ترجمہ: پھر انہیں بے ہاتھ لگائے چھوڑ دو تو تمہارے لئے کچھ
عدّت نہیں جسے گنو۔ (کنزالایمان)

اور جُدائی اگر وفات کی صورت میں ہو تو بھی عِدّت لازم آتی ہے جیسا کہ قرآن میں ہے:

﴿ وَالَّذِیْنَ یَتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَ یَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ عَشْرًا ﴾ (۸۰)

ترجمہ: اور تم میں جو مرے اور بیبیاں چھوڑیں وہ چار مہینے دس دن
اپنے آپ کو روکے رہیں۔ (کنزالایمان)

اور اگر عورت حاملہ ہو اور جُدائی چاہے طلاق سے ہو یا وفات سے تو بھی عِدّت لازم ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ﴾ (۸۱)

ترجمہ: اور حمل والیوں کی میعاد یہ ہے کہ وہ اپنا حمل جن لیں۔ (کنزالایمان)

۱۱۔ نبی کریم ﷺ نے مُتعہ قیامت تک حرام فرمایا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔
حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سبرہ بن معبد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو! آج سے قیامت تک کے لئے مُتعہ حرام ہے۔ (۸۲)

دوسری حدیث شریف ہے:

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو مُتعہ کا حرام ہونا بتاتے ہوئے فرمایا۔ اے ابن عباس ٹھہرو! رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن مُتعہ کرنے اور پالتو گدھوں کو کھانے سے منع فرما دیا تھا۔ (۸۳)

---

۸۰۔ البقرۃ:۲/۲۳۴

۸۱۔ الطلاق:۶۵/۴

۸۲۔ صحیح مسلم، کتاب(۱۶) النکاح، باب(۳) نکاح المتعة الخ، ص۵۲۳، الحدیث:۲۸۔(۱۴۰۶)

۸۳۔ صحیح مسلم، کتاب (۱۶) النکاح، باب(۳) نکاح المتعة الخ، ص۵۲۳، الحدیث: ۳۲(۱۴۰۷)

www.waseemziyai.com

مُتعہ دو مرتبہ حرام کیا گیا ایک مرتبہ غزوۂ خیبر میں جس کا بیان مذکور حدیث میں گزرا اور فتح مکہ میں، مکہ میں داخل ہوتے وقت مُباح کیا گیا پھر نکلنے سے قبل قیامت تک کے لئے حرام کر دیا گیا۔ چنانچہ حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب ہم مکہ میں داخل ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے مُتعہ مباح فرمایا پھر ہم ابھی مکہ سے نکلے نہ تھے کہ آپ نے ہمیشہ کے لئے حرام فرما دیا۔(٨٤)

حدیث شریف میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اے لوگو! میں نے تمہیں عورتوں سے مُتعہ کرنے کی اجازت دی تھی اور اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت تک کے لئے حرام کر دیا ہے تم میں سے جس کے پاس بھی ان (ممتوعہ عورتوں) میں سے کوئی عورت ہو اس کا راستہ چھوڑ دے اور جو تم نے انہیں دیا ہے اس میں سے بھی کچھ نہ لے۔(٨٥)

خود اہلِ تشیع کے ہاں مُتعہ کا ابدی حرام ہونا احادیث سے ثابت ہے جیسا کہ ابو جعفر طوسی روایت کرتے ہیں کہ ”زید بن علی اپنے آباء سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے پالتو گدھوں کے گوشت اور نکاحِ مُتعہ کو حرام کر دیا“۔(٨٦)

جبکہ نکاح قیامت تک کے لئے حلال ہے۔قرآن میں ہے:

﴿ فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَآءِ ﴾ (٨٧)

ترجمہ: تو نکاح میں لاؤ جو عورتیں تمہیں خوش آئیں۔(کنزالایمان)

اور حدیث شریف میں ہے:

اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِيْ فَمَنْ لَّمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ۔ (٨٨)

یعنی، نکاح میری سنّت ہے جس نے میری سنّت پر عمل نہ کیا وہ

٨٤۔ صحيح مسلم، كتاب(١٦) النكاح، باب(٣) نكاح المتعة الخ، ص٥٢٢، الحديث: ٢٢(١٤٠٦)

٨٥۔ صحيح مسلم، كتاب(١٦)النكاح، باب(٣) نكاح المتعة الخ، ص٥٢٣، الحديث٢٨(١٤٠٦)

٨٦۔ الإستبصار، المجلد(٣)، ص١٤٢

٨٧۔ النساء:٤/٤

٨٨۔ سنن إبن ماجة، المجلد(٢)، كتاب(٩) النكاح، باب(١) ماجاء في فضل النكاح، ص٤١٥، الحديث:١٨٤٦

www.waseemziyai.com

میرے طریقہ پر نہیں۔

اور حدیث شریف میں ہے:

مَنْ قَدَرَ عَلیٰ أَنْ یَنْکِحَ فَلَمْ یَنْکِحْ فَلَیْسَ مِنَّا۔ (۸۹)

یعنی، جو شخص نکاح کرنے پر قادر ہو پھر نکاح نہ کرے وہ ہمارے طریقے پر نہیں۔

اور حدیث شریف میں ہے:

تَزَوَّجُوا فَإِنَّ التَّزَوُّجَ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ أَلْفِ سَنَةٍ۔ (۹۰)

یعنی، شادی کرو پس تحقیق شادی کرنا ہزار سال کی عبادت سے بہتر ہے۔☆

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

## کیا حلالہ عورتوں کے لئے سزاء ہے؟

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ بعض پڑھی لکھی سمجھدار مسلمان عورتیں یہ کہتی ہیں کہ اسلام نے مُطلّقہ ثلاثہ کے لئے اپنے شوہر پر حلال ہونے کے لئے حلالہ کی شرط لگائی ہے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ بیوی ہی طلاق کا ظُلم سہے اور حلالہ کی سزا بھی اُسی کو ملے؟، تو اس کا جواب کیا ہوگا؟ بینوا توجروا

باسمہ تعالی وتقدس

---

۸۹۔ سنن الدارمی، المجلد(۲)، کتاب النکاح، باب الحثّ علی التزویج، ص ۱۱۰، الحدیث:۲۱۶٤

أیضاً البنایة شرح الهدایة، المجلد(٥)، کتاب النکاح، ص ٥

۹۰۔ البنایة شرح الهدایة، المجلد(٥)، کتاب النکاح، ص ٥

☆ اس فتویٰ میں کُتُبِ شیعہ کے حوالہ جات شرح صحیح مسلم للسعیدی (المجلد:۳) سے ماخوذ ہیں۔

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

الجواب:

اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ عورت کو حلالہ کی سزا بھگتنے اور سابق شوہر سے دوبارہ نکاح کرنے پر کس نے جبر کیا؟ نہ قرآن و سنّت نے، نہ صحابہ و تابعین نے، نہ ائمہ مجتہدین وعلمائے دین نے۔ حقیقت یہ ہے کہ طلاق دے کر ایک عرصہ کی رفاقت ختم کر دینے والے شوہر سے دوبارہ رفاقت کی تمنّا، خود مُطلّقہ عورت ہی کرتی ہے۔ کوئی اس کو مجبور نہیں کرتا، نہ شریعت، نہ مفتی، نہ قاضی۔ اور عورت کے اپنے خاوند سے رفاقت کے لئے قرآن کی یہ ہدایت اس لئے ہے تاکہ آئندہ نہ عورت جلد بازی کرے طلاق لینے میں اور نہ مرد جلد بازی کرے طلاق دینے میں۔ طلاق دینے میں اکثر میاں بیوی دونوں کے کرتُوتوں کا انجام ہے کیونکہ مرد نے ایک طلاق پر اکتفاء نہیں کیا۔ اس لئے کہ تعلیم اسلامی حاصل نہ تھی یا تعلیمات اسلامی کو اہمیت نہ دی۔ یہ بھی اللہ عزّ وجلّ نے کرم فرمایا کہ ایک بار اپنے کرتُوتوں سے ایک دوسرے پر ہمیشہ کے لئے حرام ہو گئے تھے اور اس نافرمانی کے ذریعہ اپنے کرتوتوں سے انجام کو پہنچنے کے بعد ایک دوسرے کو چاہنے لگے۔ اگر یہ حَل نہ ہوتا تو ممکن تھا کہ زمانہ میں حرام کاری سے بدنام ہوتے اور کبیرہ کے مرتکب ہوتے۔ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے حِلّت کی راہ بتا دی اور متعیّن فرما دی چاہیئے تو تھا کہ اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کا شکرادا کرتے مگر انسان ظالم و جاہل ہے کہ اسلام پر، کلام الٰہی پر اور ذاتِ باری تعالیٰ پر اعتراض کرنے لگ گیا۔ حد ہو گئی کہ نعمت کو زحمت سمجھا جانے لگا۔ لہٰذا مرد عورت ایک دوسرے پر حرام ہونے کے بعد چاہتے ہیں کہ کوئی ایسا کرم ہو کہ جو ایک ساتھ رہ سکیں تو لاج رکھنے والے نے لاج رکھتے ہوئے یہ حکم فرمایا:

﴿ فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ م بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ ﴾ (۹۱)

ترجمہ: وہ عورت اسے حلال نہ ہو گی جب تک دوسرے خاوند کے

۹۱۔ البقرۃ:۲/۲۳۱

پاس نہ رہے۔ (کنزالایمان)

یعنی، وہ عورت کسی دوسرے شخص سے نکاح کرے ہمبستری کے بعد طلاق دے اورعدت گذرنے کے بعداب وہ عورت اپنے سابق شوہر کے لئے حلال ہوسکتی ہے۔

توعورت قرآن کی اس ہدایت کوبھی اپنی مرضی سے چاہتی ہےاور قبول کرلیتی ہے۔ اگر یہ قرآنی ضابطہ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ! ظلم ہےتو عورتیں اسے کیوں اختیار کرتی ہیں؟

جیسا کہ امام مسلم بن حجاج قشیری متوفی ۲۶۱ھ (۹۲) اور امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ (۹۳) روایت کرتے ہیں: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رفاعہ قرظی کی بیوی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی عرض کی کہ میں رفاعہ کی زوجیت میں تھی، پھر انہوں نے مجھے طلاق دے دی اور طلاق مغلّظہ دی تھی پھر میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر رضی اللہ عنہ سے نکاح کرلیا لیکن ان کے پاس تو اس کپڑے کے پلو کی مانند ہے تو حضور ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا تم رفاعہ کے پاس دوبارہ جانا چاہتی ہو؟ لیکن تم اس وقت تک ان سے دوبارہ نکاح نہیں کرسکتی جب تک تم عبدالرحمٰن بن زبیر کا مزہ نہ چکھ لو اور وہ تمہارا مزہ نہ چکھ لیں۔ اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خدمتِ نبوی میں موجود تھے اور خالد بن سعید بن العاص دروازے پر اپنے لئے اندر آنے کی اجازت کا انتظار کررہے تھے۔ انہوں نے کہا، ابوبکر! کیا تم اس عورت کی آواز نہیں سنتے؟ یہ نبی کریم ﷺ کے حضور کس قدر آواز سے گفتگو کررہی ہے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

۹۲۔ صحیح مسلم، المجلد (٥)، الجزء (١٠)، کتاب (١٦) النکاح، باب (١٧) لا تحلّ المطلّقة ثلاثًا حتّی تنکح الخ، ص٣، الحدیث: ١١١ (١٤٣٣)

۹۳۔ صحیح البخاری، المجلد (٣) کتاب (٦٨) الطلاق، باب (٤) من أجاز طلاق الثلاث، ص٤١٢، الحدیث: ٥٢٦٠

www.waseemziyai.com

# حلالہ کو بے شرمی اور بے حیائی کہنا

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ بعض لوگ لفظِ حلالہ کو بے شرمی اور بے حیائی قرار دیتے ہیں، ان کا کہنا درست ہے یا نہیں؟ اگر غلط ہے تو پھر ان کا جواب کیا ہوگا؟ بینوا و توجروا

باسمہ تعالیٰ وتقدس

الجواب:

قرآن مجید میں مُطلَّقہ ثلاثہ کے سابق شوہر کے لئے حلال ہونے کے لئے اللہ تعالیٰ نے ﴿فَلَا تَحِلُّ لَهُ﴾ (٩٤) کے کلمات ارشاد فرمائے ہیں۔

اسی طرح احادیث مبارکہ میں نبی کریم سے "أ تَحِلُّ لِلْاَوَّلِ ؟" کے الفاظ سے سوال کیا گیا۔ (٩٥)

اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ ﷺ سے "کَانَ یَحِلُّ لِیْ" کے الفاظ میں سوال کیا۔(٩٦)

اور آپ ﷺ نے خود "لَمْ تَحِلَّ لَہ" کے الفاظ اپنی مبارک زبان سے ارشاد

---

٩٤۔ البقرة:٢/٢٣١

٩٥۔ صحیح البخاری، المجلد(٣)، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(٤) من أجاز طلاق الثلاث، ص٤١٣، الحدیث:٥٢٦١

أیضاً صحیح مسلم، کتاب(١٦)النکاح،باب(١٧)لا تحل المطلقة ثلاثة الخ، ص٥٣٧، الحدیث: ١١٤ (١٤٣٣)

أیضاً الموطا الإمام محمد، کتاب الطلاق، باب المرأة یطلقها زوجها الخ، ص١٩٢۔١٩٣

أیضاً سنن الددارقطنی، المجلد(٣)، الجزء(٤)، کتاب الطلاق، حدیث:٣٩٣٢، ص٢١

أیضاً السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع والطلاق، باب(١٤) ماجاء فی إمضاء الطلاق الخ، ص ٥٥٠، الحدیث:١٤٩٧١

٩٦۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(٧)، کتاب الخلع والطلاق، باب(١٤) ماجاء فی إمضاء الطلاق الخ، ص٥٤٧، الحدیث:١٤٩٥٥

www.waseemziyai.com

فرمائے۔(۹۷)

یہی الفاظ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمائے۔(۹۸)

اور یہی الفاظ حضرت ابن عباس، ابو ہریرہ اور ابن عمرو رضی اللہ عنہم سے بھی مُتفقہ طور پر: (۹۹) اور حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے مُتفقہ طور پر (۱۰۰) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ (۱۰۱) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ (۱۰۲) اور حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا (۱۰۳) وغیرھم سے مروی ہیں۔

اور تابعین میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ (۱۰٤) اور حضرت سعید بن مسیّب، سعید بن جبیر اور حمید بن عبدالرحمٰن (۱۰۵) سے مروی ہیں۔

بہر حال ''حلال وحرام''، قرآن وحدیث اور دین واسلام کی ایک اہم اصطلاح ہے جس کے بارے میں قرآن میں ﴿فَلَا تَحِلُّ لَهُ﴾ اور احادیث وآثارِ صحابہ اور اقوالِ تابعین میں ''أَتَحِلُّ لِلْأَوَّلِ ؟''، ''كَانَ يَحِلُّ لِي ؟''، ''لَمْ تَحِلَّ لَهُ''،

---

۹۷۔ سنن الدارقطنی، المجلد (۳)، الجزء (٤)، کتاب الطلاق، الحدیث: ۳۹۲۷۔۳۹۲۸، ص ۲۰

أيضاً السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد (۷)، کتاب الخلع و الطلاق، باب (١٤) ماجاء فی إمضاء الطلاق الخ، ص ٥٥٠، الحدیث: ١٤٩٧٠

۹۸۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد (٤)، کتاب (١١) الطلاق، باب (١٩) فی الرجل، یقول لامرأته: "أنت طالق الخ"، ص ٢١، الحدیث: ٧

۹۹۔ سنن أبی داود، المجلد (٢)، کتاب (٧) الطلاق، باب (١٠) نسخ المراجعة الخ، ص ٤٥٠، الحدیث: ٢١٩٨

۱۰۰۔ شرح معانی الآثار، المجلد (٢)، الجزء (٣)، کتاب (٨) الطلاق، باب (٢) الرجل یطلّق امرأته ثلاثاً معاً، ص ٥٨، الحدیث: ٤٤٨٠

۱۰۱۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد (٧)، کتاب الخلع و الطلاق، باب (١٤) ماجاء فی إمضاء الطلاق الخ، ص ٥٤٧، الحدیث: ١٤٩٥٨۔١٤٩٥٩

۱۰۲۔ مجمع البحرین فی زوائد المعجمین، المجلد (٢)، کتاب الطلاق، باب المطلّقة ثلاثاً الخ، ص ٣٥٥، الحدیث: ٢٣٧٥

۱۰۳۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد (٤)، کتاب (١١) الطلاق، باب (١٨) فی الرجل یزوّج المرأة ثم یطلّقها، ص ١٩

۱۰٤۔ سنن الدارقطنی، المجلد (٣)، الجزء (٤)، کتاب الطلاق، حدیث: ٣٩٧٩، ص ٣١

۱۰۵۔ مصنّف ابن أبی شیبة، المجلد (٤)، کتاب (١١) الطلاق، باب (١٨) فی الرجل یزوّج المرأة ثم یطلّقها، ص ١٩

www.waseemziyai.com

''لَاتَحِلُّ لَهُ''، ''لَا تَحِلُّ لِلْأَوَّلِ'' کے الفاظ آئے ہیں اس کے معنی (بالترتیب) ''تو اسے حلال نہ ہوگی''، ''کیا اسے حلال ہوگی؟''، ''کیا میرے لئے حلال ہے''؟ ''اسے حلال نہیں'' اور ''اسے حلال نہ ہوگی'' کے ہیں۔

اب حلالہ کے لفظ کو بے شرمی و بے حیائی قرار دینے اور مذاق اڑانے کی کیا کسی مسلمان کا ایمان اجازت دے گا؟ ہرگز نہیں۔ صرف وہی یہ بات کہے گا جس کے دل میں ایمان وایقان کی جگہ بے شرمی و بے حیائی نے لے لی ہوگی۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# طلاق کو مُعلّق کرنا

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس بارے میں کہ زید نے ہندہ کے بارے میں کہا اگر میں اس سے نکاح کر کے ہمبستری کروں تو اسے تین طلاقیں ہیں حالانکہ اس وقت زید ہندہ دونوں اجنبی تھے پھر زید نے ہندہ سے نکاح کیا اور ہمبستری بھی ہوئی تو طلاقیں واقع ہوجائیں گی یا نہیں اگر واقع ہوجائیں گی تو حضور ﷺ کے فرمان ''نکاح سے قبل طلاق نہیں ہوتی'' کا کیا مطلب ہوگا؟ بینوا وتوجروا

باسمہ تعالیٰ وتقدس

الجواب:

صورت مسئولہ میں تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی اور وہ عورت زید پر حرام ہوجائے گی کیونکہ یہ تعلیق ہے اور تعلیق کے معنی یہ ہیں کہ کسی چیز کا ہونا دوسری چیز کے ہونے پر موقوف کیا جائے یہ دوسری چیز جس پر پہلی چیز موقوف ہے اُسے شرط کہتے ہیں۔

www.waseemziyai.com

جیسے کسی نے اجنبیہ سے کہا اگر میں تجھ سے نکاح کروں تو تجھے طلاق ہے۔ یہاں پر طلاق کا واقع ہونا نکاح کے ہونے پر موقوف ہے۔

## تعلیق بالشرط جائز ہے:

جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

﴿ وَمِنۡهُم مَّنۡ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنۡ اٰتٰـنَا مِنۡ فَضۡلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ ﴾ (١٠٦)

ترجمہ: ان میں کوئی وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا۔ کہ اگر ہمیں اپنے فضل سے دے گا تو ہم خیرات کریں گے۔ (کنزالایمان)

اس آیہ کریمہ کے تحت شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی لکھتے ہیں:

فهذا نظير: إن تزوجتُ فلانة فهي طالق۔ (١٠٧)

یعنی، پس یہ نظیر ہے إن تزوجت فلانة فهي طالق (یعنی اگر میں نے فلانی عورت سے شادی کی تو وہ طلاق والی ہے) کی۔

## حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے نزدیک تعلیق بالشرط:

امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۸۹ھ روایت کرتے ہیں:

عَنِ ابۡنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَقُوۡلُ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ إِذَا نَكَحۡتُ فُلَانَةً فَهِيَ طَالِقٌ كَذٰلِكَ إِذَا نَكَحَهَا وَإِنۡ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً أَوِ اثۡنَتَيۡنِ أَوۡ ثَلَاثاً فَهُوَ كَمَا قَالَ۔ (١٠٨)

یعنی، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے تھے جب کسی شخص نے کہا میں فلاں عورت سے نکاح کروں تو اسے طلاق ہے تو

---

١٠٦۔ التوبہ:٩/٧٥

١٠٧۔ عمدة القاري، المجلد (١٤)، كتاب(٦٨) الطلاق، باب (٩) لا طلاق قبل النكاح، ص ٢٥٤

١٠٨۔ الموطا للإمام محمد بن الحسن، كتاب الطلاق، باب الرجل يقول: إذا نكحت فلانة فهي طلاق، ص ٢٥٨

www.waseemziyai.com

وہ جب اس سے نکاح کرے گا طلاق واقع ہو جائے گی اگر ایک طلاق یا دو یا تین کہی ہوں گی تو اتنی ہی واقع ہوں گی کہ جتنی اس نے کہی ہوں گی۔

## حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک تعلیق بالشرط:

امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایت کرتے ہیں:

رُوِیَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّهُ قَالَ فِی الْمَنْصُوْبَةِ: إِنَّهَا تُطَلَّقُ۔ (۱۰۹)

یعنی منصوبہ اس عورت کو کہتے ہیں جو کسی قبیلہ یا شہر کی طرف منسوب ہو اس کے لئے مرد کہے اگر میں فلاں قبیلہ یا فلاں شہر کی فلانی عورت سے نکاح کروں تو اسے طلاق ہے تو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں طلاق واقع ہو جائے گی۔

## حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک تعلیق بالشرط:

امام محمد بن حسن شیبانی متوفی ۱۷۹ھ روایت بیان کرتے ہیں کہ

عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ، فَقَالَ: إِنْ قُلْتُ، إِنْ تَزَوَّجْتُ فُلَانَةً فَهِیَ كَظَهْرِ أُمِّی، قَالَ: إِنْ تَزَوَّجْتَهَا، فَلَا تَقْرَبْهَا حَتّٰی تُكَفِّرَ۔ (۱۱۰)

یعنی، قاسم بن محمد سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے پوچھا اگر میں یہ کہوں اگر میں نے فلاں عورت سے شادی کی تو وہ مجھ پر میری ماں کی پیٹھ کی مثل ہے تو آپ نے فرمایا (یہ تعلیق صحیح ہے) جب تو اس سے شادی کرے تو ظہار کا کفّارہ ادا کرنے سے قبل اس کے قریب نہ جانا۔

---

۱۰۹۔ جامع ترمذی، المجلد (۲)، کتاب (۱۱) الطلاق، باب (٦) ما جاء لاطلاق قبل النکاح، ص۲۳۸

۱۱۰۔ المؤطا للإمام محمد بن الحسن، کتاب الطلاق، باب الرجل یقول لامرأته: إذا الخ، ص ۲۵۸

www.waseemziyai.com

اس سے معلوم ہوا کہ اگر طلاقِ ظہار کو نکاح سے معلّق کرنا درست ہے تو صریح طلاق کو بھی نکاح کے ساتھ معلّق کرنا درست ہوگا، اگر تعلیق بالنکاح (یعنی طلاق کو نکاح کے ساتھ مُعلّق کرنا) جائز ہے تو تعلیق بالدخول مع النکاح (یعنی طلاق کو نکاح کے بعد دخول سے مُعلّق کرنا) بھی جائز ہے۔

اور امام ابن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ روایت کرتے ہیں قدامہ نے بیان کیا کہ میں نے سالم بن عبداللہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا، جس نے کہا، ہر عورت جس سے بھی وہ شادی کرے تو وہ طلاق والی ہے اور ہر باندی جسے بھی وہ خریدے تو وہ آزاد ہے، تو آپ نے فرمایا، اگر میں ہوتا تو نہ میں نکاح کرتا اور نہ ہی باندی خریدتا یعنی نکاح سے طلاق اور خریدنے سے باندی آزاد ہو جائے گی۔(۱۱۱)

## تابعین کے نزدیک تعلیق بالشرط:

امام زہری اور مکحول اس شخص پر جو یہ کہے ''ہر عورت جس سے میں شادی کروں اسے طلاق ہے'' اس پر (نکاح کے بعد) طلاق کو لازم کرتے تھے۔

اور امام شعبی سے پوچھا گیا کہ کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں تجھ پر جس عورت سے بھی شادی کروں اُسے طلاق ہے تو آپ نے فرمایا وہ شخص اس پر جس سے بھی شادی کرے گا اُسے طلاق ہو جائے گی۔

اور امام زہری نے طلاق کو نکاح سے مُعلّق کرنے کے بارے میں فرمایا إِذَا وَقَعَ النِّكَاحُ وَقَعَ الطَّلَاقُ یعنی، جب نکاح ہوگا طلاق واقع ہو جائے گی۔(۱۱۲)

---

۱۱۱۔ مصنَّف ابن أبی شیبۃ، المجلد (٤)، کتاب (۱۱) الطلاق، باب (۱۷) فی الرجل یقول کلّ امرأۃ یتزوّجها إلخ، الحدیث:۱، ص ۱۷۰

۱۱۲۔ مصنَّف ابن أبی شیبۃ، المجلد(٤)، کتاب(۱۱) الطلاق، باب (۱٦) من کان یوقعه علیه الخ، و باب (۱۷) فی الرجل یقول کل امرأته یتز وجها الخ ص۱٦۔۱۸

www.waseemziyai.com

## ''نکاح سے قبل طلاق نہیں'' کا مطلب:

اور جو احادیث مبارکہ میں مذکور ہے کہ لَا طَلَاقَ قَبْلَ النِّكَاحِ نکاح سے قبل طلاق نہیں یا لَا طَلَاقَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ۔ (الحديث)

اس کے جواب میں شارح بخاری علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

والحنفيّة يقولون: هذا تعليق بالشرط وهو يمين فلا يتوقّف صحته على مِلك المحلّ كاليمين بالله، وعند وجود الشرط يقع الطلاق وهو طلاق بعد وجود النكاح، فكيف يقال: إنه طلاق قبل النكاح؟ والطلاق قبل النكاح فيما إذا قال لأجنبية: "أنت طالق" فهذا كلام لغو، وفي مثل هذا يقال: لا طلاق قبل النكاح الخ۔ (۱۱۳)

یعنی، احناف فرماتے ہیں یہ تعلیق بشرط ہے اور وہ یمین ہے تو اس کی صحت محلّ کی مِلک پر موقوف نہیں ہوگی جیسے اللہ کی قسم اور شرط کے پائے جانے کے وقت طلاق واقع ہو جائے گی اور وہ طلاق نکاح کے وُجود (یعنی نکاح کے پائے جانے) کے بعد ہوگی۔ تو کیسے کہا جائیگا کہ طلاق قبل نکاح ہے؟ اور طلاق قبل از نکاح اس صورت میں ہے جب کوئی شخص کسی اجنبیہ (عورت) سے کہے ''تو طلاق والی ہے'' تو یہ کلام لغو ہے اور اسی کی مثل کے لئے حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ نکاح سے قبل طلاق نہیں۔

اور فرماتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے:

"لَا طَلَاقَ إِلَّا بَعْدَ نِكَاحٍ وَلَا عِتْقَ إِلَّا بَعْدَ مِلْكٍ" انتهى، هذا لا خلاف فيه أن الله جعل الطلاق بعد النكاح، والحنفيّة قائلون به،

۱۱۳۔ عمدة القاري، المجلد (۱٤)، كتاب (٦٨) الطلاق باب (۹) الطلاق قبل النكاح ص ۲٥۳

www.waseemziyai.com

فلا یجوز للشافعیّة أن یحتجّوا به علیهم فی مسألة التعلیق، فإن تعلیق الطلاق غیر الطلاق، لأنه لیس بطلاق فی الحال فلا یشترط لصحته قیام المحلّ، وحکی أبو بکر الرازی عن الزهری فی قوله: لَا طَلَاقَ إِلَّا بَعْدَ نِكَاحٍ، قال: هو الرجل یقال له:تزوّج فلانة، فیقول : هی طالق، فهذا لیس بشیء ،فأما من قال: إن تزوّجتُ فلانة فهی طالق ، فإنما یطلّق حین یتزوّجها الخ۔ (۱۱٤)

یعنی ''طلاق واقع نہیں ہوتی مگر نکاح کے بعد اور غلام آزاد نہیں ہوتا مگر مالک ہونے کے بعد'' اس میں تو کوئی اختلاف نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے طلاق کو نکاح کے بعد رکھا ہے، اور احناف بھی اس کے قائل ہیں، تو شوافع کے لئے جائز نہیں کہ اس سے تعلیق کے مسئلہ میں ان پر حُجت پکڑیں، پس تحقیق تعلیق الطلاق، طلاق کا غیر ہے کیونکہ تعلیق فی الحال طلاق نہیں تو اس کی صحت کے لئے قیام محل بھی شرط نہیں، ابو بکر رازی نے لَا طَلَاقَ إِلَّا بَعْدَ نِكَاحٍ (طلاق نہیں مگر نکاح کے بعد) کے بارے میں امام زہری سے بیان کیا ہے کہ آپ نے فرمایا وہ شخص جس سے کہا جائے فلانی سے شادی کر، تو وہ کہے وہ طلاق والی ہے تو یہ جو اس نے کہا وہ طلاق والی ہے یہ کچھ نہیں، مگر جس نے کہا اگر میں نے فلانی سے شادی کی تو وہ طلاق والی ہے تو وہ عورت طلاق والی ہو جائے گی جب وہ اس سے شادی کرے گا۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں طلاق مُغلَّظہ واقع ہو جائے گی اور ہندہ زید پر حرام ہو جائے گی اور بغیر حلالہ شرعیّہ حلال نہ ہو گی۔

---

۱۱٤۔ عمدة القاری، المجلد (۱٤)، کتاب(٦٨) الطلاق، باب(۹) الطلاق قبل النکاح، ص ۲۵۳، ۲۵٤

www.waseemziyai.com

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# بوقتِ نکاح طلاق کا اختیار حاصل کرنا

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اگر کوئی عورت نکاح کے وقت اپنے لئے طلاق کا اختیار حاصل کر لے تو اس کو بعد نکاح طلاق کا اختیار رہوگا یا نہیں؟ اگر ہوگا تو اس کی صورت کیا ہوگی؟ بینوا بالبرھان و توجروا عند الرحمن

باسمہ تعالیٰ وتقدس

الجواب:

''بوقت نکاح اگر کوئی عورت یا اس کا وکیل یہ کہے کہ میں نے یا میری مؤکلہ نے اپنے نفس کو تیرے نکاح میں دیا اس شرط پر کہ مجھے یا اُسے اپنے نفس کا اختیار ہے کہ جب چاہوں یا چاہے اپنے کو طلاق دے لوں یا دے لے۔ وہ کہے میں نے قبول کیا۔ اب عورت کو طلاق دینے کا خود اختیار ہے''۔(۱۱۵)

شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ نقل کرتے ہیں:

لو خافت أن لا يطلّقها الثاني فتقول: زوّجت نفسي منك على أن أمري بيدي، أطلّق نفسي كلّما أريد، ويقول: تزوّجت أو قبلت جاز النكاح، وصار الأمر في يدها۔ (۱۱۶)

یعنی، عورت کو خوف ہو کہ دوسرا شوہر مجھے طلاق نہیں دے گا تو وہ

۱۱۵۔ بہارشریعت، حصہ(۸)، طلاق کا بیان، حلالہ کے مسائل، ص۵۶

۱۱۶۔ البناية شرح الهداية، المجلد(٥)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص٤٨٢

www.waseemziyai.com

نکاح کے لئے کہے میں نے اپنے نفس کو تیرے نکاح میں اس شرط
پر دیا کہ میرا معاملہ میرے ہاتھ میں ہوگا، میں جب چاہوں اپنے کو
طلاق دے لوں اور مرد کہے میں نے شادی کی یا میں نے قبول کیا،
نکاح جائز ہو جائے گا اور طلاق کا معاملہ عورت کے ہاتھ میں ہوگا۔

''اور اگر زوج کی جانب سے پہلے یہ الفاظ کہے گئے کہ میں نے اس عورت سے نکاح کیا اس شرط پر کہ اسے اس کے نفس کا اختیار ہے تو یہ شرط لغو ہے عورت کو اختیار نہ ہوگا''۔(١١٧)

حدیث شریف میں ہے:

لَاطَلَاقَ فِيمَا لَايَمْلِكُ۔ (١١٨)

یعنی، کوئی شخص طلاق کا مالک نہیں ہوتا جب تک نکاح نہ کرلے۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

www.waseemziyai.com

## حلالہ میں نکاح کے اعلان کا حکم

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ حلالہ میں لوگوں کی کوشش ہوتی ہے کہ اسے اپنے رشتہ داروں اور اہلِ محلّہ سے راز میں رکھا جائے جبکہ حدیث شریف میں نکاح کے اعلان کا حکم ہے، تو بلا اعلان کیا گیا یہ کیسے درست ہوسکتا ہے؟ بینوا و توجروا

١١٧۔ بہار شریعت، حصہ(٨)، طلاق کا بیان، حلالہ کے مسائل، ص٥٦

١١٨۔ سنن ابن ماجة، المجلد(٢)، كتاب(١٠) الطلاق، باب(١٧) الطلاق قبل النكاح، ص٥١٩، الحديث:٢٠٤٧

باسمہ تعالی وتقدس

الجواب:

## نکاح کے لئے گواہی شرط ہے:

علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ لکھتے ہیں:

لاینعقد نکاح المسلمین إلّا بحضور الشاهدَین حرَّین عاقلَین بالغَین مسلمَینِ رجلَین أو رجل و إمرأتَینِ عدولاً کانوا غیر عدولٍ أو محدودَین فی القذف۔ (۱۱۹)

یعنی، دو مسلمانوں (یعنی مرد وعورت) کا نکاح آزاد، عاقل، بالغ، مسلمان، دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی موجودگی کے بغیر مُنعقِد نہیں ہوتا، وہ (گواہ) عادل ہوں یا غیر عادل یا زنا کی تہمت میں سزا یافتہ ہوں۔ یعنی صحت وانعقادِ نکاح کے لئے گواہی شرط ہے۔

## بغیر گواہوں کے نکاح منعقد نہیں ہوتا:

چنانچہ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایت کرتے ہیں:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أنَّ النَّبِيّ ﷺ قَالَ: "الْبُغَايَا اللَّاتِي يَنْكِحْنَ أَنْفُسَهُنَّ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ"

یعنی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا "زانیہ عورتیں وہ ہیں جو بغیر گواہوں کے اپنا نکاح کریں"

اور لکھتے ہیں:

والصحیح ما روی قوله عن إبن عباس لَا نِكَاحَ إِلَّا بِبَيِّنَةٍ۔ (۱۲۰)

۱۱۹۔ الهداية، المجلد(۱۔۲)، الجزء(۱)، کتاب النكاح، ص۲۰۶

۱۲۰۔ جامع ترمذی، المجلد(۲)، کتاب(۹)النكاح، باب(۱۵)ماجاء لانكاح إلّا ببيّنة، ص۱۸٤، الحديث:۱۱۰۳

www.waseemziyai.com

یعنی، اور صحیح وہ ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ''گواہوں کے بغیر نکاح نہیں''۔

اور لکھتے ہیں کہ اس باب میں حضرت عمران بن حصین، حضرت انس اور حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے بھی روایتیں ہیں۔(۱۲۱)

علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر مرغینانی متوفی ۵۹۳ھ لکھتے ہیں:

إعلم أن الشهادة شرط في باب النكاح لقوله عليه السلام: "لَا نِكَاحَ إِلَّا بِشُهُوْدٍ"۔ (۱۲۲)

یعنی، واضح ہو کہ گواہی بابِ نکاح میں شرط ہے اس کی دلیل نبی ﷺ کا یہ فرمان ہے کہ ''گواہوں کے بغیر نکاح نہیں''۔

شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

لنا قوله عليه الصلاة والسلام: "لَا نِكَاحَ إِلَّا بِشُهُوْدٍ۔ (۱۲۳)

یعنی، گواہ شرط ہونے میں ہماری دلیل نبی ﷺ کا یہ فرمان ہے: ''گواہوں کے بغیر نکاح نہیں''۔

محقق علی الاطلاق، امام ابن ہمام متوفی ۶۸۱ھ لکھتے ہیں:

أما اشتراط الشهادة فلقوله ﷺ: "لَا نِكَاحَ إِلَّا بِشُهُوْدٍ"۔ (۱۲٤)

یعنی، مگر گواہی کی شرط پس نبی ﷺ کے اس فرمان کی وجہ سے ہے کہ ''گواہوں کے بغیر نکاح نہیں''۔

امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ لکھتے ہیں:

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَ مَنْ

۱۲۱۔ جامع ترمذی، المجلد(۲)، کتاب(۹)النکاح، باب (۱۵) ماجاء لانکاح إلّا ببيّنة، ص۱۸۵، الحديث:۱۱۰۳۔۱۱۰٤

۱۲۲۔ الهداية، المجلد(۱۔۲)، الجزء(۱)، كتاب النكاح، ص۲۰٦

۱۲۳۔ عيني شرح الكنز، المجلد(۱)، كتاب النكاح، ص۱۱٤

۱۲٤۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(۳)، كتاب النكاح، ص۱۱۰

www.waseemziyai.com

بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَ غَيْرِهِمْ قَالُوا: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِشُهُوْدٍ لَمْ يَخْتَلِفُوا فِي ذٰلِكَ عِنْدَنَا مَنْ مَضٰى مِنْهُمْ إِلَّا قَوْماً مِنَ الْمُتَأَخِّرِيْنَ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ وَ إِنَّمَا اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِي هٰذَا إِذَا شَهِدَ وَاحِدٌ بَعْدَ وَاحِدٍ فَقَالَ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ: لَا يَجُوْزُ النِّكَاحُ حَتّٰى يَشْهَدَ الشَّاهِدَانِ مَعاً عِنْدَ عُقْدَةِ النِّكَاحِ الخ (۱۲۵)

یعنی، اسی پر اصحابِ نبی ﷺ اوران کے بعد تابعین وغیرہم کا عمل رہا ہے کہ سب کہتے تھے کہ نکاح نہیں مگر گواہوں کے ساتھ (یعنی گواہوں کے بغیر نکاح نہیں) پس اس مسئلہ میں ان میں کوئی اختلاف نہ تھا پھر متأخرین علماء کی ایک جماعت نے ان سے اختلاف کیا اوران کا اختلاف بھی اس بات میں ہے کہ اگر ایک کو ایک کے بعد گواہ بنایا (تو کیا حکم ہے) تو علمائے کوفہ وغیرھم میں سے اکثر علماء نے کہا جب تک دونوں گواہ عقد نکاح کے وقت ایک ساتھ موجود نہ ہوں نکاح جائز نہ ہوگا۔

## اعلانِ نکاح کی حدیث:

امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: أَعْلِنُوا هٰذَا النِّكَاحَ، وَاضْرِبُوا عَلَيْهِ بِالْغِرْبَالِ۔ (۱۲۶)

یعنی، اس نکاح کا اعلان کرو اور اعلان کے لئے دف بجاؤ۔

۱۲۵۔ جامع الترمذی، المجلد(۲)، کتاب(۹)،النکاح، باب(۱۵) ماجاء لانکاح إلّا ببیّنة، ص۱۸۵، الحدیث:۱۱۰۳۔۱۱۰۴

۱۲۶۔ سنن ابن ماجة، المجلد(۲)، کتاب النکاح، باب(۲۰) اعلان النکاح، ص۴۴۲۔۴۴۳، الحدیث:۱۸۹۵

www.waseemziyai.com

قال السندی: "اضْرِبُوا عَلَيْهِ بِالْغِرْبَالِ" أی بالدف للإعلان۔ (۱۲۷)

علامہ ابوالحسن سندھی متوفی ۱۰۳۸ھ فرماتے ہیں: ''اضْرِبُوا عَلَيْهِ بِالْغِرْبَالِ '' سے مراد، اعلان کے لئے دف بجانا ہے۔

اور امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: "أَعْلِنُوْا هٰذَا النِّكَاحَ، وَاجْعَلُوْا فِي الْمَسَاجِدِ، وَاضْرِبُوْا عَلَيْهِ بِالدُّفُوْفِ۔ (۱۲۸)

یعنی، اس نکاح کا اعلان کرو اور اسے مسجد میں کرو اور اعلان کے لئے دف بجاؤ۔

مُلاّ علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں اس حدیث کو امام احمد نے اپنی ''مسند'' میں، ابن حبان نے اپنی ''صحیح'' میں، طبرانی نے ''کبیر'' میں، ابونعیم نے ''حلیہ'' میں اور امام حاکم نے ''مستدرک'' میں ابن زبیر سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔(۱۲۹)

سابقہ احادیث سے نکاح میں گواہی کا شرط ہونا مذکور تھا کہ گواہی کے بغیر نکاح نہیں اور دوسری احادیث میں نکاح کے اعلان کا حکم ہے۔

## نکاح کے اعلان سے مراد:

پس اگر اعلان سے مراد گواہی لی جائے تو اَمرِ وُجوب کے لئے ہوگا جیسا کہ مُلاّ علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں:

"أَعْلِنُوْا هٰذَا النِّكَاحَ" أی بالبيّنة فالأمر للوجوب۔

یعنی، اس نکاح کا اعلان کرو یعنی گواہوں کے ساتھ تو امر وجوب

۱۲۷۔ حاشية السندی على السنن لابن ماجة، المجلد(۲)، كتاب النكاح، باب(۲۰) اعلان النكاح، ص۴۴۳، الحديث:۱۸۹۵

۱۲۸۔ جامع الترمذی، المجلد(۲)، كتاب(۹)النكاح، باب(٦)ماجاء فی اعلان النكاح، ص۱۷۵، الحديث:۱۰۸۹

۱۲۹۔ مرقاة المفاتيح، المجلد(٦)، كتاب النكاح، باب اعلان النكاح، الفصل الثانی، ص۲۱۷

www.waseemziyai.com

کے لئے ہوگا۔

کیونکہ گواہوں سے اعلان حاصل ہو جاتا ہے جیسا کہ امام ابن ہمام متوفی ۶۸۱ھ لکھتے ہیں:

إذبه يحصل الإعلان۔ (۱۳۰)

یعنی، گواہوں سے اعلان حاصل ہو جاتا ہے۔

شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

فَنَقُوْلُ: الإِعْلَانُ يَحْصُلُ بِحُضُوْرِ الشَّاهِدَيْنِ لَوْشُرِطَ كِتْمَانُ الْعَقْدِ مَعَ حُضُوْرِ الشَّاهِدَيْنِ صَحَّ الْعَقْدُ عِنْدَنَا۔ (۱۳۱)

یعنی، پھر ہم کہتے ہیں اعلان گواہوں کی موجودگی سے حاصل ہو جاتا ہے اگرچہ دو گواہوں کی موجودگی میں کیئے گئے نکاح کو خُفیہ رکھنے کی شرط لگائی جائے۔

اور اگر اعلان سے مراد شرعی اظہار لیا جائے تو بھی اَمرِ وُجوب کے لئے ہوگا کیونکہ شرعی ظہور گواہوں سے ہوتا ہے۔

چنانچہ امام ابن ہمام متوفی ۶۸۱ھ لکھتے ہیں:

وكلام المبسوط حيث قال: ولأن الشرط لما كان الإظهار يعتبر فيه ماهو طريق الظهور شرعاً وذلك بشهادة الشاهدين فأنه مع شهادتهما لايبقىٰ سرّاً و قول الكرخي نكاح السرّ مالم يحضره شهود، فإذا حضروا فقد أعلن۔ (۱۳۲)

یعنی، مبسوط کا کلام جیسا کہ انہوں نے فرمایا کہ شرط جب نکاح کا اظہار ہے تو نکاح کے اظہار میں شرعاً ظہور کے طریقے کا اعتبار کیا

۱۳۰۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(۳)، كتاب النكاح، ص ۱۱۱

۱۳۱۔ البناية شرح الهداية، المجلد(۵)، كتاب النكاح، ص ۱۳

۱۳۲۔ فتح القدير شرح القدير، المجلد(۳)، كتاب النكاح، ص ۱۱۱

www.waseemziyai.com

جائے گا اور شرعی ظہور دو گواہوں کے ساتھ ہے پس تحقیق دو گواہوں کی گواہی کے باوجود نکاح خُفیہ نہیں رہتا اور امام کرخی کا قول ہے خُفیہ نکاح وہ ہے جس میں گواہ حاضر نہ ہوں پس جب حاضر ہوں تو اس نکاح کا اعلان ہو گیا۔

اور اگر اعلان سے مراد صرف اظہار لیا جائے جیسا کہ سوال میں مذکور ہے، تو پھر اَمر استحباب کے لئے ہوگا۔

چنانچہ مشہور مُحدِّث مُلّا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں: ''اعلان بالنکاح'' سے مراد اگر گواہ ہیں تو اَمر وُجوبی ہے اور اگر مراد محض اظہار ہے:

فالأمر للاستحباب کما فی قوله إجعلوه فی المساجد۔ (۱۳۳)

یعنی، تو اَمر استحبابی ہے جیسا کہ نبی ﷺ کا فرمان ہے کہ ''نکاح مسجدوں میں کرو''۔

لہٰذا جو نکاح دو گواہوں کی موجودگی میں ہوا ہو وہ درست ہو جائے گا اگر چہ اسے بقیہ لوگوں سے پوشیدہ رکھا گیا ہو۔ لیکن تہمت سے بچنے کے لئے ان لوگوں کو بتا دینا چاہئے جن کو مذکورہ عورت کے مُطلَّقہ ثلاثہ ہونے کا علم ہو۔ چنانچہ مفتی محمد وقار الدین متوفی ۱۴۱۳ھ لکھتے ہیں: ''اور اس نکاح حلالہ کا علم ان لوگوں کو ہونا چاہئے جو اس کے مُطلَّقہ ہونے کو جانتے ہیں ورنہ تہمت لگائیں گے کہ تین طلاق کے بعد بیوی کو رکھے ہوئے ہے''۔ (۱۳٤)

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

---

۱۳۳۔ مرقاۃ المفاتیح، المجلد(٦)، کتاب النکاح، باب إعلان النکاح، الفصل الثانی، ص۲۱۷

۱۳٤۔ وقار الفتاوی، جلد(۳)، کتاب الطلاق، حلالہ کا بیان۔ اعلانیہ نکاح حلالہ کرنے کا حکم، ص۲۱۸

www.waseemziyai.com

# حلالہ کے بعد سابق شوہر کتنی طلاقوں کا مالک ہوگا

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اگر زید اپنی بیوی کو طلاق مُغلَّظہ (یعنی تین طلاقیں) دے دے تو پھر وہ کسی دوسرے خاوند کے پاس رہنے کے بعد دوبارہ زید (یعنی پہلے شوہر) سے نکاح کرے تو اُسے کتنی طلاقوں کا اختیار حاصل ہوگا۔ اور اگر زید نے پہلے ایک یا دو طلاقیں دی ہوں اور اس عورت کے دوسرے شوہر سے نکاح وہمبستری اور شوہر ثانی کی طلاق یا وفات کے بعد، زید کے نکاح میں دوبارہ آنے کی صورت میں زید کو کتنی طلاقوں کا اختیار ہوگا۔ بینوا بالبرهان و توجروا عند الرّحمٰن

باسمه تعالى و تقدس

الجواب:

دونوں صورتوں میں زید دوبارہ تین طلاق کا مالک ہو جائے گا۔ یہی امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کا قول ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

علامہ جلال الدین خوارزمی کرلانی لکھتے ہیں:

وهذه المسئلة إختلف فيه أصحاب النبى عليه السلام، ما قاله أبو حنيفة وأبو يوسف رحمهما الله قول ابن عباس و ابن عمر و إبراهيم النخعي و أصحاب عبد الله بن مسعور رضى الله عنهم ـ (١٣٥)

یعنی، اس مسئلہ میں صحابہ کرام علیہم الرضوان کا اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف علیہما الرحمہ نے جو فرمایا وہ حضرت ابن عباس، ابن عمر، ابراہیم نخعی تابعی اور ابن مسعود کے اصحاب رضی اللہ عنہم کا قول ہے۔

١٣٥ـ الكفاية على الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص٣٧

www.waseemziyai.com

امام اکمل الدین محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ لکھتے ہیں:

أی و من الخاص کلمة "حَتّٰی" فی قوله تعالیٰ: ﴿حَتّٰی تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ ذکر الشیخ ههنا "مسألة الهدم"، و صورتها أن یطلّق الرجل امرأته طلقةً أو طلقتین و تنقضی عدّتها، فتزوّج باخر فیطلّقها و تنقضی عدّتها و تعود إلیٰ الزوج الأول فعند أبی حنیفة و أبی یوسف تعود إلیه بثلاث تطلیقات و الزوج الثانی هدم الطلقة و الطلقتین کما یهدم الثلاث، و المسألة مختلف فیها بین الصحابة فعند ابن مسعود و ابن عباس، وابن عمر یهدم ما دون الثلاث، وبه أخذ الشیخان، ملخصاً (۱۳۶)

یعنی، خاص سے کلمہ ''حَتّٰی'' ہے اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿حَتّٰی تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ میں شیخ نے یہاں ''ہدم کا مسئلہ'' ذکر کیا اور اس کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دے دے اور اس کی عِدّت ختم ہو جائے، پھر وہ دوسرے مرد سے نکاح کر لے، پھر بعد ہمبستری کے وہ اُسے طلاق دے دے اور اس کی بھی عدّت گزر جائے تو وہ عورت پہلے شوہر کی طرف لوٹے (یعنی وہ اس سے نکاح کرے تو کتنی طلاقوں کا مالک ہوگا) تو امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف دونوں کے نزدیک وہ عورت تین طلاقوں کے ساتھ لوٹے گی (یعنی شوہر کو پھر تین طلاق کا حق ہوگا) اور دوسرا شوہر ایک اور دو طلاقوں کو ڈھا دیتا ہے جیسا کہ وہ تین کو ڈھا دیتا ہے اور یہ مسئلہ صحابہ کرام علیہم الرضوان میں مختلف رہا، پس حضرت ابن مسعود، ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کے نزدیک دوسرا

۱۳۶۔ التقریر لأصول فخر الإسلام البزدوی، المجلد (۱)، باب فی معرفة أحکام الخصوص، مطلب: "حتی" فی قوله تعالیٰ: الخ، ص ۲۹۰

www.waseemziyai.com

شوہر تین سے کم طلاقوں کو ڈھا (کر ختم کر) دیتا ہے، اور انہی صحابہ کے مسئلہ کو شیخین (امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف علیہما الرحمہ) نے لیا۔

## پہلی دلیل:

امام ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ روایت کرتے ہیں:

عَنْ سَعِيدِ بْنِ جبيرٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِساً عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ إِذْ جَائَهُ أَعْرَابِيٌّ، فَسَأَلَهُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَةً أَوْ تَطْلِيقَتَيْنِ ثُمَّ انْقَضَتْ عِدَّتَهَا فَتَزَوَّجَتْ زَوْجاً غَيْرَهُ فَدَخَلَ بِهَا ثُمَّ مَاتَ عَنْهَا أَوْ طَلَّقَهَا ثُمَّ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا وَ أَرَادَ الْأَوَّلُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا عَلىٰ كَمْ هِيَ عِنْدَهُ؟ فَالْتَفَتَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، وَقَالَ: مَاتَقُوْلُ فِيْ هٰذَا، قَالَ يَهْدِمُ الزَّوْجُ الثَّانِي الْوَاحِدَةَ وَاثْنَتَيْنِ وَالثَّلَاثَ، وَاسْأَلِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَلَقِيْتُ ابْنَ عُمَرَفَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ ابْنَ عَبَّاسٍ۔(۱۳۷)

یعنی، حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے فرمایا میں صحابی رسول ﷺ حضرت عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں تھا کہ ایک اعرابی آیا اور اس نے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاق سے بائن کر دیا، اس عورت کی عِدّت گذر گئی تو اس نے کسی دوسرے شخص سے شادی کر لی اور دوسرے شوہر کا وطی کے بعد انتقال ہو گیا یا اس نے طلاق دے دی اور اس کی عِدّت بھی پوری ہو گئی۔ اب پہلا شوہر اس سے شادی کرنا چاہے تو وہ عورت پر کتنی طلاقوں کا مالک ہو گا۔ تو وہ حضرت ابن عباس کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا آپ اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں؟ تو

۱۳۷۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص٣٦

www.waseemziyai.com

حضرت ابن عباس نے فرمایا دوسرا شوہر ایک، دو، تین سب طلاقوں کو ختم کر دیتا ہے، اور فرمایا جاؤ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کرلو، انہوں نے حضرت ابن عمر سے پوچھا تو آپ نے بھی اس مسئلہ کا وہی جواب دیا جو حضرت ابن عباس نے دیا تھا۔

لہٰذا اس سے ثابت ہوا کہ شوہر اول نے اگر اپنی بیوی کو ایک یا دو یا تین طلاقیں دے کر چھوڑا ہو حلالہ شرعیہ کے بعد وہ ازسرِ نو تین طلاق کا مالک ہو جاتا ہے۔

## دوسری دلیل:

اور حدیث شریف میں ہے:

"لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ"۔ (۱۳۸)

یعنی، حلالہ کرنے والے اور جس کے لئے حلالہ کیا جائے دونوں پر اللہ نے لعنت کی ہے۔

علامہ ابوالحسن علی بن ابی بکر غینانی متوفی ۵۹۳ھ لکھتے ہیں:

سمّاه محلِّلاً وهو المُثبت للحِلّ۔ (۱۳۹)

یعنی، اس میں نبی ﷺ نے زوج ثانی کو مُحلِّل فرمایا ہے اور وہ حلّت کو ثابت کرنے والا ہے۔

شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ، صاحبِ ہدایہ کے ان الفاظ کی شرح میں لکھتے ہیں:

أی للزّوج الثانی هو مُثبِت الحِلّ۔ (۱۴۰)

یعنی، صاحبِ ہدایہ کا یہ قول زوج ثانی کے لئے ہے کہ وہ حِلّت کو ثابت کرنے والا

---

۱۳۸۔ سنن أبی داود، المجلد(۲)، کتاب(٦) النکاح، باب(١٦) فی تحلیل، ص۳۸۸، الحدیث:۲۰۷٦

۱۳۹۔ الهدایة، المجلد(۱۔۲)،الجزء(۲)، کتاب الطلق، باب الرجعة، فصل: فیما تحلّ به المطلّقة، ص۴۰۱

۱۴۰۔ البنایةشرح الهدایة، المجلد(۵)، کتاب الطلق، باب الرجعة، فصل: فیما تحلّ به المطلّقة، ص۴۸۳

www.waseemziyai.com

ہے، لہٰذا مُحَلِّل اسے کہتے ہیں جو حلّت کو ثابت کرے اور زوج ثانی کو مُحَلِّل کہا گیا کیونکہ وہ حِلّت کو ثابت کرتا ہے۔ عورت کو تین طلاق دے کر جُدا کرنے سے حُرمت مُغلّظہ اور ایک یا دو طلاق سے بائن کرنے سے حُرمت مُخفّفہ لازم آتی ہے۔ جب دوسرا شوہر مُغلّظہ میں محلّل ہے تو مُخفّفہ میں بطریق اَولیٰ مُحلّل ہوگا، جیسا کہ امام ابن ھمام متوفی ۶۸۱ھ لکھتے ہیں:

لِأَنَّهُ لَمَّا كَانَ مُحَلِّلاً فِي الْغَلِيْظَةِ فَفِي الْخَفِيْفَةِ أَوْلىٰ۔ (۱۴۱)

یعنی، زوج ثانی جب حُرمتِ غلیظہ میں محلّل ہے تو حُرمتِ خفیفہ میں بطریقِ اَولیٰ مُحلّل ہوگا۔

لہٰذا زوج ثانی حُرمتِ مغلّظہ و مخففہ دونوں میں حِلّت کو ثابت کرتا ہے اور پھر حلّت کی دو قسمیں ہیں حِلّت جدیدہ اور حِلّت سابقہ۔ اگر کہا جائے کہ وہ حِلّت سابقہ کو ثابت کرنے والا ہے تو تحصیلِ حاصل لازم آئے گا لہٰذا حِلّت سابقہ مراد نہیں ہوسکتی بلکہ حِلّت جدیدہ ہی مراد ہوگی۔

شارح صحیح بخاری علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

الحلّ الجديد، لأنه لايجوز أن يكون المراد الحلّ السابق، لأنه تحصيل الحاصل وهو فاسد، لأنّ الحلّ السابق موجود فيما دون الثلاث_الخ (۱۴۲)

یعنی، حلّت سے مراد حلّت جدیدہ ہے کیونکہ حلّت سابقہ مراد لینا جائز نہیں، اس لئے کہ وہ تحصیلِ حاصل ہے اور وہ فاسد ہے، کیونکہ حلّت سابقہ تو مادون الثلاث (تین سے کم) میں موجود ہے۔

اور علامہ اکمل الدین محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ۷۸۶ھ لکھتے ہیں:

ثم الحلّ يثبت به اما أن يكون الحلّ السابق أو حلاًّ جديداً لا

۱۴۱۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(۴)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص۳۷

۱۴۲۔ البناية شرح الهداية، المجلد(۵)، كتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فيما تحلّ به المطلّقة، ص۴۸۳

www.waseemziyai.com

سبیل إلی الأول لاستلزامه تحصیل الحاصل فتعیّن الثانی۔ (١٤٣)

یعنی، پھر زوج ثانی سے جو حِلّت ثابت ہوتی ہے وہ حِلّت سابقہ ہوگی یا جدیدہ، پہلی مراد نہیں ہوسکتی کیونکہ اس سے تحصیلِ حاصل لازم آئے گا لہذا دوسری حلّت ہی متعیّن ہوگی۔

جب حِلّت جدیدہ مراد ہے تو پھر اس حِلّت کا سابقہ حِلّت کے مُغایر ہونا ضروری ہے، حِلّت سابقہ ناقص تھی تو حِلّت جدیدہ کا کامل ہونا ضروری ہوگا۔ اور حلّت کاملہ یہ ہے کہ شوہر اول پھر سے تین طلاق کا مالک ہوجائے۔

علامہ اکمل الدین محمد بن محمود بابرتی حنفی متوفی ٧٨٦ھ لکھتے ہیں:

وبالضّرورة یکون غیرالأوّل والأوّل حلّ ناقص و کان الجدید کاملاً و هو مایکون بالطلقات الثلاث۔ (١٤٤)

یعنی، اورضروری ہے کہ وہ حِلّت پہلی حِلّت کا غیر ہو پہلی حِلّت ناقص تھی اور حِلّت جدیدہ کامل ہوگی اور حِلّت کاملہ تین طلاقوں کے مالک ہونے کے ساتھ ہوتی ہے۔

## تیسری دلیل:

حدیث شریف ہے کہ رفاعہ کی بیوی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور عرض کی یارسول اللہ ﷺ رفاعہ نے مجھے تین طلاقیں دے دیں تو میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر سے نکاح کرلیا تو میں نے ان کو اپنے کپڑے کی مانند ڈھیلا (یعنی نامرد) پایا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، کیا تم رفاعہ کے پاس دوبارہ جانا چاہتی ہو؟ عرض کی، ہاں! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہیں یہاں تک کہ تو اس کی اور وہ تیری مٹھاس چکھے۔

اس حدیث کے بارے میں علامہ علاؤالدین حصکفی متوفی ١٠٨٨ھ لکھتے ہیں:

١٤٣۔ العنایة شرح الهدایة، المجلد(٤)، کتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل فیما تحلّ به المطلّقة، ص٣٧

١٤٤۔ العنایة شرح الهدایة، المجلد(٤)، کتاب الطلاق، باب الرجعة، فصل: فیما تحلّ به المطلّقة، ص٣٧

www.waseemziyai.com

و محلّلية الزوج الثاني أي جعله مثبتاً حلًّا جديداً مطلقاً بحديث العُسيلة (١٤٥)

یعنی، زوج ثانی کا عورت کو زوج اول کے لئے حلال کرنا یعنی زوج ثانی کا حِلّ جدید کو ثابت کرنے والا بننا ''حدیث عُسیلہ'' کی دلالت سے ہے۔

اور علامہ زین الدین ابن نجیم متوفی ۹۷۰ھ لکھتے ہیں:

بأن كونه مُثبتاً للحلّ الجديد إنما هو بحديث العُسيلة (١٤٦)

یعنی، شوہر ثانی حِلّ جدید کو ثابت کرنے والا ہو، ''حدیث عُسیلہ'' کی دلالت سے ہے۔

اور شیخ احمد المعرف بملا جیون متوفی ۱۱۳۰ھ لکھتے ہیں:

هذا الحديث كما أنه يدلّ على اشتراط الوطى بعبارة النّص فكذا يدلّ على محللّية الزوج الثاني بإشارة النّص و ذلك لأنه عليه السلام قال لها: "أَ تُرِيْدِيْنَ أَنْ تَعُوْدِيْ إِلٰى رَفَاعَةَ" ولم يقل أتريدين أن تنتهي حرمتك۔

یعنی، یہ حدیث جس کی طرح عِبَارَةُ النَّصُ سے وطی (ہمبستری) کے شرط ہونے پر دلالت کرتی ہے اسی طرح اِشَارَةُ النَّصُ سے زوج ثانی کے مُحلِّل (پہلے شوہر کے لئے حلال کرنے والا) ہونے پر بھی دال ہے۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تو رفاعہ کے پاس لوٹنا چاہتی ہے؟'' آپ ﷺ نے عود (لوٹنے) کا لفظ فرمایا، اور یہ نہیں فرمایا کیا تو چاہتی ہے کہ تیری حُرمت ختم ہو جائے۔

---

١٤٥ـ إفاضة الأنوار شرح المنار، مبحث الخاض، ص ٢٠ـ٢١

١٤٦ـ فتح الغفار بشرح المنار، حكم الخاض، ص ٢٨

www.waseemziyai.com

آگے لکھتے ہیں:

والعود: هو الرجوع إلى حالة الأولىٰ و في الحالة الأولىٰ كان الحلّ ثابتاً لها، فإذا عادت الحالة الأولىٰ عاد الحلّ و تجدّد بإستقلاله۔

یعنی، اور عود کے معنی پہلی حالت کی طرف لوٹنے کے ہیں اور پہلی حالت میں شوہر کے لئے حِلّت ثابت تھی، جب پہلی حالت لوٹ آئی تو حِلّت بھی جدیدہ مستقلاً لوٹ کر آ گئی۔

اور لکھتے ہیں:

و إذا ثبت بهذا النّصّ الحلّ فيما عدم فيه الحلّ وهو الطلقات الثلٰث مطلقًا ففيما كان الحلّ ناقصاً وهو مادون الثلاث أولىٰ أن يكون الزوج الثاني متمِّماً للحلّ الناقص بالطريق الأكمل۔(۱٤۷)

یعنی، جب اِس نصّ سے اُس جگہ حِلّت ثابت ہوگئی جہاں پر حلّت معدوم تھی اور وہ تین طلاقوں کی صورت میں (معدوم) تھی اور جہاں حلّت ناقصہ موجود تھی وہ تین طلاقوں سے کم طلاقیں دینے کی صورت میں (ناقص) موجود تھی تو زَوج ثانی کا ناقص حلّت کو بطریق اکمل پورا کرنا اَولیٰ ہے۔

لہٰذا ثابت ہوا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک طلاق دے کر بائن کرے یا دو یا طلاقِ مُغلَّظہ دے دے اور عدت گذر جانے کے بعد وہ عورت دوسرے شخص سے نکاح کر لے بنکاحِ صحیح مُجامعت کے بعد وہ شخص فوت ہو جائے یا طلاق دے دے اور وہ عورت دوسرے شوہر کی عدّت بھی گذار لے پھر سابق شوہر سے دوبارہ نکاح کرے

۱٤۷۔ نورالأنوار شرح المنّار، بحث كون الخاص على سبع تفريعات، ص ۲۰

www.waseemziyai.com

تو سابق شوہر، ہر صورت میں تین طلاقوں کا مالک ہو جائے گا۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

# حلالہ کے بعد دوسرے شوہر کی عِدّت پہلے شوہر کے گھر گذارنا

**الإستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ حلالہ میں عموماً عورتیں دوسرے شوہر سے تین طلاق ملنے کے اس کے گھر عدّت نہیں گذارتیں بلکہ حلالہ کے بعد پہلے شوہر کے گھر ہی رہتی ہیں۔ عورت کو عِدّت والا گھر چھوڑنا اور اس شخص کا اپنی مُعتدہ کو گھر سے نکال دینا شرعاً کیسا ہے؟ بینوا و توجروا

باسمہ تعالیٰ وتقدس

الجواب:

عورت نے سابق شوہر کی عِدّت گذارنے کے بعد جب دوسرے شوہر سے نکاح کیا تو اب وہ دوسرے شوہر کی بیوی ہے پھر جب اس نے ہمبستری کے بعد اس عورت کو طلاق دی تو وہ عورت دوسرے شوہر کی مُعتدہ (یعنی دوسرے شوہر کی عِدّت میں) ہوگی نہ کہ پہلے شوہر کی۔

## اللہ تعالیٰ کا حکم:

اور طلاق دینے والے شوہروں کو اور اُن کی مُعتدہ عورتوں کو اللہ تعالیٰ کا حکم ہے:

www.waseemziyai.com

﴿ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ج لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْم بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ ﴾ (١٤٨)

ترجمہ: اور اپنے رب اللہ سے ڈرو، عِدّت میں انہیں اُن کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ آپ نکلیں۔ (کنزالایمان)

لہٰذا ''عورت کو عِدّت شوہر کے گھر پوری کرنی لازم ہے اور نہ شوہر کو جائز ہے کہ مُطلّقہ کو عِدّت میں گھر سے نکالے اور نہ عورتوں کو وہاں سے خود نکلنا روا'' (خزائن العرفان)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ط وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰه فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ﴾ (١٤٩)

ترجمہ: اور یہ اللہ کی حدّیں ہیں، اور جو اللہ کی حدّوں سے آگے بڑھا اس نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ (کنزالایمان)

## نکالنے کی اجازت:

ہاں ''اگر عورت فحش بکے اور گھر والوں کو اِیذاء دے تو اس کو نکالنا جائز ہے کیونکہ وہ ناشزہ کے حکم میں ہے'' (خزائن العرفان)

چنانچہ قرآن میں ہے:

﴿ إِلَّا اَنْ يَّأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ﴾ (١٥٠)

ترجمہ: مگر یہ کہ کوئی صریح بے حیائی کی بات لائیں۔ (کنزالایمان)

اور امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں حضرت ابن عباس سے اس آیت کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا:

---

١٤٨۔ الطلاق:٦٥/١

١٤٩۔ الطلاق:٦٥/١

١٥٠۔ الطلاق:٦٥/١

www.waseemziyai.com

اَلْفَاحِشَةُ الْمُبَيِّنَةُ أَنْ تَفْحَشَ الْمَرْأَةُ عَلٰى أَهْلِ الرَّجُلِ وَتُؤْذِيهِمْ۔
یعنی، اَلْفَاحِشَةُ الْمُبَيِّنَةُ (صریح بے حیائی کی بات) یہ ہے کہ عورت مرد کے گھر والوں سے فحش بکے اور انہیں اِیذاء دے۔

اور دوسری روایت میں ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے فرمان کی تفسیر میں فرمایا:

أَنْ تَبْذُوَ عَلٰى أَهْلِهَا فَإِذَا بَذَتْ عَلَيْهِمْ فَقَدْ حَلَّ لَهُمْ إِخْرَاجُهَا۔
یعنی، اس فرمان کا مطلب اپنے اہل سے فحش گوئی ہے، پس جب اُن سے فحش بکے تو اُن کے لئے اُس عورت کو نکالنا حلال ہے۔

یہ بھی مروی ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا:

هُوَ الْبَذَاءُ عَلٰى أَهْلِ زَوْجِهَا۔ (۱۵۱)
یعنی، شوہر کے گھر والوں سے فحش بکنا اور ان کو ایذا دینا (مراد) ہے۔

## نکلنے کی اجازت:

اگر شوہر نے اسے طلاق بائن یا مُغلّظہ دی ہو اور وہ فاسق ہو جس سے اُس عورت کے ساتھ بد فعلی کا خوف ہو اور وہاں کوئی ایسا نہ ہو جو اُس کی نیتِ بد کو روک سکے تو ایسی صورت میں وہ عورت اُس مکان سے نکل جائے کیونکہ یہ عذر ہے پھر جس مکان میں منتقل ہوئی وہاں سے نہ نکلے، بہتر طریقہ یہ ہے کہ مرد خود اس مکان سے نکل جائے اور عورت کو وہیں عِدّت گزارنے کے لئے چھوڑ دے کیونکہ عورت پر عِدّت والے گھر میں ٹھہرنا واجب ہے اور اُس پر واجب نہیں۔ اسی لئے بہتری اسی میں ہے کہ مرد گھر چھوڑ دے۔

۱۵۱۔ السنن الکبریٰ للبیهقی، المجلد(۷)، کتاب العدد، باب ماجاء فی قول اللّٰہ عزوجل ﴿إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ﴾، ص۷۰۸۔۷۰۹، الحدیث:۱۵٤۸۵

www.waseemziyai.com

امام ابن ھمام متوفی ۶۸۱ھ لکھتے ہیں:

إلا أن يكون فاسقاً فحينئذ تخرج لأنه عذر والأولى أن يخرج هو۔ (۱۵۲)

یعنی، مگر جب شوہر فاسق ہو تو اس وقت عورت عدّت کے گھر سے نکل سکتی ہے کیونکہ یہ عُذر ہے اور بہتر یہ ہے کہ شوہر ہی نکل جائے۔

اسی طرح اگر گھر میں کوئی اور نہیں اور مکانِ آبادی کے کنارے پر ہو اور اُسے وہاں جان یا مال کا خوف ہو یا صرف تنہا رہنے سے خوف کھاتی ہو، اس صورت میں بھی مکان بدلنے کی اجازت ہوگی۔ چنانچہ امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ روایت کرتے ہیں کہ ''اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

أَنَّ فَاطِمَةَ كَانَتْ فِيْ مَكَانٍ وَحْشٍ فَخِيْفَ عَلٰى نَاحِيَتِهَا فَلِذٰلِكَ أَرْخَصَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ۔ (۱۵۳)

یعنی، فاطمہ بنت قیس مکانِ وحشت میں تھیں تو اس کے آبادی کے کنارے پر ہونے پر خوف کیا گیا، پس اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے انہیں مکان بدلنے کی اجازت عنایت فرمائی۔

اور فاطمہ بنت قیس کو ان کے شوہر نے یمن جاتے ہوئے بیک وقت تین طلاقیں دے دی تھیں اور رسول اللہ ﷺ نے تینوں طلاقوں کو نافذ فرما دیا تھا لہذا وہ مُطلّقہ مُغلّظہ تھیں اور شوہر ان کے پاس نہ تھے۔

عذر پائے جانے کی صورت میں مطلّقہ بائنہ کو مکان بدلنے کی شرعاً اجازت دی گئی ہے

---

۱۵۲۔ فتح القدير شرح الهداية، المجلد(٤)، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل، ص٦٧

۱۵۳۔ السنن الكبرىٰ للبيهقي، المجلد(٧)، كتاب العددة، باب ماجاء في قول الله عزوجل ﴿إِلَّا أَنْ يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ﴾، ص٧١٢، الحديث:١٥٤٩٥

www.waseemziyai.com

## نئے مکان کے تعین کا اختیار:

مگر نئے مکان کے تعین کا اختیار شوہر کے پاس رہے گا جیسا کہ علامہ علاؤ الدین حصکفی متوفی ۱۰۸۰ھ لکھتے ہیں:

وفي الطلاق إلى حيث شاء الزّوج۔ (۱۵٤)

یعنی، طلاق میں (عورت اس مکان کی طرف منتقل ہوگی) جہاں شوہر چاہے۔

اور علامہ ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں:

وتعيين المنزل الثّاني للزّوج في الطلاق۔ (۱۵۵)

یعنی، طلاق بائنہ میں دوسرے مکان کے تعین کا اختیار شوہر کو ہے۔

## نیا مکان قریب ہو یا دور:

مُعتدہ اگر مُطلَّقہ بائنہ یا مُغلَّظہ ہو اور کسی شرعی عذر کی بناء پر مکان بدلنا پڑے تو ضروری نہیں کہ وہ مکان قریب ہی ہو دُور بھی لیا جا سکتا ہے جیسا کہ علامہ ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں:

عيّن إنتقالها إلى أقرب المواضع مما انهدم في الوفاة و إلى حيث شاءتُ في الطلاق بحر۔ (۱۵٦)

یعنی، مکان مُنہدم ہونے کی صورت میں عِدّتِ وفات میں زیادہ قریب جگہ کی طرف عورت کا منتقل ہونا متعین ہوگا اور عِدّتِ طلاق میں جہاں عورت چاہے۔

---

۱۵٤۔ الدرمختارشرح تنوير الأبصار، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل: في الحداد، ص۵۳۷

۱۵۵۔ رد المحتار على الدر المختار، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل: في الحداد، مطلب: الحق أن على المفتي الخ، ص۵۳۷

۱۵٦۔ ردالمحتارعلى الدر المختار، المجلد(۳)، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل: في الحداد، ص۵۳۷

www.waseemziyai.com

اور جس مکان کی طرف منتقل ہو جائے پھر اسے نہ چھوڑے عِدّت وہیں پوری کرے چنانچہ علامہ محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ لکھتے ہیں:

وحکم ما إنتقلت إليه حکم المسکن الأصلی فلاتخرج منه

بحر۔ (۱۵۷)

یعنی، اور حکم اس مکان کا جس کی طرف عورت شرعی عذر کی وجہ سے منتقل ہوئی اصل رہائش کا سا ہے پھر وہاں سے نہ نکلے۔

اور عورت کا دوسرے شوہر کی عِدّت سابق شوہر کے گھر گذارنا اور سابق شوہر کا غیر کی مُعتدہ کو اپنے گھر لانا کسی طرح بھی جائز نہیں کیونکہ وہ اب نہ اس کا شوہر ہے نہ عورت اس کی عِدّت میں ہے بلکہ وہ صرف ایک نامحرم ہے، لہذا ایسا کرنے سے عورت وسابق شوہر دونوں گنہگار ہوں گے۔ اور اگر اس نے گھر سے نکالا ہو جس کی وہ عورت مُعتدہ ہے تو وہ بھی گنہگار ہوگا۔

اور عورت پر شوہر کے ہی گھر میں عِدّت گذارنا شرعاً واجب ہے۔ جب تک کوئی شرعی عذر نہ پایا جائے اسی گھر میں رہے گی۔

کتبہ: عبدہ محمد عطاء اللہ نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: عبدہ محمد احمد نعیمی غفرلہ

الجواب صحیح: محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

۱۵۷۔ ردالمحتار علی الدر المختار، المجلد(۳)، کتاب الطلاق، باب العدة، فصل: فی الحداد، ص۵۳۷

www.waseemziyai.com

# مآخذ ومراجع


1- الإحسان بترتيب صحيح ابن حبّان، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الثالثة ١٤١٧هـ ١٩٩٦م

2- أحكام الصّغار، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ ١٩٩٧م

3- أحكام القرآن لابن العربى، دارالمعرفة، بيروت

4- إختلاف الأئِمة العلماء، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ ٢٠٠٢م

5- إخلاص الناوى فى إرشاد الغاوى إلى مسالك الحاوى، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ ٢٠٠٤م

6- إرشاد السارى فى شرح صحيح البخارى، دار الفكر، بيروت

7- إرشاد الغاوى إلى مسالك الحاوى، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ ٢٠٠٤م

8- الأشباه و النظائر، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٣هـ ١٩٩٣م

9- الإشراف على مذاهب أهل العلم، دار الفكر، بيروت ١٤١٤هـ ١٩٩٣م

10- الأشفاق على أحكام الطلاق، أيج أيم سعيد أيند كمپنى، كراتشى

11- أشعة اللمعات شرح المشكاة، مكتبة النورية الرضوية، سكر

12- أصول فخر الإسلام البزدوى مع شرحه كشف الأسرار، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ ١٩٩٧م

13- إعراب القران لابن النحاس، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٥هـ ٢٠٠٤م

14- الأعلام للزركلى، دار العلم للملايين، الطبعة السادسة عشر ٢٠٠٥م

15- أعلام الموقعين عن ربّ العالمين، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٨هـ ١٩٩٦م

16- الإفصاح عن معانى الصحاح، مطبعة الكيلانى، القاهره

17- إفاضة الأنوار شرح المنار، إدارة القرآن و العلوم الإسلامية، كراتشى

18- الإفصاح عن معانى الصحاح فى الفقه على مذاهب الأربعة، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ ١٩٩٦م

19- إكمال المعلم بفوائد المسلم، دارالوفا، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٩هـ ١٩٩٨ء

20- إيثار الإنصاف فى آثار الخلاف، المكتبة الغفورية العاصمية، كراتشى

21- البحر الرائق شرح كنز الدقائق، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعةالأولىٰ ١٤١٨هـ ١٩٩٧ء


www.waseemziyai.com

22- بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٨ھ-١٩٩٧م

23- البنایة شرح الهدایة، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولی ١٤٢٠ھ- ٢٠٠٠ء

24- بیاض الفقه، مخطوط مصوّر، دارالکتب لجمعیّة إشاعة أهل السنّة، میتادر، کراتشی

25- بیاض المخدوم عبدالحی السندی، مخطوط، دار الهدی، تیرهی، خیر بور میرس

26- البیاض الهاشمی، مخطوط، المکتبة القاسمیة، کندیارو

27- تأویلات أهل السنّة، المکتبة الحقانیة، بشاور

28- تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولی ١٤٢٠ھ- ٢٠٠٠م

29- تحفة الفقهاء، دار الفکر، بیروت ١٤٢٢ھ- ٢٠٠٢م

30- تحقیقات أسلمیة حاشیه سلطان الفقه، إشاعة القرآن ببلی کیشنز، لاهور ١٩٩٧م

31- تحقیق جامع المسانید و السنن، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢٠ھ-٢٠٠٠م

32- تحقیق حاشیة ابن عابدین، دار الثقافة و التراث، دمشق

33- تحقیق عبدالحکیم علی التنبیة علی مشکلات الهدایة، مکتبة الرُّشد، الرباض، الطبعة الأولی ١٤٢٤ھ- ٢٠٠٣م

34- تحقیق عبدالقادر عطا علیٰ السنن الکبریٰ، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولی ١٤٢٠ھ- ١٩٩٩ء

35- تحقیق کتاب الآثار، دار السلام، مصر، الطبعة الأولی ١٤٢٧ھ-٢٠٠٦م

36- تحقیق محمود علی السنن لابن ماجة، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٩ھ-١٩٩٨م

37- تذکره مشاهیر سنده، سندی أدبی بورد، حیدر آباد

38- ترتیب الأعلام علی الأعوام، دار الأرقم، بیروت

39- ترجمة الإمام الشوکانی و مذهبه عقیدته مع فتح القدیر للشوکانی، دار المعرفة، بیروت

40- تفسیر ابن عباس (تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس)، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الثانیة ١٤٢٥ھ- ٢٠٠٤م

41- تفسیر ابن کثیر، دار الأندلس، بیروت، الطبعة السابعة ١٤٠٥ھ- ١٩٨٥ء

42- تفیسر أبی السعود، دار أحیاء التراث العربی، بیروت

43- تفسیر البیضاوی (أنوار التنزیل و أسرار التأویل)، دار احیاء التراث العربی، بیروت، الطبعة الأولی ١٤١٨ھ- ١٩٩٨م

44- تفسیر الحدّاد (کشف التنزیل فی تحقیق المباحث و التأویل)، المکتبة القدس، بشاور


www.waseemziyai.com

45- تفسیر خازن، مطبعة مصطفى البابى و أولاده، مصر، الطبعة الثانية ١٣٥٧ھ۔ ١٩٥٥ء

46- تفسیر خزائن العرفان، المكتبة الرضوية آرام باغ، كراتشى

47- تفسير روح المعانى، دار إحياء التراث العربى، بيروت، الطبعة الرابعة ١٤٠٥ھ۔ ١٩٨٥ء

48- تفسير صاوى، دار إحياء التراث العربى، بيروت، الطبعة الاولى ١٤١٩ھ۔ ١٩٩٩ء

49- تفسير غرائب القران و رغائب الفرقان للنيشاپورى، دار المعرفة، بيروت، ١٤٠٦ھ۔١٩٨٦م

50- التفسير الكبير للإمام الرازى، دار إحياء التراث العربى، بيروت

51- تفسير مظهرى، بلوشستان بك دبو، كوئتة

52- تفسير معالم التنزيل، مطبعة مصطفى البابى و أولاده، مصر، الطبعة الثانية ١٣٥٧ھ۔ ١٩٥٥ء

53- تقديم تمام العناية فى الفرق بين الصريح و الكناية، المكتبة القاسمية، كنديارو

54- التقرير لأصول فخر الإسلام البزدوى، وزارة الأوقاف و الشئون الإسلامية، بدولة الكويت١٤٢٦ھ۔ ٢٠٠٥م

55- التنبيه على مشكلات الهداية، مكتبة الرُّشد، الرياض، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٤ھ۔ ٢٠٠٣م

56- تنو ير الأبصار مع شرحه الدر المختار، دار الفكر ، بيروت، الطبعة الثالثة ١٣٩٩ھ۔ ١٩٧٩ء

57- تنوير الأذهان و الضمائر شرح الأشباه و النظائر، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

58- تمام العناية فى الفرق بين الصريح و الكناية، المكتبة القاسمية، كنديارو

59- تهذيب التهذيب، دارالفكر، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٥ھ۔ ١٩٩٥م

60- تهذيب الكمال فى أسماء الرجال، دارالفكر، بيروت ١٤١٤ھ۔ ١٩٩٤م

61- تيسير البارى، نعمانى كتب خانه، لاهور

62- جاء الحق، نعيمى كتب خانه، گجرات

63- جمع الجوامع للسيوطى، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م

64- جامع البيان فى تفسير القران للطبرى، دار المعرفة، بيروت، ١٤٠٦ھ۔ ١٩٨٦م

65- جامع الترمذى، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م

66- جامع الرموز، أيج أيم سعيد، كمبنى، كراتشى

67- جامع الفصولين، دار الإشاعة العربية، كوئتة

68- الجامع لأحكام القرآن للقرطبى، دار احياء التراث العربى، بيروت، الطبعة الأولىٰ١٤١٦ھ۔١٩٩٥م

69- جامع المسانيد و السنن، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٠ھ۔٢٠٠٠م


www.waseemziyai.com

70- جامع المضمرات، مخطوط مصوّر، دارالکتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

71- جامع الأسرار فى شرح المنار مكتبة نزار مصطفىٰ الباز، مكة المكرمة

72- الجواهر الأخلاطى فى علم الفقه، مخطوط مصوّر،دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

73- الجوهرة النيرة، مير محمد كتب خانه ، كراتشى

74- الجوهر النقى على هامش السنن الكبرىٰ للبيهقى، نشر السنّة ملتان

75- حاشية ابن التمجيد على تفسير الإمام البيضاوى، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٢هـ ـ ٢٠٠١م

76- حاشية السندى على النسن لابن ماجة، دار الكتب العلمية، بيروت، الطعبة الأولىٰ ١٤١٩هـ ـ ١٩٩٨م

77- حاشية السندى على السنن للنسائى، دارالفكر، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٥هـ ـ ١٩٩٥م

78- حاشية القونوى على تفسير الإمام البيضاوى، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٢هـ ـ ٢٠٠١م

79- حسامى مع النّامى، كتب خانه مجيدية، ملتان

80- حسب المفتى، مخطوط مصوّر،دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

81- حلية العلماء فى معرفة مذاهب الفقهاء، مكتبة نزار مصطفىٰ الباز، مكة المكرمة، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ ـ ١٩٩٧م

82- خزانة الروايات، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

83- خزانة العلماء، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

84- خزانة الفتاوىٰ، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

85- خزانة المفتين، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

86- خلاصة الفتاوىٰ، المكتبة الرشيدية، كوئتة

87- الدراية فى تخريج أحاديث الهداية مع الهداية، مكتبة شركة علمية، ملتان

88- الدر المحتارشرح الدر المختار، دار الفكر، بيروت، الطبعة الثالثة١٣٩٩هـ ـ ١٩٧٩م

89- الدر المنثور، دار إحياء التراث العربى، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢١هـ ـ ٢٠٠١م

90- الديباج على صحيح مسلم بن الحجاج، دار الأرقم، بيروت

91- الذخائر الأشرفية فى ألغاز الحنفية، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٨هـ ـ ١٩٩٨م


www.waseemziyai.com

92- رحمة الأمة فی اختلاف الأئمة، دار الکتب العلمیة ،بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢٤ھ۔ ٢٠٠٣م

93- رد المحتار علی الدر المختار، دارالفکر ، بیروت، الطبعة الثالثة ١٣٩٩ھ۔ ١٩٧٩م

94- رسالہ ایك مجلس کی تین طلاقیں، مکتبة النور، کراتشی

95- رسالہ حکم الطلاق الثلاث، دار الرحمانیة، جامع مسجد رحمانیہ، بوھرہ پیر، کراتشی

96- رسالہ طلاق، مصنّفہ حکیم محمد اسرائیل ندوی، مکتبہ أھلحدیث، کورٹ رود، کراتشی

97- رسالہ طلاق، طلاق کے مسائل مصنّفہ محمد اقبال کیلانی، حدیث ببلی کیشنز، لاھور

98- رسالہ طلاق ثلاث، مکتبة جامعة خلفاءِ راشدین، کراتشی

90- رسالہ طلاق ثلاثہ، مصنّفہ محمد یٰسین غیر مُقَلِّد، المرکز تحفظ حقوق السلفیة، کراتشی

100- روزنامہ ایکپریس کراتشی (پیر) ٧ جمادی الأخریٰ ١٤٢٢ھ۔ ٢٧ اغسطس ٢٠٠١م، ص ١۔٧

101- الروض المربع شرح زاد المستقنع، دار الأرقم، بیروت

102- زاد المستقنع، دار الأرقم، بیروت

103- زادِ المعاد، مصطفی البابی و أولادہ ، مصر

104- سلطان الفقہ المعروف فتاویٰ نظامیہ، إشاعة القرآن ببلی کیشنز، لاھور ١٩٩٧م

105- سندہ ھائیکورٹ کے جج کا فیصلہ اور طلاق ثلاثہ، مجلس گنج بخش، إسلام پور، لاھور

106- سنن ابن ماجة، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٩ھ۔ ١٩٩٨م

107- سنن أبی داؤد، دار ابن حزم، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٨ھ۔ ١٩٩٧م

108- سنن أبی داؤد، أیچ أیم سعید کمبنی، کراتشی

109- سنن الدار قطنی، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٧ھ۔١٩٩٦م

110- سنن الدارمی، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٧ھ۔١٩٩٦م

111- السنن الکبریٰ للبیھقی، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢٠ھ۔ ١٩٩٩م

112- السنن الکبریٰ للنسائی، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١١ھ۔ ١٩٩١م

113- سنن النسائی، دارالفکر، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٥ھ۔ ١٩٩٥م

114- شرح البخاری لابن بطال، مکتبة الرشید، ریاض ، الطبعة الأولیٰ ١٤٢٠ھ۔ ٢٠٠٠م

115- شرح الزرقانی علی مؤطا الإمام مالك، دارالمعرفة، بیروت،١٣٩٨ھ۔ ١٩٧٨م

116- شرح صحیح مسلم للنووی، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م

117- شرح معانی الآثار، عالم الکتب، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٤ھ۔ ١٩٩٤م

www.waseemziyai.com

118- شرح الوقاية، مكتبه إمداديه ، ملتان

119- صحيح البخارى، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٠هـ- ١٩٩٩م

120- صحيح البخارى بشرح الكرمانى، دار إحياء التراث العربى، بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ- ١٩٨١م

121- صحيح مسلم، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢١هـ- ٢٠٠٠م

122- ضياء القرآن، ضياء القرآن ببلى كيشنز، لاهور

123- عمدة الفقه على مذاهب الإمام أحمد، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٦هـ- ٢٠٠٥م

124- عمدة القارى شرح صحيح البخارى، دارالفكر ، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٨هـ- ١٩٩٨ء

125- العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير، دار إحياء التراث العربى، بيروت

126- عون المعبود شرح سنن أبى داؤد، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٩هـ- ١٩٩٨م

127- عينى شرح الكنز (رمز الحقائق)، مكتبة النورية الرضوية، سكر

128- عيون المذاهب، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

129- عيون المسائل فى فروع الحنفية، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٩هـ- ١٩٩٨م

130- غاية البيان شرح الهداية، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

131- غرر الأحكام مع شرحه الدرر، مطبعة أحمد كامل الكائنة فى دار الخلافة العليا، ١٣٣٠هـ

132- الغرّة المُنيفة فى تحقيق الإمام أبى حنيفة، مؤسسة الكتب الثقافية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ- ١٩٨٦م

133- فتاوىٰ أجمليه، شبير برادرز، لاهور

134- الفتاوىٰ الأسعدية، الطبعة الخيرية، مصر

135- الفتاوى الإمام الغزالى، اليمامة، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ- ٢٠٠٤م

136- فتاوىٰ الإمام الغزى، مطبع أهل السنّة و الجماعة بريلى، الهند ١٣٣٢هـ

137- فتاوى الإمام النووى، دار البشائر الإسلامية، بيروت

138- فتاوىٰ الأمجدية، المكتبة الرضوية ، كراتشى، ١٤١٩هـ- ١٩٩٨م

139- الفتاوىٰ الأنقروية، المكتبة القاسمية، كوئتة

140- فتاوىٰ ابن رشد، دار الغرب الإسلامى، الطبعة الأولى ١٤٠٧هـ- ١٩٨٧م

141- الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ الهندية، دار المعرفة، بيروت، الطبعة الثالثة ١٣٩٣هـ-١٩٧٣م

142- الفتاوى التاتار خانية، دار احياء التراث العربى، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ- ٢٠٠٤م


www.waseemziyai.com

143- فتاویٰ ثنائیه،إسلامی پبلشنگ هائوس، شیش محل روڈ، لاهور

144- فتاوی اللجنة الدائمه للبحوث و الإفتاء، دار المؤيد، الرياض، الطبعة الخامسة ١٤٢٤هـ ٢٠٠٣م

145- فتاویٰ حجت، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

146- الفتاویٰ الحنفية، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

147- الفتاویٰ الخيرية على هامش الفتاویٰ تنقيح الحامدية، المكتبة الحبيبية، كوئتة

148- الفتاویٰ الرضويه، المكتبة الرضوية، كراتشى

149- الفتاویٰ السراجية، مير محمد كتب خانه، كراتشى

150- فتاویٰ شرعيه، دائرة الأوقاف و الشئون الإسلامية دبئی، الطبعة الأولیٰ ١٤١٨هـ ١٩٩٧م

151- الفتاویٰ الظهيرية، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

152- فتاویٰ عزيزيه، أيچ أيم سعيد اينڈ كمپنى، كراتشى ١٣٩٦هـ ١٩٧٦م

153- فتاویٰ علامه شمس الدين رملى بر حاشيه فتاویٰ الكبریٰ، ملتزم الطبع و النشر عبد الحميد أحمد حنفى ،مصر

154- فتاوى العلماء فى عشرة النساء، دار الغدّ الجديد، المنصورة، مصر ، الطبعة الأولى ١٤٢٦هـ ٢٠٠٥م

155- فتاویٰ فقيه ملّت، شبير بردارز، لاهور

156- فتاویٰ فيض الرسول، شبير برادرز ، لاهور

157- الفتاویٰ القاسمية، در مطبع اليكٹرك پريس لاهور

158- فتاویٰ قاضى خان (خانية) على هامش الفتاویٰ الهندية، دار المعرفة، بيروت، الطبعة الثالثة١٣٩٣هـ ١٩٣٠م

159- الفتاویٰ الكبریٰ الفقيهه، ملتزم الطبع و النشر عبد الحميد أحمد حنفى، مصر

160- فتاوى مجدديه نعيميه، مفتى أعظم سنده أكادمى، كراتشى ، الطبعة الأولیٰ ١٤١١هـ

161- فتاویٰ مركزى تربيت إفتاء، كتب خانه أمجديه، مهراج گنج ضلع بستى (يوپى) ١٤١٨هـ ١٩٩٧م

162- فتاویٰ مسعودى، سرهند ببلى كيشنز، كراتشى

163- فتاویٰ مظهرى، مدينه ببلشنگ كمبنى، أيم اے جناح روڈ، كراتشى

164- فتاویٰ معمّى مشهور بذخائر أشرفيه، المكتبة الحقانية، كوئتة

165- الفتاویٰ النسفية، مخوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com


166- فتاویٰ نعیمیه، ضیاء القرآن ببلی کیشنز، لاهور

167- الفتاویٰ النقشبندیة، مخطوط مصوّر، دارالکتب لجمعیّة إشاعة أهل السنّة، میتادر، کراتشی

168- فتاویٰ نوریه، شعبة تصنیف و تالیف دارالعلوم حنفیه فریدیه، بصیر پور، اوکاڑه

169- الفتاوی الولوالجیة، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولی ١٤٢٤هـ- ٢٠٠٣م

170- فتاویٰ همایونی، در مطبع رفاه عام واقع، لاهور

171- الفتاوی الهندیة، دارالمعرفة، بیروت ، الطبعة الثالثة ١٣٩٣هـ- ١٩٧٣م

172- فتاویٰ یورپ، شبیر برادرز، لاهور، ٢٠٠٦م

173- فتح الباری شرح البخاری، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢١هـ- ٢٠٠٠م

174- فتح الغفار بشرح المنار، مکتبة إسلامیة، کوئتة

175- فتح القدیر الجامع بین فنی الروایة و الدرایة فی علم التفسیر، دار المعرفة، بیروت

176- فتح القدیر شرح الهدایة، دار احیاء التراث العربی، بیروت

177- فتح المعین علی شرح الکنز لملا مسکین، أیج أیم سعید، کمپنی، کراتشی

178- فصول العمادی، مخطوط مصوّر، دارالکتب لجمعیّة إشاعة أهل السنّة، میتادر، کراتشی

179- فقه الحنفی فی ثوبه الجدید، دار القلم، دمشق، الطبعة الأولی ١٤٢٠هـ- ٢٠٠٠م

180- فهرس مخطوطات دار الکتب الظاهریة، الفقه الحنفی، مطبعة الحاز دمشق، ١٤٠١، ١٩٨٠م

181- فهرس الفقه الحنفی، سلسلة فهارس المخطوطات المصوّرة (١٠)، جامعة أم القریٰ، مکة المکرمة ١٤١٧هـ

182- القبس فی شرح مؤطا ابن أنس، دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولیٰ ١٤١٨هـ- ١٩٩٨م

183- قُرّة العین بفتاویٰ علماء الحرمین، فتاوی العلامة العجیمی، المکتبة القدس، کوئتة

184- قُرّة العین بفتاویٰ علماء الحرمین، فتاوی العلامة المکی، المکتبة القدس، کوئتة

185- القنیة المنیة، مخطوط مصوّر، دارالکتب لجمعیّة إشاعة أهل السنّة، میتادر، کراتشی

186- القول الحسن فی جواب القول لمن، الطبع و النشر الحاج سالم الشورابی و محمد الشورابی فی سنة ١٢٧٦هـ

187- کتاب الإختیار لتعلیل المختار، دار المعرفة، بیروت، الطبعة الثانیة ١٤٢٣هـ- ٢٠٠٣م

188- کتاب أدب القضاء، دار الکتب القادریة، أدگ بازار قندهار ١٤١٨هـ

189- کتاب الأم، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولی ١٤٢٣هـ- ٢٠٠٢م

190- كتاب تأسيس النظر، مير محمد كتب خانه، كراتشى

191- كتاب التبنيه فى فروع الفقه الشافعى، دار الفكر، بيروت

192- كتاب الفقه على مذاهب الأربعة، دار احياء التراث العربى، بيروت، ١٩٦٩م

193- كتاب المنتقى من السنن المسندة عن رسول الله ﷺ لابن جارود، دار القلم، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٠٧ھ۔ ١٩٨٧م

194- كتاب الميسر فى شرح مصابيح السنّة، مكتبة نزار مصطفى الباز، الرياض، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٢ھ۔ ٢٠٠١م

195- كشف الأسرار عن أصول البزدوى ، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٨ھ۔١٩٩٧م

196- كشف الأسرار شرح المصنّف على المنار، دار الكتب العلمية، بيروت

197- كشف الظنون عن أسامى الكتب الفنون، دار الفكر، بيروت، ١٤١٩ھ، ١٩٩٩م

198- كشف الغمة عن جميع الأمة، دار الفكر ، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٠٨ھ۔ ١٩٨٨م

199- الكفاية شرح الهداية مع فتح القدير، دار إحياء التراث العربى، بيروت

200- كنز الإيمان فى ترجمة القران، المكتبة الرضوية، كراتشى

201- كنز البيان مختصر توفيق الرحمٰن، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٩ھ۔ ١٩٩٨م

202- كنز الدقائق، المكتبة الضيائية، راوالپنڈی

203- اللباب فى شرح الكتاب، دارالمعرفه، بيروت، الطبعة الاولىٰ ١٤١٨ھ۔ ١٩٩٨م

204- اللباب فى علوم الكتاب، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٩ھ۔ ١٩٩٧م

205- لسان الحكام فى معرفة الأحكام، مطبعة مصطفى البابى الحلبى و أولاده بمصر، الطبعة الثانية ١٣٩٣ھ۔ ١٩٧٣م

206- لسان العرب، دارالفكر، بيروت ، الطبعة الأولى ١٤١٠ھ۔١٩٩٠م

207- المبسوط للسرخسى، دارالفكر ، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م

208- المتانة فى المرمة عن الخزانة، جنّة احياء الأدب السّندى، كراتشى

209- مجمع البحرين فى زوائد المعجمين، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٩ھ۔ ١٩٩٨م

210- مجمع البحرين و ملتقى النيّرين فى الفقه الحنفى، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى١٤٢٦ھ۔ ٢٠٠٥م

211- مجمع الزوائد و منبع الفوائد، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٢ھ۔ ٢٠٠١م

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

212- مجموعة الفتاوىٰ للملكانى الحنفى ، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشى
213- مجموع الفتاوىٰ لابن تيمية، بأمر فهد بن عبدالعزيز، الرياض
214- مجموع فتاوى و مقالات متنوّعة، دار أصداء المجتمع، المملكة العربية السعودية
215- المحرّر فى الحديث، دار المعرفة، بيروت، الطبعة الثالثة ١٤٢١هـ-٢٠٠٠م
216- المحلّى لابن حزم، بيت الأفكار الدولية، الأردن/ السعودية
217- المحيط البرهانى فى الفقه النعمانى، دار إحياء التراث العربى، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ-٢٠٠٣م
218- المختار الفتوى، مكتبة نزار مصطفى الباز، مكة المكرمة، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ-١٩٩٧م
219- مختصر إختلاف العلماء، دار البشائر الإسلامية، بيروت، الطبعة الثانية ١٤١٧هـ-١٩٩٦م
220- المختصر للخليل مع مواهب الجليل، المكتبة العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ٢٠٠٤م
221- مختصر القدورى مع شرح اللباب، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٨هـ-١٩٩٨م
222- مخزن الفتاوىٰ، مطبع كليمى واقعه كلكته ١٣٣٠هـ
223- مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، مكتبه إمدادية ، ملتان
224- المسند للإمام أحمد بن حنبل،مؤسسة الريان، بيروت
225- المسند للإمام أحمد بن حنبل، المكتب الإسلامى، بيروت
226- المسوّى شرح المؤطّا، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ-٢٠٠٣م
227- مشكاة المصابيح، دار الكتب العلمية، بيروت
228- المصنَّف لعبد الرزاق، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ-٢٠٠٠م
229- مصنَّف ابن أبى شيبة، دارالفكر ، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٣هـ-١٩٩٤م
230- المعجم الكبير للطبرانى، دار إحياء الترات العربى، بيروت
231- معجم ما طُبع من كتب السنّة، دار البخارى، المدينة المنوره، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ-١٩٩٧م
232- المفهم لما أشكل من تلخيص كتاب مسلم، دار إبن كثير، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٧هـ-١٩٩٦ء
233- مقارنة المذاهب فى الفقه، دار المعارف، مصر ١٩٨٦ء
234- الملتقط فى الفتاوى الحنفية، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٠هـ-٢٠٠٠م
235- ملتقى الأبحرمع مجمع الأنهر، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٩هـ-١٩٩٨م
236- المنار مع شرحه جامع الأسرار، مكتبة نزاد مصطفى الباز، مكة المكرمة، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ-١٩٩٧م

237- منية المفتي، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشي
238- موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبّان للهيثمي، دار الكتب العلمية، بيروت
239- مواهب الجليل من أدلة الخليل، المكتبة العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ٢٠٠٤م
240- مواهب الرحمن على مذهب أبي حنيفة النّعمان، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشي
241- الموسوعة الفقهية لوزارة الأوقاف و الشئون الإسلامية، الكويت، دار الصفوة، الكويت، الطبعة الأولى ١٤١٧ھ۔ ١٩٩٦م
242- موسوعة الأحكام و الفتاوى الشرعية، دار الغدّ الجديد، القاهره، الطبعة الأولى ١٤٢٧ھ۔ ٢٠٠٦م
243- المؤطا برواية الإمام محمد بن الحسن الشيباني، المكتبة العلمية، بيروت، الطبعة الثانية
244- المؤطا لابن أنس مع شرحه القبس، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى١٤١٨ھ۔١٩٩٨م
245- المؤطا للإمام محمد بن الحسن الشيباني، قديمي كتب خانه، كراتشي
246- المؤطا للإمام مالك بن أنس، دار إبن حزم، بيروت، الطبعة الثالثة ١٤١٦ھ۔ ١٩٩٦م
247- النبراس شرح شرح العقائد، نعماني كتب خانه، كابل، أفغانستان
248- النتف في الفتاوىٰ، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م
249- نزهة الخواطر و بهجة المسامع و النواظر، دار ابن حزم، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٠ھ۔١٩٩٩م
250- نسمات الأسحار على إفاضة الأنوار، إدارةالقرآن و العلوم الإسلامية، كراتشي
251- نصب الراية تخريج أحاديث الهداية، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الثانية١٤٢٢ھ۔٢٠٠٢م
252- نيل الأوطار، دار الكتاب العربي، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٠ھ۔ ٢٠٠٠م
253- نور الأنوار شرح المنار، أيج أيم سعد كمپني، كراتشي
254- النهر الفائق شرح كنز الدقائق، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢ھ۔ ٢٠٠٢م
255- وقار الفتاوىٰ، بزم وقار الدين، كراچي
256- الهداية، دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٠ھ۔ ١٩٩٠م
257- هداية الرواة إلى تخريج أحاديث المصابيح و المشكاة لابن حجر، دار إبن القيم، الدمّام، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٢۔٢٠٠١م
258- يعقوب باشه حاشية شرح الوقاية، مخطوط مصوّر، دارالكتب لجمعيّة إشاعة أهل السنّة، ميتادر، كراتشي

www.waseemziyai.com

# دیگر ضمنی مآخذ


259- إتحاف النبلاء بحواله فتاویٰ ثنائية، إسلامی ببلشنگ هاؤس، لاهور

260- إزالة الخفاء بحواله طلاق ثلاث، مكتبة جامعة خلفاءِ راشدين، كراتشی

261- الإسبيجابی ، بحواله البناية شرح الهداية، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢٠هـ ـ ٢٠٠٠م

262- الإستبصار، دارالكتب الإسلاميه، تهران، بحواله شرح صحيح مسلم للسعيدی، فريد بك استال، لاهور

263- الإستذكار لابن عبدالبر بحواله تحقيق عبدالقادر در عطا على السنن الكبرىٰ للبيهقی

264- الأضواء البيان بحواله مواهب الجليل ، المكتبة العلمية، بيروت، الطبعة الأولیٰ ٢٠٠٤م

265- توضيح المسائل، بحواله شرح مسلم للسعيدی، المجلد (٣)، فريد بك استال، لاهور

266- تهذيب الأحكام بحواله شرح مسلم للسعيدی، المجلد (٣)، فريد بك استال، لاهور

267- فتح المنعم بشرح زاد المسلم بحواله مواهب الجليل ، المكتبة العلمية، بيروت، الطبعة الأولیٰ ٢٠٠٤م

268- الفروع فی الكافی بحواله شرح مسلم للسعيدی، المجلد (٣)، فريد بك استال، لاهور

269- الفوائد لابن رُشد بحواله التنبيه على مشكلات الهداية، مكتبة الرُّشد، الرياض، الطبعة الأولیٰ ١٤٢٤هـ ـ ٢٠٠٣م

270- الكاشف للذهبی بحواله تحقيق عبدالقادر در عطا على السنن الكبرىٰ للبيهقی، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولیٰ ١٤٢٠هـ ـ ١٩٩٩م

271- كتاب الإعتبار فی بيان الناسخ و المنسوخ من الآثار للحازمی بحواله فتاویٰ ثنائية، إسلامی ببلشنگ هاؤس، لاهور

272- المستدرك للحاكم بحواله بحواله فتاویٰ ثنائية، إسلامی ببلشنگ هاؤس، لاهور

273- من لا يحضره الفقيه، بحواله شرح مسلم للسعيدی، المجلد (٣)، فريد بك استال، لاهور

274- ميزان الإعتدال للذهبی بحواله فتاویٰ ثنائية، إسلامی ببلشنگ هاؤس، لاهور


www.waseemziyai.com

# تخلیقِ پاکستان میں

# علمائے اہلسنّت کا کردار

تصنیف

حضرت علامہ مولانا شاہ تراب الحق قادری مدظلہ العالی

حواشی

حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی دامت برکاتہم

(رئیس دارالافتاء جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان)

ناشر

جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

www.waseemziyai.com

محبت رسول ﷺ اور عشقِ رسول ﷺ کے اَنوار سے مزین
منفرد اور خوبصورت مجموعہ

# خُدا چاہتا ہے

# رضائے محمد ﷺ

تالیف

پیر طریقت رہبر شریعت

حضرت خواجہ صوفی محمد اشرف نقشبندی مُجدّدی مدّ ظلّہ العالی

تخریج و حواشی

حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی دامت برکاتہم
(رئیس دار الافتاء جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان)

ناشر

جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

www.waseemziyai.com

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

# مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

## مختصر تعارف

**طلبہ:**

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

**مدرسہ کا اسٹاف**

شعبہ حفظ وناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی وتجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

**DONATION**

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 00500025657003 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

www.waseemziyai.com

خدا چاہتا ہے رضائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

غیر اسلامی رسومات کے خلاف اعلیٰ حضرت کے فتوے

فلسفہ اذان قبر

حج اکبر کی اہمیت

بلائے نجدیہ

ستر استغفارات

عورت اور آزادی

جماعت اسلامی

کیا اولیاء اللہ اور بت ایک ہیں؟

دعا بعد نماز جنازہ

نسب بدلنے کا شرعی حکم

کچھ ملک شام کے بارے میں

ختم نبوت پر اعتراضات کا علمی محاسبہ

تخلیق پاکستان میں علماء اہلسنّت کا کردار

شوال کے 6 روزوں کی شرعی حیثیت

کہی ان کہی

الاربعین

مزارات اولیاء اللہ پر قبوں کی شرعی حیثیت

عورتوں کے ایام خاص میں نماز روزے کا شرعی حکم

فضیلت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

پسندیدہ تحفہ

سید الشہداء سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ

ضبط تولید کی شرعی حیثیت

دعاء بوسیلہ اسمائے بدر

فلسفہ موت وحیات

مسجد میں نماز جنازہ کا شرعی حکم


جمعیت اشاعت اہلسنّت پاکستان

نور مسجد کاغذی بازار کراچی ۷۴۰۰۰

Ph : 021-32439799 Cell : 0321-3885445

Website : www.ishaateislam.net


www.waseemziyai.com